ایسے ہی حضرت عروہ بن زبیر رضی اللہ عنہ پر اس آیت "**ان الصفا والمروة من شعائر الله فمن حج البيت او اعتمر فلا جناح عليه ان يطوف بهما**" (البقرۃ:۱۵۸) کا مفہوم مشتبہ رہا۔ آیت کا ظاہر' صفا اور مروہ کے درمیان سعی کے عدم وجوب کی طرف اشارہ کرتا ہے حتی کہ عروہ بن زبیر نے اپنی خالہ ام المومنین حضرت عائشہؓ سے کہا: اے خالہ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان دونوں کا طواف

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لخالته عائشة ام المومنين يا خالة: ان الله تعالىٰ يقول: ﴿ فلا جناح عليه ان يطوف بهما﴾ فأرى أنه لا بأس على الانسان ان يترك السعي بينهما؟ فقالت له عائشه: بئس ما قلت يا ابن اختي، لو كان الأمر كما ذكرت لقال الله تعالى: فلا جناح عليه الا يطوف بهما.. ثم اخبرته بان الناس في الجاهلية كانوا يسعون بين الصفا والمروة وكانوا يحجون في سعيهم (لصنمين) احدهما: على الصفا يسمى (اسافاً) والثاني، على المروة ويسمى (نائلة) فلما دخل الناس في الاسلام تحرج بعض الصحابة من العسى بينهما خشية ان يلتبس الامر بعبادة الجاهلية، فنزلت الآية الكريمة تدفع عنهم الاثم والحرج وتوجب عليهم السعي لله تعالىٰ لا للاصنام. فقد ردت عائشة على عروة فهمه وكان ذلك بسبب النزول.

کرنے سے اس پر کوئی گناہ نہ ہوگا میں خیال کرتا ہوں کہ اگر انسان ان دونوں کے درمیان سعی ترک کر دے تو اسے کوئی خوف نہ ہوگا؟ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اسے کہا: اے میرے بھانجے! تو نے بری بات کی ہے اگر بات ایسے ہی ہوتی جیسے تو نے کہا ہے تو اللہ تعالیٰ فرماتا: "فلا جناح عليه ألا يطوف بهما......" پھر آپ نے انھیں بتایا کہ جاہلیت میں لوگ صفا اور مروہ کے درمیان سعی کرتے تھے اور اپنی سعی میں دو بتوں کا بھی حج کرتے تھے ان میں ایک صفا پر تھا جس کا نام اساف تھا اور دوسرا عروہ پر تھا اس کا نام نائلہ تھا پس جب لوگ اسلام میں داخل ہوئے تو بعض صحابہ نے اس خوف سے کہ یہ بات جاہلیت کی عبادت سے ملتبس ہو جائے گی ان دونوں کے درمیان سعی کرنا گناہ خیال کیا تو یہ آیت ان سے گناہ وتنگی کو دور کرتے ہوئے اور سعی کو اصنام کیلئے نہیں بلکہ خدا کیلئے ان پر واجب کرتے ہوئے نازل ہوئی اور حضرت عائشہؓ نے عروہ کو اس کا فہم لوٹا دیا اور یہ سبب نزول کے باعث ہوا۔

ثالثا. أشكل على بعض الأئمة معنى الشرط في قوله تعالىٰ ﴿ واللائي يئسن من المحيض من نسائكم ان ارتبتم فعدتهن ثلاثة اشهر..﴾۔(سورة الطلاق:٤) الآية حتى قال الظاهرية ان الآية: (التي انقطع دم الحيض عليها لكبر السن) لا عدة عليها اذا لم ترتب، وقد تبين خطأ فهمهم بسبب النزول، فان الآية خطاب لمن لم يعلم ما حكمهن في العدة؟ وارتاب هل عليهن عدة ام لا؟ فيكون معنى ﴿ان ارتبتم﴾ اي ان أشكل عليكم حكمهن، وجهلتم كيف

بعض ائمہ پر اس قول الٰہی میں شرط کا مفہوم مشتبہ ہو گیا "واللائي يئسن في المحيض في نساء كم ان ارتبتم فعدتهن ثلاثة اشهر۔ (سورۃ الطلاق:۴) حتیٰ کہ ظاہریہ نے کہا ہے کہ آئسہ (جس کا خون حیض کبرسنی کی وجہ سے منقطع ہو گیا ہو) پر کوئی عدت نہیں جب شبہ نہ ہو۔ سبب نزول کے باعث ان کے فہم کی غلطی واضح ہو گئی ہے بلاشبہ آیت اسے خطاب کرتی ہے جسے معلوم نہیں کہ عدت کے بارے میں انہیں کیا حکم ہے اور وہ شک ہی مبتلا ہیں کہ کیا ان پر عدت واجب ہے یا نہیں۔ پس "ان ارتبتم" کے معنی ہوں گے کہ اگر تم پر ان کا حکم مشتبہ ہو گیا ہے اور تمہیں معلوم نہیں کہ وہ کیسے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يعتدون فهذا هو حكمهن، وقد نزلت هذه الآية بعد ان قال بعض الصحابة: ان عدة بعض النساء لم تذكر في القرآن وهن (الصغيرات والآيسات)، فنزلت الآية الكريمة تبين حكم عدة كل منهن، والله اعلم.

رابعاً۔ ومن أمثلة فوائد النزول في دفع توهم الحصر ما روى عن الشافعي رحمه الله في قوله تعالىٰ ﴿ **قل لا اجد فيما اوحي الى محرماً على طاعم يطعمه الاّ ان يكون ميتة او دماً مسفوحاً او لحم خنزير فانه رجس او فسقا اهل لغير الله به..**﴾(سورة الانعام:١٤٥) الآية فقد قال ما معناه: ان الكفار لما حرموا ما أحل الله، وأحلوا ما حرم الله، وكانوا على المضادة والمحادة فجاء ت الآية مناقضة لغرضهم فكانه قال: لا حلال الا ما حرمتموه، ولا حرام الا ما احللتموه، فلم يقصد حل ما وراء ه وانما القصد اثبات التحريم لا اثبات الحل، قال (امام الحرمين): وهذا في غاية الحسن ولو لا سبق الشافعي الى ذلك لما كنا نستجيز مخالفة مالك في حصر المحرمات فيما ذكرته الآية.[1]

توضيح لمعني الآية الكريمة:

وتوضيحاً لهذه الفكرة أقول: ان ظاهر الآية الكريمة يدل على حصر المحرمات في هذه الأشياء المذكورة في الآية الكريمة وليس الأمر

شمار کریں تو یہ ان کا حکم ہے اور یہ آیت بعض صحابہ کے اس قول کے بعد نازل ہوئی کہ بعض عورتوں کی عدت کا ذکر قرآن میں نہیں کیا گیا اور وہ صغیرات اور آئسات (چھوٹی عمر والی اور بڑی عمر والی) ہیں تو یہ آیت ان میں سے ہر ایک کی عدت کو واضح کرتے ہوئے نازل ہوئی۔ واللہ اعلم۔

۴- حصر کے توہم کو دور کرنے کے بارے میں نزول کے فوائد کی مثالوں ہی سے ایک مثال وہ ہے جو حضرت امام شافعی سے سے اللہ تعالیٰ کے قول "**قل لا اجدفیما اوحی الی محرماً علی طاعم یطعمه الا ان یکون میتة او دما مسفوماً او لحم خنزیر فانه رجس او فسقا أهل لغیر الله به**" (الانعام:۱۴۵) کے بارے میں مروی ہے کہ آپ نے اس کا معنی بیان کیا ہے کہ جب کفار نے اللہ کے حلال کردہ کو حرام اور اس کے حرام کردہ کو حلال بنالیا اور وہ دشمنی اور مخالفت پر تھے پس آیت ان کی غرض کے مناقض آئی گویا کہ یوں کہا گیا کہ وہی حلال ہے جسے تم نے حرام قرار دیا ہے اور وہی حرام ہے جسے تم نے حلال قرار دیا ہے اس کا مقصد یہ نہیں کہ اس کے سوا جو چیزیں تھی وہ اس نے حلال کر دی ہیں بلکہ مقصد صرف تحریم کا اثبات ہے نہ کہ حلت کا اثبات، امام الحرمین نے کہا ہے کہ یہ نہایت خوبصورت بات ہے اور اگر امام شافعی اس کی طرف سبقت نہ کرتے تو ہم آیت میں بیان کردہ محرمات کے حصر میں امام مالک کی مخالفت کو جائز نہ سمجھتے۔

آیت کریمہ کے معنی کی توضیح:

اس نظریے کی توضیح کے لیے میں کہتا ہوں کہ آیت کا ظاہر آیت میں مذکورہ محرمات کے حصر پر دلالت کرتا ہے حالانکہ بات یوں نہیں ہے ان کے علاوہ بھی محرمات ہیں اور

(١) أنظر: كتاب الاتقان للسيوطي۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كذلك، فان هنالك محرمات غير هذه، وانما وردت الآية بصورة الحصر وليس معناها الحصر للرد على المشركين في تحريمهم ما احل الله وتحليلهم لما حرم الله.

خامساً. ومن أمثله فوائد سبب النزول أن نعرف اسم من نزلت فيه ليزول اللبس والابهام فقد زعم (مروان) ان قوله تعالىٰ ﴿ **والذى قال لوالديه اف لكما..**﴾(سورة الاحقاف:١٧) الآية انها نزلت في (عبدالرحمن بن ابى بكر) فردت عليه عائشة رضى الله عنها هذا الزعم الباطل وبينت له سبب نزولها، وتفصيل القصة على ما ذكرها البخاري هي:

((ان مروان كان عاملاً على المدينة، فأراد (معاوية) ان يستخلف (يزيد) فكتب الى مروان بذلك، فجمع مروان الناس فخطبهم، فذكر يزيد ودعا الى بيعته، وقال: ان امير المومنين أراه الله في يزيد رأياً حسناً وان يستخلفه فقد استخلف ابو بكر وعمر، فقال عبدالرحمن، ما هى الا هرقلية (يعنى انها استبداد للملك كعمل ملوك الروم). فقال مروان: سنة ابى بكر وعمر، فقال عبدالرحمن: (هر قلية)... ان ابابكر والله ما جعلها في احد من ولده في اهل بيته، وما جعلها معاوية الا كرامة لولده، فقال مروان: خذوه فدخل بيت عائشة فلم يقدروا عليه، فقال مروان: انهذا الذى انزل الله فيه ﴿**والذى قال لوالديه اف لكما اتعد اننى ان اخرج وقد خلت**

آیت بصورت حصر وارد ہوئی ہے اور مشرکین کے رد کے لیے جو انہوں نے حق تعالیٰ کی حلال کردہ چیزوں کو حرام قرار دیا ہے اور جسے اس نے حرام کو قرار دیا ہے اس کے حلال قرار دینے میں اس کا معنی حصر کا نہیں ہے۔

۵- اور سبب نزول کے فوائد کی مثالوں میں سے یہ بھی ہے کہ ہم اس کے نام کو معلوم کریں جس کے بارے میں یہ نازل ہوئی ہے تا کہ شک وابہام دور ہو جائے، مروان نے خیال کیا کہ **والذى قال لوالديه اف لكما**(سورۃ احقاف: ۱۷) کی آیت عبدالرحمٰن بن ابی بکر کے بارے میں نازل ہوئی ہے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے اس باطل خیال کا رد کیا اور اس سے اس کا سبب نزول بیان کیا اور بخاری کے بیان کے مطابق واقعہ کی تفصیل یہ ہے۔

"مروان" مدینہ کے گورنر تھے۔ حضرت معاویہ نے یزید کو خلیفہ بنانے کا ارادہ کیا تو آپ نے مروان کو یہ بات لکھی، مروان نے لوگوں کو جمع کر کے خطبہ دیا اور یزید کا ذکر کیا اور اس کو بیعت کی دعوت دی اور کہا کہ امیر المومنین کو اللہ نے یزید کے بارے میں اچھی بات سمجھائی ہے اور اگر آپ اسے خلیفہ بناتے ہیں تو حضرت ابو بکر اور حضرت عمرؓ نے بھی خلیفے بنائے ہیں۔ عبدالرحمٰن نے کہا یہ تو ہرقلیہ ہے (یعنی شاہان روم کے عمل کی طرح بادشاہت کے لیے ترجیح ہے) مروان نے کہا حضرت ابو بکر اور حضرت عمر رضی اللہ عنہما کی سنت ہے۔ عبدالرحمٰن نے کہا، ہرقلیہ ہے خدا کی قسم ابو بکر نے نہ اپنے کسی بیٹے کو خلافت دی ہے اور نہ اپنے اہل بیت میں خلافت دی ہے اور حضرت معاویہ نے اسے اپنے بیٹے کی عزت کے لیے بنایا ہے مروان نے کہا اسے پکڑ لو تو آپ حضرت عائشہؓ کے گھر میں داخل ہو گئے اور وہ آپ پر قابو نہ پا سکے، مروان نے کہا یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القرون من قبلي...﴾ الآية. فقالت عائشة من وراء الحجاب: ما أنزل الله فينا شيئاً من القرآن' الا ان الله انزل عذرى (براء تى) ولو شئت ان اسمى من نزلت فيه لسميته.[1]

وہ شخص ہے جس کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے والذی قال لوالدیه اف لکما اتعدانني ان اخرج وقد خلت القرون من قبلي.. کی آیت نازل کی ہے تو حضرت عائشہؓ نے پردے کے اندر سے فرمایا اللہ تعالیٰ نے قرآن میں ہمارے بارے میں کچھ نازل نہیں کیا ہاں اللہ تعالیٰ نے میری برأت نازل کی ہے اور اگر میں چاہوں کہ اس کا نام بتاؤں جس کے بارے میں یہ آیت نازل ہوئی ہے تو میں اس کا نام بتا سکتی ہوں۔"

ما هو سبب النزول:

قد تحصل واقعة' او تحدث حادثة' فتنزل آية او آيات كريمة فى شأن تلك الواقعة او الحادثة' فهذا هو ما يسمى ب (سبب النزول)..
وقد يعرض سؤال على النبىﷺ بقصد معرفة الحكم الشرعى فيه' او الاستفسار عن امر من امور الدين' فتنزل بعض الآيات الكريمة فهذا أيضاً ما يسمى ب (سبب النزول).

مثال الحادثة ما رواه البخارى عن (خباب بن الارت) رضى الله عنه قال: كنت قيناً (اى حداداً) وكان لى على (العاص بن وائل) دين' فجئت أتقاضاه دينى' فقال لى: لا اعطيك دينك حتى تكفر بمحمد وتعبد اللات والعزى' فقلت: لا أكفر حتى يميتك الله ثم يبعثك' فقال: انى اذاً لميت ثم معبوث' فانتظرنى الى ذلك اليوم فسأوتى مالاً' وولداً فأوفيك دينك' فأنزل الله عزوجل فيه قوله: ﴿ افرايت الذى كفر بآياتنا

سبب نزول کیا ہے:

ایک واقعہ رونما ہے یا کوئی حادثہ پیش آتا ہے تو ایک آیت یا آیات کریمہ اس واقعہ کے بارے میں نازل ہوتی ہیں اسی کو سبب نزول کہتے ہیں۔ اور بعض اوقات حضرت نبی کریم ﷺ سے کسی چیز کے حکم شرعی کے بارے میں سوال کیا جاتا ہے یا کسی دینی امر کے متعلق استفسار کیا جاتا ہے اور بعض آیات نازل ہو جاتی ہے اسے بھی سبب نزول کا نام دیا گیا ہے۔

واقعہ کی مثال وہ ہے جسے بخاری نے حضرت خباب بن الارت رضی اللہ عنہ سے روایت کیا ہے کہ میں لوہار تھا اور عاص بن وائل کے ذمے میرا کچھ قرض تھا میں اس سے اپنے قرض کا تقاضا کرنے آیا تو اس نے مجھے کہا جب تک محمد ﷺ کا تو انکار نہ کرے اور لات وعزیٰ کی پرستش نہ کرے میں تیرا قرض تجھے نہیں دوں گا میں نے کہا میں انکار نہیں کروں گا حتی کہ اللہ تجھے موت دے پھر تجھے اٹھائے اس نے کہا میں تو مرا ہوا ہوں پھر مبعوث بھی ہوں اس دن تک میرا انتظار کرنا مجھے عنقریب مال واولاد دی جائے گی اور میں تیرے قرض کو پورا

(۱) أنظر: صحيح البخاري.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقال لأوتين مالاً وولداً. اطلع الغيب ام اتخذ عند الرحمن عهداً. كلا سنكتب ما يقول ونمد له من العذاب مدا. ونرثه ما يقول ويأتينا فردا﴾۔(سورة مريم:٧٧-٨٠)

ومثال السؤال ما روى عن (معاذ بن جبل رضى الله عنه انه قال: يارسول الله، ان اليهود تغشانا، ويكثرون مسألتنا عن الأهلة، فما بال الهلال يبدو دقيقاً ثم يزيد حتى يستوى ويستدير ثم ينتقص حتى يعود كما كان؟ فأنزل الله ﴿يسالونك عن الاهلة قل هي مواقيت للناس والحج..﴾ (سورة البقرة:١٨٩) الاية.

كيف يعرف سبب النزول؟

يظهر مما سبق ان أسباب النزول لا يمكن أن تدرك بالرأى، ولا بد فيها من الرواية الصحيحة والسماع، ممن شاهدوا التنزيل، او وقفوا على الاسباب وبحثوا فيها من الصحابة والتابعين وغيرهم ممن اكتسبوا علومهم على أيدى العلماء الموثوقين.. وقد قال (ابن سيرين): سألت (عبيدة) عن آية من القرآن فقال: ((اتق الله وقل سداداً ذهب الذين يعلمون فيما أنزل الله من القرآن)). ويعتمد فى معرفة سبب النزول على (النقل الصحيح) فاذا صرح الراوى بلفظ السبب فهو نص صريح فيه كقول الراوى: سبب نزول هذه الآية كذا وكذا.

کروں گا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے بارے میں آیت نازل فرمائی۔افرأيت الذى كفر بآياتنا وقال لاوتين مالاً وولداً اطلع الغيب ام اتخذ عند الرحمن عهداً كلا سنكتب ما يقول ونمد له من العذاب مدا ونرثه ما يقول ويأتينا فرداً۔(مریم:۷۷-۸۰)

اور سوال کی مثال وہ ہے جو حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ عرض کیا یا رسول اللہ یہود ہمارے پاس آتے جاتے ہیں اور چاندوں کے بارے میں ہم سے بکثرت پوچھتے ہیں۔ چاند کا کیا حال ہے کہ وہ باریک نمودار ہوتا ہے پھر بڑھتا جاتا ہے حتی کہ برابر اور گول ہوتا جاتا ہے پھر گھٹتا جاتا ہے حتی کہ دوبارہ ویسے ہو جاتا ہے جیسا کہ وہ تھا سو اللہ تعالیٰ نے یہ آیت نازل فرمائی یسئلونك عن الاهلة قل هى مواقيت للناس والحج۔(البقرہ:۱۸۹)

سبب نزول کیسے معلوم ہوتا ہے؟

پہلے جو کچھ بیان ہو چکا ہے اس سے واضح ہوتا ہے کہ اسباب نزول کو معلوم کرنا رائے اور اجتہاد کے ذریعہ ممکن نہیں بلکہ اس میں ان لوگوں کی صحیح روایت اور سماع کا ہونا ضروری ہے جو نزول قرآن کے وقت موجود تھے یا وہ اسباب نزول سے آگاہ ہوئے ہوں اور ان کے بارے میں صحابہ اور تابعین وغیرہ میں سے جنہوں نے ثقہ علماء سے اپنے علوم کو حاصل کیا ہو بحث کی ہو اور ابن سیرین نے بیان کیا ہے کہ میں نے عبیدہ سے قرآن کی ایک آیت کے بارے میں پوچھا تو آپ نے کہا اللہ سے ڈر اور درست بات کہہ وہ لوگ چلے گئے جو جانتے تھے کہ اللہ نے قرآن کو کس کے بارے میں نازل کیا ہے اور سبب نزول کی معرفت میں نقل صحیح پر اعتماد کیا جاتا ہے پس جب راوی سبب کے لفظ کے ساتھ صراحت کرے تو وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وكذالك اذا أتى بفاء تعقيبية داخلة على مادة النزول كقوله (حدث كذا.. او سئل النبى عليه السلام عن كذا فنزلت) فهو نص صريح فى سبب النزول أيضاً.

وقد لا تكون الصيغة نصاً فى السبب كقولهم (نزلت هذه الآية فى كذا..) فقد يراد منه سبب النزول، وقد يراد ما تضمنته الآية من احكام، فيكون مثل قوله: عنى بهذه الآية كذا.. قال (الزركشى) فى البرهان: قد عرف من عادة الصحابة والتابعين ان احدهم اذا قال: نزلت هذه الآية فى كذا.. فانه يريد بذلك ان هذه الآية تتضمن هذا الحكم، لا أن هذا كان السبب فى نزولها. وقال (ابن تيمية): قولهم: (نزلت هذه الآية فى كذا يراد به تارةً سبب النزول، ويراد به تارةً أن ذلك داخل فى الآية وان لم يكن السبب فيه).

اس بارے میں نص صریح ہے جیسے راوی کا کہنا کہ اس آیت کا سبب نزول یہ ہے اور اسی طرح جب نزول کے مادہ پر فاء لائے جیسے اس کا یہ کہنا کہ (اس نے ایسے بیان کیا..... یا حضرت نبی کریم ﷺ نے ایسے ایسے دریافت کیا گیا نزلت تو یہ آیت نازل ہوئی) تو یہ بھی سبب نزول میں اسی طرح نص صریح ہے اور سبب کے متعلق صیغہ نص نہیں ہوتا جیسے ان کا یہ کہنا (کہ یہ آیت فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی ہے) تو کبھی اس سے سبب نزول مراد لیا جاتا ہے اور کبھی وہ احکام مراد لئے جاتے ہیں جن کو آیت شامل ہوتی ہے اور اس قول کی مثال یہ ہے کہ یہ کہا جائے کہ اس آیت سے مراد یہ لیا گیا ہے زرکشی نے البرھان میں بیان کیا ہے کہ صحابہ اور تابعین کی عادت سے یہ بات معلوم ہوئی ہے کہ جب ان میں سے کوئی کہے کہ یہ آیت فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی ہے تو اس سے اس کی مراد یہ ہوتی ہے کہ یہ آیت اس حکم کو متضمن ہے نہ یہ کہ اس کے نزول کا سبب ہے اور ابن تیمیہ نے فرمایا ہے کہ ان کا یہ کہنا کہ (یہ آیت فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی ہے اس سے کبھی سبب نزول مراد ہوتا ہے اور کبھی یہ مراد ہوتی کہ یہ بات آیت میں داخل ہے خواہ وہ اس کا سبب نہ ہو۔

هل يتعدد سبب النزول؟

كثيراً ما يذكر المفسرون لنزول الآية أسباباً متعددة، والمعتمد فى مثل هذه الحالة ان ننظر الى العبارة التى قالوها، ونستطيع ان نستخلص ما يلى:

أولاً: أن يعتبر كل منهما بقوله (نزلت هذه الآية فى كذا..) ويذكر أمراً آخر غير الذى ذكره الاول، فيحمل على انه استنباط للحكم، و تفسير

کیا نزول کے متعدد اسباب ہوتے ہیں؟

مفسرین نے آیت کے نزول کے متعدد اسباب بکثرت بیان کئے اور اس قسم کی حالت میں قابل اعتماد بات یہ ہے کہ ہم اس عبارت کی طرف دیکھیں جو انہوں نے بیان کی ہے اور ہم ذیل میں اس کا خلاصہ بیان کرتے ہیں۔

١- ان دونوں میں سے ہر کوئی کہے کہ (یہ آیت فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی ہے) اور وہ دوسرے امر کا ذکر کرے جو اس کا غیر ہو جس کا پہلے نے ذکر کیا ہے تو اسے اس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لمعنى الآية، فلا منافاة بينهما كما مر لأنه ليس بسبب للنزول.

بات پر محمول کیا جائے گا کہ یہ حکم کا استنباط ہے اور آیت کے معنی کی تفسیر ہے پس ان دونوں کے درمیان کوئی منافات نہیں ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے اس لئے کہ وہ نزول کا سبب نہیں ہے۔

ثانياً: ان يعبر احدهما بقوله (نزلت الآية فى كذا..) ويصرح الآخر بذكر سبب النزول فالمعتمد هنا (التصريح) مثاله ما رواه فى البخارى عن (ابن عمر رضى الله عنه قال: انزلت ﴿ **نساؤكم حرث لكم..**﴾(سورة البقره:۲۲۳) الآية فى اتيان النساء فى أدبارهن، وروى مسلم فى صحيحه عن (جابر) رضى الله عنه قال: كانت اليهود تقول: من اتى امرأته من دبرها فى قبلها جاء الولد أحول فأنزل الله ﴿**نساؤكم حرث لكم ..**﴾ الآية فالمعتمد هنا الثانى وهو حديث جابر لأنه نص فى السبب فهو نقل، وقول ابن عمر ليس بنص فيحمل على انه استنباط للحكم وتفسير له.

۲- ان دونوں میں سے ایک اپنے قول (کہ یہ آیت فلاں چیز کے بارے میں نازل ہوئی ہے) کی تعبیر کرے اور دوسرا سبب نزول کے ذکر سے صراحت کرے پس یہاں پر قابل اعتماد چیز ''تصریح'' ہوگی اس کی مثال بخاری کی وہ روایت ہے جسے انھوں نے حضرت ابن عمرؓ کے حوالے سے روایت کیا ہے کہ آپ نے فرمایا: ﴿ **نساؤكم حرث لكم**﴾ عورتوں سے دبر کی طرف سے شہوت پوری کرنے کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ یہود کہتے تھے کہ جو شخص اپنی بیوی کی دبر سے اس کی قبل میں آئے گا تو بچہ بھینگا پیدا ہوگا تو اللہ تعالیٰ نے ﴿ **نساؤكم حرث لكم**﴾ نازل فرمائی یہاں پر دوسری یعنی جابر کی حدیث معتمد ہے اس لئے کہ وہ سبب کے متعلق نص ہے اور وہ نقل ہے اور حضرت ابن عمرؓ کا قول نص نہیں ہے پس اسے اس بات پر محمول کیا جائے گا کہ وہ حکم کے لیے استنباط ہے اور اس کی تفسیر ہے۔

ثالثاً: أن يذكر كل واحد سبباً صريحاً للنزول غير الآخر فيعتمد هنا الصحيح دون الضعيف.

مثاله: ما أخرجه الشيخان عن جندب قال: اشتكى النبى ﷺ فلم يقم ليلة او ليلتين، فأتته امرأة فقالت: يا محمد، ما أرى شيطانك الا قد تركك فأنزل الله ﴿ **والضحى. واليل**

۳- ہر ایک نزول کا صریح سبب بیان کرے جو دوسرے کا غیر ہو تو یہاں ضعیف کو چھوڑ کر صحیح پر اعتماد کیا جائے گا اس کی مثال وہ حدیث ہے جسے شیخین نے جندبؓ سے روایت کیا ہے کہ حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بیمار ہو گئے اور آپ ایک یا دو راتیں قیام نہ فرما سکے تو آپ کے پاس ایک عورت آئی اور کہنے لگی اے محمد! میں دیکھتی ہوں کہ آپ کا شیطان آپ کو چھوڑ گیا ہے تو اللہ تعالیٰ نے والضحیٰ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اذا سجى. ما ودعك ربك وما قلى﴾۔(سورة الضحى:١-٣)

وأخرج (الطبراني): ان جرواً دخل بيت النبي ﷺ دخل تحت السرير فمات، فمكث النبي أربعة أيام لا ينزل عليه الوحي، فقال: يا خولة ما حدث في بيت رسول الله ﷺ جبريل لا يأتيني؟ فقلت في نفسي: لو هيات البيت وكنسته، فأهويت بالمكنسة تحت السرير فأخرجت الجرو، فجاء النبي ترعد لحيته. وكان اذا نزل عليه أخذته الرعدة. فأنزل الله: ﴿والضحى والليل اذا سجى. الى قوله: ﴿فترضى﴾ فنعتمد على الرواية الأولى لأنها في الصحيحين. قال (ابن حجر) في شرح البخارى قصة جبريل بسبب (الجرو) مشهورة لكن كونها سبب نزول الآية غريب، وفي اسناده من لا يعرف فالمعتمد ما في الصحيح.(١)

والليل اذا سجى ما ودعك ربك وما قلى۔ نازل فرمائی۔

اورطبرانی نے بیان کیا ہے کہ ایک پلا حضرت نبی کریم ﷺ کے گھر میں داخل ہو گیا اور چار پائی کے نیچے چلا گیا اور مر گیا۔ حضرت نبی کریم ﷺ چار دن ٹھہرے آپ پر وحی نازل نہ ہوئی آپ نے فرمایا اے خولہ رسول اللہ ﷺ کے گھر میں کیا واقعہ ہوا ہے جبریل میرے پاس نہیں آتے میں نے اپنے دل میں کہا کاش آپ گھر کو درست کرتے اور اس میں جھاڑو دیتے میں جھاڑو کے ساتھ چار پائی کے نیچے جھکی اور میں نے پلے کو نکالا اور حضرت نبی کریم ﷺ لرزتی داڑھی کے ساتھ آئے آپ پر جب وحی نازل ہوئی تھی تو آپ کو کپکپی آ جاتی تھی سو اللہ تعالیٰ نے والضحى والليل اذا سجى ... الى قوله فترضى۔ نازل کی۔ ہم پہلی روایت پر اعتماد کرتے ہیں اس لئے کہ وہ صحیحین میں ہے ابن حجر نے شرح بخاری میں جبریل کا مشہور واقعہ جو پلے کے باعث ہوا بیان کیا ہے لیکن اس کا آیت کے نزول کا سبب ہونا غریب ہے اور اس کی اسناد میں غیر معروف آدمی نہیں پس معتمد وہی ہے جو صحیح میں ہے۔

رابعاً: ان يستوى الاسنادان في الصحة، فرجح احدهما على الآخر لوجه من وجوه الترجيحات كذكر الراوى انه حضر القصة مثلا او نحو ذلك.

مثاله: ما اخرجه (البخارى) عن ابن مسعود قال: كنت امشى مع النبيﷺ بالمدينة وهو يتوكأ على عسيب، فمر بنفر من اليهود، فقال بعضهم، لو سألتموه، فقالوا: حدثنا عن

۴- یہ کہ دونوں اسناد صحت میں برابر ہوں اور ہم ایک کو دوسرے پر وجوہ ترجیحات میں سے کسی ایک وجہ سے ترجیح دیں جیسے مثال کے طور پر راوی کا یہ بیان کرنا کہ وہ واقعہ کے وقت حاضر تھا یا اس جیسی کوئی بات اس کی مثال وہ حدیث ہے جو بخاری نے حضرت ابن مسعود سے روایت کی ہے کہ میں مدینہ میں حضرت نبی کریم ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا اور آپ کھجور کی ایک شاخ پر ٹیک لگائے ہوئے تھے پس آپ یہود کی ایک جماعت کے پاس سے گذرے تو ان میں سے ایک نے کہا

(١) أنظر: الأتقان، صفحه۳۳۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الروح' فقام ساعة ورفع رأسه' فعرفت انه یوحی الیه' حتی صعد الوحی ثم قال: ﴿ **قل الروح من امر ربی' وما اوتیتم من العلم الا قلیلا**﴾۔ (سورة الاسراء:۸۵)

کاش تم ان سے پوچھتے انہوں نے کہا ہم سے روح کے متعلق بیان کیجئے تو آپ کچھ دیر ٹھہرے رہے پھر اپنا سر اوپر کیا اور آپ کو معلوم ہوا کہ آپ پر وحی نازل ہو رہی ہے حتی کہ وحی بند ہو گئی پھر آپ نے فرمایا **قل الروح من امر ربی وما اوتیتم من العلم الا قلیلاً**۔ (الاسراء:۸۵)

وما اخرجه (الترمذی) وصححه عن ابن عباس رضی الله عنهما قال: قالت قریش للیهود أعطونا شیئاً نسأل هذا الرجل عنه؟ فقالوا: اسألوه عن الروح' فأنزل الله ﴿**ویسئالونك عن الروح..**﴾ الآیة.. فهذه الروایة تقتضی أنها نزلت بمکة' والاولی تقتضی انها نزلت بالمدینة' فترجح الروایة الاولی لأن (ابن مسعود) کان حاضر القصة' ثم ما رواه البخاری یرجع علی ما رواه غیره.

اور ترمذی نے جو روایت کی ہے اور حضرت ابن عباسؓ کی طرف اس کی سند کو صحیح قرار دیا ہے کہ آپ نے فرمایا قریش نے یہود سے کہا ہمیں کوئی ایسی بتاؤ کہ ہم اس شخص سے اس کے متعلق پوچھیں؟ انہوں نے کہا اس سے روح کے متعلق پوچھو تو اللہ تعالیٰ نے **ویسئلونك عن الروح**۔ نازل فرمائی یہ روایت تقاضا کرتی ہے کہ یہ مکہ میں نازل ہوئی ہے اور پہلی روایت تقاضا کرتی ہے کہ یہ مدینہ میں نازل ہوئی ہے پس پہلی روایت کو ترجیح دی جائے گی اس لئے کہ حضرت ابن مسعودؓ واقعہ کے وقت موجود تھے پھر بخاری نے جو روایت کیا ہے اسے دوسروں کے بیان پر ترجیح دی جائے گی۔

خامساً: ان تکون کل من الروایتین صحیحة الاسناد' وان یکون بینهما تقارب فی المدة' فتنزل الآیة او الآیات بسبب الحادثتین معاً' وننتهی الی الجمع بین الرواتین.

۵- یہ کہ دونوں روایتیں صحیح الاسناد ہوں اور یہ کہ دونوں کے درمیان مدت میں تقارب ہو پس ایک آیت یا آیات معاً دو واقعات کے سبب سے نازل ہوں اور ہم دونوں روایتوں کے درمیان موافقت تک پہنچیں گے۔

مثاله: ما أخرجه البخاری عن ابن عباس (رضی الله عنهما) أن هلال بن امیة قذف امرأته عند النبی ﷺ بشریك بن سمحاء' فقال النبی ﷺ: البینة أو حدٌّ فی ظهرك' فقال یا رسول الله: اذا رأی احدنا مع امرأته رجلاً ینطلق یلتمس البینة' فجعل النبی ﷺ یقول ((البینة أو حد فی ظهرك)) فقال: والذی بعثك بالحق انی لصادق' ولینزلن الله تعالیٰ ما یبریء ظهری من الحد'

اس کی مثال بخاری کی وہ روایت ہے جو بحوالہ حضرت ابن عباسؓ ہے کہ ہلال بن امیہ نے حضرت نبی کریم ﷺ کے پاس اپنی بیوی پر شریک بن سماء سے تعلق کی تہمت لگائی' حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا دلیل پیش کرو یا تیری پشت پر حد لگائی جائے گی اس نے کہا یا رسول اللہ جب ہم میں سے کوئی اپنی بیوی کے ساتھ کسی مرد کو چلتا دیکھے گا تو وہ دلیل تلاش کرے گا اور حضرت نبی کریم ﷺ کہنے لگے دلیل پیش کرو یا تیری پشت پر حد لگائی جائے گی اس نے کہا جس ذات نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فنزل جبريل، وانزل الله عليه ﴿والذين يرمون ازواجهم..﴾ حتى بلغ ﴿ان كان من الصادقين﴾۔(سورة النور:٦)

ہے اس کی قسم میں سچا ہوں اور اللہ تعالیٰ ضرور وہ بات نازل کرے گا جو میری پشت کو حد سے بری کر دے گی، پس جبریل نازل ہوئے اور اللہ تعالیٰ نے آپ **والذين يرمون ازواجهم** سے لے کر **ان كان من الصادقين** تک آیات نازل فرمائیں۔

وما أخرجه (الشيخان) عن سهل بن سعد قال: جاء (عويمر بن نصر) الى (عاصم ابن عدى) فقال: اسال رسول الله عن رجل وجد مع امراته رجلاً أيقتله فيقتل به ام كيف يصنع؟ فسال (عاصم) رسول الله ﷺ فعاب السائل، فأخبر عاصم عويمراً، فقال: والله لآتين رسول الله فلأسألنه، فأتاه فقال ﷺ: انه قد انزل فيك وفي صاحبتك قرآن وتلا الآية الكريمة ﴿**والذين يرمون ازواجهم، ولم يكن لهم شهداء الا انفسهم**...﴾ الاية.

شیخین نے سہل بن سعد سے روایت کی ہے کہ عویمر بن نصر، عاصم بن عدی کے پاس آئے اور کہا اس شخص کے متعلق رسول اللہ ﷺ سے پوچھئے جو اپنی بیوی کے ساتھ ایک شخص کو پائے کیا وہ اسے قتل کر دے وہ اسے قتل کر دے یا کیا کرے؟ عاصم نے رسول اللہ ﷺ سے پوچھا تو آپ نے سائل کے بارے میں ناگواری کا اظہار کیا تو عویمر نے عاصم کو بتایا تو اس نے کہا قسم بخدا میں رسول اللہ ﷺ کے پاس آ کر ان سے پوچھوں گا وہ حضورؐ کے پاس حاضر ہوا تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تیرے اور تیری بیوی کے متعلق قرآن نازل ہو چکا ہے اور آپ نے آیت **والذين يرمون ازواجهم ولم يكن لهم شهداء الا انفسهم** کی تلاوت فرمائی اور ان دونوں

وطريق الجمع بينهما ان نقول: ان اول من وقع له ذلك (هلال) وصادف مجئ (عويمر) أيضاً فنزل فيهما جميعاً.

کے درمیان موافقت کا طریق یہ بھی ہے کہ ہم کہیں کہ پہلا واقعہ ھلال کو پیش آیا اور اتفاقاً عویمر کی آمد بھی ہوگئی تو یہ ان دونوں کے بارے میں نازل ہوئی۔

قال ابن حجر: ولا مانع من تعدد الاسباب.

اور ابن حجر نے بیان کیا ہے کہ تعدد اسباب سے کوئی چیز مانع نہیں ہے۔

سادساً: ان لا يمكن الجمع بين الروايات الصحية، فيحمل على تعدد النزول وتكرره، لان المدة بينهما بعيدة.

٦- یہ کہ صحیح روایات کے درمیان موافقت ممکن نہ ہو تو اسے نزول کے تعدد و تکرر پر محمول کیا جائے گا اس لئے دونوں کے درمیان بعید مدت ہے اس کی مثال وہ ہے جو صحیحین میں

مثاله: ما روى في الصحيحين عن (المسيب) قال: لما حضرت أبا طالب الوفاة

المسیب سے مروی ہے آپ نے بیان کیا ہے کہ جب ابو طالب کی وفات کا وقت قریب آیا تو رسول اللہ ﷺ آپ کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دخل عليه رسول الله وعند ابو جهل وعبدالله بن ابى امية فقال: أى عم' قل (لا اله الا الله) كلمة احاج لك بها عند الله' فقال ابو جهل' وعبدالله' اترغب عن ملة عبدالمطلب' فلم يزالا يكلمانه حتى قال: هو على ملة عبدالمطلب' فقال النبى ﷺ لا ستغفرن لك ما لم انه عن ذلك فنزلت ﴿ **ما كان للنبى والذين آمنوا ان يستغفروا للمشركين..** ﴾ الآية. (سورة التوبة:١١٣)

ملاقات کو آئے اور ابو طالب کے پاس ابوجہل اور عبداللہ بن ابی امیہ بھی موجود تھے آپ نے فرمایا اے چچا لا الہ الا اللہ کہہ یہ وہ کلمہ ہے جسے کے ساتھ میں اللہ کے ہاں تیرے لئے جھگڑوں گا۔ سو ابو جہل اور عبداللہ نے کہا' کیا تو ملت عبدالمطلب سے بے رغبتی کرے گا اور وہ مسلسل ابو طالب سے کلام کرتے رہے حتیٰ کہ اس نے کہہ دیا وہ ملت عبدالمطلب پر ہے حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا مجھے جب تک منع نہ کیا گیا میں آپ کے لیے بخشش طلب کروں گا تو یہ آیت **ما كان للنبى والذين آمنوا معه ان يستغفروا للمشركين۔** (التوبہ:۱۱۳) نازل ہوئی۔

وما اخرجه الترمذى عن على (رضى الله عنه) قال: سمعت رجلًا يستغفر لأبويه وهما مشركان فقلت تستغفر لأبويك وهما مشركان: فقال: استغفر ابراهيم لأبيه وهو مشرك' فذكرت ذلك لرسول الله ﷺ فنزلت ﴿**ما كان للنبى...**﴾ الاية.

اور ترمذی نے حضرت علیؓ سے جو روایت کی ہے کہ میں نے ایک شخص کو اپنے والدین کے لیے بخشش طلب کرتے سنا اور وہ دونوں مشرک تھے میں نے پوچھا تو اپنے والدین کے لیے بخشش طلب کرتا ہے حالانکہ وہ دونوں مشرک ہیں اس نے کہا حضرت ابراہیمؑ نے اپنے باپ کے لیے بخشش طلب کی ہے اور وہ مشرک تھا میں نے اس بات کا ذکر رسول اللہ ﷺ سے کیا تو **ما كان للنبى....** کی آیت نازل ہو۔

وروى أيضا أن النبى صلى الله عليه وسلم خرج يوماً الى المقابر' فجلس الى قبر منها فناجاه طويلًا ثم بكى فقال: ان القبر الذى جلست عنده قبر امى' وانى استأذنت ربى فى الدعاء فلم يأذن لى فأنزل على:﴿ **ما كان للنبى والذين آمنوا ان يستغفروا للمشركين**﴾ الآية.
قال السيوطى: فيجمع بين هذه الأحاديث بتعدد النزول.

نیز یہ روایت بھی ہے کہ ایک روز حضرت نبی کریم ﷺ قبرستان کی طرف گئے اور ایک قبر کے پاس بیٹھ گئے اور اس سے طویل سرگوشی کی پھر فرمایا جس قبر کے پاس میں بیٹھا تھا وہ میری ماں کی قبر ہے اور میں نے اللہ سے ان کی بخشش کی دعا کی اجازت طلب کی تو اس نے مجھے اجازت نہ دی اور اس نے مجھ پر آیت **ما كان للنبى والذين امنوا ان يستغفروا للمشركين** نازل کی' سیوطی نے بیان کیا ہے ان احادیث کے درمیان تعدد نزول کے ساتھ موافقت پیدا کی جائے گی۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هل العبرة بعموم اللفظ ام بخصوص السبب؟

اختلف علماء الاصول فی مسألته دقیقة وهی: هل العبرة بعموم اللفظ ام بخصوص السبب؟ أی أنه اذا وقعت حادثة فنزلت فی شأنها آیة کریمة، فهل یقتصر حکم هذه الآیة علی تلك الحادثة او الواقعة او الشخص الذی نزلت فیه، ام یتعدی الحکم الی الجمیع؟

فجمهور العلماء یذهبون الی ان العبرة بعموم اللفظ لا بخصوص السبب، وهذا هو الصحیح، وهناك رأی آخر بأن العبرة بخصوص السبب.

قال(السیوطی) رحمه الله فی کتابه: (الاتقان فی علوم القرآن).

"ومن الأدلة علی اعتبار عموم اللفظ احتجاج الصحابة وغیرهم فی وقائع بعموم آیات نزلت علی أسباب خاصة، کنزول آیة الظهار فی (سلمة بن صخر) وآیة اللعان فی شأن (هلال بن أمیة) وحد القذف فی رماة عائشه، ثم تعدی الحکم الی غیرهم لعموم اللفظ، وقد ورد عن (ابن عباس) ما یدل علی اعتبار العموم، فانه قال به فی آیة السرقة مع انها نزلت فی امرأة سرقت.. ثم روی عن (نجدة الحنفی) قال: سألت ابن عباس عن قوله تعالی ﴿ **والسارق والسارقة فاقطعوا ایدیهما**﴾ (سورة المائدة:۳۸) أخاص أم عام؟ قال: بل عام. قال

کیا تعبیر لفظ کے عموم سے ہوتی ہے یا سبب کے خصوص سے:

علمائے اصول نے ایک دقیق مسئلے میں اختلاف کیا ہے اور وہ یہ ہے کہ کیا عبرت لفظ کے عموم سے ہوتی ہے یا سبب کے خصوص سے؟ یعنی جب کوئی واقعہ پیش آتا ہے تو اس کے بارے میں آیت کریمہ نازل ہوتی ہے تو کیا اس آیت کا حکم اسی واقعہ یا حادثہ یا اس شخص پر ہی اکتفا کرتا ہے جس کے بارے میں نازل ہوئی ہے یا حکم سب پر متعدی ہوتا ہے۔ جمہور علماء کا خیال ہے کہ عبرت، لفظ کے عموم سے ہوتی ہے نہ کہ سبب کے خصوص سے اور یہی صحیح بات ہے اور ایک دوسری رائے بھی ہے کہ عبرت سبب کے خصوص سے ہوتی ہے۔ سیوطی نے اپنی کتاب الاتقان فی علوم القرآن میں بیان کیا ہے کہ لفظ کے عموم سے عبرت حاصل کرنے والوں کی ایک دلیل صحابہ اور دوسرے لوگوں کا واقعات میں آیات کے عموم سے دلیل پکڑنا ہے جو خاص اسباب پر نازل ہوئی ہیں جیسے مسلمہ بن صخر کے بارے میں آیت ظہار کا نزول ہوا اور ہلال بن امیہ کے بارے میں آیت لعان کا نزول ہوا اور حضرت عائشہؓ پر تہمت کے بارے میں حد قذف کا نزول ہوا پھر لفظ کے عموم کے باعث حکم دوسروں تک متعدی ہو گیا اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے جو اعتبار العموم پر دلالت کرتی ہے آپ نے یہ بات آیت سرقہ کے متعلق کہی ہے حالانکہ وہ ایک عورت کے بارے میں نازل ہوئی ہے جس نے چوری کی تھی پھر نجدة الحنفی سے مروی ہے کہ میں نے حضرت ابن عباس سے اللہ تعالیٰ کے قول **والسارق والسارقة فاقطعوا أیدیهما**۔ (المائدہ:۳۸) کے متعلق پوچھا کہ یہ خاص ہے یا عام؟ آپ نے فرمایا عام ہے۔ ابن تیمیہ نے فرمایا ہے اس باب میں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(ابن تیمیة) قد یجیئ کثیراً من ھذا الباب قولھم: ھذہ الآیة نزلت فی کذا. لاسیما ان کان المذکور شخصاً. کقولھم ان آیة الظھار نزلت فی امرأة (ثابت بن قیس) وان آیة الکلالة نزلت فی (جابر بن عبداللہ) وان قولہ تعالیٰ ﴿ ان احکم بینھم بما انزل اللہ﴾ (سورة المائدة:٤٩) نزلت فی بنی قریظة وبنی النضیر، ونظائر ذلك. فالذین قالوا ذلك لم یقصدوا ان حکم الآیة یختص بأولئك الأعیان دون غیرھم، فان ھذا لا یقولہ مسلم ولا عاقل علی الاطلاق. وقال (الزمخشری) فی تفسیر سورة الھمزة: یجوز أن یکون السبب خاصاً، والوعید عاماً لیتناول کل من باشر ذلك القبیح، ولیکون ذلك جاریاً مجری التعریض[1] واللہ تعالیٰ اعلم.

بکثرت ان کا یہ قول آئے گا کہ (ھذہ الآیة نزلت فی کذا) یعنی یہ آیت فلاں کے بارے میں نازل ہوئی ہے خصوصاً جب مذکور شخص ہو جیسے کہ ان کا قول ہے کہ آیت ظہار ثابت بن قیس کی بیوی کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور کلالہ کی آیت جابر بن عبداللہ کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور ان احکم بینھم بما انزل اللہ کی آیت بنی قریظہ اور بنی نضیر کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور اس جیسی دوسری آیات جن لوگوں نے یہ بات کہی ہے ان کا مقصد یہ نہ تھا کہ آیت کا حکم دوسروں کو چھوڑ کر انہی اعیان کے ساتھ مخصوص ہے یہ بات علی الاطلاق کوئی مسلمان اور عقلمند نہیں کہتا اور زمخشری نے سورۃ الھمزہ کی تفسیر میں بیان کیا ہے کہ جائز ہے کہ سبب خاص ہو اور وعید عام ہوتا کہ وہ ہر اس شخص کو حاوی ہو جو اس قبیح کا ارتکاب کرے تا کہ یہ تعریض کے راستے پر جاری ہو۔ واللہ اعلم۔

❁ ❁ ❁

(١) انتھی بتصرف من کتاب (الاتقان فی علوم القرآن).

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الثالث

حكمة نزول القرآن مفرقاً

نزول القرآن الكريم:

شرف الله هذه الأمة المحمدية، فأنزل عليها كتاب المعجز. خاتمة الكتب السماوية. ليكون دستوراً لحياتها، وعلاجاً لمشاكلها. وبلسماً شافياً لعللها وأمراضها، وآية مجد وفخار على اصطفاء هذه الامة، واختيارها لحمل أقدس الرسالات السماوية، حيث أكرمها الله بانزال أشرف كتاب، وخصها بالانتساب الى اشرف مخلوق(محمد بن عبدالله)ﷺ. وبنزول هذا القرآن اكتمل عقد الرسالات السماوية، فشع النور على العالم، وسطع الضياء على الكون، ووصلت هداية الله الى الخلق، وكان هذا النزول بواسطة امين السماء (جبريل عليه السلام، يهبط به على قلب النبيﷺ ليبلغه وحى الله، وفى ذلك يقول الله جل ثناؤه﴿**نزل به الروح الامين. على قلبك لتكون من المنذرين. بلسان عربى مبين**﴾۔(سورة الشعراء: ١٩٣-١٩٥)

كيف نزل القرآن الكريم؟

للقرآن الكريم تنزلان:

تیسری فصل

قرآن مجید کے الگ الگ نازل ہونے کی حکمت

قرآن کریم کا نزول:

اللہ تعالیٰ نے اس امت محمدیہ کو شرف بخشا ہے اور اس پر اپنی معجز کتاب نازل کی ہے۔ جو سماوی کتب کی آخری کتاب ہے۔ تاکہ وہ اس کی زندگی کا دستور اور اس کی مشکلات کا علاج اور اس کی امراض و علل کا شفا دہندہ علاج ہو اور اس امت کے چناؤ اور پاکیزہ رسالات کے اٹھانے کے لیے اس کے انتخاب پر فخر و بزرگی کا نشان ہو وہ یوں کہ اللہ نے اشرف کتاب کے نازل کرنے سے اسے عزت دی ہے اور اسے اشرف مخلوق محمد بن عبداللہ کے انتساب سے خاص کیا ہے اور قرآن کے نزول سے رسالات سماویہ کی تکمیل ہوگئی پس نور عالم پر پھیل گیا اور روشنی کائنات پر چھا گئی اور اللہ کی ہدایت مخلوق تک پہنچ گئی اور یہ نزول امین السماء حضرت جبریل علیہ السلام کے واسطہ سے ہوا وہ قرآن کو لے کر حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے قلب مبارک پر اترتے تھے تاکہ آپ کو اللہ کی وحی پہنچائیں اور اس بارے میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔نزل به الروح الامين على قلبك لتكون من المنذرين بلسان عربى مبين۔(سورة الشعراء:١٩٣-١٩٥)

قرآن کریم کیسے نازل ہوا؟

قرآن کریم کے دو تنزل ہیں۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأول: من اللوح المحفوظ الى السماء الدنيا (جملة واحدة) في ليلة القدر.

الثاني: من السماء الدنيا الى الأرض (مفرقاً) في مدة ثلاث وعشرين سنة.

أما التنزل الأول: فقد كان في ليلة مباركة من ليالي الدهر هي (ليلة القدر) انزل فيه القرآن كاملاً الى (بيت العزة) في السماء الدنياء ويدل عليه عدة نصوص وهي:

آ- قوله تعالىٰ: ﴿**حم. والكتاب المبين. انا انزلناه في ليلة مباركة انا كنا منذرين**﴾۔(سورة الدخان:١-٣)

ب-وقوله تعالىٰ: ﴿**انا انزلناه في ليلة القدر، وما ادراك ما ليلة القدر**﴾۔(سورة القدر:١-٢)

ج- وقوله تعالىٰ: ﴿**شهر رمضان الذى انزل فيه القرآن هدى للناس وبينات من الهدى والفرقان**﴾۔(سورة البقرة:١٨٥)

فقد دلت هذه الآيات الثلاث على ان القرآن انزل في ليلة واحدة، توصف بأنها مباركة، وتسمى (ليلة القدر) وهي من ليالي شهر رمضان، ويتعين ان يكون هذه النزول هو النزول الأول الى بيت العزة في السماء لانه لو اريد به النزول الثاني على النبيﷺ لما صح ان يكون في ليلة واحدة، وفي شهر واحد هو (شهر رمضان) لأن القرآن انما نزل في مدة طويلة هي مدة البعثة ٢٣ سنة، ونزل في غير رمضان في

اول: لیلۃ القدر میں لوح محفوظ سے سماء دنیا تک یک بارگی تنزل۔

دوم: سماء دنیا سے زمین تک ۲۳ سال کی مدت میں الگ الگ تنزل۔

پہلا تنزل: زمانے کی راتوں میں سے ایک مبارک رات میں ہوا اور وہ لیلۃ القدر ہے اس میں قرآن کامل طور پر آسمان دنیا میں بیت العزۃ کی طرف اتارا گیا اور اس پر کئی نصوص دلالت کرتی ہیں۔

ا- **حم والكتاب المبين انّا انزلناه في ليلة مباركة انا كنا منذرين**۔(الدخان:١-٣)

ب- **انا انزلناه في ليلة القدر وما ادراك ما ليلة القدر**۔(القدر:١-٢)

ج- **شهر رمضان الذى انزل فيه القرآن هدىً للناس وبينات من الهدى والفرقان**۔(البقرہ:١٨٥)

یہ تینوں آیات اس بات پر دلالت کرتی ہیں کہ قرآن ایک رات میں نازل کیا گیا ہے جس کی صفت یہ ہے کہ وہ برکت والی رات ہے اور لیلۃ القدر کے نام سے موسوم ہے اور ماہ رمضان کی راتوں میں سے ہے اور یہ بات متعین ہے کہ یہ نزول وہ نزول اول ہے جو آسمان میں بیت العزۃ کی طرف ہوا ہے اس لئے کہ اگر اس سے حضرت نبی کریم ﷺ پر ہونے والا نزول مراد لیا جائے تو یہ درست نہ ہوگا کہ یہ ایک ہی رات میں اور ایک ہی ماہ (ماہ رمضان) میں ہوا اس لئے کہ قرآن طویل مدت میں ہی نازل ہوا اور وہ بعثت کی ۲۳ سالہ مدت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جميع الأشهر، فتعين ان يكون المراد به (النزول الأول) وقد جاء ت الاخبار الصحيحة تؤيد ذلك منها:

آ- عن ابن عباس رضى الله عنهما انه قال: (فُصل القرآن من الذكر فوضع فى بيت العزة من السماء الدنيا، فجعل جبريل ينزل به على النبى ﷺ)(١)

ب- وعن ابن عباس رضى الله عنهما انه قال: (انزل القرآن جملة واحدة الى سماء الدنيا، وكان بمواقع النجوم، وكان الله ينزله على رسوله ﷺ بعضه فى إثر بعض).(٢)

ج- وروى عن ابن عباس رضى الله عنهما انه قال: (انزل القرآن فى ليلة القدر فى شهر رمضان الى سماء الدنيا جملة واحدة، ثم انزل نجوماً)(٣) قوله نجوماً: أى أجزاء متفرقة.

فهذه الروايات الثلاث رواها السيوطى فى كتابه (الاتقان فى علوم القرآن) وبين انها كلها صحيحة، كما روى (السيوطى) أيضا عن ابن عباس رضى الله عنهما انه سأله (عطية بن الأسود) فقال: (أوقع فى قلبى الشك قوله تعالىٰ: ﴿شهر رمضان الذى انزل فيه القرآن﴾

ہے اور یہ رمضان کے علاوہ سب مہینوں میں نازل ہوا ہے پس متعین ہو گیا کہ اس سے مراد نزول اول ہے اور اس بارے میں صحیح روایات بھی آئی ہیں جو اس کی تائید کرتی ہیں (ان روایات میں سے کچھ درج ذیل ہیں)۔

ا- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے آپ نے فرمایا کہ قرآن الذکر سے الگ ہوا اور آسمان میں بیت العزۃ میں رکھا گیا اور جبریل نے حضرت نبی کریم ﷺ پر نازل کیا۔(اسے حاکم نے روایت کیا ہے)

ب- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ قرآن یکبارگی آسمان دنیا کی طرف اتارا گیا اور وہ ٹکڑے ٹکڑے اترتا تھا اور اللہ تعالیٰ اسے اپنے رسول ﷺ پر اس کا کچھ حصہ کچھ حصے کے بعد نازل کرتا تھا۔ (اسے حاکم اور بیہقی نے روایت کیا ہے)۔

ج- حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا: قرآن لیلۃ القدر میں ماہ رمضان میں یکبارگی آسمان دنیا کی طرف نازل کیا گیا پھر متفرق اجزاء کی صورت میں اتارا گیا۔ یہ تینوں روایات سیوطی نے اپنی کتاب الاتقان فی علوم القرآن میں روایت کی ہیں اور واضح کیا ہے کہ یہ سب کی سب صحیح ہیں ایسے ہی سیوطی نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی ہے کہ عطیہ بن الاسود نے آپ سے پوچھا کہ میرے دل میں اللہ تعالیٰ کے (قول شهر رمضان الذى انزل فيه القرآن) اور (انا انزلناه فى ليلة القدر) نے شک ڈال دیا ہے جب کہ یہ

---

(١) رواه الحاكم.

(٢) رواه الحاكم والبيهقى.

(٣) رواه الطبرانى.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقوله: ﴿ انا انزلناه فى ليلة القدر﴾ وهذا انزل في شوال، وفى ذى القعدة، وفى ذى الحجة، وفى المحرم وصفر، وشهر ربيع، فقال ابن عباس: انه انزل فى رمضان فى ليلة القدر، جملة واحدة، ثم انزل على مواقع النجوم رسلاً فى الشهور والايام). يريد بقوله (مواقع النجوم) وبقوله (رسلًا) اى انه انزل منجماً مفرقاً، يتلو بعضه بعضاً على تؤدة ورفق. وذكر (السيوطى) ان القرطبى نقل حكاية الاجماع على نزول القرآن جملة من اللوح المحفوظ الى بيت العزة فى السماء الدنيا. ولعل الحكمة فى هذا النزول هى: تفخيم أمر القرآن، وأمر من نزل عليه، باعلام سكان السموات السبع أن هذا آخر الكتب المنزلة على خاتم الرسل لأشرف الأمم قد قربناه اليهم لننزله عليهم.

قال السيوطى: (ولو لا أن الحكمة الالهية اقتضت وصوله اليهم منجماً بحسب الوقائع لهبط به الى الارض جملة كسائر الكتب المنزلة قبله، ولكن الله سبحانه باين (أى خالف) بينه وبينها، فجعل له الأمرين: إنزاله جملة، ثم انزاله مفرقاً، تشريفاً للمنزل عليه).(۱)

شوال، ذوالقعدہ، ذوالحجہ، محرم، صفر اور ربیع الاول میں نازل ہوا ہے حضرت ابن عباسؓ نے کہا کہ یہ رمضان میں لیلۃ القدر میں یکبارگی نازل ہوا ہے اور ماہ وایام میں آہستہ آہستہ ٹکڑے ٹکڑے ہوکر نازل ہوا ہے۔ مواقع النجوم اور رسلًا سے مراد یہ ہے کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے الگ الگ ہوکر نازل ہوا ہے اس کا ایک حصہ دوسرے حصہ کے پیچھے نرمی اور آہستگی سے آتا رہا ہے اور سیوطی نے بیان کیا ہے کہ قرطبی نے قرآن کے لوح محفوظ سے آسمان دنیا میں بیت العزۃ کی طرف نازل ہونے پر اجماع بیان کیا ہے اور شاید اس نزول میں قرآن کی شان اور جس پر قرآن نازل ہوا ہے اس کی شان کی عظمت ہے ساتوں آسمانوں کے باشندوں کو بتانے میں کہ یہ منزل کتب میں سے خاتم الرسل پر نازل ہونے والی آخری کتاب، اشرف امت کے لیے ہے اور ہم نے اسے ان پر اتارنے کے لیے ان کے قریب کیا ہے سیوطی نے بیان کیا ہے کہ (اگر حکمت الٰہیہ کا واقعات کے مطابق ٹکڑے ٹکڑے ہوکر ان تک اس کے پہنچنے کا اقتضاء نہ ہوتا تو وہ اسے اس سے پہلی منزلہ کتب کی طرف یکبارگی اتارتا لیکن اللہ تعالیٰ نے اس کے اور ان کتب کے درمیان فرق کیا ہے اور جس پر یہ کتاب نازل ہوئی ہے اس کو عزت دینے کے لیے دو کام کئے ہیں اس کا یکبارگی نازل کرنا اور پھر اس کا الگ الگ نازل کرنا۔

٢. التنزيل الثانى:

وأما التنزيل الثانى فقد كان من السماء الدنيا على قلب النبى ﷺ منجماً (اى مفرقاً) فى مدة ثلاث وعشرين سنة وهى من حين البعثة الى

تنزیل ثانی:

دوسرا تنزل آسمان دنیا سے حضرت نبی کریم ﷺ کے قلب مبارک پر ۲۳ سال کی مدت میں جو بعثت سے آپ کی وفات تک ہے، ٹکڑے ٹکڑے اور الگ الگ ہوکر ہوا اور اور

(١) أنظر: الأتقان، ص٤٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حين وفاته صلوات الله وسلامه عليه. والدليل على هذا النزول وأنه نزل منجماً قول الله تعالىٰ في سورة الاسراء:

أ- ﴿ وقرآنا فرقناه لتقراه على الناس على مكث، ونزلناه تنزيلا﴾ (سورة الاسراء:١٠٦) وقوله تعالىٰ في سورة الفرقان:

ب-﴿ وقال الذين كفروا لو لا نزل عليه القرآن جملة واحدة كذلك لنثبت به فؤادك ورتلناه ترتيلا﴾-(سورة الفرقان:٣٢)

روى ان اليهود والمشركين عابوا على النبيﷺ نزول القرآن مفرقاً، واقترحوا عليه ان ينزل جملة واحدة حتىٰ قال اليهود له: يا أبا القاسم لو لا أنزل هذا القرآن جملة واحدة كما أنزلت التوراة على موسىٰ، فأنزل الله هاتين الآيتين رداً عليهم، وهذا الرد. كما يقول الزرقاني. يدل على أمرين:

أحدهما: ان القرآن نزل مفرقاً على النبيﷺ.

والثاني: ان الكتب السماوية قبله نزلت جملة، كما اشتهر ذلك بين جمهور العلماء حتىٰ كاد يكون إجماعاً.

ووجه الدلالة على هذين الأمرين: أن الله تعالىٰ لم يكذبهم فيما ادعوا من نزول الكتب السماوية جملة، بل أجابهم ببيان الحكمة في نزول القرآن مفرقاً ولو كان نزول الكتب السماوية مفرقاً كالقرآن لرد عليهم بالتكذيب،

اس نزول پر کہ وہ ٹکڑے ٹکڑے ہوکر نازل ہوا ہے اللہ تعالیٰ کا یہ قول دلیل ہے کہ:

ا- وقرآنا فرقناه لتقراه على الناس على مكث ونزلناه تنزيلا۔ (الاسراء:١٠٦) اور سورہ الفرقان میں اللہ کا یہ قول بھی ہے کہ:

وقال الذين كفروا لو لا نزل عليه القرآن جملة واحدة كذلك لنثبت به فوادك ورتلناه ترتيلا۔ (الفرقان:٣٢)

بیان کیا گیا ہے کہ یہود اور مشرکین نے قرآن کے مفرق نازل ہونے پر حضرت نبی کریم ﷺ پر عیب لگایا اور آپ سے خواہش کی کہ وہ یکبارگی نازل کریں حتی کہ یہود نے آپ سے کہا اے ابوالقاسم یہ قرآن یکبارگی کیوں نازل نہیں ہوا جیسے حضرت موسیٰ علیہ السلام پر تورات نازل ہوئی ہے تو اللہ تعالیٰ نے یہ دو آیتیں ان کے رد میں نازل کی اور زرقانی کے قول کے مطابق یہ رد دو باتوں پر دلالت کرتا ہے۔

ایک یہ کہ قرآن حضرت نبی کرم ﷺ پر مفرق صورت میں اترا ہے۔

دوسرے یہ کہ اس سے پہلی کتب ساویہ یکبارگی نازل ہوئی ہیں جیسا کہ جمہور علماء کے درمیان یہ مشہور بات ہے گویا کہ اس پر اجماع ہوگیا ہے۔

اوران دو باتوں پر دلالت کی وجہ یہ ہے کہ انہوں نے کتب ساویہ کے یکبارگی نزول کے بارے میں جو دعویٰ کیا ہے اللہ نے اس میں ان کی تکذیب نہیں کی بلکہ مفرق نزول قرآن میں جو حکمت تھی اسے بیان کرکے ان کو جواب دیا ہے ان کی تکذیب کرنا کہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے نازل کرنا اللہ کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وباعلان ان التنجيم هو سنة الله فيما انزل على الأنبياء من قبل، كما رد عليهم حين طعنوا على الرسول وقالوا: ﴿ **ما لهذا الرسول يأكل الطعام ويمشى فى الأسواق**﴾(سورة الفرقان:٧) رد عليهم بقوله ﴿ **وما أرسلنا قبلك من المرسلين الا انهم لياكلون الطعام ويمشون فى الاسواق**﴾.[1] (سورة الفرقان: ٢٠)

سنت ہے اور پہلے انبیاء پر جو کچھ نازل ہوا وہ بھی اسی سنت کے مطابق تھا جیسے اس نے ان کا اس وقت رد کیا جب انہوں نے رسول ﷺ کو طعنہ دیا کہ **ما لهذا الرسول يا كل الطعام ويمشى فى الاسواق** (الفرقان:۷) اس رسول کو کیا ہو گیا ہے کہ یہ کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں چلتا ہے اللہ تعالیٰ نے اس قول سے ان کا رد کیا **وما ارسلنا قبلك من المرسلين الا انهم لياكلون.الطعام ويمشون فى الاسواق**۔ (الفرقان:۲۰) اور تجھ سے پہلے ہم نے جو رسول بھیجے وہ بھی کھانا کھاتے اور بازاروں میں چلتے تھے۔

حكمة نزول القرآن منجماً:

لنزول القرآن الكريم منجماً (أى مفرقاً) حكم جليلة، وأسرار عديدة عرفها العالمون، وغفل عنها الجاهلون، ونستطيع أن نجملها فيما يأتى وهى:

أولا: تثبيت قلب النبى ﷺ امام اذى المشركين.

ثانياً: التلطف بالنبى ﷺ عند نزول الوحى.

ثالثاً: التدرج فى تشريع الاحكام السماوية.

رابعاً: تسهيل حفظ القرآن وفهمه على المسلمين.

خامساً: مسايرة الحوادث والوقائع، والتنبيه عليها فى حينها.

سادساً: الارشاد الى مصدر القرآن، وأنه

قرآن کے مفرق نزول کی حکمت:

قرآن کے مفرق نزول کی بڑی حکمتیں اور متعدد اسرار ہیں جنہیں علماء نے معلوم کیا ہے اور جاہل ان سے غافل رہے ہیں ہم ان کو مجمل طور پر بیان کرتے ہیں۔

اول۔ مشرکین کی اذیتوں کے مقابل حضرت نبی کریم ﷺ کے دل کو مضبوط کرنا۔

دوم۔ نزول وحی کے وقت حضرت نبی کریم ﷺ سے مہربانی کرنا۔

سوم۔ احکام سماویہ کی توضیح میں دھیرے دھیرے بڑھنا۔

چہارم۔ مسلمانوں پر قرآن کے حفظ وفہم کو آسان کرنا۔

پنجم۔ واقعات وحوادث کے ساتھ ساتھ چلنا اور بروقت ان سے آگاہ کرنا۔

ششم۔ قرآن کے سرچشمہ کی طرف راہنمائی کرنا کہ وہ

(١) أنظر: مناهل العرفان. ص٤٦.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تنزيل الحكيم الحميد.

ولنبدأ بشيء من التفصيل عن هذه الحكم العديدة، التي اجملناها فيما سبق فنقول ومن الله نستمد العون:

أولا: أما الحكمة الاولى وهي (تثبيت قلب النبي ﷺ) فقد ذكرتها الآية الكريمة في معرض الرد على المشركين، حين اقترحوا أن ينزل القرآن جملة واحدة كما نزلت الكتب السماوية السابقة فرد الله عليهم بقوله ﴿**كذلك لنثبت به فؤادك ورتلناه ترتيلا**﴾(سورة الفرقان:٣٢) وتثبيت قلب النبي ﷺ انما هو رعاية من الله وتأييد لرسوله أمام تكذيب خصومه له وإيذائهم الشديد له ولأ تباعه، فقد كانت الايات الكريمة تنزل على رسول الله ﷺ (تسلية) له وشحذاً لهمته للمضي في طريق الدعوة مهما اعترضته المصاعب والشدائد، وتقوية لقلبه الشريف، فقد تعهده الله سبحانه وتعالىٰ بما يخفف عنه الشدائد والآلام، فكان اذا اشتد الأذى عليه نزلت الآيات تسلية له وتخفيفاً عما يلقاه، وكانت التسلية تارة عن طريق قصص الأنبياء والمرسلين ليقتدى بهم في صبرهم وجهادهم كما قال تعالىٰ ﴿**.ولقد كذبت رسل من قبلك فصبروا على ما كذبوا واوذوا حتى اتاهم نصرنا..**﴾(سورة الانعام:٣٤) الآية.وقوله تعالىٰ ﴿ **فاصبر كما صبر أولوا العزم من الرسل**﴾. (سورة الاحقاف: ٣٥) وقوله ﴿**واصبر لحكم**

حکیم وحمید خدا کی تنزیل ہے۔

اب ہم ان متعدد حکمتوں کی کچھ تفصیل بیان کریں گے جنہیں ہم نے پہلے مجمل طور پر بیان کیا ہے اور ہم ان کو اللہ سے مدد طلب کرتے ہوئے بیان کریں گے۔

اول: پہلی حکمت (یعنی حضرت نبی کریم ﷺ کے قلب کو مضبوط کرنا) اس حکمت کا ذکر اس آیت میں ہے جس میں مشرکین کا رد کیا گیا ہے جب انہوں نے خواہش کی کہ وہ قرآن کو یکبارگی نازل کریں جیسا کہ سابقہ کتب سماویہ نازل ہوئی ہیں تو اللہ تعالیٰ نے **كذلك لنثبت به فؤادك ورتلناه ترتيلا** سے ان کا رد کیا اس آیت کے مطابق حضورؐ کے دل کو مضبوط کرنا یہ اللہ کی طرف سے اپنے نبی کے لیے رعایت اور اپنے رسول کی تائید کرنا ہے اور یہ تائید و رعایت حضورؐ اور صحابہ رضی اللہ عنہم کو کفار کی طرف سے دی جانے والی سخت تکالیف اور جھگڑوں کی وجہ سے تھی۔ رسول اللہ ﷺ پر یہ آیات کریمہ طریق دعوت پر چلنے کے لیے نیز آپ کی ہمت بڑھانے کے لیے اور آپ کے قلب شریف کی تقویت کے لیے نازل ہوئی تھیں خواہ مصائب وشدائد کیسے ہی ہوں اللہ تعالیٰ نے ان چیزوں سے آپ کی حفاظت کی جو آپ کے شدائد و آلام کو ہلکا کرتی تھیں پس جب آپ پر اذیت سخت ہو جاتی تو آپ کی تسلی کے لیے اور جس تکلیف سے آپ دو چار ہوتے اس کی تخفیف کے لیے آیات نازل ہوتیں کبھی تسلی، انبیاء ومرسلین کے واقعات سے ہوتی تا کہ آپ صبر و جہاد میں ان کی پیروی کریں جیسے اللہ فرماتا ہے۔ ولقد كذبت رسل من قبلك فصبروا على ما كذبوا واوذوا حتى اتاهم نصرنا. پھر فرمایا فاصبر كما صبر اولوا العزم من الرسل پھر فرمایا واصبر لحكم ربك فانك

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ربك فانك بأعيننا﴾۔(سورة :٤٨)

وقد أوضح البارى جلت عظمته الحكمة من ذكر قصص الأنبياء فقال وهو أصدق القائلين: ﴿ **وكلا نقص عليك من انباء الرسل ما نثبت به فؤادك، وجاء ك فى هذه الحق وموعظة وذكرى للمؤمنين**﴾۔(سورة هود:١٢٠) وتارة كانت التسلية عن طريق الوعد بالنصر والتأييد للنبى ﷺ كقوله تعالىٰ ﴿**وينصرك الله نصراً عزيزاً**﴾(سورة الفتح:٣) وكقوله ﴿**ولقد سبقت كلمتنا لعبادنا المرسلين. انهم لهم المنصورون وان جندنا لهم الغالبون**﴾. (سورة الصافات:١٧١-١٧٣)

وأخرى تكون التسلية عن طريق إخبار الرسول باندحار اعدائه وانهزامهم كما فى قوله تعالىٰ ﴿**سيهزم الجمع ويولون الدبر**﴾.(سورة القمر:٤٥) وقوله ﴿**قل للذين كفروا ستغلبون وتحشرون الى جهنم وبئس المهاد**﴾.(سورة آل عمران:١٢) الى آخر ما هنالك من ألوان فى التخفيف عن قلب الرسول، وتطييب نفسه وفؤاده، ولا شك أن فى تجدد نزول الوحى، وتكرر هبوط الأمين جبريل بالآيات البينات، التى فيها تسلية للنبىﷺ وفيها الوعد بالنصر والحفظ والتأييد، كان لها أعظم الأثر فى تثبيت قلب الرسول لمتابعة الدعوة، والمُضىّ فى تبليغ الرسالة الالهية، لأن الله معه، وهل يشعر بالخذلان والفتور من كانت عناية الله تحوطه

باعيننا۔

اور باری تعالیٰ نے انبیاء کے واقعات کے ذکر کرنے کی حکمت یوں واضح کی ہے اور وہ اصدق القائلین ہے۔ **وکلا نقص علیك من انباء الرسل ما نثبت به فؤادك وجاءك فی هذه الحق وموعظة وذكرى للمؤمنين**۔(ھود:۱۲۰) اور کبھی تسلی مدد کے وعدے اور حضرت نبی کریم ﷺ کی تائید کے طریق سے ہوئی جیسے اللہ فرماتا ہے **وينصرك الله نصراً عزيزاً**۔(الفتح:۳) نیز فرماتا ہے **ولقد سبقت كلمتنا لعبادنا المرسلين انهم لهم المنصورون وان جندنا لهم الغالبون**۔(الصافات۱۷۱-۱۷۳)

اور کبھی تسلی رسول اللہ ﷺ کے اپنے دشمنوں کی شکست اور ان کے دور ہونے کی خبر دینے سے ہوئی ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے **سيهزم الجمع ويولون الدبر**۔(القمر:۴۵) اور فرمایا ہے **قل للذين كفروا ستغلبون وتحشرون الى جهنم وبئس المهاد**(آل عمران:۱۲) اسی طرح اور کئی طریقوں سے رسول اللہ ﷺ کے قلب سے غم کو ہلکا کرنے اور آپ کے دل کو خوش کرنے کے لیے خبریں دی گئی ہیں اور اس میں کچھ شک نہیں کہ نزول وحی کے تجدد اور جبریل امین کے آیات بینات کے ساتھ اترنے کے تکرر میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تسلی ہے اور اس میں مدد کا وعدہ اور حفظ وتائید ہوتی ہے اور اس کا دعوت کی متابعت اور رسالت الہیہ کی تبلیغ میں لگے رہنے کے لیے رسول اللہ ﷺ کی تثبیت قلب میں بڑا اثر ہے اس لئے کہ اللہ آپ کے ساتھ ہے اور کیا جسے اللہ کی عنایت گھیرے ہوئے ہو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وعينه ترعاه؟

اور اس کی نگہداشت کر رہی ہو وہ کمزوری اور ذلت کا احساس کر سکتا ہے۔

ثانياً. أما الحكمة الثانية وهي: (التلطف بالنبيﷺ) عند نزول الوحي، فقد كانت بسبب روعة القرآن وهيبته، كما قال تعالىٰ ﴿ **إنا سنلقي عليك قولاً ثقيلا** ﴾۔(سورة المزمل:٥) فالقرآن. كما هو مقطوع به. كلام الله المعجز، الذي له جلال و وقار، وهيبة وروعة وهو الكتاب الذي لو نزل على جبل لتفتت وتصدع من هيبته وجلاله كما قال تعالى ﴿ **لو أنزلنا هذا القرآن على جبل لرايته خاشعاً متصدعاً من خشية الله..** ﴾. (سورة الحشر:٢١) فكيف اذا بقلب النبي الرقيق، هل يستطيع ان يتلقى جميع القرآن دون أن يتأثر ويضطرب ويشعر بروعة القرآن وجلاله!! ولقد اوضحت السيدة عائشة حالة الرسول حين ينزل عليه القرآن، وما يلاقيه من شدة وهول من أثر التنزيل، فقالت: (كما رواه البخاري) ولقد رأيته حين ينزل عليه الوحي في اليوم الشديد البرد فيفصم عنه (اى ينفصل) وان جبينه ليتفصد عرقاً) يتفصد: أي يتصبب عرقاً وذلك من شدة الوحي ووطأته على النبيﷺ..

دوم۔ اور دوسری حکمت نزول وحی کے وقت (حضرت نبی کریم ﷺ سے تلطف کرنا) ہے اور یہ قرآن کے ڈر اور ہیبت کے سبب ہوتا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **إنا سنلقي عليك قولاً ثقيلا** (المزمل:۵) پس قرآن کریم جیسا کہ یہ قطعی بات ہے اللہ کا وہ معجز کلام ہے جسے جلال و وقار اور ڈر اور ہیبت حاصل ہے اور یہ وہ کتاب ہے کہ اگر اسے پہاڑ پر نازل کیا جاتا تو وہ اس کے جلال و ہیبت سے ریزہ ریزہ ہو جاتا جیسے کہ اللہ نے فرمایا ہے **لو أنزلنا هذا القرآن على جبل لرايته خاشعاً متصدعاً من خشية الله..** (الحشر:۲۱) پس اس وقت حضرت نبی کریم ﷺ کے قلب رقیق کی کیا حالت ہو گی کیا آپ طاقت رکھتے ہیں کہ آپ سارے قرآن کو کسی تاثر اضطراب اور قرآن کے ڈر اور جلال کے بغیر حاصل کر لیں اور سیدہ عائشہؓ نے رسول کریم ﷺ کی اس حالت کو جب آپ پر قرآن نازل ہوتا تھا۔ اور تنزیل کے اثر سے آپ جس شدت اور خوف سے دوچار ہوتے تھے۔ واضح کیا ہے آپ بیان کرتی ہیں جیسا کہ بخاری نے اسے روایت کیا ہے، میں نے آپ کو جب شدید سرد دن میں آپ پر وحی نازل ہوتی تھی، دیکھا سردی آپ سے دور ہو جاتی تھی اور آپ کی پیشانی سے پسینہ ٹپکتا تھا اور یہ شدت وحی اور حضرت نبی کریم ﷺ پر اس کے دباؤ کی وجہ سے ہوتا تھا۔

ثالثاً: وأما الحكمة الثالثة وهي: (التدرج في تشريع الاحكام) فقد كانت جلية واضحة، حيث سلك القرآن الكريم مع البشرية. وخاصة منهم العرب. طريق الحكمة ففطمهم عن

سوم: اور تیسری حکمت (احکام سماویہ کی توضیح میں دھیرے دھیرے بڑھنا) جلی اور واضح ہے اس لحاظ سے کہ قرآن کریم بشریت کے تقاضوں کی رعایت رکھتے ہوئے نازل ہوا خصوصاً ان میں سے عربوں کی رعایت کی حکمت کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الشرك، وأحيا قلوبهم بنور الايمان، وغرس في نفوسهم حب الله ورسوله، والايمان بالبعث والجزاء، ثم انتقل بهم بعد هذه المرحلة. مرحلة تثبيت دعائم الايمان الى العبادات فبدأهم بالصلاة قبل الهجرة، ثم ثنى بالصوم وبالزكاة في السنة الثانية من الهجرة، ثم ختم بالحج في السنة السادسة منها، وكذلك فعل في العادات المتوارثة. زجرهم اولا عن الكبائر، ثم نهاهم عن الصغائر في شيء من الرفق، وتدرج بهم في تحريم ما كان مستأصلاً في نفوسهم كالخمر والربا والميسر، تدرجاً حكيماً، استطاع بذلك ان يقتلع الشر والفساد من جذوره اقتلاعاً كاملاً، ولنأخذ بعض الأمثلة على ذلك التشريع الحكيم، الذى نجح فى انتهاجه القرآن، في معالجة الأمراض الاجتماعية (تحريم الخمر) الذى كان داءً مستشرياً عند العرب، كيف استطاع ان يمحوه ويقضى عليه الاسلام؟ لقد انتهج القرآن في تحريمه أربع مراحل، كما هو الشأن في تحريم الربا، فلم يحرمه دفعة واحدة لانهم كانوا يتعاطون شرب الخمر كما يشرب الواحد منا الماء الزلال، فلم يكن من الحكمة ان يحرمه عليهم دفعة واحدة، وانما حرمه بالتدريج، فبدأ اولاً بالتنفير منه بطريقه غير مباشر فنزل قوله تعالىٰ ﴿ **ومن ثمرات النخيل والاعناب تتخذون منه سكراً ورزقاً حسنا..** ﴾.(سورة النحل:٦٧) الآية فقد اخبر تعالىٰ أنه قد انعم على

طریق سے نازل ہوا اور انہیں شرک سے چھڑایا اور ان کے دلوں کو نور ایمان سے زندہ کیا اور ان کے دلوں میں اللہ اور اس کے رسول کی محبت اور بعث و جزاء پر ایمان کو راسخ کیا پھر اس مرحلہ کے بعد انہیں ایمان کے ستونوں کو مضبوط کرنے کا مرحلہ۔۔۔عبادات تک لے گیا اور ہجرت کے قبل نماز سے عبادات کا آغاز کیا پھر ہجرت کے دوسرے سال دو عبادتوں روزہ اور زکوٰۃ کا حکم دیا۔ پھر چھٹے سال میں حج پر اسے ختم کیا اور ایسے ہی آپ نے متوارث عادات میں کیا، پہلے آپ نے ان کو کبائر سے روکا پھر کچھ نرمی سے انہیں صغائر سے روکا پھر ان کے دلوں میں جو باتیں جڑ پکڑے ہوئے تھیں۔ ان کی تحریم کے بارے جیسے شراب اور سود اور جوا، ان کی تحریم کی طرف آپ انہیں حکمت کے ساتھ دھیرے دھیرے لے گئے۔ اس طرح آپ نے شر و فساد کے بیجوں کو ان کے جڑوں سے اکھیڑنے کی سکت پائی اب ہم اس حکیمانہ توضیح کی بعض مثالیں پیش کرتے ہیں۔ جس پر چلنے سے قرآن، اجتماعی امراض کے معالجہ میں کامیاب ہوا۔

تحریم خمر: یہ عربوں کے نزدیک ایک سخت بیماری تھی، اسلام نے اس کے مٹانے اور خاتمے کی کیسے سکت پائی؟ قرآن کریم اس کی تحریم میں چار مراحل پر چلا جیسا کہ تحریم سود میں اس نے کیا قرآن کریم نے شراب کو ایک ہی دفعہ حرام قرار نہیں دیا اس لیے کہ عرب یوں شراب نوشی میں مشغول تھے جیسے ہم میں سے کوئی آب شیریں پیتا ہے اور یہ حکمت کی بات نہ تھی کہ قرآن اسے ان پر فوراً حرام قرار دے دیتا بلکہ قرآن نے اسے تدریجاً حرام کیا سب سے پہلے اس نے بالواسطہ طریق سے اس سے نفرت دلائی اور یہ قول الٰہی ومن ثمرات النخيل والاعناب تتخذون منه سكرا و رزقاً حسنا (النحل

www.KitaboSunnat.com

الناس بهاتين الشجرتين (النخيل، والاعناب) يستخرجون منهما (السكر) أي الخمر الذى يسكر و (الرزق الحسن) الذى ينتفع منه الناس من مأكول ومشروب، فمدح الثاني ووصفه بأنه رزق حسن، وأخبر عن الأول بأنه (سكر) اى شيء يسكر ويذهب بعقل الانسان وبهذه المباينة فى الوصف يتضح لكل عاقل الفارق الكبير بين الأمرين المذكورين.

المرحلة الثانية: جاء التنفير المباشر عن طريق المقارنة العملية بين شيئين: شيء فيه نفع مادى ضئيل، وشيء فيه ضرر جسمي وصحي وعقلي جسيم، وفيه كذلك زيادة على الاضرار العظيمة مهلكة للانسان عن طريق وقوعه فى الاثم الكبير. استمع الى قوله تعالىٰ ﴿**يسئالونك عن الخمر والميسر، قل: فيهما اثم كبير، ومنافع للناس وإثمهما أكبر من نفعهما**﴾.(سورة البقرة:۲۱۹) الآية. والمراد بالمنافع هنا: المنافع المادية التى كانوا يستفيدونها من وراء التجارة والبيع للخمر حيث يربحون منها، كما يربحون من وراء الميسر، وقد جمع القرآن بين الخمر والميسر فى الآية الكريمة، ولا شك ان النفع فى الميسر (مادى) بحت حيث يرجع بعض المقامرين فكذلك فى الخمر.

قال العلامة القرطبي فى تفسيره عند تفسير هذه الآية: قوله تعالى ﴿**ومنافع للناس**﴾ (أما فى الخمر، فربح التجارة، فانهم كانوا يجلبونها من

٦٧) نازل ہوا۔ اللہ تعالیٰ نے بتایا کہ اس نے ان دو درختوں (انگور و کھجور) سے لوگوں کو نوازا ہے جن سے وہ نشہ آور شراب اور (رزق حسن) نکالتے ہیں جس سے لوگ ماکول و مشروب میں فائدہ اٹھاتے ہیں، پس اس نے دوسری چیز کی مدح کی ہے اور اسے رزق حسن سے تعبیر کیا اور پہلی چیز کے متعلق بتایا ہے کہ وہ نشہ آور چیز ہے اور وہ انسان کی عقل کو ختم کر دیتی ہے اور وصف کے اس فرق سے ہر عاقل پر وہ بڑا تضاد واضح ہو جاتا ہے جو دونوں مذکورہ امور کے درمیان پایا جاتا ہے۔

دوسرا مرحلہ:- دو چیزوں کے درمیان عملی موازنہ سے بلاواسطہ تنفیر آئی ایک چیز میں معمولی مادی فائدہ ہے اور دوسری چیز میں جسمانی، صحتی اور بڑا عقلی ضرر ہے اور ایسے ہی اس میں عظیم نقصانات کی زیادتی پائی جاتی ہے جو انسان کے بڑے گناہ میں پڑنے سے اسے ہلاک کر دینے والی ہے، قول الٰہی کو سنئے ﴿**يسئالونك عن الخمر والميسر، قل: فيهما اثم كبير، ومنافع للناس وإثمهما أكبر من نفعهما**﴾ (البقرہ ۲۱۹) یہاں منافع سے مراد وہ مادی منافع ہیں جن سے وہ تجارت اور شراب کی فروخت کے بعد مستفید ہوتے تھے وہ ان سے یوں نفع حاصل کرتے تھے جیسے وہ جوئے سے نفع حاصل کرتے تھے قرآن کریم نے آیت کریمہ میں شراب اور جوئے کو اکٹھا کر دیا ہے اور اس میں کوئی شک نہیں کہ جوئے میں صرف مادی نفع ہے وہ یوں کہ بعض جوئے باز نفع حاصل کرتے ہیں ایسے ہی شراب میں بھی نفع ہے۔

www.KitaboSunnat.com

علامہ قرطبی نے اپنی تفسیر میں اس آیت (ومنافع للناس) کی تفسیر کے موقع پر بیان کیا ہے کہ۔۔۔شراب میں تجارت کا نفع ہے اس سے مراد یہ ہے کہ وہ اسے ملک شام سے سستا خرید

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الشام برخص، فيبيعونها في الحجاز بربح، هذا أصح ما قيل في منتفعها). وبالمقارنة بين هذين الشيئين تبين ان الاسلام نفر من الخمر عن طريق بيان اضرارها الجسيمة ولكنه لم يحرمها. وقد روى في سبب نزول هذه الآية ان جماعة من المسلمين فيهم عمر بن الخطاب جاء وا الى الرسول الكريم فقالوا يا رسول الله: اخبرنا عن الخمر؟ فإنها مذهبة للعقل، مضيعة للمال، منهكة للجسم؟ فأنزل الله عزوجل ﴿**يسألونك عن الخمر والميسر..**﴾ الآية.

کرلاتے تھے اور حجاز میں اسے نفع کے ساتھ فروخت کرتے تھے اور اس کے انتفاع کے بارے میں جو کچھ بیان کیا گیا ہے یہ اس سب سے اصح ہے۔ اور ان دونوں چیزوں کے درمیان موازنہ سے یہ واضح ہو گیا ہے کہ اسلام نے شراب سے اس کے جسمانی اضرار کے طریقہ بیان سے نفرت دلائی ہے لیکن اس نے اسے حرام قرار نہیں دیا اور اس آیت کے نزول کے سبب میں بیان کیا گیا ہے کہ مسلمانوں کی ایک جماعت جن میں حضرت عمرؓ بن الخطاب بھی شامل تھے حضرت نبی کریم ﷺ کے پاس آئے اور کہنے لگے یا رسول اللہ ہمیں شراب کے بارے میں بتایئے؟ یہ عقل کو ختم کر دینے والی اور مال کو ضائع کر دینے والی اور جسم کو کمزور کر دینے والی ہے؟ تو اللہ تعالیٰ نے ﴿**یسألونك عن الخمر والمیسر**﴾ آیت نازل فرمائی۔

وفي المرحلة الثالثة: كان التحريم للخمر، ولكنه كان (تحريماً جزئياً) حيث نزل قوله تعالى: ﴿ **يا أيها الذين آمنوا لا تقربوا الصلاة وأنتم سكارى حتىٰ تعلموا ما تقولون..**﴾. (سورة النساء:٤٣) الآية فقد حرم الله عليهم الخمر وقت الصلاة فقط حتى يصحوا من سكرهم، فكان المسلمون يشربونها ليلاً وفي غير أوقات الصلاة، وقد روى في سبب نزول هذه الآية ان (عبدالرحمن بن عوف) صنع وليمة فدعا اليها بعض الصحابة، قال (على بن ابى طالب): فدعانا وسقانا الخمر، فأخذت الخمر منا، وحضرت الصلاة فقد مونى لأصلى بهم إماماً فقرأت (قل يا أيها الكافرون. اعبد ماتعبدون. ونحن نعبد ما عبدتم) الى آخر ذلك

اور تیسرے مرحلے میں شراب کی تحریم ہوئی لیکن وہ جزئی تحریم تھی اور وہ یوں کہ آیت ﴿ يا أيها الذين آمنوا لا تقربوا الصلاة وأنتم سكارى حتىٰ تعلموا ما تقولون..﴾(النساء ۴۳) نازل ہوئی پس اللہ تعالیٰ نے فقط نماز کے وقت ان پر شراب کو حرام کیا حتیٰ کہ وہ اپنے نشے سے ہوش میں آ جائیں اور مسلمان اسے رات کو اور اوقاتِ نماز کے علاوہ بھی پیتے تھے اور اس آیت کے سبب نزول میں بیان کیا گیا ہے کہ حضرت عبدالرحمٰن بن عوف نے دعوت کی اور بعض صحابہ کو بلایا حضرت علی بن ابی طالب بیان کرتے ہیں۔ کہ انھوں نے ہمیں بلایا اور ہمیں شراب پلائی تو شراب نے ہم پر اثر کیا اور نماز کا وقت آ گیا تو انہوں نے مجھے آگے کیا کہ انہیں امام بن کر نماز پڑھاؤں تو میں نے پڑھا (قل يا أيها الكافرون. اعبد ماتعبدون. ونحن نعبد ما عبدتم) الی آخر یعنی آپ نے نشے کی وجہ سے اس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أی أنه لسکره غیرّ فیها‘ فنزلت الآیة الکریمة.

وفی المرحلة الرابعة: وهی المرحلة الأخیرة کان التحریم الکلی‘ القاطع المانع‘ حیث نزل قوله تعالیٰ ﴿ **یا ایها الذین آمنوا انما الخمر والمیسر والأنصاب والازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوه لعلکم تفلحون انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوة والبغضاء فی الخمر والمیسر‘ ویصدکم عن ذکر الله وعن الصلاة‘ فهل انتم منتهون..** ﴾؟(سورة المائدة:۹۰-۹۱) وسبب نزول هذه الآیات الکریمة علی ما ذکره المفسرون هو: أن بعض الصحابة صلوا العشاء ثم شربوا الخمر وجلسوا یتسامرون‘ فلعبت الخمر فی رؤوسهم وکان فیهم (حمزة بن عبدالمطلب) عم النبی ﷺ وکانت جاریة صغیرة تنشدهم وتغنیهم‘ فقالت ضمن نشیدها:

ألا یاحمز للشرف النواء
وهن معقلات بالفناء

تهیج حمزة علی النوق (الابل) التی کانت بجوار الدار‘ فقام حمزة فجب اسنمة ناقی (علی) وبقر خاصرتیهما. وهو فی حالة السکر. فأخبر علی بذلك فتألم اشد الألم وذهب الی النبی ﷺ یشکو الیه ما فعل عمه (حمزة) فجاء النبی ﷺ الیه یعاتبه ویلومه علی صنیعه‘ فجعل حمزة ینظر الیه نظرة غریبة (یصوب بصره ویخفضه) ثم خاطبه النبی ﷺ ومن معه بقوله:

میں تبدیلی کردی تو آیت کریمہ نازل ہوئی۔

اور چوتھے مرحلے میں اور یہ آخری مرحلہ ہے‘ کلی تحریم ہوگئی جو قاطع اور مانع تحریم ہے اللہ کا قول ﴿ **یا ایها الذین آمنوا انما الخمر والمیسر والأنصاب والازلام رجس من عمل الشیطان فاجتنبوه لعلکم تفلحون انما یرید الشیطان ان یوقع بینکم العداوة والبغضاء فی الخمر والمیسر‘ ویصدکم عن ذکر الله وعن الصلاة‘ فهل انتم منتهون..** ﴾؟(سورۃ المائدہ ۹۰۔۹۱) اور مفسرین نے ان آیات کریمہ کا سبب نزول یوں بیان کیا ہے کہ بعض صحابہ نے عشاء کی نماز پڑھی پھر شراب پی اور داستاں سرائی کے لیے بیٹھ گئے تو شراب نے ان سب کو مدہوش کر دیا اور ان میں حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا حضرت حمزہ بن عبدالمطلب بھی شامل تھے اور ایک چھوٹی لڑکی ان کو گانا سنا رہی تھی اور اس نے اپنے گانے کے دوران کہا۔۔۔(اشعار کا ترجمہ یہ ہے)

اے حمزہ جو فربہ اور عمدہ اونٹنیوں کے لیے ہے
وہ صحن میں بندھی ہوئی ہیں۔

حمزہؓ جوش میں آ کر ان اونٹنیوں پر جو گھر کے قریب تھیں‘ برانگیختہ ہو گئے حمزہ اٹھے اور حضرت علیؓ کی دو اونٹنیوں کی کوہانیں کاٹ دیں اور دونوں کے پہلو پھاڑ دیئے (اور وہ نشہ کی حالت میں تھے) حضرت علیؓ کو اس کی خبر دی گئی تو آپ کو سخت دکھ ہوا اور وہ حضرت نبی کریم ﷺ کے پاس ان کی شکایت کرنے گئے سو حضرت نبی کریم ﷺ ان کے فعل پر انہیں ملامت کرتے ہوئے آئے اور حمزہؓ آپ کی طرف عجیب وغریب نظروں سے دیکھنے لگے (اپنی نظر کو اوپر اور نیچے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وهم انتم إلا عبيد لأبى؟ فعلم رسول الله ﷺ ان عمه ثمل (أى سكران) فلم يؤاخذه، فقال عمر عندئذ: اللهم بين لنا فى الخمر بياناً شافياً، فأنزل الله ﴿ **انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس** ﴾ الآية. وهكذا تم تحريم الخمر تحريماً (بالتدرج) فكان فى ذلك اعظم حكمة جليلة سلكها الاسلام فى معالجة الامراض الاجتماعية، وقد جاء فى كتاب (مناهل العرفان) للزرقانى ما نصّهُ: (وتدرج الاسلام بهم فى تحريم ما كان مستأصلاً فيهم كالخمر، تدرجاً حكيماً حقق الغاية، وانقذهم من كابوسها فى النهاية، وكان الاسلام فى انتهاج هذه الخطة المثلى أبعد نظراً، وأهدى سبيلاً، وأنجح تشريعاً، وأنجع سياسة، من تلكم الأمم المتمدنة المتحضرة التى افلست فى تجريم الخمر على شعوبها افظع افلاس، وفشلت امر فشل، وما عهد امريكا فى مهزلة تحريمها الخمر ببعيد! أليس ذلك إعجازاً للاسلام فى سياسة الشعوب، وتهذيب الجماعات، بلى والتاريخ من الشاهدين.

اما الحكمة الرابعة: فهى:(تسهيل حفظ القرآن) على المسلمين، وفهمهم وتدبرهم له، فمن المعلوم ان العرب كانوا أميين (أى لا يقرأون ولا يكتبون) وقد سجل القرآن الكريم عليهم ذلك فى قوله تعالىٰ ﴿ **هو الذى بعث فى الأميين رسولاً منهم يتلو عليهم**

کرتے ہوئے) پھر آپ کے چچا نے حضرت نبی کریم ﷺ اور آپ کے ساتھیوں کو مخاطب کرتے ہوئے کہا تم اور وہ میرے باپ کے غلام ہو، سو رسول کریم ﷺ کو معلوم ہو گیا کہ وہ نشے میں ہیں آپ نے ان سے مواخذہ نہ کیا اس وقت حضرت عمرؓ نے کہا اے اللہ، شراب کے بارے میں ہمارے لیے واضح بیان دے تو اللہ تعالیٰ نے ﴿ **انما الخمر والميسر والانصاب والازلام رجس** ﴾ آیت نازل فرمائی اس طرح تدریجاً خمر کی تحریم مکمل ہوئی اور اس میں بڑی جلیل القدر حکمت تھی جس کو اسلام نے اجتماعی امراض کے معالجہ کے لیے اختیار کیا اور زرقانی کی کتاب مناھل العرفان میں آیا ہے کہ ''اسلام حکیمانہ تدریج کے ساتھ دھیرے دھیرے ان کو ان باتوں کی تحریم تک لے گیا جو ان میں شراب پی کر جڑ پکڑ تھیں اس نے مقصد کو پورا کیا اور بالآخر انہیں اس کے کابوس سے بچایا اور اسلام اس افضل طرز پر چلنے میں ان متمدن اور مذہب قوموں سے زیادہ دور رس نظر والا زیادہ صحیح راستے والا زیادہ کامیاب قانون سازی کرنے والا اور زیادہ فائدہ بخش سیاست والا تھا۔ جنہوں نے تحریم خمر کے بارے میں اپنے عوام پر بدترین افلاس مسلط کر دیا ہے اور بری طرح ناکام ہوئی ہیں اور امریکہ نے شراب کی تحریم کے بارے میں جو کمزوری دیکھی ہے وہ بعید نہیں ہے کیا عوام کی سیاست اور جماعتوں کی تہذیب میں یہ اسلام کا اعجاز نہیں ہے، ہاں ہے اور تاریخ شاہدین میں سے ہے۔

چوتھی حکمت:۔ مسلمانوں پر حفظ قرآن اور اس کے فہم و تدبر کو آسان کرنا ہے یہ بات معلوم ہی ہے کہ عرب امی تھے (یعنی پڑھتے لکھتے نہ تھے) اور قرآن کریم نے اللہ تعالیٰ کے قول۔﴿ **هو الذى بعث فى الأميين رسولاً منهم يتلو**

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آياته..﴾.(سورة الجمعة:٢) الاية. كما كان صلوات الله عليه أمياً كذلك ﴿الذين يتبعون الرسول النبى الامى﴾.(سورة الأعراف:١٥٧) فاقتضت حكمة الله ان ينزل كتابه المجيد (منجماً) ليسهل حفظه على المسلمين' لأنهم كانوا يعتمدون على ذاكرتهم' فكانت صدورهم انا جيلهم' كما ورد فى وصف امة محمدﷺ' وأدوات الكتابة لم تكن ميسورة لدى الكاتبين منهم على ندرتهم' فلو نزل القرآن جملة واحدة لعجزوا عن حفظه' وعجزوا بالتالى عن تدبره وفهمه!!

اما الحكمة الخامسة: فهى: (مسايرة الحوادث والوقائع فى حينها) والتنبيه على الاخطاء فى وقتها' فان ذلك اوقع فى النفس وأدعى الى أخذ العظة والعبرة منها عن طريق (الدرس العملى) فكلما جد منهم جديد نزل من القرآن ما يناسبه' وكلما حصل منهم خطأ او انحراف نزل القرآن بتعريفهم وتنبيههم الى ما ينبغى اجتنابه ولطلب عمله ونبههم الى مواطن الخطأ فى ذلك الوقت والحين' خذ مثلاً على ذلك (غزوة حنين) فقد دخل الغرور الى نفوس المسلمين' وقالوا قولة الإعجاب والاغترار لما رأوا عددهم يزيد على عدد المشركين أضعافاً مضاعفة' حينذاك داخلهم العجب فقالوا (لن نغلب اليوم من قلة) وكانت النتيجة انكسارهم وانهزامهم وتوليتهم الأدبار'

عليهم آياته..﴾ (الجمع ٢) میں ان کے متعلق فیصلہ دیا ہے ایسے ہی حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام بھی امی تھے۔ ﴿الذين يتبعون الرسول النبى الامى﴾ (اعراف:١٥٧) پس اللہ کی حکمت نے تقاضا کیا کہ وہ اپنی کتاب مجید کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے نازل کرے تا کہ مسلمانوں پر اس کا حفظ کرنا آسان ہو اس لیے کہ وہ اپنے حافظہ پر اعتماد کرتے تھے اور ان کے سینے ان کے لیے محفوظ کرنے کی جگہ تھے جیسا کہ حضرت محمد ﷺ کی امت کے وصف میں آیا ہے اور کتابت کا سامان' کاتبوں کے ہاں ان کی نایابی کی وجہ سے آسان نہ تھا اور اگر قرآن یکبارگی نازل ہوتا تو وہ اس کے حفظ کرنے سے عاجز آ جاتے دوسرے یہ کہ وہ اس کے تدبر و فہم سے بھی عاجز آ جاتے۔

پانچویں حکمت:- حوادثات و واقعات کا اپنے وقت میں ساتھ ساتھ چلنا ہے اور غلطیوں پر بروقت تنبیہ کرنا ہے بلاشبہ یہ بات نفس میں بڑا اثر کرنے والی اور عملی درس کے طریق سے بڑھ کر عبرت و موعظت کی طرف دعوت دینے والی ہے پس جب ان میں کوئی نئی بات ہوتی اس کے مناسب حال قرآن نازل ہو جاتا اور جب ان سے کوئی غلطی یا انحراف ہوتا تو قرآن انہیں بتانے کے لیے اور جس چیز سے اجتناب کرنا چاہئے اور جو کام مطلوب ہو اس سے آگاہ کرنے کے لیے نازل ہو جاتا اور اس نے اس وقت انہیں ان کی غلطیوں کی جگہوں سے آگاہ کیا' غزوہ حنین سے اس کی مثال لیجئے' مسلمانوں کے دلوں میں غرور آ گیا تھا اور جب انہوں نے اپنی تعداد کو مشرکین کی تعداد سے بہت زیادہ دیکھا تو انہوں نے خود پسندی اور تکبر کی بات کی اور تکبر ان میں داخل ہو گیا اور انہوں نے کہا ''ہم آج قلت سے ہرگز مغلوب نہیں ہوں گے'' اور نتیجہ ان کا شکست اور پیٹھ دکھا کر بھاگنے کی صورت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفی ذلك يقول القرآن الكريم ﴿ **ويوم حنين اذا اعجبتكم كثرتكم فلم تغن عنكم شيئاً وضاقت عليكم الارض بما رحبت ثم وليتم مدبرين**﴾.(سورة التوبة:٢٥) ولو ان القرآن نزل جملة واحدة لما أمكن التنبيه على الخطأ في حينه' اذ كيف يتصور ان تنزل الآيات في شأن المومنين واغترارهم ولم تحدث بعد تلك الواقعة او الغزوة؟ وكذلك الحال في اخذ الفداء من الأسرى في (بدر) حيث نزل التوجيه السماوي الرائع ﴿ **ما كان للنبى ان يكون له اسرى حتىٰ يثخن فى الارض..**﴾ (سورة الأنفال:٦٧) الآية.

میں نکلا اس بارے میں قرآن کریم کہتا ہے۔ ﴿ ويوم حنين اذا اعجبتكم كثرتكم فلم تغن عنكم شيئاً وضاقت عليكم الارض بما رحبت ثم وليتم مدبرين﴾ (سورة التوبہ: ۲۵) اگر قرآن یکبارگی نازل ہوتا تو اپنے وقت پر تنبیہ ممکن نہ ہوتی' کیسے تصور کیا جا سکتا ہے کہ آیات مومنین کی شان اور ان کے تکبر کے بارے میں نازل ہوں اور ابھی وہ غزوہ یا واقعہ رونما ہی نہ ہوا ہو؟ ایسے ہی بدر میں قیدیوں سے فدیہ لینے کا حال ہے جب شاندار آسمانی راہنمائی ﴿ ما كان للنبى ان يكون له اسرى حتىٰ يثخن فى الارض..﴾ (سورة الانفال: ۶۷) نازل ہوئی۔

أما الحكمة السادسة: فهي: (الإرشاد الى مصدر القرآن الكريم وأنه تنزيل الحكيم الحميد) وفي هذه الحكمة الجليلة يجدر بنا أن ننقل نص ما كتبه العالم الفاضل الشيخ (محمد عبدالعظيم الزرقاني) في كتابه: مناهل العرفان حيث جاء برائع البيان فقال رحمه الله تعالىٰ: (الارشاد الى مصدر القرآن' وأنه كلام الله وحده' وأنه لا يمكن أن يكون كلام محمد ﷺ ولا كلام مخلوق سواه..) وبيان ذلك: أن القرآن الكريم نقرؤه من أوله الى آخره فاذا هو محكم السرد' دقيق السبك' متين الأسلوب' قوى الاتصال' آخذ بعضه برقاب بعض في سوره وآياته وجمله' يجرى دم الإعجاز فيه كله من ألفه الى يائه' كأنه سبيكة واحدة' ولا يكاد

چھٹی حکمت:۔ قرآن کے سرچشمہ کی طرف راہنمائی کہ وہ حکیم وحمید خدا کی تنزیل ہے اور ہمارے لیے مناسب ہے کہ اس حکمت جلیلہ کے بارے میں مشہور عالم و فاضل محمد عبدالعظیم زرقانی کی کتاب مناھل العرفان سے وہ عبارت نقل کریں جو شاندار بیان کے ساتھ آئی ہے وہ فرماتے ہیں۔ قرآن کے سرچشمہ کی طرف راہنمائی کرنا کہ وہ خدائے واحد کا کلام ہے اس کا کلام محمد ﷺ ہونا ممکن ہی نہیں ہے اور نہ ہی آپ کے سوا مخلوق کا کلام ہے...... اور اس کی تفصیل یہ ہے کہ ہم قرآن کریم کو اس کے اول و آخر سے پڑھتے ہیں کیا دیکھتے ہیں کہ اس کا انداز محکم دقیق اسلوب متین اور اتصال قوی ہے۔ وہ اپنی سورتوں' آیات اور جملوں میں ایک دوسرے کے ساتھ ملا ہوا ہے اس بارے میں اس کے الف سے لے کر اس کی یاء تک اعجاز کا خون رواں ہے گویا وہ ایک ڈلا ہے اور اس کے اجزاء میں تفکک (الگ الگ ہونا) اور تخاذل

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

یوجد بین أجزائه تفکك ولا تخاذل، کأنه سمط وحید، وعقد فرید، یأخذ بالأبصار، نظمت حروفه وکلماته، ونسقت جمله وآیاته.. وهنا نتساءل: کیف اتسق للقرآن هذا التألیف المعجز؟ وکیف استقام له هذا التناسق المدهش؟ علی حین أنه لم یتنزل جملة واحدة، بل تنزل آحاداً مفرقة تفرق الوقائع والحوادث فی أکثر من عشرین عاماً!!

الجواب: أننا نلمح هنا سراً جدیداً من أسرار الاعجاز، ونشهد سمة فذة من سمات الربوبیة ونقرأ دلیلاً ساطعاً علی مصدر القرآن وأنه کلام الواحد الدیان ﴿ **ولو کان من عند غیر الله لوجدوا فیه اختلافاً کثیراً** ﴾.(سورة النساء:۸۲) وإلا فحدثنی بربك کیف تستطیع أنت؟ ام کیف یستطیع الخلق جمیعاً أن یأتوا بکتاب محکم الاتصال والترابط، متین النسج والسرد، متآلف البدایات والنهایات، مع خضوعه فی التألیف لعوامل خارجة عن مقدور البشر، وهی (وقائع الزمن وأحداثه) التی یجیء کل جزء من أجزاء هذا الکتاب تبعاً لها، ومتحدثاً عنها، سبباً بعد سبب، وداعیة إثر داعیة، مع اختلاف ما بین هذه الدواعی، وتغایر ما بین تلك الاسباب، ومع تراخی زمان هذا التألیف، وتطاول آماد هذه النجوم الی اکثر من عشرین عاماً لا ریب ان هذا الانفصال الزمانی، وذاك الاختلاف اللمحوظ بین هاتیك الدواعی،

(کمزوری) نہیں پایا جاتا گویا وہ ایک سمط (لڑی) وحید اور عقد فرید ہے جو آنکھوں کو چندھیا دیتا ہے اور اس کے حروف و کلمات پروئے ہوئے ہیں اور اس کی آیات و جمل مرتب ہیں، یہاں ہم سوال کرتے ہیں کہ یہ معجز تالیف کیسے قرآن کے لیے مرتب ہوئی ہے اور کس طرح یہ حیران کن ترتیب اس کے لیے قائم ہوئی ہے؟ حالانکہ وہ یکبارگی نازل نہیں ہوا بلکہ وہ مفرق احاد (الگ الگ ٹکڑوں) میں الگ الگ واقعات و حوادث کے متعلق بیس سے زیادہ سالوں میں نازل ہوا ہے۔

جواب:- ہم یہاں اسرار اعجاز میں سے ایک نیا ستر (راز) دیکھتے ہیں اور ربوبیت کی علامات میں سے ایک یکتا علامت دیکھتے ہیں اور قرآن کے سرچشمہ پر ایک ساطع دلیل پڑھتے ہیں کہ وہ واحد حاکم کا کلام ہے۔ ﴿ **ولو کان من عند غیر الله لوجدوا فیه اختلافاً کثیراً** ﴾ (النساء۸۲) بصورت دیگر مجھے اپنے رب سے خبر دیجئے کہ تو کیسے طاقت رکھتا ہے؟ یا ساری مخلوق کیسے طاقت رکھتی ہے کہ وہ محکم اتصال و ترابط اور متین بیان اور ہدایات و نہایات کی جامع کتاب لائے اور اس کے ساتھ وہ تالیف میں ان عوامل کی تابع ہو جو بشر کی طاقت سے باہر ہیں اور وہ (زمانے کے واقعات و حادثات) ہیں کہ اس کتاب کا ہر جز ان کے تابع ہے اور ان کے متعلق بیان کرنے والا ہے اور سبب کے بعد سبب ہے۔ حالانکہ ان اسباب و دواعی کے درمیان اختلاف و تغایر پایا جاتا ہے اور باوجود یکہ اس تالیف میں زمانے کی درازی اور ان ٹکڑوں میں بیس سے زیادہ سالوں کی طویل مدت پائی جاتی ہے، اس میں کوئی شبہ نہیں کہ یہ زمانی انفعال اور ان اسباب کے درمیان وہ ملحوظ اختلاف، عادۃً (یعنی دستور کے مطابق) تفکک و انحلال کو مستلزم ہیں اور وہ کلام کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يستلزمان في مجرى العادة (التفكك والانحلال) ولا يدعان مجالاً للارتباط والاتصال، بين نجوم هذا الكلام. اما القرآن الكريم فقد خرق العادة في هذا الناحية أيضاً.. نزل مفرقاً منجماً، ولكنه تم مترابطاً محكماً، أليس ذلك برهاناً ساطعاً على أنه كلام خالق القوى والقدر، ومالك الأسباب والمسببات، ومدبر الخلق والكائنات، وقيوم الأرض والسموات، العلم بما كان وما سيكون، الخبير بالزمان وما يحدث فيه من شؤون؟؟

ان ٹکڑوں کے درمیان ارتباط واتصال کے لیے کوئی جگہ نہیں چھوڑتے قرآن کریم اس جہت سے بھی خرق عادت ہے...... وہ مفرق ہو کر اترا ہے لیکن وہ مکمل مترابط ومحکم ہے کیا یہ اس بات پر برہان ساطع نہیں کہ وہ قوی وقدر کے خالق، اسباب و مسببات کے مالک، خلق وکائنات کے مدبر، ارض وسموات کے قیوم، گذشتہ اور آئندہ ہونے والے واقعات کے علیم اور زمانے اور اس میں جو واقعات ہونے والے ہیں ان کے خبیر کا کلام ہے۔

لاحظ فوق ما أسفلنا أن رسول الله صلى الله عليه وسلم كان اذا انزلت عليه آية أو آيات قال: ((ضعوها في مكان كذا، من سورة كذا)) وهو بشر لا يدرى طلعاً ما ستجئ به الأيام، ولا يعلم ما سيكون في مستقبل الزمان، ولا يدرك ما سيحدث من الدواعي والأحداث، فضلاً عما سينزل من الله فيها.. وهكذا يمضى العمر الطويل والرسول على هذا العهد، يأتيه الوحي بالقرآن نجماً بعد نجم، واذا القرآن كله بعد هذا العمر الطويل يكمل ويتم، وينتظم ويتآخى، ويأتلف ويلتئم، ولا يؤخذ عليه أدنى تخاذل ولا تفاوت، بل يعجز الخلق طراً، بما فيه من انسجام ووحدة وترابط ﴿ **كتاب أحكمت آياته ثم فصلت من لدن حكيم خبير**﴾(سورة هود: ١)!!

ہم نے اوپر بیان کیا ہے اسے دیکھیے کہ رسول اللہ ﷺ پر جب کوئی آیت یا آیات نازل ہوتی تھیں تو آپ فرماتے اسے فلاں سورت میں فلاں جگہ رکھو اور آپ بشر تھے اور اس مقدار کو نہ جانتے تھے جسے زمانہ عنقریب لانے والا ہے اور کچھ بھی نہ جانتے تھے جو مستقبل میں ہونے والا ہے اور ان اسباب وحوادث کو بھی نہ جانتے تھے جو عنقریب رونما ہونے والے تھے کجا یہ کہ وہ جانتے ان کے بارے میں اللہ کی طرف سے کیا نازل ہوا، اسی طرح طویل عمر گذرتی گئی اور رسول کریم ﷺ اسی طریقہ پر تھے آپ کے پاس قرآنی وحی ٹکڑے کے بعد ٹکڑے کی صورت میں آتی رہی اور اس طویل عمر کے بعد پورا قرآن مکمل ومرتب اور اکٹھا ہوتا گیا اس ادنیٰ کمزوری اور تفاوت کی گرفت نہیں کی جا سکتی بلکہ اس میں جو ترتیب اور وحدت وترابط پایا جاتا ہے اس نے ساری مخلوق کو عاجز کر دیا ہے ﴿ **كتاب أحكمت آياته ثم فصلت من لدن حكيم خبير**﴾ (سورۂ ھود:۱)

وإنه ليستبين لك سر هذا الإعجاز اذا ما

اور اس اعجاز کا راز تجھ پر اس وقت واضح ہوگا جب تجھے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علمت ان محاولة مثل هذا الاتساق والانسجام، لن يمكن أن يأتي على هذا النمط الذی نزل به القرآن، ولا على قريب من هذا النمط، لا فی كلام الرسول ﷺ ولا كلام غيره من البلغاء وغير البلغاء.. خذ مثلاً (حديث النبیﷺ) وهو ما هو فی روعته وبلاغته وطهره وسموه، لقد قاله الرسولﷺ فی مناسبات مختلفة، لدواع متباينة، فی أزمات متطاولة، فهل فی مكنتك ومكنة البشر معك أن ينظموا من هذا السرد الشتيت وحده، كتاباً واحداً يصقله الاسترسال والوحدة، من غير أن ينقصوا منه، أو يتزيدوا عليه، أو يتصرفوا فيه؟؟ ذلك ما لن يكون، ولا يمكن أن يكون، ومن حاول ذلك فإنما يحاول العبث، ويخرج للناس بثوب مرقع، وكلام ملفق، ينقصه الترابط والانسجام، ويعوزه الوحدة والاسترسال، وتمجه الأسماع والأفهام. إذن: فالقرآن الكريم ينطق نزوله منجماً بأنه كلام الله وحده، وتلك حكمة جليلة الشأن، تدل الخلق على الحق فی مصدر القرآن!! ﴿ **قل أنزله الذی يعلم السر فی السموات والأرض انه كان غفوراً رحيماً** ﴾(سورة التكوير:١٩ – ٢٠)!!

كيف تلقى النبیﷺ القرآن؟

تلقى النبیﷺ القرآن بواسطة أمين الوحی (جبريل) عليه السلام، و(جبريل) تلقاه عن رب العزة جل جلاله، وليس لجبريل الأمين سوى تبليغ كلام الله وإيحائه للرسولﷺ.. فالله

معلوم ہوگا کہ اس ترتیب کی مثل بنانے کی کوشش ہرگز ممکن ہی نہیں کہ وہ اس طریق پر آئے جس پر قرآن نازل ہوا ہے اور نہ ہی اس طریق کے قریب آ سکتی ہے نہ یہ مثل' رسول اللہ ﷺ کے کلام میں آ سکتی ہے اور نہ دوسرے بلغاء اور غیر بلغاء کے کلام میں' حضرت نبی ﷺ کی حدیث سے مثال لیجئے وہ اپنی عمدگی' بلاغت' پاکیزگی اور بلندی میں جو ہے سو ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے اسے مختلف مناسبات' متباین اسباب' میں بیان کیا ہے کیا تیری طاقت اور تیرے ساتھ ساری انسانیت کی طاقت میں ہے کہ وہ اس اکیلے پراگندہ بیان کو واحد کتاب کی صورت میں منظم کر دیں جسے سلاست اور وحدت بغیر اس کے کہ وہ اس میں کمی بیشی کریں یا اس میں تصرف کریں' صیقل کرتے ہیں؟ یہ کبھی نہ ہوگا اور نہ اس کا ہونا ممکن ہوگا اور جو اس کی کوشش کرے گا وہ عبث کوشش کرے گا اور وہ لوگوں کو پیوند لگا کپڑا اور جھوٹا کلام دے گا جسے ترابط وانسجام (ترتیب) ملامت کر رہے ہوں گے اور وحدت وسلاست عاجز کر رہے ہوں گے اور کان اور فہم اس کو سننا نہیں چاہیں گے تب قرآن کہتا ہے کہ اس کا نزول' ٹکڑوں کی صورت میں ہوا ہے اور وہ واحد خدا کا کلام ہے اور یہ جلیل الشان حکمت ہے جو مخلوق کو بتاتی ہے کہ وہ قرآن کے سرچشمے کے بارے میں حق پر ہے ﴿قل أنزله الذی يعلم السر فی السموات والأرض انه كان غفوراً رحيماً﴾ (التکویر۱۹۔۲۱)

حضرت نبی کریم ﷺ نے قرآن کیسے حاصل کیا؟

حضرت نبی کریم ﷺ نے امین الوحی جبریل علیہ السلام کے واسطہ سے قرآن حاصل کیا اور جبریلؑ نے اسے رب العزت جل جلالہ سے حاصل کیا اور جبریل کا' کلام اللہ کے پہنچانے اور رسول اللہ ﷺ کی طرف وحی کرنے کے سوا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جلت حكمته قد أنزل كتابه المقدس على خاتم أنبيائه بواسطة (أمين الوحي) جبريل، وعلمه جبريل للرسول، وبلغه الرسول لأمته، وقد وصف الله (جبريل) عليه السلام بأنه أمين على الوحي، يبلغه كما سمعه عن الله تعالىٰ ﴿**انه لقول رسول كريم ذى قوة عند ذى العرش مكين مطاع ثم امين**﴾[1] (سورة الفرقان:٦) وقال تعالىٰ في وصفه أيضاً: ﴿**نزل به الروح الامين على قلبك لتكون من المنذرين**﴾.(سورة التكوير:١٩-٢٠) أما حقيقة الكلام، وحقيقة المنزل فإنما هو كلام الله، وتنزيل رب العالمين، كما قال تعالى ﴿**وانك لتلقى القرآن من لدن حكيم عليم**﴾.(سورة الشعراء:١٩٣-١٩٤) وقد كان صلوات الله عليه يعاني عند نزول القرآن شدة، وكان يحاول أن يجهد نفسه من أجل حفظ القرآن، فيكرر القراء ة مع جبريل حين يتلوعليه القرآن، خشية أن ينساه أو يضيع عليه شيء منه، فأمره الله تعالىٰ بالانصات والسكوت عند قراء ة جبريل عليه، وطمأنه بأنه تعالىٰ سيجعل هذا القرآن محفوظاً في صدره، فلا يتعجل في أمره، ولا يجهد نفسه في تلقيه ﴿ **ولا تعجل بالقرآن من قبل ان يقضى اليك وحيه وقل رب زدنى علما**﴾(سورة طه:١١٤) وأما تكفل الله تعالىٰ له بالحفظ فقد جاء في قوله سبحانه ﴿ **لا تحرك به لسانك لتعجل به ان**

اور کوئی کام نہیں' اللہ تعالیٰ جلت حکمتہ نے اپنی کتاب مقدس کو بواسطہ جبریل خاتم الانبیاء پر نازل کیا اور جبریل نے اسے رسول اللہ ﷺ کو لکھایا اور رسول اللہ ﷺ نے اسے اپنی امت تک پہنچایا اور اللہ تعالیٰ نے جبریل علیہ السلام کے متعلق بتایا ہے کہ وہ وحی پر امین ہے وہ اسے اسی طرح پہنچا دیتا ہے جیسے اس نے اسے اللہ تعالیٰ سے سنا ہوتا ہے **انه لقول رسول كريم ذى قوة عند ذى العرش مكين مطاع ثم امين** (التکویر:۱۹-۲۱) اب رہی کلام کی حیثیت اور تنزیل کی حیثیت تو وہ صرف کلام اللہ اور رب العالمین کی تنزیل ہے جیسے کہ اللہ نے فرمایا ہے **وانك لتلقى القرآن من لدن حكيم عليم** (سورۃ الشعراء:۱۹۳-۱۹۴) اور رسول کریم ﷺ نزول قرآن کے وقت بڑی شدت برداشت کرتے تھے اور حفظ قرآن کی وجہ سے اپنے آپ کو مشقت میں ڈالنے کی کوشش کرتے تھے اور جب جبریل آپ کو قرآن سناتے تھے تو اس خوف سے کہ اسے بھول نہ جائیں یا اس کا کچھ حصہ آپ سے ضائع نہ ہو جائے جبریل کی قرأت کو دوہراتے تھے پس اللہ تعالیٰ نے آپ کو حکم دیا کہ جبریل کی قرأت کے وقت آپ خاموش رہیں اور اس نے آپ کو اطمینان دے دیا کہ وہ قرآن کو آپ کے سینے میں محفوظ کر دے گا پس وہ اس کے معاملے میں جلدی نہ کریں اور اسے حاصل کرتے رہیں اپنے آپ کو مشقت میں نہ ڈالیں۔ **ولا تعجل بالقرآن من قبل ان يقضى اليك وحيه وقل رب زدنى علما** (سورۃ طہٰ:۱۱۴) اللہ تعالیٰ اس کے حفظ کے لیے آپ کو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **لا تحرك به لسانك لتعجل به ان علينا**

(١) أنظر مناهل العرفان:٥٤/١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علينا جمعه وقرآنه فاذا قرأناه فاتبع قرآنه ثم ان علينا بيانه﴾(سورة القيامه:١٦-١٩) وقد كان جبريل يدارس النبیﷺ القرآن فی رمضان، فينزل جبريل علی رسول الله ويستمع له القرآن، فيقرأ الرسول بين يديه، وجبريل يستمع، ويقرأ جبريل والنبی يستمع، وهكذا يدارسه فی كل رمضان ما نزل من القرآن مرة واحدة، وقبل وفاتهﷺ نزل عليه جبريل مرتين فی رمضان فدارسه القرآن حتی لقد شعر عليه الصلاة والسلام. من نزول جبريل مرتين عليه. بدنو أجله، وقال لعائشة رضی الله عنهما: ان جبريل كان ينزل علی فيدارسنی القرآن مرة واحدة فی رمضان، وقد نزل علی هذا العام مرتين، وما أرانی إلا قد اقترب أجلی)). وقد كان الأمر كذلك فقد انتقل فی ذلك العام إلی جوار ربه صلوات الله وسلامه عليه وانقطع بوفاته نزول الوحی.

أما كيف تلقی جبريل القرآن عن الله عزوجل، فقد تقدم معنا أنه كان سماعاً حيث سمع من الله عزوجل هذه الآيات فنزل بها علی رسول الله.. قال البيهقی فی معنی قوله: ﴿انا انزلناه فی ليلة القدر﴾(سورة القدر:١) يريد. والله اعلم. (انا أسمعنا الملك وأفهمناه اياه وأنزلناه بما سمع..) انتهی.. ومعنی هذا أن جبريل أخذ القرآن من الله تعالیٰ. سماعاً ويؤيده ما روی فی الحديث الشريف: ((اذا تكلم الله بالوحی أخذت السماء رجفة شديدة من خوف

جمعه وقرآنه فاذا قرأناه فاتبع قرآنه ثم ان علينا بيانهٗ (سورۃ القیامۃ:١٦-١٩) اور جبریلؑ رمضان شریف میں حضرت نبی کریم ﷺ کو قرآن پڑھ کر سناتے تھے۔ جبریلؑ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوتے اور آپ کا قرآن سنتے۔ رسول اللہ ﷺ ان کے سامنے پڑھتے اور جبریل سنتے اور جبریل پڑھتے اور تو حضرت نبی کریم ﷺ سنتے اس طرح وہ ہر رمضان میں جو قرآن نازل کردہ ہوتا ایک دفعہ آپ کو سناتے اور آپؐ کی وفات سے قبل جبریلؑ آپ کی وفات کے قریب آ جانے کی وجہ سے جبریل آپ پر دو دفعہ اترے اور آپ کو قرآن سنایا اور آپؐ نے حضرت عائشہؓ سے فرمایا جبریلؑ میرے پاس آیا کرتا تھا اور رمضان میں ایک دفعہ مجھے قرآن سناتا تھا اور اس سال وہ دو مرتبہ آیا ہے اور میں کہتا ہوں کہ میری موت قریب آ گئی ہے اور بات ایسی ہی تھی آپ اسی سال اللہ تعالیٰ کے جوار میں منتقل ہو گئے اور آپ کی وفات سے نزول وحی منقطع ہو گیا۔

اب رہی یہ بات کہ جبریلؑ نے اللہ تعالیٰ سے قرآن کو کیسے حاصل کیا۔ پہلے معناً بیان ہو چکا ہے کہ وہ سماعؔ سے ہوا جب انھوں نے آیات قرآنیہ اللہ تعالیٰ سے سنیں تو انھوں نے ان کو حضرت نبی کریم ﷺ پر اتارا اور بیہقی نے انا انزلنا فی لیلۃ القدر کے معنی بیان کرتے ہوئے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ ہم نے فرشتے کو سنایا اور انھیں اس کو سمجھایا اور اس نے جو سنا ہم نے اسے نازل کر دیا واللہ اعلم۔ اس کا مفہوم یہ ہے کہ جبریلؑ نے قرآن کو اللہ تعالیٰ سے سماعاً لیا اور اس کی تائید اس سے ہوتی ہے جو حدیث میں بیان کیا گیا ہے کہ جب اللہ تعالیٰ وحی سے کلام کرتا ہے تو خوف الٰہی سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الله، فاذا سمع أهل السماء صعقوا، وخروا سجداً، فيكون أولهم يرفع رأسه (جبريل) فيكلمه الله بوحيه بما أراد، فينتهي به الى الملائكة، فكلما مر بسماء سأله أهلها ماذا قال ربنا؟ قال: الحق، فينتهي به حيث امر)) رواه الطبراني.

آسمان کو شدید لرزہ آ جاتا ہے اور جب اہل آسمان سنتے ہیں تو بے ہوش ہو جاتے ہیں اور سجدہ کرتے ہوئے گر جاتے ہیں اور ان میں سے سب سے پہلے جبریل اپنا سر اٹھاتا ہے اور اللہ تعالیٰ اپنی وحی سے جو وہ چاہتا ہے اس سے کلام کرتا ہے اور وہ اسے فرشتوں تک پہنچاتا ہے اور جب بھی وہ کسی آسمان سے گزرتا ہے تو اس کے باشندے اس سے پوچھتے ہیں ہمارے رب نے کیا کہا ہے؟ وہ کہتا ہے حق کہا ہے تو وہ اسے وہاں پہنچا دیتا ہے جہاں کا اسے حکم دیا جاتا ہے۔

قال (الزرقاني) في كتابه مناهل العرفان: (وقد أسف بعض الناس فزعم أن جبريل كان ينزل على النبي صلى الله عليه وسلم بمعاني القرآن، والرسول يعتبر عنها بلغة العرب.. وزعم آخرون أن اللفظ لجبريل وأن الله كان يوحي إليه المعنى فقط.. وكلاهما قول باطل اثم، مصادم لصريح الكتاب والسنة والاجماع، ولا يساوي قيمة المداد الذي يكتب به، وعقيدتي أنه مدسوس على المسلمين في كتبهم، والا فكيف يكون القرآن حينئذ معجزاً واللفظ لمحمد أو لجبريل؟ ثم كيف تصح نسبته الى الله واللفظ ليس لله؟ مع أن الله يقول ﴿ **حتى يسمع كلام الله** ﴾(سورة التوبة:٦) الى غير ذلك مما يطول بنا تفصيله.[١]

زرقانی نے اپنی کتاب مناہل العرفان میں بیان کیا ہے کہ بعض لوگوں کا خیال ہے کہ جبریل، حضرت نبی کریم ﷺ پر قرآن کے معانی کے ساتھ نازل ہوئے تھے اور رسول اللہ ﷺ انہیں عربوں کی زبان میں بیان کرتے تھے اور کچھ دوسرے لوگوں کا خیال ہے کہ لفظ، جبریل علیہ السلام کے ہیں اور اللہ تعالیٰ ان کی طرف صرف معانی کو وحی کرتا تھا اور یہ دونوں قول باطل ہیں اور کتاب وسنت اور اجماع کی صراحت سے متصادم ہیں اور ان کی حیثیت اس روشنائی کی قیمت کے برابر بھی نہیں جس سے اس کو لکھا جاتا ہے اور میرا عقیدہ ہے کہ یہ بات مسلمانوں کی کتاب میں سازش سے داخل کی گئی ہے ورنہ کیسے ہو سکتا ہے کہ قرآن معجز ہو اور لفظ محمد ﷺ کے یا جبریلؑ کے ہوں؟ پھر اس کی نسبت اللہ تعالیٰ کی طرف کیسے درست ہو سکتی ہے جبکہ لفظ اللہ کے نہ ہوں؟ حالانکہ وہ فرماتا ہے **حتى يسمع كلام الله** (سورۃ توبہ:٦) اس کے علاوہ بھی باتیں ہیں جن کی تفصیل ہمیں طوالت میں ڈال دے گی۔

---

(١) أنظر مناهل العرفان:ص٤٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

هل السنة النبوية بوحي من الله؟

تقدم معنا أن القرآن الكريم (كلام الله) ومعنى ذلك أن (اللفظ والمعنى) هو من عند الله، ولا دخل لجبريل أو لمحمد فيه سوى التبليغ عن الله عزوجل، أما السنة النبوية فإنها يوحى كذلك من الله ولكن اللفظ للرسول والمعنى من عند الله، لأن الله تعالىٰ يقول ﴿ **وما ينطق عن الهوى ان هو الا وحي يوحى** ﴾.(سورة النجم:٣-٤) وقد نقل السيوطى عن (الجوينى) أنه قال: (كلام الله المنزل قسمان: قسم قال الله لجبريل: قل للنبى الذى انت مرسل اليه ان الله يقول: افعل كذا وكذا، وأمر بكذا وكذا، ففهم جبريل ما قاله ربه ثم نزل على ذلك النبى وقال له ما قاله ربه، ولم تكن العبارة تلك العبارة، كما يقول الملك لمن يثق به: قل لفلان يقول لك الملك: اجتهد فى الخدمة واجمع جندك للقتال.. فان قال الرسول: يقول لك الملك: لا تتهاون فى خدمتى، ولا تترك الجند يتفرق، وحثهم على القتال.. الخ لا ينسب إلى كذب ولا تقصير.. وقسم آخر قال الله لجبريل: اقرأ على النبى هذا الكتاب، فنزل به جبريل من الله من غير تغيير، كما يكتب الملك كتاباً ويسلمه الى أمين ويقول اقرأ على فلان.. قال السيوطى: القرآن هو القسم الثانى والقسم الأول هو السنة، ومن هنا جاز رواية السنة بالمعنى بخلاف القرآن).

کیا سنت نبویہ بھی اللہ کی وحی ہیں؟

پہلے معنا بیان ہو چکا ہے کہ قرآن کریم کلام اللہ ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ الفاظ اور معانی دونوں اللہ کی طرف سے ہیں اور محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور جبریل کا سوائے اللہ کی طرف سے پہنچانے کے اس میں کوئی دخل نہیں ہے اس لئے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے **وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی** (سورۂ النجم:۳-۴) اور سیوطی نے الجوینی سے روایت کی ہے کہ انھوں نے بیان کیا ہے کہ منزل کلام اللہ کی دو قسمیں ہیں اللہ تعالیٰ نے جبریل سے فرمایا اس نبی سے کہہ جس کی طرف تجھے بھیجا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے تو ایسے ایسے کام کر اور ایسے ایسے حکم دے جبریل کو اس کے رب نے جو کہا وہ اسے سمجھ گیا پھر اس نے اسے نبی پر اتارا اور اسے وہ بات کہی جو اس کے رب نے اسے کہی، اور وہ عبارت یہ عبارت نہ تھی جیسے بادشاہ جس پر اعتماد کرتا ہے اسے کہتا ہے فلاں سے کہہ دے کہ تجھے بادشاہ کہتا ہے کہ خدمت میں پوری طاقت خرچ کر اور اپنی فوج کو جنگ کے لیے اکٹھا کر اگر ایلچی کہے کہ بادشاہ تجھے کہتا ہے کہ میری خدمت میں سستی نہ کر اور نہ فوج کو چھوڑ کہ وہ بکھر جائے اور انہیں جنگ کی ترغیب دے۔ اسے کذب و تقصیر کی طرف منسوب نہیں کیا جائے گا اور دوسری قسم یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جبریل سے کہا کہ یہ کتاب نبی کو سناؤ اور جبریل نے اسے کسی تغیر و تبدل کے بغیر اسے اتارا جیسے کہ بادشاہ ایک خط لکھتا ہے اور اسے امین کے سپرد کرتا ہے اور کہتا ہے اسے فلاں کو سنا دو سیوطی نے بیان کیا ہے کہ قرآن دوسری قسم سے ہے اور پہلی قسم سنت ہے یہاں سے قرآن کے خلاف سنت کی روایت بالمعنی جائز ہونا معلوم ہوتا ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الرابع

جمع القرآن

جمع القرآن فی عهد النبوة:

جمع القرآن الكريم فی عهدين: عهد النبوة، وعهد الخلفاء الراشدين، وقد كان لكل جمع خصائصه ومزاياه، وكلمة (جمع) تطلق أحياناً ويراد منها الحفظ والاستظهار فی صدور الرجال، وتطلق تارة ويراد منها الكتابة والتسجيل فی الصحائف والأوراق.. وقد كان لجمع القرآن فی عصر النبوة الأمران معاً:

أولاً: الجمع فی الصدور، عن طريق الحفظ والاستظهار.

ثانياً: الجمع فی السطور، عن طريق الكتابة والنقش.

وسنتحدث عن كلا الجمعين بشیء من التفصيل، ليتبين لنا العناية الفائقة بالقرآن العظيم وكتابته وتدوينه، مما لم يسبق لكتاب سماوی أن نال من الرعاية والعناية والاهتمام كما ناله القرآن الكريم، كتاب الله المجيد، ومعجزة محمد الخالدة.

جمع القرآن فی الصدور:

نزل القرآن الكريم على النبی الأمی، فكانت همته منصرفة الى حفظه واستظهاره ليحفظه كما نزل عليه، ثم يقرأه على الناس على

چوتھی فصل

جمع القرآن

عہد نبوت میں قرآن مجید کا جمع کرنا:

قرآن کریم دو زمانوں میں جمع ہوا ہے نبوت کے عہد میں اور خلفائے راشدین کے عہد میں اور ہر جمع کے اپنے خصائص اور اپنی خوبیاں ہیں اور ''جمع'' کا لفظ کبھی مطلق بولا جاتا ہے اور اس سے مراد آدمیوں کے سینوں میں حفظ و استظہار (از بر پڑھنا) ہوتا ہے اور کبھی اس کا اطلاق ان مصاحف واوراق میں محفوظ کرنے اور لکھنے پر ہوتا ہے اور عصر نبوت میں جمع قرآن کے لیے یہ دونوں باتیں اکٹھی ہیں۔

اول:- حفظ و استظہار کے طریق سے سینوں میں جمع کرنا۔

دوم:- کتابت کے طریق سے سطور میں جمع کرنا۔

ہم بھی جمع کے دونوں طریقوں پر گفتگو تفصیل سے بیان کریں گے تا کہ قرآن کریم کی حفاظت اور تدوین و کتابت کے لیے کی جانے والی مشقت ہم پر واضح ہو جائے جو کسی پہلی آسمانی کتاب کے لیے نہیں ہوئی کہ وہ اس رعایت وعنایت اور اہتمام کا وہ درجہ حاصل کرے جو قرآن کریم اللہ کی کتاب مجید اور محمد ﷺ کے دائمی معجزہ نے حاصل کیا ہے۔

سینوں میں قرآن کا جمع کرنا:

قرآن کریم امی نبی پر نازل ہوا اور آپ کی ہمت اس کے حفظ و استظہار میں لگی ہوئی تھی تا کہ آپ اسے اس طرح حفظ کریں جیسے وہ آپ پر نازل ہوا ہے پھر آپ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مكث ليحفظوه ويستظهروه، ضرورة أمة نبي أمي بعثه الله الى العرب الأمين.(١) ﴿**هو الذي بعث في الأميين رسولاً منهم، يتلو عليهم آياته، ويزكيهم ويعلمهم الكتاب والحكمة..**﴾ (سورة الجمعة:٢) الآية. ومن شأن الأمي. في العادة. أن يعتمد على حافظته وذاكرته، لأنه لا يقرأ ولا يكتب، ولقد كانت الأمة العربية على عهد نزول القرآن، تتمتع بخصائص العروبة الكاملة، التي فيها قوة الذاكرة، وسرعة الحفظ، وسيلان الأذهان، وكان العربي يحفظ مئات الآلاف من الأشعار ويعرف الأحساب والأنساب، فيستظهرها عن ظهر قلب، ويعرف التواريخ وقلّ أن تجد منهم من لا يعد لك الحسب والنسب، أو من لا يحفظ (المعلقات العشر) على كثرة أشعارها، وصعوبة حفظها!!

اسے لوگوں کو ٹھہر ٹھہر کر سنائیں تاکہ وہ اس کا حفظ و استظہار کریں یہ اس امی نبی کی جماعت کی ضرورت تھی جسے اللہ تعالیٰ نے عرب امیوں کی طرف معبوث کیا تھا۔ **هو الذی بعث فی الامیین رسولاً منهم یتلو علیهم آیاته ویزکیهم ویعلمهم الکتاب والحکمة۔** (سورۃ الجمعہ:۲) اور امی کا معمول یہ ہے کہ وہ اپنے حافظے پر اعتماد کرتا ہے اس لئے کہ وہ لکھ پڑھ نہیں سکتا اور نزول قرآن کے زمانے میں عرب قوم عروبہ کاملہ کے خصائص سے شاد کام تھی جس میں قوت حافظہ، سرعت حفظ اور سیلان اذہان بھی شامل تھا اور ایک عرب کو لاکھوں اشعار حفظ ہوتے تھے اور وہ احساب و انساب کو بھی جانتا تھا اور زبانی ان کا استظہار کرتا تھا اور تواریخ کو بھی جانتا تھا اور تو ان میں سے کم ہی کوئی ایسا شخص پائے گا جو آپ کے لئے حسب ونسب کو شمار نہ کرتا ہو یا دس معلقات کو ان کے اشعار کی کثرت اور ان کی صعوبت حفظ کے باوجود حفظ نہ رکھتا ہو۔

ثم جاء هم القرآن الكريم فبهرهم بقوة بيانه، وروعة أحكامه، وجلال سلطانه فأخذ عليهم مشاعرهم، واستحوذ على عقولهم وأفكارهم، حتى صرف هممهم الى الكتاب المجيد فيمموا وجوهم نحوه، يحفظونه ويستظهرون آياته وسوره، وتركوا الشعر لأنهم وجدوا في القرآن روح الحياة!!

پھر قرآن کریم ان کے پاس آیا تو اس نے اپنی قوت بیان اور اپنے احکام کے حسن و جمال اور جلال سلطان سے ان کو حیران کر دیا اس نے ان کے احساسات کو قابو کر لیا اور ان کی عقول و افکار پر غالب آ گیا حتی کہ اس نے ان کی ہمتوں کو کتاب مجید کی طرف پھیر دیا تو ان کے چہروں نے اس کا قصد کیا وہ اس کی آیات وسور کا حفظ و استظہار کرنے لگے اور انہوں نے اشعار کو ترک کر دیا اس لئے کہ انہوں نے قرآن میں روح حیات کو لیا تھا۔

أما النبي ﷺ فقد بلغ من حرصه الشديد

اور حضرت نبی کریم ﷺ حفظ قرآن کی شدید خواہش

(١) انظر مناهل العرفان للزرقاني۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

على حفظ القرآن أن يحيى الليل بتلاوة آيات القرآن في الصلاة، عبادة وتلاوة وتدبراً لمعانيه، حتىٰ تفطرت قد ماه الشريفتان من كثرة القيام امتثالاً لأمر الله العلى الكبير ﴿**يا أيها المزمل. قم الليل الا قليلا. نصفه اوانقص منه قليلا. او زد عليه ورتل القرآن ترتيلا**﴾.(سورة المزمل:١-٤) لذلك فلا عجب ان يكون ﷺ سيد الحفاظ، وأن يجمع القرآن في قلبه الشريف، ويكون مرجع المسلمين في كل ما يعنيهم من أمر القرآن العظيم.(١)

میں یہاں تک پہنچ چکے تھے کہ آپ نماز میں آیات قرآن کی تلاوت سے عبادت وتلاوت اور اس کے معانی پر تدبر میں شب زندہ داری کرتے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ کے حکم کے بجالانے میں کثرت قیام سے آپ کے پاؤں پھٹ جاتے۔ یا أیها المزمل. قم اللیل الا قلیلا. نصفه او انقص منه قلیلا. او زد علیه ورتل القرآن ترتیلا. (المزمل:۱-۴) اسی لحاظ سے آپ کے سید الحفاظ ہونے میں کوئی تعجب کی بات نہیں اور آپ نے قرآن کو اپنے قلب شریف میں جمع کیا اور آپ ہر اس کام میں مسلمانوں کے مرجع تھے جو قرآن کریم کے بارے میں ان کا مددگار تھا۔

وأما الصحابة رضوان الله عليهم فقد كانوا يتسابقون الى تلاوة القرآن ومدارسته، ويبذلون قصارى جهدهم لا ستظهاره وحفظه، ويعلمونه أزواجهم وأولادهم في البيوت، حتى لقد كان الذى يمر ببيوت الصحابة في غسق الدجى، يسمع فيها دوياً كدوى النحل بالقرآن، حتى كان صلوات الله عليه يمر على بعض دور الأنصار، فيقف على بعضهم يستمع القرآن في ظلام الليل..

اور صحابہ کرام قرآن کریم کی تلاوت اور اس کی مشق میں سبقت کرتے تھے اور اس کے حفظ واستظہار کے لیے اپنی انتہائی کوشش کرتے تھے اور گھروں میں اسے اپنی بیویوں اور اپنی اولاد کو سکھاتے تھے حتیٰ کہ جو شخص رات کے اندھیرے میں صحابہ کے گھروں کے پاس سے گذرتا وہ ان میں شہد کی مکھیوں کی گونج کی طرح قرآن کی گونج سنتا حتیٰ کہ خود رسول کریم ﷺ انصار کے بعض گھروں کے پاس سے گذرتے اور بعض کے پاس کھڑے ہو کر رات کی تاریکی میں قرآن کو سنتے۔

أخرج البخاري عن (ابى موسى الأشعرى) أن رسول الله ﷺ قال له: لو رأيتنى البارحة وأنا أستمع لقراء تك؟ لقد أعطيت مزماراً من مزامير آل داود))..

بخاری نے حضرت ابوموسیٰ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں فرمایا ”کاش کل شام آپ مجھے دیکھتے میں آپ کی قرأت سن رہا تھا آپ کو داؤد کی بانسریوں میں سے ایک بانسری عطا کی گئی ہے۔

وزاد في رواية لمسلم: فقلت: لو علمت والله يا رسول الله انك تستمع لقراء تي

اور مسلم کی روایت میں یہ اضافہ ہے کہ میں نے عرض کیا قسم بخدا یا رسول اللہ اگر مجھے معلوم ہوتا کہ آپ میری قرأت

(١) من مناهل العرفان للزرقاني بتصرف.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لحبرته لك تحبيراً. وروى عن رسول الله صلى الله عليه وسلم انه قال: ((انى لاعرف أصوات رفقة الأشعريين بالقرآن حين يدخلون بالليل، وأعرف منازلهم من أصواتهم بالليل بالقرآن، وان كنت لم أر منازلهم بالنهار)). رواه الشيخان.

کوسن رہے ہیں تو میں آپ کے لیے اسے عمدہ بناتا' اور رسول اللہ ﷺ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں اشعریوں کی جماعت کی (جب وہ رات میں داخل ہوتے ہیں) قرآن پڑھنے کی آوازوں کو پہنچاتا ہوں اور میں رات کو ان کے قرآن پڑھنے کی آوازوں سے ان کے گھروں کو پہنچاتا ہوں اگرچہ میں نے دن کے وقت ان کے گھروں کو نہیں دیکھا اسے شیخین نے روایت کیا ہے۔

وقد اشتهر كثير من الصحابة بحفظ القرآن الكريم، وكان الرسول ﷺ يذكى فيهم روح العناية بحفظ القرآن، ويبعث الى المدن والقرى من يعلمهم ويقرئهم، كما بعث. قبل الهجرة. (مصعب بن عمير) و(ابن أم مكتوم) الى أهل المدينة، يعلمانهم الاسلام، ويقرئانهم القرآن، وكما بعث (معاذ بن جبل) الى مكة للتحفيظ والتعليم بعد هجرته ﷺ.

اور بہت سے صحابہ' حفظ قرآن میں مشہور ہیں اور رسول کریم ﷺ ان میں حفظ قرآن میں شمولیت کی روح کو بڑھاتے تھے اور شہروں اور بستیوں کی طرف انہیں سکھانے اور پڑھانے کے لیے بھیجتے تھے جیسا کہ آپ نے ہجرت سے قبل حضرت مصعب بن عمیرؓ اور حضرت ابن ام مکتومؓ کو مدینہ کی طرف انہیں اسلام سکھانے اور قرآن پڑھانے کے لیے بھیجا اسی طرح آپ نے حضرت معاذ بن جبل کو ہجرت کے بعد تحفیظ و تعلیم کے لیے مکہ بھیجا۔

قال (عبادة بن الصامت) : (كان الرجل اذا هاجر دفعه النبى ﷺ الى رجل منا يعلمه القرآن، وكان يسمع لمسجد رسول الله ﷺ ضجة بتلاوة القرآن، حتى أمرهم رسول الله ان يخفضوا أصواتهم لئلا يتغالطوا).

حضرت عبادۃ بن الصامت کہتے ہیں کہ جب کوئی شخص ہجرت کرتا تو رسول اللہ ﷺ اسے ہمارے کسی آدمی کی طرف بھیجتے کہ وہ اسے قرآن سکھائے اور رسول اللہ ﷺ کی مسجد سے قرآن کریم کی تلاوت کا شور سنائی دیتا تھا حتیٰ کہ رسول اللہ ﷺ نے انہیں حکم دیا کہ وہ اپنی آوازوں کو نیچا کریں۔ تا کہ وہ ایک دوسرے کو غلطی میں نہ ڈال دے۔

ومن هنا كان حفاظ القرآن فى حياة الرسول ﷺ لا يحصون، ويكفى أن نعلم أن عدد الذين استشهدوا فى (معركة اليمامة) يزيد عدوهم على سبعين من كبار الحفاظ، كما قتل مثل هذا العدد فى عهد الرسول ببئر معونة.. قال

یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں بے شمار حفاظ تھے اور ہمارے لئے یہ جاننا ہی کافی ہے کہ جن کبار حفاظ نے یمامہ کے معرکہ میں شہادت پائی ان کی تعداد ستر سے زیادہ ہے اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے زمانے میں اتنی ہی تعداد بئر معونہ میں ماری

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القرطبي:(قتل يوم اليمامة سبعون من القراء وقتل فى عهد رسول الله ببئر معونة مثل هذا العدد). أي: أن عدد الذين استشهدوا من الحفظة ١٤٠. ولقد كانت أشرف خصوصية لهذه الأمة المحمدية أن يكون هذا الكتب المقدس محفوظاً فى صدورها' وأن تعتمد فى نقله على حفظ القلوب والصدور' لا على كتابته فى المصاحف والسطور فحسب.. بخلاف أهل الكتاب الذين لا نجد منهم من يحفظ التوراة أو الانجيل' وانما يعتمدون فى حفظهما على الكتب المسطرة' ولا يقرأونه الا نظراً لا عن ظهر قلب' ولهذا دخل اليهما التحريف والتبديل' أما القرآن الكريم فقد حفظه الله بعنايته الالهية' فيسره للحفظ ﴿ ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر﴾.(سورة القمر:١٧) وصانه من التحريف والتبديل بطريق حفظه فى السطور' وحفظه فى الصدور و مصداقاً لقوله تعالىٰ ﴿ انا نحن نزلنا الذكر' وانا له لحافظون﴾.(سورة الحجر:٩) وهذا. بلا شك عناية من الله خاصة بهذا القرآن المجيد' وشرف عظيم اختص الله به هذه الأمة المحمدية حيث جعل أنا جيلها فى صدورها' وأنزل عليها كتاباً لا يغسله الماء ولله در القائل:

الله	أكبر	ان	دين محمد
وكتاب	اقوى	وأقوم	قيلا
لاتذكر	الكتب	السوالف	عنده
طلع	الصباح	فأطفى'	القنديلا

گئی یعنی حفاظ میں سے شہید ہونے والوں کی تعداد ۱۴۰ تھی اور اس امت محمدیہ کے لیے اشرف خصوصیت یہ ہے کہ یہ کتاب مقدس ان کے سینوں میں محفوظ ہے اور ہم اس کی نقل میں قلوب وصدور کے حفظ پر اعتماد کرتے ہیں نہ کہ مصاحف و سطور میں اس کے لکھے جانے پر بخلاف اہل کتاب کے کہ ہم ان میں کسی کو تورات یا انجیل کا حافظ نہیں پاتے اور وہ ان دونوں کتابوں کے حفظ میں محض لکھی ہوئی کتابوں پر اعتماد کرتے ہیں اور وہ اسے صرف دیکھ کر پڑھتے ہیں نہ کہ زبانی اسی لئے ان دونوں کتابوں میں تبدیلی ہوگئی ہے اور قرآن کریم کو اللہ تعالیٰ نے اپنی عنایت سے محفوظ رکھا ہے اور اسے حفظ کے لیے آسان بنا دیا ہے ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر۔(سورۃ القمر:۱۷) اور اسے سطور وصدور میں محفوظ کرنے کے بعد قول الٰہی انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون۔(سورۃ الحجر:۹) کے مطابق تحریف وتبدیلی سے بچایا ہے اور بلاشبہ اس قرآن مجید کے ساتھ یہ اللہ کی خاص عنایت ہے اور عظیم شرف ہے جسے اللہ نے اس امت محمدیہ کے ساتھ خاص کیا ہے وہ یوں کہ اس نے اس کی اناجیل کو اس کے سینوں میں دیا ہے اور اس پر وہ کتاب نازل کی ہے جسے پانی بھی نہیں دھوسکتا اور کسی نے کیا خوب کہا ہے۔

(ترجمہ) اللہ اکبر بلاشبہ محمد ﷺ کا دین اور ان کی کتاب' بڑی قوت والی اور بڑے معتدل کلام والی ہے گزشتہ کتابوں کا اس کے پاس ذکر نہیں کیا جاتا۔ صبح نمودار ہوگئی ہے قندیل کو بجھا دیجئے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جمع القرآن في السطور:

وأما المزية الثانية لهذا القرآن العظيم فهو جمعه وكتابته في المصحف، فقد كان لرسول الله ﷺ كتّاب للوحي، كلما نزل شيء من القرآن أمرهم بكتابته، مبالغة في تسجيله وتقييده، وزيادة في التوثق والضبط، والاحتياط الشديد في كتاب الله عزوجل، حتى تظاهر الكتابه الحفظ، ويعاضد التسجيل المسطور، ما أودعه الله في الصدور.. وكان هؤلاء الكتّاب من خيرة الصحابة اختارهم رسول الله ﷺ من المجيدين المتقنين، ليتولوا هذه المهمة العظيمة... وقد اشتهر منهم (زيد بن ثابت، وأبي بن كعب، ومعاذ بن جبل، ومعاوية بن ابى سفيان، والخلفاء الراشدون) وغيرهم من الصحابة الأجلاء رضوان الله عليهم أجمعين.

روى الشيخان عن أنس رضى الله عنه أنه قال: (جمع القرآن على عهد رسول الله ﷺ أربعة كلهم من الأنصار: أبي بن كعب، ومعاذ بن جبل، و زيد بن ثابت، وأبو زيد، قيل لأنس: من أبو زيد؟ قال: أحد عمومتي) وهؤلاء هم مشاهير كتاب الوحي وإلا فهناك من الصحابة الجمع الكبير الذين كانوا يكتبون القرآن، وكثير منهم كان له مصحف خاص كتب فيه ما سمعه أو حفظه من رسول الله ﷺ لمصحف ابن مسعود، ومصحف علي، ومصحف عائشة وغيرهم.

سطور میں قرآن مجید کا جمع کرنا:

اس قرآن کریم کی دوسری خوبی مصحف میں اس کی کتابت اور اس کا جمع کرنا ہے رسول کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کاتبین وحی تھے جب بھی قرآن کریم میں سے کوئی چیز نازل ہوتی آپ اس کی تسجیل وتقیید اور توثق وضبط میں مبالغہ کرتے ہوئے انہیں اس کی کتابت کا حکم دیتے حتیٰ کہ کتابت نے حفظ کی مدد کی اور اللہ نے جو کچھ سینوں میں رکھا تھا۔ مسطور حفظ اس کی مدد کرتا... اور یہ کاتبین افضل صحابہ میں سے تھے جنہیں رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پختہ اور عمدہ لکھنے والوں میں سے منتخب کیا تھا تا کہ وہ اس عظیم مہم کو سنبھالیں اور ان میں سے حضرت زید بن ثابت، حضرت ابی بن کعب، حضرت معاذ بن جبل، حضرت معاویہ بن ابی سفیان اور خلفائے راشدین اور دیگر جلیل القدر صحابہ رضوان اللہ علیہم اجمعین نے شہرت پائی۔

شیخین نے حضرت انسؓ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ کے زمانے میں چار آدمیوں نے قرآن کو جمع کیا اور وہ سب انصار میں سے تھے حضرت ابی بن کعب، حضرت معاذ بن جبل، حضرت زید بن ثابت اور حضرت ابوزید رضی اللہ عنہم...... اجمعین حضرت انسؓ سے دریافت کیا گیا ابوزید کون ہے؟ آپ نے کہا میرا ایک چچا، یہ مشاہیر کاتبان وحی ہیں، مگر وہاں تو قرآن لکھنے والے صحابہ کی ایک بڑی جماعت تھی اور ان میں بہت سے ایسے تھے جن کے خاص مصحف تھے ان میں انہوں نے جو کچھ رسول اللہ ﷺ سے سنا یا حفظ کیا اس کو لکھ لیا۔ حضرت ابن مسعودؓ کا مصحف، حضرت علیؓ کا مصحف اور حضرت عائشہؓ کے پرزوں کا مصحف اور دیگر لوگوں کے مصحف۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طريقة الكتابة:

وأما طريقة الكتابة فقد كانوا يكتبون القرآن على العسب[1] واللخاف[2] والرقاع[3] وعظام الأكتاف وغيرها، ذلك لأنه صنع الورق لم يكن مشتهراً عند العرب، وقد كان عند بعض الأمم الآخرين كالفرس والروم، ولكنه كذلك كان نادراً فلم يكن منتشراً، فكان العرب يكتبون على ما يقع تحت أيديهم مما يصلح للكتابة، روى عن زيد بن ثابت رضى الله عنه أنه قال: (كنا عند رسول الله ﷺ نؤلف القرآن من الرقاع) أى نجمعه وكان هذا التأليف عبارة عن (ترتيب الآيات) حسب ارشاد النبى ﷺ وبأمر من الله تبارك و تعالىٰ ولهذا اتفق العلماء على أن جمع القرآن (توقيفى) يعنى أن ترتيبه بهذه الطريقة التى نراه عليها اليوم فى المصحف انما هو بأمر ووحى من الله، فقد ورد أن جبريل عليه السلام كان ينزل بالآية أو الآيات على النبى فيقول له: يا محمد ان الله يأمرك أن تضعها على رأس كذا من سورة كذا، وكذلك كان الرسول يقول للصحابة: ضعوها فى موضع كذا.

کتابت کا طریقہ:

کتابت کا طریقہ یہ تھا کہ وہ قرآن کو کھجور کی شاخوں، نرم پتھروں یا چمڑوں یا پتوں اور کندھوں کی ہڈیوں وغیرہ پر لکھتے تھے اس لئے کہ اس وقت عربوں کے ہاں کاغذ کا دستور نہ تھا اور بعض دوسری قوموں جیسے ایرانیوں اور رومیوں میں مشہور تھا لیکن وہ بھی نادر تھا، منتشر نہ تھا اور عرب ان چیزوں پر جو ان کے ہاتھ لگ جائیں اور کتابت کے مناسب حال ہوتیں لکھنا شروع کر دیتے حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے آپ نے بیان کیا کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس پرزوں سے قرآن کو جمع کرتے تھے اور یہ تالیف حضرت نبی کریم ﷺ کے ارشاد اور امر الٰہی کے مطابق آیات کی ترتیب سے عبارت تھی اور علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ جمع القرآن توقیفی ہے یعنی اس طریقہ پر اس کی ترتیب جسے آج ہم مصحف میں دیکھتے ہیں وہ اللہ کے حکم اور اس کی وحی کے مطابق ہے اور حدیث میں ہے کہ جبریل علیہ السلام ایک آیت یا آیات کے ساتھ حضرت نبی کریم ﷺ پر نازل ہوتے تھے اور آپ سے کہتے تھے اے محمد ﷺ اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اسے فلاں سورت کے فلاں مقام پر رکھیں اور رسول کریم ﷺ بھی اسی طرح صحابہ سے فرماتے تھے کہ اسے فلاں جگہ پر رکھو۔

جمع القرآن فى عهد أبى بكر:

انتقل رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الى جوار الله، بعد أن أدى الرسالة، وبلغ الأمانة،

حضرت ابوبکرؓ کے عہد خلافت میں جمع قرآن:

رسول اللہ ﷺ رسالت کی ادائیگی امانت کے پہنچانے اور امت کی خیر خواہی کے بعد اللہ کے جوار میں منتقل ہو گئے

(١) العسب: جمع عسيب وهو جريد النخل، كانوا يكشفون الخوص، ويكتبون فى الطرف العريض.

(٢) اللخاف: جمع لخفة بفتح اللام وسكون الخاء وهى الحجارة الرقيقة.

(٣) الرقاع: جمع رقعة. وهى قد تكون من جلد أو ورق أو غيرها من أدوات الكتابة۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ونصح الأمة، وهدى الناس إلى دين الله القويم، وتولى الخلافة بعده (أبو الصديق) رضى الله عنه وأرضاه، وقد واجهته. في خلافته. خطوب جسيمة، وشدائد عظيمة، ومشاكل صعاب، منها حروب الردة التي وقعت بين المسلمين، وبين أتباع (مسيلمة الكذاب) وكانت معركة (اليمامة) معركة حامية الوطيس، وقد استشهد فيها كثير من قراء الصحابة، ومن حفظه القرآن يزيد عددهم على (٧٠) سبعين من كبار الحفاظ، وقد هال ذلك المسلمين، وعز الأمر على (عمر) فدخل على (أبي بكر) فوجده في حزن وألم، فأشار عليه أن يجمع القرآن خشية الضياع بموت الحفاظ، فتردد (أبو بكر) أول الأمر، ثم رأى أن يأخذ باشارة (عمر) بعد أن تبين له وجه المصلحة، وشرح الله صدره لذلك العمل الجليل، فأرسل الى (زيد بن ثابت) وعرض عليه الأمر، وطلب منه أن يقوم بجمع القرآن في مصحف واحد، ولكن (زيداً) تردد في بادىء الأمر، ثم شرح الله صدره للذى شرح له صدر أبي بكر وعمر.. وقد روى البخاري في صحيحه قصة هذا الجمع ننقلها بنصها لأهميتها.

آپ نے اللہ کے دین قویم کی طرف لوگوں کی راہنمائی کی اور آپ کے بعد حضرت ابوبکرؓ نے خلافت سنبھالی اور آپ کو خلافت میں جو عظیم شدائد و مصائب اور سخت مشکلات پیش آئیں ان میں مرتدین سے جنگیں بھی ہیں اور مسلمانوں اور مسیلمہ کذاب کے پیروکاروں کے درمیان ہونے والی جنگیں بھی ہیں اور یمامہ کا معرکہ جو تنور گرم کرنے والا معرکہ تھا اس میں بہت سے کبار قراء اور حفاظ صحابہ نے جام شہادت نوش کیا جن کی تعداد ۷۰ سے زیادہ ہے اور اس بات نے مسلمانوں کو خوفزدہ کر دیا اور حضرت عمرؓ کو یہ بات گراں گذری اور آپ حضرت ابوبکرؓ کے پاس آئے آپ نے انہیں غم والم کی حالت میں پایا آپ نے انہیں حفاظ کی موت سے ضیاع کے خوف سے قرآن کے جمع کرنے کا مشورہ دیا شروع میں تو حضرت ابوبکرؓ متردد ہوئے پھر وجہ مصلحت واضح ہو جانے کے بعد آپ نے حضرت عمرؓ کے مشورہ کو اختیار کرنا مناسب خیال کیا اور اس عظیم کام کے لیے اللہ نے آپ کا شرح صدر کر دیا سو آپ نے حضرت زید بن ثابتؓ کو پیغام بھیجا اور بات کو ان کے سامنے پیش کیا اور ان سے خواہش کی کہ اس کام کو وہ سرانجام دیں اور ایک مصحف میں قرآن جمع کرنے کے لیے ذمہ داری قبول کریں لیکن حضرت زید بھی شروع میں متردد ہوئے پھر اللہ تعالیٰ نے اس بات کے لیے جس طرح حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا شرح صدر کیا تھا آپ کا بھی شرح صدر کر دیا اور بخاری نے اپنی صحیح میں اس جمع کا واقعہ بیان کیا ہے جسے اس کی اہمیت کی وجہ سے ہم اس کی عبارت سمیت نقل کرتے ہیں۔

رواية البخاري:

عن (زيد بن ثابت) رضى الله عنه أنه قال: (أرسل الىّ أبوبكر رضى الله عنه مقتل أهل

بخاری کی روایت:

حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہ سے روایت ہے حضرت ابوبکرؓ نے اہل یمامہ کی جنگ (معرکہ یمامہ) میں ستر حفاظ کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اليمامة (أى عقب استشهاد الحفاظ السبعين في معركة اليمامه) فاذا عمر جالس عنده، فقال أبو بكر: ان عمر جاء نی فقال: (ان القتل قد استحر (أى كثر واشتد) يوم اليمامة بقراء القرآن، وانی أخشى أن يستمر القتل بالقرآء فى كل المواطن فيذهب من القرآن كثير، وانى أرى أن تأمر بجمع القرآن، فقلت: وكيف أفعل ما لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم؟ فقال: عمر رضى الله عنه: هو والله خير، فلم يزل يراجعنى فى ذلك حتى شرح الله تعالىٰ صدرى للذى شرح الله له صدر عمر، ورأيت فى ذلك الذى رأى.. قال زيد: فقال أبو بكر انك رجل شاب عاقل، لا نتهمك، كنت تكتب الوحى لرسول الله صلى الله عليه وسلم فتتبع القرآن وأجمعه.. قال زيد: فوالله لو كلفنى نقل جبل من الجبال ما كان أثقل على مما أمرنى به.. فقلت: كيف تفعلان شيئاً لم يفعله رسول الله صلى الله عليه وسلم؟ فقال أبو بكر: هو والله خير، فلم يزل يراجعنى حتى شرح الله صدرى للذى شرح له صدر أبی بكر و عمر.. فتتبعت القرآن أجمعه من اللخاف، والعسب، وصدور الرجال، حتىٰ وجدت آخر سورة التوبة مع (أبی خزيمة الأنصارى) لم أجدها عند أحد غيره ﴿ **لقد جاء كم رسول من انفسكم..** ﴾ الى ﴿ **وهو رب العرش العظيم** ﴾(سورة التوبة:۱۲۸-۱۲۹) أى: الى آخر السورة..

شہادت کے بعد مجھے بلایا، جب میں پہنچا تو ان کے پاس حضرت عمرؓ بھی تشریف فرما تھے۔ حضرت ابوبکرؓ نے اہل یمامہ کے قتل (یعنی معرکہ یمامہ میں قرآن کے حفاظ کا بڑی تعداد میں قتل ہوا تھا) کا ذکر کیا اور فرمایا مجھے خدشہ ہے کہ اگر تمام موقعوں میں قرآن کے حفاظ مسلسل قتل ہوتے رہے تو قرآن کا بہت سا حصہ ضائع ہو جائے گا میرا خیال ہے کہ آپ جمع قرآن کا حکم دیں، میں نے کہا میں وہ کام کیسے کروں جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت عمرؓ نے کہا خدا کی قسم یہ بہتر کام ہے اور وہ اس بارے میں مسلسل مجھ سے گفتگو کرتے رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کے لیے میرا شرح صدر کر دیا جس کیلئے اللہ نے حضرت عمرؓ کا شرح صدر کیا تھا اور میں بھی ان کا ہم خیال ہو گیا۔ حضرت زیدؓ کہتے ہیں۔ حضرت ابوبکرؓ نے کہا آپ نوجوان دانشمند آدمی ہیں ہم آپ پر تہمت نہیں لگاتے آپ رسول اللہ ﷺ کے لیے وحی لکھتے رہے ہیں پس آپ قرآن کی جستجو کیجیے اور اسے جمع کر دیجئے حضرت زیدؓ کہتے ہیں۔ خدا کی قسم اگر حضرت ابوبکرؓ مجھے کسی پہاڑ کے اٹھانے کا حکم دیتے تو وہ مجھے اس بات سے بوجھل معلوم نہ ہوتا جس کا آپ نے مجھے حکم دیا میں نے کہا آپ دونوں وہ کام کیسے کریں گے جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا؟ حضرت ابوبکرؓ نے فرمایا خدا کی قسم یہ بہتر کام ہے اور آپ مسلسل مجھ سے گفتگو کرتے رہے حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے اس بات کے لئے میرا شرح صدر کر دیا جس کیلئے اللہ تعالیٰ نے حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عمرؓ کا شرح صدر کیا تھا سو میں نے قرآن کی جستجو کی پھر میں اسے نرم پتھروں، شاخوں اور مردوں کے سینوں سے جمع کرنے لگا حتیٰ کہ میں نے سورۂ توبہ کے آخر کو ابوخزیمہ انصاری کے پاس پایا۔ ان کے سوا میں نے کسی کے پاس اسے نہ پایا تھا **لقد جاء کم رسول من انفسکم** سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فكانت الصحف عند (أبي بكر) حتى توفاه الله تعالىٰ' ثم عند (عمر) حتى توفاه الله تعالىٰ' ثم عند (حفصه بنت عمر) رضى الله عنهم أجمعين. فهذه الرواية دلت على (سبب جمع القرآن) . رواه البخارى.

لیکر وھورب العرش العظیمتک (التوبۃ: ۱۲۸- ۱۲۹) یعنی سورت کے آخر تک اور مصحف حضرت ابوبکرؓ کے پاس تھا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دے دی پھر وہ حضرت عمرؓ کے پاس آ گیا حتیٰ کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو وفات دیدی پھر وہ حضرت حفصہؓ بنت عمر کے پاس آ گیا رضی اللہ عنہم یہ روایت جمع قرآن کے سبب پر دلالت کرتی ہے اسے بخاری نے روایت کی ہے۔

تساؤلات حول جمع القرآن:

وهنا أسئلة ينبغي الإجابة عليها بشيء من التفصيل ونحن نوجزها فيما يلي:

أولاً: لماذا تردد (أبو بكر) عن جمع القرآن مع أنه شيء حسن وأمر يوجبه الاسلام؟

والجواب عن ذلك: أن (أبا بكر) رضى الله عنه خشى أن يتساهل الناس فى استظهار القرآن و حفظه غيباً ويعتمدوا على وجوده فى المصاحف فتضعف نفوسهم عن الحفظ' وتصبح رغبتهم ضعيفة فى حفظه واستظهاره اعتماداً على أنه مسطر و موجود فى مصاحف مطبوعة يمكنهم قراء ة القرآن بها' أما قبل أن توجد المصاحف فقد كان الجميع يسعون جهدهم لحفظ القرآن هذا من ناحية' ومن أخرىٰ: فان أبا بكر الصديق كان رجلاً وقافاً عند حدود الشرع ' مقتضياً لآثار الرسول ﷺ فقد خشى أن يكون بعمله هذا مبتدعاً شيئاً لا يحبه رسول الله' ولهذا قال لعمر: (كيف أفعل شيئاً لم يفعله رسول الله)؟ ولعله كان يخاف أن يسوقه

جمع القران کے بارے میں کچھ سوالات:

یہاں کچھ سوالات ہیں جن کا جواب تفصیلا ہونا چاہئے ہم ذیل میں انہیں اختصار سے بیان کرینگے۔

اول: حضرت ابوبکرؓ قران کے جمع کرنے کے بارے میں کیوں متردد ہوئے جب کہ وہ ایک اچھی بات ہے اور اسلام اسے واجب کرتا ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت ابوبکرؓ کو خدشہ ہوا کہ عدم تحریر ہونے کی صورت میں لوگوں کو حفظ و استظہارِ قرآن میں آسانی ہوگی اور مصاحف میں اس کی موجودگی پر اعتماد کرنے میں ان کے نفوس حفظ میں کمزور ہو جائیں گے اور اس کے حفظ و استظہار میں اس اعتماد کی وجہ سے کہ وہ مطبوعہ مصاحف میں لکھا ہوا موجود ہے ان کی رغبت کم ہو جائے گی اور ان سے وہ قرأت کرلیں گے اور مصاحف کی موجودگی سے قبل ایک جانب تو سب لوگ حفظ قرآن کیلئے سعی و کوشش کرتے تھے اور دوسری جانب حضرت ابوبکر صدیقؓ حدود شریعت کا بہت پاس کرنے والے اور رسول اللہ ﷺ کے آثار کی پیروی کرنے والے تھے اس لیئے آپ ڈرے کہ آپ اپنے اس عمل سے ایسی چیز کے مبتدع نہ بن جائیں جسے رسول اللہ ﷺ پسند نہ کرتے ہوں اسی لئے آپ نے حضرت عمرؓ سے کہا میں وہ کام کیسے کروں؟ جسے رسول اللہ ﷺ نے نہیں کیا اور شاید

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الإنشاء والاختراع إلى الوقوع في المخالفة والابتداع. ولكنه لما رأى الأمر خطيراً والفكرة. في حد ذاتها. وسيلة من أعظم الوسائل لحفظ الكتاب الشريف والمحافظة عليه من الضياع والتحريف، وأيقن أنها ليست من الأمور الخارجة ولا من البدع المستحدثة عزم على جمع القرآن، وظل يقنع زيداً بذلك حتى شرح الله صدره فقام بتنفيذ ذلك الأمر الخطير والله اعلم.

آپ ڈرتے تھے کہ انشاء واختراع آپ کو مخالفت وابتداع تک لے جائے گی لیکن جب آپ نے دیکھا کہ یہ بات بڑی قدروالی اور یہ خیال فی حد ذاتہ کتاب شریعت کے حفظ کیلئے اور تحریف وضیاع سے اسے بچانے کیلئے عظیم وسیلہ ہے اور آپ کو یقین ہوگیا کہ یہ بات امورِ خارجہ میں سے نہیں ہے اور نہ مستحدث بدعتوں میں سے ہے تو آپ نے قرآن کے جمع کرنے کا عزم کرلیا اور آپ حضرت زیدؓ کو اس سے راضی کرنے لگے حتی کہ اللہ تعالیٰ نے ان کا شرح صدر کردیا اور انھوں نے اس عظیم کام کی تنفیذ کی ذمہ داری لے لی۔

ثانيا: لماذا اختار أبو بكر (زيد بن ثابت) من بين الصحابة الكرام لهذا العمل الجليل؟

دوم: حضرت ابوبکرؓ نے اس جلیل القدر کام کیلئے صحابہ کرام میں سے حضرت زید بن ثابتؓ کو کیوں منتخب کیا؟

والجواب عن ذلك: أن زيداً رضي الله عنه قد اجتمع فيه من المواهب العظيمة التي تؤهله لجمع القرآن مالم يجتمع في غيره من الرجال، اذن كان من حفاظ القرآن، ومن كتاب الوحي لرسول الله، وشهد (العرضة الأخيرة) للقرآن في ختام حياته صلى الله عليه وسلم.. وكان فوق ذلك معروفاً بشدة ورعه، وعظم أمانته، وكمال خلقه، واستقامة دينه، وكان معروفاً بالنبوغ والذكاء، وهذا ما أشار اليه كلام أبي بكر في رواية البخاري حين استدعاه وقال له: (إنك رجل شاب عاقل لا نتهمك، كنت تكتب الوحي لرسول الله)..

اس کا جواب یہ ہے کہ حضرت زید رضی اللہ عنہ میں وہ عظیم خوبیاں جمع تھیں جو آپ کو قرآن کے جمع کرنے کا اہل قرار دیتی تھیں اور وہ کسی دوسرے آدمی میں موجود نہ تھیں۔ آپ حفاظ قرآن میں سے تھے آپ رسول اللہ ﷺ کے کاتب وحی تھے اور آپ رسول اللہ ﷺ کی زندگی کے آخر میں قرآن کے عرضہ اخیرہ (آخری پیشکش) میں موجود تھے اور اس سے بڑھ کر آپ اپنے شدید تقویٰ، عظیم امانت، کمالِ خلق اور دینی استقامت میں مشہور تھے نیز آپ خوش بیانی اور تیزفہمی میں بھی مشہور تھے اور اس کی طرف بخاری کی روایت میں حضرت ابوبکرؓ کے کلام میں جب آپ نے انہیں بلایا اشارہ پایا جاتا ہے آپ نے انہیں کہا آپ نوجوان دانشمند ہیں ہم آپ پر تہمت نہیں لگاتے آپ رسول اللہ ﷺ کی وحی لکھتے رہے ہیں۔

فلهذه الخصال والمزايا الحميدة اختاره أبو بكر الصديق لجمع القرآن.. ومما يدل على

ان خصائل حمیدہ کی وجہ سے حضرت ابوبکر صدیقؓ نے آپ کو جمع قرآن کیلئے منتخب کیا اور حضرت زید بن ثابتؓ کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شدة ورع زيد بن ثابت أنه قال: (فوالله لو كلفنى نقل جبل من الجبال ما كان أثقل على مما أمرنى به) الحديث.

ثالثاً: ما هو المقصود من قول زيد فى رواية البخارى (حتى وجدت آخر سورة التوبة مع أبى خزيمة لم أجدها عند غيره)؟.

والجواب عن ذلك: أن زيداً رضى الله عنه لم يجد هذه الآيات مكتوبة عند أحد من الصحابة إلا عند أبى خزيمة الأنصارى، وليس المراد أنها لم تكن محفوظة، إذ أن زيداً نفسه كان يحفظها، وكان كثير من الصحابة يحفظونها، ولكنه أراد أن يجمع بين (الحفظ والكتابة) كما سنبينه إن شاء الله زيادة فى التوثق ومبالغة فى الاحتياط، وعلى ذلك النهج الرشيد تم جمع القرآن.

الخطة الرشيدة في جمع القرآن:

وقد انتهج (زيد بن ثابت) فى جمع القرآن خطة رشيدة فى غاية الدقة والإحكام، فيها ضمان لحياطة هذه الكتاب المجيد، بما يليق به من تثبت بالغ، وحذر دقيق، فلم يكتف بما حفظ فى قلبه ولا بما كتب بيده، ولا بما سمع بأذنه، بل جعل يتتبع ويستقصى آخذاً على نفسه أن يعتمد فى جمع القرآن على مصدرين اثنين:

أ- ما كان محفوظاً فى صدور الرجال.

ب- ما كتب بين يدى رسول الله ﷺ.

شدتِ تقویٰ پر یہ بات دلالت کرتی ہے کہ آپ نے فرمایا خدا کی قسم! اگر آپ مجھے کسی پہاڑ کے اٹھانے کا مکلف کرتے تو وہ مجھ پر اس سے بوجھل نہ ہوتا جس کا آپ نے مجھے حکم دیا ہے۔

سوم: حضرت زید کے قول کا جو بخاری کی روایت میں ہے کیا مقصود ہے فرماتے ہیں حتیٰ کہ میں نے سورہ توبہ کے آخر کو ابوخزیمہ کے پاس پایا میں نے اسے کسی اور کے پاس نہیں پایا۔

اس کا جواب یہ ہے کہ آپ نے ان آیات کو ابو خزیمہ انصاریؓ کے سوا کسی صحابی کے پاس لکھا ہوا نہیں پایا اس کا یہ مقصد نہیں کہ وہ محفوظ نہ تھیں بلکہ حضرت زیدؓ خود ان کے حافظ تھے جیسا کہ ہم عنقریب اسے احتیاط میں مبالغہ اور اعتماد کے باب میں بیان کریں گے اور اس درست نہج پر جمع قرآن کی تکمیل ہوئی۔

جمع قرآن کے بارے میں بہترین طرز:

حضرت زید بن ثابتؓ جمعِ قرآن کے بارے میں نہایت دقیق اور پختہ طرز پر چلے اس میں اس کتاب مجید کی حفاظت کی ضمانت تھی جو بڑی چھان بین اور دقیق احتیاط کے مناسب حال تھی اور آپ نے اپنے دل میں جو حفظ کیا تھا اور جو اپنے ہاتھ سے لکھا تھا اور جو اپنے کانوں سے سنا تھا اسی پر اکتفا نہ کیا بلکہ اپنے نفس کو نا قابل اعتماد قرار دیتے ہوئے جستجو کرتے ہوئے انتہاء کو پہنچے کہ وہ جمعِ قرآن کے بارے میں دو سرچشموں پر اعتماد کریں۔

الف۔ جو صدورِ رجال میں محفوظ تھا۔

ب۔ جو رسول اللہ ﷺ کے سامنے لکھا گیا۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلا بد أن يتضافر الأمران (الحفظ والكتابة) وبلغ من شدة حرصه واحتياطه أنه كان لا يقبل شيئاً من المكتوب حتى يشهد شاهدان عدلان أنه كتب بين يدي رسول الله ﷺ. يدل عليه الحديث الذي رواه (أبو داود) في سننه قال: (قدم عمر فقال: من كان تلقى من رسول الله صلى الله عليه وسلم شيئاً من القرآن فليأت به، وكانوا يكتبون ذلك في الصحف والألواح والعسب وكان لا يقبل من أحد شيئاً حتى شهد شاهدان) ويدل عليه كذلك ما رواه أبو داود أيضاً أن أبا بكر رضي الله عنه قال لعمر، ولزيد: (اقعدا على باب المسجد فمن جاء كما بشاهدين على شيء من كتاب الله فاكتباه) قال ابن حجر: المراد بالشاهدين: الحفظ، والكتابة.. وقال البخاري المراد (أنهما يشهدان على أن ذلك المكتوب كتب بين يدي رسول الله صلى الله عليه وسلم) وذلك غاية في التثبت والدقة والاحكام من الصديق رسمه منهجاً لزيد بن ثابت رضي الله عنهم أجمعين.

مزايا مصحف أبي بكر الصديق:

امتازت الصحف التي جمعت في عهد أبي بكر الصديق في (مصحف واحد) بعدة مزايا أهمها:

أولاً: التحري الدقيق التام، والتثبت الكامل.

ثانيا: لم يسجل في المصحف إلا ما ثبت

پس ضروری ہے کہ دونوں باتیں (حفظ وکتابت) ایک دوسرے کی مدد کریں اور آپ اپنی شدت حرص واحتیاط میں یہاں تک پہنچے کہ آپ کسی لکھی ہوئی چیز کو قبول نہ کرے حتی کہ دو عادل گواہ گواہی دیتے کہ یہ رسول اللہ ﷺ کے سامنے لکھا گیا ہے اس پر وہ حدیث دلالت کرتی ہے جسے ابوداؤد نے سنن میں روایت کیا ہے آپ نے بیان کیا کہ: حضرت عمرؓ آئے اور فرمایا: جس نے رسول اللہ ﷺ سے کچھ قرآن حاصل کیا ہے وہ اسے لے آئے اور وہ اس وقت صحابہؓ اسے صحف والواح اور کھجور کی شاخوں پر لکھا کرتے تھے اور آپ کسی سے کوئی چیز قبول نہ کرتے تھے حتی کہ دو گواہ گواہی دیتے اور ایسے ہی وہ روایت بھی اس پر دلالت کرتی ہے جسے ابو داؤد نے روایت کیا ہے کہ حضرت ابوبکرؓ نے حضرت عمرؓ اور حضرت زیدؓ سے کہا تم دونوں مسجد کے دروازے پر بیٹھ جاؤ اور جو کتاب اللہ کی کسی چیز پر دو گواہ لائے اسے لکھ لو ابن حجر کہتے ہیں: کہ دو گواہوں سے مراد حفظ اور کتابت ہے اور سخاوی نے بیان کیا ہے کہ اس سے مراد یہ ہے کہ وہ دونوں گواہی دیں کہ یہ لکھی ہوئی چیز حضرت نبی کریم ﷺ کے سامنے لکھی گئی ہے اور یہ حضرت صدیق کی جانب سے حد درجہ کی چھان بین باریکی اور مضبوطی ہے آپ نے اسے حضرت زید بن ثابتؓ کیلئے بطور منہج ترتیب دیا۔

حضرت ابوبکر صدیق کے مصحف کی خوبیاں:

حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جو صحف ایک مصحف میں جمع کئے گئے وہ کئی خوبیوں میں ممتاز ہیں ان میں سے اہم یہ ہیں:

اول: مکمل دقیق تلاش اور کامل چھان بین۔

دوم: مصحف میں وہی ضبط کیا گیا جس کی تلاوت کا منسوخ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عدم نسخ تلاوته.

ثالثاً: إجماع الأمة عليه، وتواتر ما سجل فيه من الآيات القرآنية.

رابعاً: شمول المصحف للقراء ات السبع التي نقلت بالنقل الثابت الصحيح.

وهذه المزايا جعلت الصحابة يلهجون بالثناء العاطر على أبي بكر الصديق حيث القرآن الكريم من الضياع، وذلك بتوفيق من الله عزوجل ومدد من عنده، وقد قال (علي بن أبي طالب) كرم الله وجهه: (أعظم الناس في المصاحف أجراً أبو بكر، رحمة الله على أبي بكر، هو أول من جمع كتاب الله). ولقد أصبح جمع القرآن منقبة خالدة لا يزال التاريخ يذكرها بالجميل والثناء العاطر لأبي بكر في التوجيه والاشراف، ولزيد بن ثابت في التنفيذ والعمل رضوان الله عليهم أجمعين. وجمع القرآن في مصحف واحد في عهد أبي بكر لا يعني أن الصحابة رضوان الله عليهم لم يكن لديهم مصاحف كتبوا فيها القرآن من قبل، فإن ذلك لا ينافي أن يكون لبعض الصحابة مصحف خاص، ولكن هذه المصاحف لم تظفر بما ظفر به مصحف أبي بكر من دقة البحث والتحري، والاقتصار على ما لم تنسخ تلاوته، ومن بلوغه حد التواتر، ومن اجماع الأمة عليه، ومن شموله للأحرف السبعة (القراء ات السبع) كما تقدم، فهذا (علي)

ثابت نہیں ہوا۔

سوم: اس پر امت کا اجماع ہے اور اس میں جو آیات قرآنیہ ضبط کی گئی ہیں وہ تواتر سے ثابت ہیں۔

چہارم: مصحف ان قراءات سبع پر مشتمل ہے جو صحیح ثابت نقل سے منقول ہے۔

ان خوبیوں نے صحابہ کو ایسا بنا دیا کہ وہ حضرت ابو بکر صدیقؓ کی تعریف وثناء کے شیفتہ ہو گئے تھے اس لحاظ سے کہ قرآن کریم ضیاع سے بچ گیا ہے اور یہ اللہ کی توفیق و مدد سے ہوا اور حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے بیان کیا ہے کہ: مصاحف کے بارے میں سب لوگوں سے بڑھ کر اجر پانے والے حضرت ابو بکرؓ ہیں۔ اللہ ابو بکرؓ پر رحمت کرے، آپ کتاب اللہ کے پہلے جامع ہیں اور جمع قرآن ان کی ایک دائمی منقبت ہو گئی ہے اور تاریخ ہمیشہ ہی اس کا جو ابو بکرؓ کی راہنمائی و نگرانی اور زید بن ثابتؓ کی تنفیذ و عمل میں آئی اچھی تعریف سے اس کا ذکر کرتی رہے گی اور حضرت ابو بکرؓ کے زمانہ میں قرآن کے ایک مصحف میں جمع ہونے سے یہ مراد نہیں کہ صحابہ کے پاس وہ مصاحف نہ تھے جن میں انہوں نے پہلے قرآن لکھا تھا یہ بات اس امر کے منافی نہیں کہ بعض صحابہؓ کے پاس خاص مصحف ہوں لیکن یہ مصاحف اتنے کامیاب نہیں ہوئے جس طرح حضرت ابو بکرؓ کا مصحف دقیق تلاش اور اور اس کی تلاوت کے عدم نسخ پر اکتفاء اور اس کے حد تواتر تک بلوغ اور اس پر امت کا اجماع اور قراءات سبعہ پر مشتمل ہونے کے باعث کامیاب ہوا ہے جیسا کہ پہلے بیان ہو چکا ہے حضرت علیؓ کا ایک خاص مصحف تھا جسے آپ نے حضرت ابو بکرؓ کی خلافت کے شروع میں لکھا تھا اور آپ نے عزم کیا کہ جب تک آپ اس کی کتابت کو ختم نہ کر لیں گے سوائے نماز

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رضى الله عنه كان له مصحف خاص كتبه في بدء خلافة أبي بكر، وعزم الأ يخرج إلا للصلاة حتى ينتهي من كتابته...

کے باہر نہ نکلیں گے۔

روى السيوطي عن (محمد بن سيرين) عن (عكرمة) انه قال: لما كان بدء خلافة أبي بكر، قعد علي بن أبي طالب في بيته، فقيل لأبي بكر: قد كره بيعتك، فأرسل إليه فقال: أكرهت بيعتي؟ فقال: رأيت كتاب الله يزاد فيه فحدثت نفسي ألا ألبس ردائي إلا لصلاة حتى أجمعه، قال له أبو بكر: فانك نعم ما رأيت[1] فقد كان له مصحف ولكنه كما يروى عن ابن سيرين كان فيه الناسخ والمنسوخ فلم يكن مثل مصحف أبي بكر.

سیوطی نے محمد بن سیرین سے بحوالہ عکرمہ روایت کی ہے کہ جب حضرت ابوبکر کی خلافت کا آغاز ہوا تو حضرت علیؓ بن ابی طالب اپنے گھر میں بیٹھ گئے حضرت ابوبکرؓ سے پوچھا گیا حضرت علیؓ نے آپ کی بیعت کو پسند نہیں کیا' آپ نے ان کی طرف پیغام بھیجا اور پوچھا کیا آپ نے میری بیعت کو ناپسند کیا ہے؟ حضرت علیؓ نے جواب دیا میں نے دیکھا کہ کتاب اللہ میں اضافہ کیا جا رہا ہے تو میرے دل نے کہا کہ میں نماز کے سوا اپنی چادر زیب تن نہیں کروں گا حتی کہ قرآن کو جمع کر دوں حضرت ابوبکرؓ نے آپ سے کہا آپ کی رائے بہت اچھی ہے آپ کا ایک مصحف تھا لیکن جیسا کہ ابن سیرین سے بیان کیا جاتا ہے اس میں ناسخ و منسوخ تھا اور وہ مصحف ابوبکرؓ جیسا نہ تھا۔

لماذا لم يجمع القرآن في مصحف واحد؟

ونتساءل هنا: لماذا لم يجمع القرآن الكريم في مصحف واحد في زمن النبي ﷺ؟ والجواب عن ذلك:

أولا: إن القرآن لم ينزل مرة واحدة وإنما نزل مفرقاً، ولا يمكن جمعه قبل أن يتكامل النزول.

ثانيا: إن بعض الآيات كانت تنسخ، وإذا كان القرآن عرضة للنسخ فكيف يمكن أن تجمع في مصحف واحد.

ثالثا: إن ترتيب الآيات والسور لم يكن

قرآن ایک مصحف میں کیوں جمع نہیں کیا گیا؟

ہم یہاں سوال کرتے ہیں کہ حضرت نبی کریم ﷺ کے زمانے میں ایک مصحف میں قرآن کریم کیوں جمع نہیں کیا گیا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ:

اول: قرآن ایک ہی دفعہ نازل نہیں ہوا وہ مفرق طور پر نازل ہوا ہے اور نزول کے مکمل ہونے سے قبل اس کا جمع کرنا ممکن نہ تھا۔

دوم: بعض آیات منسوخ ہو جاتی تھیں اور جب قرآن نسخ کا محتمل ہو تو ایک مصحف میں اس کا جمع ہونا کیسے ممکن ہے؟

سوم: آیات و سور کی ترتیب' نزول کے مطابق نہ تھی

(١) انظر: كتاب الاتقان للسيوطي.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

على حساب النزول فقد تنزل بعض الآيات في أواخر الوحي بينما يكون ترتيبها في أوائل السور الكريمة وهذا يقتضي تغيير المكتوب.

رابعاً: كانت المدة بين نزول آخر ما نزل وبين وفاته ﷺ قصيرة جداً، وقد تقدم في الفصل الأول أن آخر ما نزل من القرآن قوله تعالىٰ ﴿ **واتقوا يوماً ترجعون فيه الى الله..** ﴾(سورة البقره:٢٨١)الآية. وقد انتقل رسول الله إلى جوار ربه بعد نزولها بتسع ليال، فالمدة إذاً قصيرة، ولا يمكن جمعه قبل تكامل النزول.

خامساً: لم يوجد من دواعي الجمع في مصحف واحد مثل ما وجد في عهد أبي بكر، فقد كان المسلمون بخير، والقرآء كثيرون، والفتنة مأمونة، بخلاف ما حصل في عهد أبي بكر من مقتل الحفاظ حتى خاف على ضياع القرآن.

والخلاصة: إن القرآن لوجمع في مصحف واحد والحال على ما ذكرنا لكان القرآن عرضة للتغيير والتبديل كلما وقع نسخ، أو حدث سبب، مع أن أدوات الكتابة لم تكن ميسورة. والظروف لا تساعد على ترك المصحف القديم، والاعتماد على المصحف الجديد، لأنه لا يمكن أن يكون في كل شهر أو يوم مصحف يجمع كل ما نزل من القرآن ولكن لما استقر الأمر بختام التنزيل، ووفاة الرسول، وامن النسخ، وعرف الترتيب أمكن جمعه في مصحف واحد، وهذا ما

بعض آیات وحی کے آخر میں نازل ہوئیں جب کہ ان کی ترتیب سورتوں کے اوائل میں ہوئی تھی کہ بات لکھی ہوئی چیز کی تبدیلی کا تقاضا کرتی ہے۔

چہارم: آخری نزول کے درمیان اور آپ کی وفات کے درمیان بہت تھوڑی مدت پائی جاتی ہے اور پہلی فصل میں بیان ہو چکا ہے کہ قرآن میں سے جو آخر میں نازل ہوا وہ قول الٰہی "**واتقوا یوما ترجعون فیه الی الله** (البقرہ: ۲۸۱) ہے اور اس کے نزول کی نو راتوں کے بعد رسول اللہ ﷺ اپنے رب کے جوار میں منتقل ہو گئے' پس مدت بہت تھوڑی تھی اور نزول کے تکامل سے قبل اس کا جمع کرنا ممکن نہ تھا۔

پنجم: ایک مصحف میں جمع کرنے کے جو اسباب عہد ابوبکرؓ میں پائے گئے ویسے اسباب پہلے نہیں پائے گئے پہلے مسلمان' بھلائی اور اچھائی کے ساتھ تھے اور قراء بہت تھے اور فتنہ کا خوف بھی نہ تھا اور حضرت ابوبکر کے عہد میں حفاظ کا جو قتل ہوا اس سے وہ ضیاع قرآن سے خوفزدہ ہو گئے۔

خلاصہ کلام یہ کہ اگر قرآن ایک مصحف میں جمع کیا جاتا اور حالت وہ ہوتی جو ہم نے بیان کی ہے تو قرآن کریم تبدیلی کا نشانہ بن جاتا جب کبھی نسخ ہوتا یا سبب پیدا ہوتا باوجود یہ کہ سامان کتابت کا حصول آسان نہ تھا اور حالات مصحف قدیم کے ترک کرنے اور جدید مصحف پر اعتماد کرنے میں معاون نہ تھے اس لئے ممکن نہ تھا کہ ہر ماہ یا ہر دن مصحف ہوتا جو نازل ہونے والے قرآن کو جمع کرتا لیکن جب تنزیل کے ختم ہونے اور رسول اللہ ﷺ کی وفات اور نسخ سے امن میں آ جانے سے یہ معاملہ ٹک گیا اور ترتیب معلوم ہو گئی تو ایک مصحف میں اس کا جمع کرنا ممکن ہو گیا اور یہ کام خلیفہ راشد حضرت ابوبکر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعله الخليفة الراشد أبو بكر الصديق رضى الله عنه وجزاه عن القرآن والمسلمين خير الجزاء.

جمع القرآن في عهد عثمان.

أما جمع القرآن في عهد عثمان فقد كان له سبب آخر غير السبب الذى حدث في عهد ابى بكر. فقد اتسعت الفتوحات الاسلامية في عهد عثمان، وتفرق المسلمون في الأقطار والأمصار، واشتهر في كل بلدان من البلاد الاسلامية قراء ة الصحابى الذى علمهم القرآن، فأهل الشام كانوا يقرأون بقراء ة (ابى بن كعب) واهل الكوفة كانوا يقرأ ون بقراء ة (عبدالله بن مسعود) وغيرهم كان يقرأ بقراء ة (أبى موسى الأشعرى)، فكان بينهم اختلاف في حروف الأداء، ووجوه القراء ات، حتى كان الأمر يصل الى النزاع والشقاق، بينهم، وكاد بعضهم يكفر بعضاً بسبب (اختلاف القراء ة).

روى عن أبى قلابة أنه قال: (لما كانت خلافة عثمان، جعل المعلم (المقرى) يعلم قراء ة الرجل، والمعلم يعلم قراء ة الرجل، فجعل الغلمان يلتقون فيختلفون، حتى ارتفع الى المعلمين، حتى كفر بعضهم بعضاً، فبلغ ذلك عثمان فخطب فقال: أنتم عندى تختلفون، فمن نأى (أى بعد) عنى من الأمصار فهم أشد اختلافاً)؟ لهذه الأسباب والأحداث رأى عثمان بثاقب رأيه، وصادق نظره، ان يتدارك الخرق قبل أن يتسع على الراقع، وأن يستأصل الداء قبل أن

صدیقؓ نے کیا اللہ آپ کو قرآن اور مسلمانوں کی طرف سے بہتر جزا دے۔

حضرت عثمان کے عہد خلافت میں جمع قرآن:

حضرت عثمانؓ کے زمانے میں قرآن کے جمع کرنے کا جو سبب پیدا ہوا وہ اس سبب کا غیر تھا جو حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں ہوا حضرت عثمانؓ کے عہد میں اسلامی فتوحات وسیع ہوگئیں اور مسلمان اقطار و امصار میں پھیل گئے اور بلاد اسلامیہ کے ہر شہر میں اس صحابی کی قرأت پھیل گئی جس نے انہیں قرآن لکھایا تھا۔ اہل شام ابی بن کعبؓ کی قرأت پڑھتے تھے اور اہل کوفہ عبداللہ بن مسعودؓ کی قرأت پڑھتے تھے اور دوسرے لوگ ابوموسیٰ اشعریؓ کی قرأت پڑھتے تھے اور ان کے درمیان حروف ادا اور وجوہ قراءات میں اختلاف پایا جاتا تھا حتی کہ قریب تھا کہ معاملہ نزاع و خلاف تک پہنچ جاتا اور قریب تھا کہ اختلاف قرأت کے باعث لوگ ایکدوسرے کی تکفیر کریں۔

ابوقلابہ سے روایت کہ: جب حضرت عثمان کی خلافت کا زمانہ تھا تو ایک معلم ایک شخص کی قرأت لکھاتا اور دوسرا معلم دوسرے شخص کی قرأت لکھاتا نوجوان ایک دوسرے سے ملتے تو اختلاف کرتے حتی کہ یہ اختلاف معلمین تک چلا گیا حتی کہ بعض نے بعض کی تکفیر کی۔ حضرت عثمانؓ کو یہ خبر پہنچی تو آپ نے خطبہ دیا اور فرمایا: تم میرے پاس اختلاف کرتے ہو اور جو شہروں میں مجھ سے دور ہیں وہ سخت اختلاف کرنے والے ہوں گے ان اسباب و واقعات کے باعث حضرت عثمانؓ نے اپنی تہ تک پہنچنے والی رائے اور اپنی تلی نظر سے دیکھا کہ وہ پھٹن کو سی دیں قبل اس کے کہ وہ پیوند لگانے والے پر وسیع

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يصعب الدواء، فجمع أعلام الصحابة، ورجال الرأي والبصر فيهم، واستشارهم في علاج تلك الفتنة، وعلاج ذلك الاختلاف، فأجمعوا أمرهم على أن يستنسخ أمير المومنين مصاحف عديدة، ويبعث الى كل بلد او مصر بمصحف منها، وان يأمر الناس باحراق كل ما عداها، حتى لا يبقى ثمة طريق للنزاع والاختلاف في وجوه القراء ة، فشرع. رضي الله عنه. بتنفيذ هذا القرار الحكيم، فعهد الى أربعة من خيرة الصحابة، وثقات الحفاظ وهم (زيد بن ثابت) و (عبدالله بن الزبير) و (سعيد بن العاص) و (عبدالرحمن بن هشام) وقد كانوا جميعاً من قريش من المهاجرين الا (زيد بن ثابت) فقد كان من الأنصار، وكان هذا العمل الجليل سنة ٢٤ هجرية، وقال لهؤلاء اذا اختلفتم في شيء من وجوه القراء ة فاكتبوه بلغة قريش، فان القرآن نزل بلغتهم. وطلب عثمان من (حفصه بنت عمر) أن تعطيه المصحف الذى كان عندها، والذى جمعه أبو بكر لينسخ منه عدة نسخ ثم يعيده إليها، ففعلت.

ہو جائے اور بیماری کہ قبل اس کے کہ اس کا علاج مشکل ہو جائے جڑ سے اکھیڑ دیں آپ نے بڑے بڑے صحابہؓ اور اصحاب فہم و بصیرت کو جمع کیا اور اس فتنہ و اختلاف کے علاج کے متعلق ان سے مشورہ طلب کیا اور ان کا اس امر پر اتفاق ہوا کہ امیر المومنین متعدد مصاحف لکھوائیں۔ اور ان میں سے ہر شہر کی طرف ایک مصحف بھیج دیں اور ان کے سوا جو مصحف ہیں ان کے جلانے کا لوگوں کو حکم دیدیں حتی کہ وجوہ قرأت کے بارے میں وہاں اختلاف و نزاع باقی نہ رہے آپ نے اس حکیمانہ قرارداد کی تنفیذ شروع کردی آپ نے چار بہترین صحابہ اور ثقات حفاظ کو ذمہ دار بنایا اور وہ حضرت زید بن ثابت، حضرت عبداللہ بن زبیر، حضرت سعید بن العاص اور حضرت عبدالرحمٰن بن ہشام رضی اللہ عنہم تھے اور یہ سب حضرت زید بن ثابتؓ کے سوا جو انصار میں سے تھے مہاجرین قریش میں سے تھے اور یہ عمل جلیل ۲۴ھ میں ہوا اور آپ نے ان سے فرمایا کہ جب تم وجوہ قرأت میں سے کسی چیز میں اختلاف کرو تو اسے قریش کی لغت میں لکھو بلاشبہ قرآن انہی کی لغت میں نازل ہوا ہے اور حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہؓ بنت عمر سے خواہش کی کہ وہ اس مصحف کو انہیں دیدیں جو ان کے پاس ہے جسے حضرت ابوبکرؓ نے جمع کیا ہے تاکہ وہ اس سے متعدد نسخے لکھ لیں پھر وہ اسے ان کو لوٹا دینگے تو حضرت حفصہؓ نے وہ نسخہ آپ کو دیدیا۔

سبب جمع عثمان للقرآن الكريم:

روى البخاري عن أنس بن مالك أنه قال: (أن (حذيفة بن اليمان) قدم على عثمان، وكان يغازي أهل الشام في فتح أرمينية وأذربيجان مع أهل العراق، فأفزع حذيفة

حضرت عثمانؓ کے قرآن کو جمع کرنے کا سبب:

بخاری نے حضرت انس بن مالکؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت حذیفہ بن الیمانؓ حضرت عثمانؓ کے پاس آئے اور وہ آرمینیا اور آذربائیجان کی فتح میں اہل شام کو اہل عراق کے ساتھ لڑائی کیلئے روانہ کیا کرتے تھے۔ حضرت حذیفہؓ کو ان کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اختلافهم في القراءة، فقال حذيفة لعثمان: يا أمير المؤمنين أدرك هذه الأمة قبل ان يختلفوا في الكتاب اختلاف اليهود والنصارى، فأرسل عثمان الى حفصة ان أرسلي الينا بالصحف ننسخها في المصاحف ثم نردها اليك، فأرسلت بها حفصة الى عثمان فأمر زيد بن ثابت، وعبدالله بن الزبير، وسعيد بن العاص، وعبدالرحمن بن الحارث بن هشام فنسخوها في المصاحف، وقال عثمان للرهط القرشيين الثلاثة: اذا اختلفتم أنتم وزيد بن ثابت في شيء من القرآن فاكتبوه بلسان قريش، فانما نزل بلسانهم، ففعلوا حتى اذا نسخوا المصحف في المصاحف رد عثمان الصحف الى حفصه وأرسل الى كل أفق بمصحف مما نسخوا، وأمر بما سواه من القرآن في كل صحيفة أو مصحف أن يحرق[1] ((رواه البخاري)).

اختلاف قرأت نے خوفزدہ کر دیا' حضرت حذیفہؓ نے حضرت عثمانؓ سے کہا: اے امیر المومنین! اس امت نے قبل اس کے وہ کتاب کے بارے میں اختلاف کریں' یہود و نصاریٰ کے اختلاف کو پالیا ہے سو حضرت عثمانؓ نے حضرت حفصہؓ کو پیغام بھیجا کہ مصحف کو ہماری طرف بھیج دیجئے۔ ہم انہیں مصاحف میں لکھیں گے پھر آپ کو واپس کر دیں گے۔ حضرت حفصہؓ نے انہیں حضرت عثمانؓ کے پاس بھیج دیا تو آپ نے حضرت زید بن ثابت' حضرت عبداللہ بن زبیر' حضرت سعید بن العاص اور حضرت عبدالرحمٰن بن الحارث بن ہشام رضی اللہ عنہم کو حکم دیا اور انہوں نے ان کو مصاحف میں لکھ دیا اور حضرت عثمان نے تینوں قریشیوں کی جماعت سے کہا جب تم اور زید بن ثابت قرآن کی کسی بات پر اختلاف کرو تو اسے قریش کی زبان میں لکھنا وہ ان کی زبان میں نازل ہوا ہے تو انہوں نے ایسے ہی کیا حتی کہ جب انہوں نے ایک مصحف کو مختلف مصاحف میں لکھ لیا تو حضرت عثمانؓ نے مصحف حضرت حفصہؓ کو واپس کر دیا اور جو مصاحف انہوں نے لکھے ان میں سے ایک مصحف ہر افق کی طرف بھیج دیا اور حکم دیا کہ اس کے سوا جو قرآن کسی صحیفہ یا مصحف میں ہو اسے جلا دیا جائے اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

الفرق بين جمع أبي بكر وجمع عثمان:

الفرق بين جمع أبي بكر وجمع عثمان:
ونستطيع مما سبق أن نعرف الفرق بين جمع أبي بكر وجمع عثمان، وهو أن الجمع في عهد أبي بكر كان عبارة عن نقل القرآن وكتابته في مصحف واحد مرتب الآيات، جمعه اللخاف والعسب والرقاع، وكان سبب الجمع (موت

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے میں فرق:

حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے میں فرق پایا جاتا ہے اور جو کچھ پہلے بیان ہو چکا ہے اس سے ہم حضرت ابوبکرؓ اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے کے درمیان جو فرق پایا جاتا ہے اسے معلوم کر سکتے ہیں حضرت ابوبکرؓ کے عہد میں جمع کرنے سے مراد قرآن اور اس کی کتابت کو ایک مرتب الآیات مصحف میں نقل کرنا تھا۔ آپ نے اسے کھجور کی

(1) انظر: صحيح البخاري، باب جمع القرآن.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحفاظ) وأما جمع عثمان فقد كان عبارة عن نسخ عدة نسخ من المصحف الذى جمع فى عهد أبى بكر لترسل الى الآفاق الاسلامية. وكان سبب الجمع انما هو (اختلاف القرآء) فى قراءة القرآن، والله اعلم وصلى الله على سيدنا محمد وآله وصحبه وسلم.

شاخوں، پرزوں اور نرم پتھروں سے جمع کیا اور جمع کرنے کا باعث حفاظ کی موت تھی اور حضرت عثمانؓ کے جمع کرنے سے مراد اس مصحف سے جو حضرت ابو بکرؓ کے عہد میں جمع کیا گیا تھا متعدد مصاحف میں لکھنا تھا تاکہ انہیں آفاق اسلامیہ کی طرف بھیجا جائے اور جمع کا سبب قرأت قرآن میں قراء کا اختلاف تھا۔ واللہ اعلم وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ وسلم۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل الخامس

التفسير والمفسرون

أنزل الله كتابه العظيم' ليكون دستوراً للمسلمين' ومنهاجاً يسيرون عليه فى حياتهم' فيستضيؤن بضيائه' ويهتدون بهديه' ويقبسون من تعاليمه الرشيدة' ونُظمه الحكيمة ما يجعلهم فى أوج السعادة والعزة' ويرفع بهم الى ذرى المجد والكمال' ويؤهلهم الى قيادة ركب الانسانية' ويجعلهم السادة والقادة فى هذه الحياة' يسيرون بالأمم الى حياة العزة والكرامة' ويوصلونهم الى شاطئ الأمين والاستقرار والسلام.

ولا ريب أن البشرية تتخبط اليوم فى ظلمات الشقاوة والجاهلية' وتغرق فى بحار التحلل وعبادة المال' وليس لها من منقذ الا الاسلام' عن طريق الاسترشاد بتعاليم القرآن ونظمه الحكيمة' التى روعيت فيها جميع عناصر السعادة للنوع البشرى' على ما أحاط به علم الخالق الحكيم' ومن البدهي أن العمل بهذه التعاليم لا يكون الا بعد فهم القرآن وتدبره' والوقوف على ما حوى من نصح وارشاد' وهذه لا يتحقق الا عن طريق الكشف والبيان' لما تدل عليه آيات القرآن' وهو ما نسميه ب(علم التفسير) خصوصاً فى هذه العصور الأخيرة التى فسدت فيها ملكة البيان العربى' وضاعت فيها

پانچویں فصل

تفسیراور مفسرین

اللہ تعالٰی نے اپنی کتاب کو نازل کیا تاکہ وہ مسلمانوں کیلئے دستورومنہاج ہواوروہ اپنی زندگی میں اس پرچلیں اوراس کی روشنی سے ضیاء حاصل کریں اورانہیں مجدوکمال کی چوٹی تک پہنچائیں اورانہیں انسانی قافلہ کی قیادت کا اہل بنادیں اوراس زندگی میں انہیں قائدوسردار بنادیں اوروہ قوموں کے ساتھ' عزت وکرامت کی زندگی کی طرف چلیں اورانہیں امن واستقرار اور سلامتی کے کنارے تک پہنچادیں۔

اس میں کچھ شبہ نہیں کہ آج بشریت شقاوت وجاہلیت کی تاریکیوں میں ٹامک ٹوئیاں ماررہی ہےاورتحلل اور مال کی پرستش کے سمندروں میں غرق ہورہی ہےاوراسلام کے سوااسے کوئی بچانے والانہیں وہ یوں کہ وہ قرآن کی تعلیمات اوراس کے نظم حکیمہ سے راہنمائی حاصل کرے جن میں نوع بشرکی سعادت کے تمام عناصرکومحفوظ کردیا گیاہےاورخالق وحکیم کے علم نے ان کا احاطہ کیاہواہےاوریہ واضح بات ہے کہ ان تعلیمات پرعملدرآمد قرآن کے فہم وتدبراور جوبھلائی اورراہنمائی وہ اپنے اندر لئے ہوئے ہےاس سے آگاہی کے بعد ہی ہوسکتاہےاوراس کا تحقق کشف وبیان کے طریق سے ہی ہوسکتاہےجس پرقرآن کی آیات دلالت کرتی ہیں اوراسے ہم علم تفسیر کا نام دیتے ہیں خصوصاان آخری ادوار میں جن میں عربی بیان کا ملکہ خراب ہوگیاہےاور خصائص

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خصائص العروبة' حتى من سلائل العرب أنفسهم. فالتفسير هو المفتاح لهذه الكنوز والذخائر' التي احتواها هذا الكتاب المجيد' وبدونه لا يمكن الوصول الى هذه الكنوز والذخائر' واللآلىء والجواهر' مهما بالغ الناس في ترديد ألفاظ القرآن' وقرء وا آياته في كل صباح ومساء.

عروبہ ضائع ہو گئے ہیں حتی کہ خود عربوں کی اولاد سے بھی ضائع ہو گئے ہیں پس تفسیر ان خزائن و ذخائر کی چابی ہے جن کو اس کتاب مجید نے جمع کیا ہے اور علم تفسیر کے بغیر ان خزائن و ذخائر اور جواہرات تک پہنچنا ناممکن ہے خواہ لوگ قرآن کے الفاظ دہرانے اور ہر صبح و شام اس کی آیات کے پڑھنے میں کس قدر مبالغہ کریں۔

وانه لمن المؤسف أن يكتفي المسلمون من القرآن بألفاظ يرددونها' وأنغام يلحّنونها' في المآتم والمقابر' وعند الاحتفالات الرسمية' ثم لا يكون للقرآن نصيب منهم الا الطرب بالسماع أو التبرك بالتلاوة. وهذا ما عناه الرسول ﷺ بقول ((يتخذون القرآن مزامير)) وقد نسي المسلمون أو تناسوا أن بركة القرآن العظمى انما هي في تدبره وتفهمه' وفي الاهتداء بهديه' والاستفادة من تعاليمه وتوجيهاته' ثم الوقوف عند أوامره ومراضيه' والبعد عن مساخطه ونواهيه' والله تعالىٰ يقول: ﴿ **كتاب انزلناه إليك مبارك ليتدبروا آياته وليتذكر اولو الالباب**﴾(سورة ص:٢٩) ويقول سبحانه ﴿**افلا يتدبرون القرآن؟ ام على قلوب اقفالها**﴾(سورة محمد:٢٤) ويقول جل ذكره ﴿**ولقد يسرنا القرآن للذكر' فهل من مدكر**﴾.(سورة القمر:١٧-٢٢-٣٢)

اور یہ ایک افسوس ناک بات ہے کہ مسلمان ماتم و مقابر اور رواجی محافل میں قرآن کے الفاظ کو ترنم سے پڑھنے اور دہرانے پر اکتفا کریں پھر قرآن کو ان سے صرف طرب و سماع اور تلاوت کے تبرک کے سوا کچھ حاصل نہ ہوگا اور رسول کریم ﷺ نے اپنے قول (وہ قرآن کو مزامیر بنائیں گے) سے بھی یہی مراد لیا ہے اور مسلمان بھول گئے ہیں یا انہیں بھلا دیا گیا ہے کہ قرآن کریم کی برکت تو صرف اس کے فہم و تدبر اس کی ہدایت سے راستہ حاصل کرنے اور اس کی تعلیمات و توجیہات سے استفادہ کرنے اور اس کے اوامر و پسندیدہ کاموں سے آگاہ ہونے اور اس کے نواہی اور اس کی ناپسندیدہ باتوں سے دوری اختیار کرنے میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**كتاب انزلناه اليك مبارك ليتدبروا آياته وليتذكر اولوا الباب**"(ص ۲۹) پھر فرمایا ہے:"**افلا يتدبرون القرآن ام على قلوب اقفالها**"(محمد:۲۴) نیز فرماتا ہے:"**ولقد يسرنا القرآن للذكر فهل من مدكر**"(القمر:۱۷)

فما أشبه المسلمين اليوم بالرجل العطشان يموت من الظمأ والماء بين يديه' أو

آج مسلمان' اس پیاسے شخص سے کس قدر مشابہت رکھتے ہیں جو پیاسا مر رہا ہے اور پانی اس کے سامنے پڑا ہے یا

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بالحيوان يهلك من الجوع والعطش والزاد والماء على ظهره، وما أجمل قول القائل:

كالعيس في البيداء يقتلها الظما
والماء فوق ظهورها محمول

ولقد صدق رسول الله ﷺ حين قال:

((لقد تركت فيكم أمرين، لن تضلوا ما تمسكتم بهما بعدى أبداً، كتاب الله، وسنتى).[1]

اس حیوان سے کس قدر مشابہت رکھتے ہیں جو بھوک اور پیاس سے مر رہا ہے اور زاد اور پانی اس کی پشت پر ہے کسی نے کیا خوب کہا ہے:

(ترجمہ) ''وہ ویرانے میں اونٹ کی مانند ہے جسے پیاس مار رہی ہے اور پانی اس کی پشت پر لدا ہوا ہے۔''

اور رسول اللہ ﷺ نے سچ فرمایا ہے:

''میں نے تم میں دو باتیں چھوڑتی ہیں میرے بعد تم ان دونوں میں جب تک منہمک رہو گے کبھی گمراہ نہ ہو گے اللہ کی کتاب اور میری سنت۔''

لماذا نفسر القرآن؟

أسئلة تخطر ببال كل إنسان.. وتجول في كل فكر ((لماذا نفسر القرآن))؟ النجيد قراءته ونتقن تلاوته؟

أم لنزيل الستار عن غامض معانيه؟

أم لنجلو أسراره، ونبرز محاسنه؟

لا.. لا.. ليس لهذا، ولا لذاك فقط، بل لنتحرر من عبادة العباد، وتبعية البشر، الى عبادة رب العابد جل وعلا.. ونربط الفرد والجماعة بخالق العوالم، ومدبر الكون، رب السموات العلى، ورب العرش العظيم!!

فالقرآن الكريم دستور الأمة، وهداية الخالق، وشريعة الله لأهل الأرض، وهو النور الربانى، والهدى السماوى، والتشريع العالم الخالد، الذى تكفل بكل ما يحتاج اليه البشر فى أمور دينهم و دنياهم. ولا عجب فهو كتاب

ہم قرآن کی تفسیر کیوں کرتے ہیں؟

ہر انسان کے دل اور سوچ میں کچھ سوالات گزرتے ہیں کہ ''ہم قرآن کی تفسیر کیا اس کی قرأت وتلاوت کو عمدہ اور پختہ بنانے کیلئے؟ یا اس کے معانی کی پیچیدگی سے پردہ ہٹانے کیلئے؟ یا اس کے اسرار ومحاسن کو واضح کرنے کیلئے؟ نہیں نہیں، نہ یہ اس کے لئے ہے اور نہ اس کیلئے کرتے ہیں؟ بلکہ اس لئے کہ ہم بندوں کی بندگی اور پیروی سے آزاد ہو کر رب العباد کی عبادت کی طرف آ جائیں اور انفرادی اور اجتماعی طور پر خالق عوالم اور مدبر کائنات سے جو رب عرش عظیم ہے، رابطہ کریں۔

پس قرآن کریم امت کا دستور ہے خالق کی ہدایت ہے، اہل ارض کیلئے اللہ کی شریعت ہے اور وہ نورِ ربانی ہدایت آسمانی اور ہمہ گیر دائمی قانون ہے جو ان تمام امور کا جن کا انسان اپنے دینی اور دنیاوی امور میں محتاج ہے کفیل ہے اور یہ عجیب بات نہیں ہے وہ کتاب کامل اور نظام شامل ہے جو

(١) الحديث رواه أصحاب السنن.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كامل' ونظام شامل' يشمل جوانب الحياة بأجمعها' في العقائد. والعبادات. والاخلاق. والمعاملات. وفي السياسة والحكم وفي السلم والحرب. وفي الشئون الاقتصادية والعلاقات الدولية. فهو كتاب جامع أنزله الله تبياناً لكل شيء وهدى ورحمة لقوم يؤمنون' وهو في ذلك كله حكيم كل الحكمة' لا يعتريه خلل ولا اختلاف' فلا عجب أن كانت السعادة لا تنال الا بهديه' والتزام ما جاء به' فهو شفاء لما في الصدور' وعلاج لما حل أول يحل بالمجتمع من شرور ﴿**وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمؤمنين' ولا يزيد الظالمين الا خساراً**﴾.(سورة الاسراء:٨٢)

الفرق بين التفسير والتاويل:

التفسير في اللغة هو: الايضاح والتبيين. قال تعالىٰ ﴿ **ولا يأتونك بمثل الا جئناك بالحق وأحسن تفسيرا**﴾(سورة الفرقان:٣٣) فقولنا: فسر بمعنى بيّن ووضّح' وكلام مفسَّر: أى واضح ظاهر. وأما التفسير في الاصطلاح فهو: علم يعرف به فهم كتاب الله المنزل على نبيه محمدصلى الله عليه وآله وسلم وبيان معانيه' وإستخراج أحكامه وحكمه[1]. وعرفه غيره بأنه (علم يبحث فيه عن القرآن الكريم من حيث دلالته على مراد الله تعالىٰ بقدر الطاقة البشرية)[2]

زندگی کے تمام پہلوؤں یعنی عقائد و عبادات اخلاق و معاملات' سیاست وحکم' صلح و جنگ' اقتصادی معاملات اور بین الاقوامی تعلقات پر حاوی ہے پس وہ ایک جامع کتاب ہے جسے اللہ تعالیٰ نے ہر چیز کے بیان کرنے کیلئے نازل کیا ہے اور وہ مومنین کیلئے ہدایت و رحمت ہے اور وہ ان تمام باتوں میں پوری حکمت والا ہے اسے خلل و اختلاف لاحق نہیں ہوسکتا یہ عجیب بات نہیں کہ سعادت اسی کی ہدایت سے اور جو وہ لایا ہے اس کے التزام سے حاصل ہو وہ سینوں کی بیماریوں کی شفا ہے اور معاشرے میں جو شرور پیش آئے ہیں یا آئیں گے ان کا علاج ہے۔ ''**وننزل من القرآن ما هو شفاء ورحمة للمومنين ولا يزيد الظالمين الاخسارا**''(اسراء:۸۲)

تفسیر وتاویل کے درمیان فرق:

لغت میں تفسیر ایضاح وتبیین کو کہتے ہیں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''**ولا ياتونك بمثل الا جئناك بالحق واحسن تفسيرا**'' (الفرقان ۳۳) اور ہمارے قول فَسَّرَ کا معنی ہے: اس نے واضح اور ظاہر کیا اور کلام مفسر سے مراد ہے۔ واضح اور ظاہر کلام اور اصطلاح میں تفسیر وہ علم ہے جس سے حضرت نبی کریم ﷺ پر نازل شدہ کتاب کا فہم اور اس کے معانی کا بیان اور اس کے احکام وحکم کا استخراج معلوم ہوتا ہے اور بعض دوسرے علماء نے اس کی تعریف یہ کی ہے کہ یہ وہ علم ہے جس میں انسانی طاقت کے بقدر قرآن کریم کے بارے میں بحث کی جاتی ہے کہ وہ کس طرح اللہ تعالیٰ کی مراد پر دلالت کرتا ہے۔

(١) التعريف للزركشي من كتاب البرهان ص١٣.

(٢) انظر: مناهل العرفان للزرقاني۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معنى التأويل:

وأما التأويل فهو لغة من الأول بمعنى الرجوع، فكأن المفسر أرجع الآية إلى ما يحتمله من المعاني. ويرى بعض العلماء أن التأويل مرادف للتفسير حتى قال صاحب القاموس: أول الكلام تأويلاً وتأوله بمعنى: دبره وقدره وفسره، ومنه قوله تعالىٰ ﴿ابتغاء الفتنة وابتغاء تأويله﴾(سورة آل عمران:٧) أما في الاصطلاح فهو عند المتقدمين بمعنى التفسير، فيقال تفسير القرآن، ويقال تأويل القرآن، بمعنى واحد. قال (ابن جرير الطبرى) في تفسيره: (القول في تأويل قوله تعالىٰ كذا.. واختلف أهل التأويل في هذه الآية..) يريد بذلك أهل التفسير.

وقال (مجاهد): ان العلماء يعملون تأويله (يعني القرآن) ويريد تفسير معناه وذهب فريق من العلماء الى أن بين (التفسير والتأويل) فرقاً جليلاً وقد اشتهر هذا عند المتأخرين.

التفسير: هو المعنى الظاهر من الآية الكريمة. وأما التأويل: فهو ترجيح بعض المعاني المحتملة من الآية الكريمة الى تحتمل عدة معان. وقد أفاض العلامة (السيوطى) في كتابه (الاتقان في علوم القرآن) في هذا البحث ونقل نقولاً كثيرة عن العلماء نكتفي بأجمعها وأقربها الى الصواب وهو أن نقول (بأن التفسير هو كشف معانى القرآن الظاهرة، والتأويل ما استنبطه العارفون من المعاني الخفية والاسرار

تاویل کا مفہوم:

تاویل لغتاً اول سے مشتق ہے جس کے معنے رجوع کے ہیں گویا مفسر آیت کو ان معانی کی طرف لوٹاتا ہے جن کی وہ متحمل ہوتی ہے اور بعض علماء کا خیال ہے کہ تاویل تفسیر کا مرادف ہے حتی کہ صاحب قاموس نے بیان کیا ہے کہ اوّل الکلام تاویلا و تاوله کا معنی ہے کہ اس نے غور کیا اس کا اندازہ کیا اور اس کو واضح کیا اور اسی سے اللہ کا قول "ابتعاء الفتنة وابتعاء تاويله" (آل عمران ۷) ہے اور اصطلاح میں متقدمین کے نزدیک تفسیر کے معنی میں ہے اور تفسیر القرآن اور تاویل القرآن کا ایک ہی معنی ہے ابن جریر طبری نے اپنی تفسیر میں "القول فی تاویل قولہ تعالیٰ..... واختلف اھل التاویل فی ھذہ الآیۃ....." بیان کیا ہے کہ اس سے مراد اہل تفسیر ہیں اور مجاہد نے بیان کیا ہے کہ علماء قرآن کی تاویل کا کام کرتے ہیں اس سے مراد اس کے معنوں کی تفسیر کرتے ہیں اور علماء کی ایک جماعت کا خیال ہے کہ تفسیر تاویل کے درمیان واضح فرق پایا جاتا ہے اور متاخرین کے ہاں یہ مشہور بات ہے۔

تفسیر آیت کریمہ کے ظاہری معنی کو کہتے ہیں اور تاویل یہ ہے کہ آیت کریمہ جو متعدد معانی کا احتمال رکھتی ہو اس کے ایک معانی کو ترجیح دینا اور علامہ سیوطی نے اپنی کتاب (الاتقان فی علوم القران) میں اس بارے میں کافی بحث کی ہے اور علماء کی بہت سی نقول نقل کی ہیں ہم ان سب کی جامع اور صواب سے اقرب پر اکتفا کریں گے اور وہ یہ ہے کہ ہم کہیں کہ تفسیر قرآن کے ظاہری معنی کا واضح کرنا ہے اور تاویل وہ ہے جسے عارفین نے معانی خفیہ اور اسرار ربانیہ لطیفہ سے جن کی آیت قرآنیہ متحمل ہے مستنبط کیا ہے یہ وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الربانية اللطيفة التى تحملها الآية الكريمة).
وهذا الذين اخترناه هو الذى ذهب اليه (الألوسى) رحمة الله حيث قال:

(قد تعورف عن المؤلفين من غير نكير أن التأويل معان قدسية، ومعارف ربانية تنهل من سحب الغيب على قلوب العارفين، والتفسير غير ذلك..)

والخلاصة: أن التفسير هو المعانى الظاهرة من القرآن الكريم التى هى واضحة الدلالة على المعنى المراد لله عزوجل. والتأويل، هو المعانى الخفية التى تستنبط من الآيات الكريمة والتى تحتاج الى تأمل وتفكر واستنباط والتى تحتمل عدة معان فيرجح المفسر منها ما كان أقوى عن طريق النظر والاستدلال، وليس هذا الترجيح بقطعى بل هو ترجيح للأظهر والأقوى اذ الحكم بأنه المراد القطعى تحكم فى كتاب الله، والله تعالى يقول ﴿ **وما يعلم تأويله الا الله..** ﴾(سورة آل عمران:۷)الاية والله اعلم.

اقسام التفسير:

يقسم التفسير حسب الاصطلاح العلمى الدقيق الى ثلاثة اقسام:

اولًا: (التفسير بالرواية) وهذا الذى يسمى التفسير بالنقل أو التفسير بالمأثور.

ثانياً: (التفسير بالدارية) وهذا الذى يسمى التفسير بالرأى.

ثالثاً: (التفسير بالإشارة) وهو الذى يسميه

بات ہے جسے ہم نے پسند کیا ہے اور یہی الوسی رحمہ اللہ کا خیال ہے وہ کہتے ہیں:

”مؤلفین سے کسی اعتراض کے بغیر یہ بات مشہور ہے کہ تاویل وہ معانی قدسیہ اور معارف ربانیہ ہیں جو غیب کے بادلوں سے عارفین کے قلوب پر جاری ہوتے ہیں اور تفسیر اس کے سوا ہے۔“

خلاصہ کلام یہ ہے کہ تفسیر وہ ظاہری معنی ہیں جو اللہ کی مراد پر واضح الدلالۃ ہیں اور تاویل وہ معانی خفیہ ہیں جو آیت کریمہ سے مستنبط کئے جاتے ہیں اور تامل و تفکر اور استنباط کے محتاج ہوتے ہیں اور متعدد معانی کے متحمل ہوتے ہیں اور مفسر ان میں سے نظر و استدلال کے طریق سے اقوی معنے کو ترجیح دیتا ہے اور یہ ترجیح قطعی نہیں ہوتی بلکہ وہ اظہر اور اقرب کے معنوں کی ترجیح ہوتی ہے جبکہ حکم یہ ہے کہ قطعی مراد کا فیصلہ کتاب اللہ میں ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:”**وما یعلم تاویلہ الا اللہ**“(آل عمران ۷) واللہ اعلم۔

تفسیر کی اقسام:

دقیق علمی اصطلاح کے مطابق تفسیر کی تین اقسام ہیں۔

اول: تفسیر بالروایۃ: اسے تفسیر بالنقل یا تفسیر بالماثور کا نام دیا گیا ہے۔

دوم: تفسیر بالدرایۃ: اسے تفسیر بالرائے کہتے ہیں۔

سوم: تفسیر بالاشارۃ: علماء اسے تفسیر اشاری کا نام دیتے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العلماء (التفسير الاشارى)

وسنتحدث عن كل قسم من هذه الأقسام بالتفصيل ان شاء الله ونوضح السليم من.

القسم الاول

التفسير بالروايه

هو ما جاء في القرآن' أو السنة' أو كلام الصحابة' بياناً لمراد الله تعالىٰ تفسير القرآن بالسنة النبوية' فالتفسير المأثور إما أن يكون تفسير القرآن بالقرآن' أو تفسير القرآن بالسنة النبوية أو تفسير القرآن بالمأثور عن الصحابة.

أ. مثال ما جاء تفسيره في القرآن الكريم قوله تعالىٰ: ﴿ **أحلت لكم بهيمة الأنعام الا ما يتلى عليكم..** ﴾ (سورة المائدة:١) فقد جاء تفسير قوله ﴿ **الا ما يتلى عليكم** ﴾ في آية كريمة أخرى هي قوله تعالىٰ ﴿ **حرمت عليكم الميتة والدم ولحم الخنزير وما أهل لغير الله به..** ﴾ (سورة المائدة:٣) الآية. وكذلك قوله تعالىٰ: ﴿ **والسماء والطارق** ﴾ (سورة الطارق:١) جاء تفسير الطارق في نفس السورة ﴿ **النجم الثاقب** ﴾ (سورة الطارق:٣) وكذلك قوله تعالىٰ ﴿ **فتلقى آدم من ربه كلمات فتاب عليه** ﴾ (سورة البقرة:٣٧) الآية. جاء تفسير الكلمات التي تلقاها آدم في موطن آخر من القرآن' وهي قوله تعالىٰ ﴿ **قالا ربنا ظلمنا انفسنا وان لم**

ہیں۔

ہم ابھی ان اقسام میں سے ہر قسم پر تفصیل سے گفتگو کریں گے اور صحیح کو واضح کریں گے۔

قسم اول

تفصیل بالروایۃ

یہ وہ تفسیر ہے جو قرآن یا سنت یا صحابہ کے کلام میں اللہ تعالیٰ کی مراد کی وضاحت کیلئے آئی ہے یہ سنت نبویہ سے قرآن کی تفسیر ہے اور تفسیر بالماثور یا تو قرآن کی قرآن سے تفسیر ہوگی یا سنت نبویہ سے قرآن کی تفسیر ہوگی یا صحابہ سے منقول روایات سے تفسیر قرآن ہوگی۔

ا۔ قرآن کریم میں جس کی تفسیر آئی ہے اس کی مثال اللہ کا قول: "**احلت لکم بھیمۃ الانعام الا ما یتلیٰ علیکم**" (سورۃ المائدہ:۱) اور "**مایتلی علیکم**" کی تفسیر ایک دوسری آیت میں آئی ہے اور وہ یہ ہے: "**حرمت علیکم المیتۃوالدم ولحم الخنزیر وما اھل لغیر اللہ بہ**" (سورۃ المائدہ:۳) اور اسی طرح "**والسماء والطارق**" (سورۃ الطارق:۱) کی تفسیر اسی سورت میں "**النجم الثاقب**" آئی ہے اور اسی طرح "**فتلقی آدم من ربہ کلمات فتاب علیہ**" (سورۃ البقرہ:۳۷) قرآن کریم میں ایک دوسری جگہ ان کلمات کی تفسیر آئی ہے جو حضرت آدم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے سیکھے اور وہ یہ ہے: "**قالا ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفرلنا وترحمنا لنکونن من الخاسرین**" (سورۃ الاعراف:۲۳) اسی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

16114

تغفرلنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين﴾(سورة الأعراف:٢٣)ومن الأمثلة أيضا على تفسير القرآن بالقرآن قوله تعالىٰ ﴿انا نزلناه في ليلة مباركة﴾ (سورة الدخان:٣) جاء تفسير الليلة المباركة بأنها ليلة القدر في قوله جل ذكره ﴿انا انزلناه في ليلة القدر﴾ (سورة القدر:١)إلى آخر ما هنالك.

طرح تفسیر القرآن بالقرآن کی مثال ''انا انزلناه فی لیلة مبارکة'' ہے لیلہ مبارکہ کی تفسیر لیلۃ القدر سے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:''انا انزلناه فی لیلة القدر''الخ

ب. ومثال ما جاء في السنة المطهرة تفسيراً وشرحاً للقرآن أنه ﷺ فسر الظلم بالشرك في قوله سبحانه ﴿الذين آمنوا ولم يلبسوا ايمانهم بظلم، أولئك لهم الأمن وهم مهتدون﴾(سورة الأنعام:٨٢) وأيد تفسيره هذا بقوله تعالى ﴿ان الشرك لظلم عظيم﴾(سورة لقمان:١٣).

ب۔ اور سنت مطہرہ میں قرآن کی جو تفسیر وتشریح آئی ہے اس کی مثال یہ ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ظلم کی تفسیر شرک سے کی ہے اللہ فرماتا ہے:''الذین امنوا ولم یلبسوا ایمانهم بظلم اولئك لهم الأمن وهم مهتدون''(الانعام۸۲) اور اللہ تعالیٰ کے قول:''ان الشرك لظلم عظيم'' نے آپ کی تفسیر کی تائید کی ہے۔

وفسر ﷺ الحساب اليسير ب (العرض) أى عرض الأعمال على المؤمنين وتذكيره بها فقط وذلك حين قال: ((من نوقش الحساب عذب)) فقالت السيدة عائشه له : يا رسول الله أو ليس قد قال الله تعالى ﴿فأما من أوتى كتابه بيمينه فسوف يحاسب حساباً يسيراً وينقلب الى أهله مسرورا﴾(سورة الانشقاق:٧-٩) فقال ﷺ ((ذلك العرض)) (بياناً للحساب اليسير) وأما من نوقش الحساب عذب. وكتفسيره ﷺ الصلاة الوسطى في قوله تعالىٰ ﴿حافظوا على الصلوات والصلاة الوسطى﴾ (سورة البقرة:٢٣٨) بأنها صلاة العصر.. وتفسير المغضوب عليهم، والضالين في سورة

اور آپ نے حساب یسیر کی تفسیر (العرض) سے کی ہے یعنی مومن پر اعمال کا پیش ہونا اور اس کے ذریعہ ان کو نصیحت کرنا ہے اور یہ اس وقت کی بات ہے جب آپ نے فرمایا: جس کا کرید کرید کر حساب ہوا اسے عذاب ہوگا تو حضرت عائشہؓ آپ سے کہا کیا اللہ تعالیٰ نے نہیں کہا:''اما من اوتی کتاب بیمینه فسوف یحاسب حسابا یسیرا وینقلب الی اهله مسرورا''(الانشقاق ۷۔۹) آپ نے فرمایا: یہ عرض ہے (حساب یسیر کی وضاحت کیلئے) اور جس کا کرید کرید کر حساب ہوا وہ معذب ہوگا اور ایسے ہی حضور علیہ السلام نے ''حافظوا علی الصلوات والصلوٰة الوسطیٰ'' کی تفسیر کی ہے کہ وہ نمازِ عصر ہے اور سورہ فاتحہ میں ''المغضوب علیهم اور ولا الضالین کی تفسیر یہود ونصاریٰ سے کی ہے ایسے ہی حضور علیہ السلام نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفاتحة باليهود والنصارى، ومن الأمثلة أيضاً على تفسير النبي ﷺ للآيات الكريمة تفسيره الزيادة في قوله تعالىٰ ﴿ **للذين أحسنوا الحسنى وزيادة..** ﴾(سورة يونس:٢٦) الآية. فقد فسرها بأنها النظر الى وجه الله الكريم، وكتفسيره ﷺ القوة (بالرمي) في قوله تعالىٰ: ﴿**واعدوا لهم ما استطعتم من قوة**﴾(سورة الأنفال:٦٠) فقد قال ﷺ ألا ان القوة الرمي، الا ان القوة الرمي. وكتفسير قوله تعالىٰ ﴿**يومئذ تحدث اخبارها**﴾(سورة الزلزلة:٤) قال ﷺ: ((أتدرون ما أخبارها؟ قالوا: الله ورسوله أعلم. قال: ((أن تشهد على كل عبد أو أمة بما عمل على ظهرها))، تقول: عملت يوم كذا وكذا، وأمثال هذه التفاسير كثير، وقد جمع (السيوطي) في كتابه (الاتقان في علوم القرآن) طائفة كبيرة من التفاسير النبوقية فليرجع إليه.

آیات کریمہ کی جو تفسیر کی ہے "**الناس للذين احسنوا الحسنى وزياده**" (یونس۳۶) میں زیادہ کی تفسیر اللہ کے چہرہ کا دیدار کرنا ہے اور آپ نے "**واعدوا لهم ما استطعتم من قوة**" (الانفال۶۰) میں قوت کی تفسیر رمی سے کی ہے اور فرمایا ہے: آگاہ رہو قوت سے مراد رمی ہے آگاہ رہو قوت سے مراد رمی ہے، ایسے ہی آپ نے "**یومئذ تحدث اخبارها**" کی تفسیر میں فرمایا ہے کہ تم جانتے ہو اخبارھا سے کیا مراد ہے؟ صحابہ نے عرض کیا اللہ اور اس کا رسول بہتر جانتے ہیں آپ نے فرمایا کہ وہ یعنی زمین پر آدمی اور عورت کے متعلق جو کچھ اس نے زمین کی پشت پر کیا شہادت دے گی وہ کہے گی تو نے فلاں دن یوں یوں کیا اور ان تفاسیر کی مثالیں بہت ہیں اور سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں ان تفاسیر نبویہ کا بہت بڑا حصہ جمع کیا ہے اس کی طرف رجوع کیجئے۔

وكلا هذين القسمين (تفسير القرآن بالقرآن) وتفسير (القرآن بالسنة) لا شك في أنه أعلى أنواع التفسير، ولا شك في قبوله، أما الأول فلأن الله تعالىٰ اعلم بمراد نفسه من غيره، وكتاب الله تعالىٰ أصدق الحديث لأنه لا يأتيه الباطل من بين يديه ولا من خلفه. وأما الثاني. فلان الرسول ﷺ قد بين مهمته القرآن، وذكر أنها مهمة التوضيح والبيان ﴿**وأنزلنا اليك الذكر لتبين للناس ما نزل اليهم** ﴾(سورة النحل:٤٤) الآية. فما جاء عن رسول الله ﷺ

اور یہ دونوں تفسیریں (تفسیر القرآن بالقرآن اور تفسیر القرآن بالسنۃ) بلا شبہ تفسیر کی اعلیٰ انواع میں سے ہیں اور اسکے قبول کرنے میں کوئی شبہ نہیں ہے پہلی تفسیر کے قبول کرنے میں اس لئے شک نہیں کہ اللہ تعالیٰ دوسروں کی نسبت اپنی مراد کو بہتر سمجھتا ہے اور کتاب اللہ، اصدق الحدیث ہے اس لئے کہ باطل اس کے آگے اور پیچھے راہ نہیں پا سکتا اور دوسری تفسیر کے قبول کرنے میں اس لئے کوئی شک نہیں پایا جاتا کہ رسول اللہ ﷺ کے اہم کاموں کو قرآن کے واضح کر دیا ہے اور بیان کیا ہے کہ آپ کا اہم کام توضیح و بیان ہے۔ "**وانزلنا اليك الذكر لتبين للناس مانزل**

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من شرح أو بيان بسند صحيح ثابت فانه مما لا شك فی أنه حق يجب اعتماده.

اليھم" (النمل ۴۴) پس جو شرح و بیان ثابت صحیح سند کے ساتھ رسول اللہ ﷺ کی جانب سے آیا ہے اس میں کچھ شک نہیں کہ وہ حق ہے اس پر اعتماد واجب ہے۔

ج. تفسير الصحابة:

بقی القسم الثالث من اقسام التفسير المأثور ألا وهو (تفسير الصحابة) فانه أيضاً من التفسير المعتمد المقبول، لأن الصحابة رضوان الله عليهم قد اجتمعوا بالرسول ﷺ ونهلوا من معينه الصافی، وشاهدوا الوحی والتنزيل، وعرفوا أسباب النزول، ولهم من صفاء نفوسهم، وسلامة فطرتهم، وعلو منزلتهم فی الفصاحة والبيان، ما يؤهلهم من الفهم الصحيح السليم لكلام الله، وما يجعلهم يدركون أسرار هذا القرآن أكثر من أی انسان.

ج۔ تفسیر صحابہ:

تفسیر ماثور کی اقسام میں سے تیسری قسم باقی رہ گئی اور وہ تفسیر صحابہ ہے یہ بھی اسی طرح معتمد و مقبول تفسیر ہے اس لئے کہ صحابہ رضوان اللہ علیھم نے رسول اللہ ﷺ پر اتفاق کیا اور آپ کے شفاف چشمہ سے سیراب ہوئے اور انہوں نے وحی و تنزیل کا مشاہدہ کیا اسباب نزول کی معرفت حاصل کی اور انہیں اپنے نفوس کی صفائی فطرت کی سلامتی اور وضاحت و بیان میں علو منزلت کے باعث وہ کچھ حاصل تھا جو انہیں اللہ تعالیٰ کے کلام کے صحیح و سلیم فہم کا اہل بناتا تھا ورانہیں کسی انسان سے بھی زیادہ اس قرآن کے اسرار کا پانے والا بناتا تھا۔

قال الحاكم: (ان تفسير الصحابی الذی شهد الوحی والتنزيل له حكم المرفوع) ومعنی هذا ان تفسير الصحابی له حكم الحديث النبوی الذی رفع الی النبی ﷺ فهو اذاً من المأثور.

حاکم نے بیان کیا ہے کہ اس صحابی کی تفسیر جس نے وحی وتنزیل کو دیکھا ہے مرفوع کے حکم میں ہے اور اس کا مفہوم یہ ہے کہ صحابی کی تفسیر کو اس حدیث نبوی کا حکم حاصل ہے جو حضرت نبی کریم ﷺ تک مرفوع ہے اس صورت میں وہ ماثور ہوگی۔

وأما التابعی: فقد اختلف فی تفسيره، فذهب بعض العلماء الی أنه من المأثور لأنه تلقاه من الصحابة غالباً، ومنهم من قال انه من التفسير بالرأی، أی له حكم بقية المفسرين فسروا حسب قواعد اللغة العربية دون التزام للمأثور.

اور تابعی کی تفسیر میں اختلاف کیا گیا ہے بعض علماء کا خیال ہے کہ وہ بھی ماثور ہی سے ہے اس لئے اس نے اسے غالباً صحابہؓ سے حاصل کیا ہے اور ان میں سے کچھ لوگوں نے کہا ہے کہ وہ تفسیر بالرائے میں سے ہے یعنی اسے بقیہ مفسرین کا حکم حاصل ہے انہوں نے ماثور کا التزام کئے بغیر لغت عربیہ کے قواعد کے مطابق تفسیر کی ہے۔

ملاحظة: التفسير بالمأثور من أجود أنواع

نوٹ: تفسیر بالماثور تفسیر کی بہترین انواع میں سے ہے جب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التفسیر اذا صح سنده الی الرسول ﷺ أو الی الصحابة. وینبغی التثبت من الروایة عند ذکر التفسیر بالمأثور.. قال الحافظ (ابن کثیر) رحمه الله: ان اکثر التفسیر المأثور قد سری الی الرواة من زنادقة الیهود والفرس، ومسلمة أهل الکتاب، وجل ذلك فی قصص الرسل مع أقوامهم، وما یتعلق بکتبهم ومعجزاتهم، وفی تاریخ غیرهم کأصحاب الکهف.. الخ. فینبغی اذا التثبت من الروایة.

أسباب ضعف الروایة بالمأثور:

ذکرنا فیما تقدم أن تفسیر بعض القرآن ببعض، وتفسیر القرآن بالسنة الصحیحة المرفوعة الی النبی ﷺ لا شك فی قبوله ولا خلاف فی أنه من أعلی مراتب التفسیر، وأما تفسیر القرآن بالماثور عن الصحابة والتابعین فانه یتطرق الیه الضعف من وجوه:

أولاً: اختلاط الصحیح بغیر الصحیح، ونقل کثیر من الأقوال المنسوبة الی الصحابة أو التابعین من غیر اسناد ولا تثبت، مما ادی الی التباس الحق بالباطل.

ثانیاً: أن تلك الروایات ملیئة (بالاسرائیلیات) ومنها کثیر من الخرافات التی تصادم العقیدة الاسلامیة، والتی قام الدلیل علی بطلانها، وهی مما دخل علی المسلمین من أهل الکتاب.

ثالثاً: أن بعض أصحاب المذاهب المتطرفة لفقوا أقوالاً، وصنعوا أباطیل نسبوها الی بعض

اس کی سند رسول اللہ ﷺ یا صحابہ کی طرف صحیح ہو تفسیر بالماثور کے ذکر کے وقت روایت کی چھان بین کرنا چاہیئے حافظ ابن کثیر رحمہ اللہ نے فرمایا ہے کہ تفسیر ماثور کا اکثر حصہ یہودیوں' ایرانیوں اور مسلمہ اہل کتاب کی طرف چلا گیا ہے اور اس کا بڑا حصہ رسولوں کے اپنی اقوام کے ساتھ واقعات اور ان کی کتابوں اور ان کے معجزات کے بارے میں ہے۔ اور ان کے غیر کی تاریخ جیسے اصحاب کہف کے بارے میں ہے اس صورت میں روایت کی چھان کرنی چاہئے۔

روایت بالماثور کے اسبابِ ضعف:

ہم پہلے بیان کر چکے ہیں کہ تفسیر القرآن بالقرآن اور تفسیر القران بالسنۃ الصحیحۃ المرفوعۃ کے قبول کرنے میں کوئی شک نہیں اور نہ ہی اس بارے میں کوئی اختلاف ہے کہ وہ تفسیر کے اعلیٰ مراتب میں سے ہے اور باقی صحابہ اور تابعین سے منقول روایات سے تفسیر تو اس میں کئی وجوہ سے ضعف آجاتا ہے۔

اول: صحیح کا غیر صحیح سے اختلاط ہونا اور بغیر اسناد اور چھان بین کے صحابہ اور تابعین کی طرف منسوب اقوال کا نقل ہونا حق کے ساتھ باطل کے التباس تک پہنچاتا ہے۔

دوم: یہ روایات اسرائیلیات سے ملی ہوئی ہیں اور ان میں بہت سے خرافات پائی جاتی ہیں جو اسلامی عقیدے سے ٹکراتی ہیں اور ان کے بطلان پر دلیل قائم ہے اور وہ یہ کہ یہ روایات اہل کتاب کی طرف سے مسلمانوں میں داخل کی گئی ہیں۔

سوم: مذاہب کے بعض بے اعتدال لوگوں نے جھوٹے اور باطل اقوال گھڑے اور بعض صحابہ کی طرف منسوب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصحابة مثل (الشيعة) شيعة على المتطرفين نسبوا اليه ما هو منه بريء، ومثل أولئك المتزلفين للعباسيين نسبوا الى (ابن عباس) مالم يصح نسبته اليه، تملقاً للحكام.

کر دیئے جیسے شیعہ۔ حضرت علیؓ کے بے اعتدال پیروکاروں نے آپ کی طرف وہ باتیں منسوب کی ہیں جن سے آپ بری ہیں ایسے ہی عباسیوں کا قرب حاصل کرنے والوں نے حکام کی چاپلوسی کیلئے حضرت ابن عباسؓ کی طرف وہ باتیں منسوب کر دی ہیں جن کی نسبت آپ کی طرف صحیح نہیں ہے۔

رابعاً: أن بعض الزنادقة من أعداء الاسلام دسوا على الصحابة والتابعين كما دسوا على رسول الله ﷺ في الأحاديث النبوية: وذلك بفرض هدم الدين عن طريق (الدس والوضع) فمن هذه الناحية ينبغي الاحتياط والتثبيت والحذر من الأقوال التي تنسب الى الصحابة الكرام أو التابعين.(۱)

چہارم: دشمنانِ اسلام میں سے بعض زنادقہ نے صحابہ اور تابعین کے خلاف ایسے ہی سازش کی ہے جیسے انہوں نے احادیث نبویہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف کیں اور یہ سازش بناوٹ کے طریق سے دین کو تباہ کرنا تھا اس پہلو سے ان اقوال میں سے جو صحابہ کرام اور تابعین کی طرف منسوب ہیں احتیاط کرنی چاہئے اور ان کی چھان بین کرنی چاہئے۔

رأى الزرقاني في مناهل العرفان:

مناهل العرفان میں زرقانی کی رائے:

وقد ذكر الأستاذ (الزرقاني) في كتابه مناهل العرفان كلاماً حسناً حول التفسير بالمأثور بعد أن ذكر نقولاً عن الامام أحمد رحمه الله، وعن ابن تيمية رحمه الله فقال: (وكلمة الانصاف في هذا الموضوع أن التفسير بالمأثور نوعان:

استاذ زرقانی نے اپنی کتاب مناهل العرفان میں امام احمد رحمہ اللہ اور ابن تیمیہ رحمہ اللہ کی نقول کے ذکر کے بعد تفسیر بالماثور کے بارے میں بہت اچھی گفتگو کی ہے۔ (اور اس موضوع کے متعلق انصاف کی بات یہ ہے کہ تفسیر بالماثور کی دو قسمیں ہیں:

www.KitaboSunnat.com

أحدهما: ما توافرت الادلة على صحته وقبوله، وهذا لا يليق بأحد رده، ولا يجوز اهماله واغفاله، ولا يجمل ان نعتبره من الصوارف عن هدى القرآن، بل هو على العكس عامل من أقوى العوامل على الاهتداء بالقرآن.

ایک یہ کہ جس کی صحت وقبول پر وافر دلائل ہوں اور اس کا رد کرنا کسی کو مناسب نہیں اور نہ اس سے اہمال واغفال جائز ہے اور نہ ہی یہ اچھی بات ہے کہ ہم اسے قرآنی ہدایت سے پھیر دینے والی چیز خیال کریں بلکہ یہ اس کے الٹ قرآن سے ہدایت پانے کا قوی ترین عامل ہے۔

ثانيهما: مالم يصح لسبب من الأسباب

دوسرے یہ کہ جب تک وہ اسباب آنفہ یا دیگر اسباب

(۱) أنظر كتاب (مناهل العرفان) للزرقاني ص ۴۹۱.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الآنفة أو غيرها، وهذا يجب رده ولا يجوز قبوله ولا الاشتغال به، ولا يزال كثير من أيقاظ المفسرين كابن كثير يتحرون الصحة فيما ينقلون، ويزيفون ما هو باطل أو ضعيف).

میں سے کسی سبب سے صحیح ثابت نہ ہو تو اس کا رد کرنا واجب ہے اور اس کا قبول کرنا اور اس میں مشغول ہونا جائز نہیں اور ہمیشہ ہی محتاط مفسرین جیسے ابن کثیر وغیرہ۔ جسے وہ نقل کرتے ہیں اس کی صحت کی جستجو کرتے تھے اور جو باطل یا ضعیف ہوتا اس کو باطل وضعیف قرار دیتے ہیں۔

أشهر المفسرين من الصحابه:

قال السيوطي في (الاتقان): (اشتهر بالتفسير من الصحابة عشرة: الخلفاء الأربعة، وابن مسعود، وابن عباس، وأبي بن كعب، وزيد بن ثابت، وأبو موسى الأشعري، وعبدالله بن الزبير... أما الخلفاء فأكثر من روى عنه فهم: (علي بن ابي طالب) كرم الله وجه، والرواية عن الثلاثة قليلة جداً، وكان السبب في ذلك تقدم وفاتهم) انتهى:

وأما السبب في قلة الرواية عن الثلاثة (أبي بكر و عمر وعثمان) فإنما يرجع كما نبه اليه السيوطي الى قصر مدة خلافتهم وتقدم وفاتهم، ومن ناحية أخرى. فانهم قد عاشوا في وسط اغلب اهله كانوا علماء بكتاب الله، لأنهم صاحبوا الرسول ﷺ فكانوا واقفين على أسرار التنزيل عارفين بمعانيه وأحكامه، أما (علي) رضي الله عنه فقد عاش بعد الخلفاء الثلاثه في وقت اتسعت فيه رقعة الاسلام، ودخل كثير من العجم في الدين الجديد، ونشأ جيل من أبناء الصحابة كانوا بحاجة الى دراسة القرآن، وتفهم أسراره وحكمه، ولذلك اشتهرت الرواية عنه أكثر

مشہور مفسر صحابہؓ:

سیوطی نے اتقان میں بیان کیا ہے کہ صحابہ میں سے دس صحابہ نے تفسیر میں شہرت پائی ہے۔ خلفاء اربعہ، حضرت ابن مسعود، حضرت ابن عباس، حضرت ابی بن کعب، حضرت زید بن ثابت، حضرت ابوموسیٰ اشعری اور حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہم...... خلفاء میں سے سب سے زیادہ روایات حضرت علیؓ بن ابی طالب کی ہیں اور باقی خلفائے ثلاثہ کی بہت کم روایات ہیں اور اس کا سبب ان کا پہلے وفات پا جانا ہے اور خلفائے ثلاثہ سے قلت روایت کا سبب یہ ہے کہ جیسا کہ سیوطی نے بیان کیا ہے ان کی مدت خلافت کا کم ہونا اور ان کی وفات کا پہلے ہونا ہے اور دوسرے پہلو سے ان کا ان لوگوں کے درمیان زندگی گزارنا ہے جن میں سے اکثر لوگ کتاب اللہ کے عالم تھے اس لئے کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کی مصاحبت کی تھی اور وہ اسرار تنزل کے واقف اور اس کے احکام ومعانی کے عارف تھے اور حضرت علیؓ خلفائے ثلاثہ کے بعد ایسے وقت میں زندہ رہے جس میں اسلام کا علاقہ وسیع ہو گیا اور بہت سے عجمی، دین مدید میں داخل ہو گئے اور صحابہ کے بیٹوں میں سے ایک نسل پروان چڑھی جسے قرآن کے پڑھنے اور اس کے اسرار وحکم کی تفہیم کی ضرورت تھی اس لئے بقیہ خلفائے راشدین کی نسبت ان کی روایت زیادہ شہرت پا گئی اور ہم اب بعض ان صحابہ کی تفصیل بیان کریں گے جنہوں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من بقية الخلفاء الراشدين. وسنتكلم بشيء من التفصيل عن بعض هؤلاء الصحابة الذين اشتهروا بتفسير القرآن.

نے تفسیر قرآن میں شہرت پائی۔

١- عبدالله بن عباسؓ:

عبدالله بن العباس رضى الله عنهما حبر هذه الأمة، وهو ابن عم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم الذى دعا له الرسول الكريم بقوله: ((اللهم فقهه فى الدين وعلمه التأويل)) وهو المسمى ب (ترجمان القرآن). قال عبدالله بن مسعود: (نعم ترجمان القرآن عبدالله بن عباس). كان أعلم الصحابة بتفسير القرآن الكريم، وقد شهد له بالفضل. وهو شاب فى عنفوان الصبا. كبار الصحابة حتى كان ينافسهم وينتزع اعجابهم مع حداثة سنه، وكان عمر رضى الله عنه يدخله الى مجلس الشورى مع كبار الصحابة الأجلاء يستشيرهم، وربما عرض الأمر عليه، وكان تقدير عمر لابن عباس مثار جدل عند بعض الصحابة، حتى قال بعضهم: لم يدخل هذا الشاب معنا وعندنا من الأولاد من هو أكبر منه سناً.. وله قصة رواها البخارى فى صحيحه تدل على غزارة علمه، وعلو شأنه فى الغوص على دقائق أسرار القرآن.

١-حضرت عبداللہ بن عباسؓ:

آپ اس امت کے عالم اور رسول اللہ ﷺ کے وہ چچا زاد ہیں جن کے لئے رسول اللہ ﷺ نے دعا فرمائی۔ اللهم فقهه في الدين وعلمه التاويل۔ ترجمہ: اے اللہ اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور اسے تاویل سکھا۔ آپ کو ترجمان القرآن کہتے ہیں حضرت عبداللہ بن مسعود نے فرمایا (عبداللہ بن عباسؓ کیا ہی اچھا ترجمان القرآن ہے) آپ صحابہ میں سے قرآن کریم کی تفسیر کے بڑے عالم تھے اور کبار صحابہ نے آپ کی فضیلت کی گواہی دی ہے۔ حالانکہ آپ نوعمر جوان تھے۔ حتیٰ کہ آپ نوعمری کے باوجود ان سے مقابلہ کرتے اور ان کی خود پسندی کو دور کر دیتے تھے اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ جلیل القدر کبار صحابہ کے ساتھ آپ کو مجلس شوریٰ میں شامل کرتے تھے اور ان سے مشورہ لیتے تھے اور بسا اوقات آپ ان پر معاملے کو پیش کرتے اور حضرت عمرؓ کا حضرت ابن عباسؓ کی قدر دانی کرنا بعض صحابہ کے نزدیک جھگڑا پیدا کرنے کا موجب بن جاتا حتیٰ کہ بعض صحابہ نے آپ سے کہا اس نوجوان کو ہمارے ساتھ شامل نہ کیجئے ہمارے بیٹے اس سے زیادہ عمر کے ہیں اور بخاری نے آپ کے ایک واقعہ کو اپنی صحیح میں بیان کیا ہے جو آپ کی غزارت علم اور اسرار قرآن کے دقائق میں آپ کی غوطہ زنی کی علو شان پر دلالت کرتا ہے بیان کیا ہے۔

رواية البخارى:

روى البخارى من طريق (سعيد بن جبير)

بخاری کی روایت:

بخاری نے سعید بن جبیرؓ کے طریق سے بحوالہ ابن

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: كان عمر يدخلنى مع أشياخ بدر، فكان بعضهم وجد فى نفسه، فقالوا: لم يدخل هذا معنا وان لنا أبناء مثله؟ فقال عمر: انه ممن علمتم (يعنى انه من عرفتم ذكاء وعلمه) فدعاهم ذات يوم فأدخلنى معهم، فما رأيت أنه دعانى فيهم يومئذ الا ليريهم.! فقال: ما تقولون فى قول الله تعالىٰ ﴿اذا جاء نصر الله والفتح ﴾ (سورة النصر:١)... فقال بعضهم: أمرنا أن نحمد الله ونستغفره اذا نصرنا وفتح علينا، وسكت بعضهم فلم يقل شيئاً، فقال لى: أكذلك تقول: ابن عباس؟ فقلت: لا، فقال: ما تقول؟ فقلت: هو أجل رسول الله صلى الله عليه وسلم أعلمه له، قال: اذا جاء نصر الله والفتح، فذلك علامة أجلك، فسبح بحمد ربك واستغفره انه كان تواباً، فقال عمر. والله لا اعلم منها الا ما تقول[1]. فهذه القصة تدل على مدى قوة فهمه، ودقة رأيه فى استنباط الارشادات القرآنية التى لا يدركها الا الراسخون فى العلم.. ولا عجب أنه ينال ابن عباس تلك الرتبة الرفيعة فى فهم أسرار القرآن، فقد دعا له الرسول صلى الله عليه وسلم بالفهم والفقة فى الدين كما روى الشيخان عن ابن عباس رضى الله عنهما قال: ضمنى رسول الله الى صدره وقال: ((اللهمّ فقهه فى الدين وعلمه التأويل))، وفى رواية ((اللهمّ علمه

عباسؓ روایت کی ہے کہ حضرت عمرؓ مجھے اشیاخ بدر میں شامل کیا کرتے تھے اور بعض نے گویا اس سے دکھ محسوس کیا اور انہوں نے کہا اسے ہمارے ساتھ شامل نہ کیا جائے کیونکہ اس جیسے ہمارے بیٹے بھی ہیں؟ حضرت عمرؓ نے فرمایا یہ ان لوگوں میں سے ہے جس کے علم و ذکاء کو تم جانتے ہو' سو ایک روز آپ نے ان کو بلایا اور مجھے بھی ان کے ساتھ داخل کیا اور اس روز آپ نے ان کو دکھانے کے لیے مجھے بلایا آپ نے پوچھا آپ لوگ اللہ تعالیٰ کے قول **اذا جاء نصر الله والفتح** کے بارے میں کیا کہتے ہیں بعض نے کہا ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ جب وہ ہماری مدد کرے اور فتح دے تو ہم اس کی حمد کریں اور اس سے بخشش طلب کریں اور بعض خاموش رہے اور انہوں نے کچھ نہ کہا آپ نے مجھے فرمایا اے ابن عباسؓ کیا تم بھی یہی کہتے ہو میں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تو کیا کہتا ہے میں نے کہا اس سے رسول اللہ ﷺ کی موت مراد ہے جسے اللہ نے آپ کو بتایا اور فرمایا جب اللہ کی مدد اور فتح آئے تو یہ آپ کی اجل کی علامت ہوگی پس تو اپنے رب کی حمد کر اور اس سے بخشش طلب کر بلاشبہ وہ بہت توبہ قبول کرنے والا ہے حضرت عمرؓ نے فرمایا قسم بخدا میں بھی اس بارے میں وہی بات سمجھتا ہوں جو تو نے کہی ہے یہ واقعہ آپ کی قوت فہم کی غایت اور ان ارشادات قرآنیہ کے استنباط (جنہیں راسخون فی العلم ہی پا سکتے ہیں) میں آپ کی دقت رائے پر دلالت کرتا ہے اور اس میں کوئی حیرت کی بات نہیں کہ حضرت ابن عباسؓ اسرار قرآن کے فہم میں اس رتبہ عالیہ کو حاصل کر لیں۔ رسول اللہ ﷺ نے دین میں ان کے فہم وتفقہ کی دعا کی ہے جیسا کہ شیخین نے حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت کی

(١) أنظر: صحيح البخارى، باب فضائل الصحابة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحكمة)).. وكان (ابن عباس) يسمى البحر لكثرة علمه.

ہے آپ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے اپنے سینے کے ساتھ لگایا اور فرمایا: اے اللہ اسے دین کی سمجھ عطا کر اور اسے تاویل سکھا۔ اور ایک روایت میں ہے کہ اے اللہ اسے حکمت سکھا دے۔ اور حضرت ابن عباسؓ کو آپ کے کثرت علم کی وجہ سے علم کا سمندر کہا جاتا تھا۔

روى أن رجلاً أتى (عبدالله بن عمر) يسأله عن السموات والأرض (كانتا رتقاً ففتقناهما) فقال: اذهب الى ابن عباس فاسأله ثم تعال فأخبرني! فذهب فسأله فقال: كانت السموات رتقاً لا تمطر، وكانت الأرض رتقاً لا تنبت، ففتق هذه بالمطر، وهذه بالنبات، فرجع الى ابن عمر فأخبره فقال: قد كنت أقول ما يعجبني جراءة ابن عباس على تفسير القرآن، فالآن، فالآن قد علمت أنه أوتي علماً.

روایت ہے کہ ایک شخص حضرت عبداللہ بن عمرؓ کے پاس آسمانوں اور زمین کے متعلق پوچھتے ہے کہ وہ (**كانتا رتقاً ففتقناهما**) دونوں جڑے ہوئے تھے ہم نے انہیں کھول دیا حضرت عبداللہؓ نے کہا حضرت ابن عباس کے پاس جا اور ان سے پوچھ پھر آ کر مجھے بتا۔ وہ آدمی گیا اور اس نے آپ سے پوچھا آپ نے فرمایا: آسمان جڑے ہوئے تھے بارش نہیں برساتے تھے اور زمین بھی جڑی ہوئی تھی۔ اگاتی نہیں تھی پس (آسمان) بارش سے پھٹ گیا اور یہ (زمین) نباتات سے پھٹ گئی اس شخص نے حضرت ابن عمرؓ کے پاس واپس آ کر آپ کو بتایا تو آپ نے کہا میں کہا کرتا تھا کہ تفسیر قرآن پر ابن عباس کی جرأت مجھے حیرت میں ڈالتی ہے اب مجھے معلوم ہو گیا ہے کہ اسے علم دیا گیا ہے۔

وروى أن عمر بن الخطاب قال يوماً لأصحاب النبي ﷺ فيمن ترون هذه الآية نزلت ﴿**أيود أحدكم أن تكون له جنة من نخيل واعناب..**﴾(سورة البقرة:٢٦٦) الآية. قالوا: الله أعلم فغضب عمر، فقال: قولوا: نعلم أولا نعلم، فقال ابن عباس: في نفسي منها شيء فقال: يا ابن أخي قل ولا تحقر نفسك!! قال ابن عباس، ضربت مثلاً لعمل، فقال عمر: أي عمل؟ قال ابن عباس: لرجل غني يعمل بطاعة الله ثم

روایت ہے کہ ایک روز حضرت عمر بن الخطابؓ نے حضرت نبی کریم ﷺ کے صحابہ سے فرمایا آپ لوگوں کے خیال میں یہ آیت **أيود أحدكم أن تكون له جنة من نخيل واعناب..** (سورۃ البقرہ:۲۶۶) کن لوگوں کے بارے میں نازل ہوئی ہے انہوں نے کہا اللہ ہی بہتر جانتا ہے تو حضرت عمر غضبناک ہو گئے اور فرمایا کہو ہم جانتے ہیں یا نہیں جانتے۔ حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ میرے دل میں اس کے متعلق کچھ بات تھی حضرت عمرؓ نے فرمایا اے میرے بھتیجے کہہ اور اپنے آپ کو حقیر خیال نہ کر۔ حضرت ابن عباسؓ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بعث له الشيطان فعمل بالمعاصي حتى أغرق أعماله. ((رواه البخاری)).

نے کہا۔ عمل کے لیے مثال بیان کی گئی ہے حضرت عمرؓ نے پوچھا کون سا عمل؟ حضرت ابن عباسؓ نے کہا مالدار شخص کے لیے جو اللہ کی اطاعت کے لیے کام کرتا ہے پھر شیطان اسے برانگیختہ کرتا ہے تو وہ گناہ کرنے لگتا ہے حتیٰ کہ اپنے اعمال کو غرق کر دیتا ہے اسے بخاری نے روایت کیا ہے۔

كل هذه وأمثاله كثير يدل على مبلغ علم ابن عِباس وفهمه الثاقب منذ حداثة سنه، ولهذا أصبح في مصاف كبار شيوخ الصحابة، وأصبح يدعى حبر الأمة بشهادة الصحابة أنفسهم.

یہ سب اور اس کی بہت سی مثالیں حضرت ابن عباس کی نوعمری سے ہی آپ کے مبلغ علم اور فہم ثاقب پر دلالت کرتی ہیں اس لئے آپ کبار شیوخ صحابہ کے میدان میں ہو گئے ہیں اور خود صحابہ کی شہادت سے آپ کو حبر الأمة یعنی امت کا سب سے بڑا عالم کہا جانے لگا ہے۔

شيوخ ابن عباس:

ومن شيوخ ابن عباس الذين استقى منهم علومه بعد رسول الله ﷺ، وكان لهم أبرز الأثر في توجيهه وثقافته (عمر بن الخطاب، وأبي بن كعب، وعلى بن أبي طالب، وزيد بن ثابت) وهؤلاء الخمسة هم أهم شيوخه الذين أخذ عنهم أكثر علمه وتلقى منهم معظم ثقافته، وكان لهم أثر في توجيهه تلك الوجهة العلمية الدقيقة.

حضرت ابن عباسؓ کے شیوخ:

رسول اللہ ﷺ کے بعد حضرت ابن عباسؓ نے جن شیوخ سے اپنے علوم حاصل کئے اور آپ کی تعلیم و تربیت میں ان کا نمایاں اثر تھا وہ حضرت عمر بن الخطاب، حضرت ابی بن کعب، حضرت علی بن ابی طالب اور حضرت زید بن ثابت رضی اللہ عنہم تھے اور یہی پانچوں آپ کے اہم شیوخ ہیں جن سے آپ نے اپنا اکثر علم حاصل کیا اور اپنی تعلیم کا بڑا حصہ ان سے حاصل کیا اور اس دقیق علمی جانب کی اصلاح میں ان کا اثر تھا۔

تلامذة ابن عباس:

تلقى العلم عن ابن عباس عدد كبير من التابعين كان من أشهرهم تلامذته المشهورون الذين نقلوا تفسيره وعلمه الغزيه وهم: (سعيد بن جبير، ومجاهد بن جبر الخزرمي، وطاووس بن كيسان اليماني، وعكرمة مولى ابن عباس، وعطاء بن أبي رباح) وهؤلاء هم أظهر تلامذة الذين نقلوا مدرسة ابن عباس في التفسير إلينا

حضرت ابن عباسؓ کے تلامذہ:

تابعین کی ایک بڑی تعداد نے حضرت ابن عباس سے علم حاصل کیا ہے آپ کے مشہور تلامذہ میں سے جنہوں نے آپ کی تفسیر اور آپ کے علم کثیر کو نقل کیا وہ سعید بن جبیر، مجاہد بن جبیر الخزرمی، طاؤس بن کیسان یمانی، عکرمہ مولیٰ ابن عباس، عطاء بن ابی رباح رحمہم اللہ تعالیٰ ہیں اور یہ وہ نمایاں تلامذہ ہیں جنہوں نے تفسیر کے بارے میں ابن عباس رضی اللہ عنہما کے دروس کو ہماری طرف منتقل کیا ہے۔ اللہ سب سے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رضی الله عنه جميعاً.

۲- عبدالله بن مسعود:

ومن أعلام الصحابة الذين اشتهروا بالتفسير. ونقلوا لنا آثار الرسول وأقواله (عبدالله بن مسعود) رضی الله عنه، فقد كان من السابقين الى الاسلام، وكان سادس سنة ما على وجه الأرض مسلم سواهم، وكان خادم رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم يلبسه نعليه، ويمشي معه وأمامه، فكان له من هذه الصلة النبوية خير مثقف ومؤدب، لذلك عدّوه من أعلم الصحابة بكتاب الله، ومعرفة محكمه ومتشابهه، وحلاله وحرامه، قال السيوطی. قد روی عن ابن مسعود فی التفسير أكثر مما روی عن علی كرم الله وجهه. روی الشيخان عنه أنه قال: (والذی لا إله غيره ما نزلت سورة من كتاب الله تعالىٰ إلا وأنا أعلم أين أنزلت، ولا أنزلت آية من كتاب الله تعالىٰ إلا وأنا أعلم فيم أنزلت، ولو أعلم أحداً أعلم منی بكتاب الله تبلغه الابل لركبت إليه..) روی عنه كثير من التابعين.

راضی ہو۔

۲- حضرت عبداللہ بن مسعودؓ:

آپ ان سردار صحابہ میں سے ہیں جنہوں نے تفسیر میں شہرت پائی اور ہمارے لئے رسول اللہ ﷺ کے اقوال وآثار کو نقل کیا آپ اسلام کی طرف سبقت لے جانے والوں میں سے ہیں آپ چھ سال کے تھے اور سطح زمین پر ان کے سوا کوئی مسلمان نہ تھا آپ رسول ﷺ کے خادم تھے آپ حضور علیہ السلام کو آپ کے جوتے پہناتے تھے اور کبھی آپ کے ساتھ اور کبھی آپ کے آگے آگے چلتے تھے اور اس نبوی تعلق سے آپ بہترین مہذب ومودب تھے اسی لئے انہوں نے آپ کو کتاب اللہ اور اس کے محکم ومتشابہ اور اس کے حلال وحرام کی معرفت میں اعلم صحابہ میں شمار کیا گیا ہے سیوطی نے بیان کیا ہے کہ حضرت ابن مسعودؓ سے تفسیر میں حضرت علی بن ابی طالب سے بھی زیادہ روایت کی گئی ہے۔ شیخین نے آپ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کتاب اللہ میں جو سورت بھی نازل ہوئی ہے جانتا ہوں کہ وہ کہاں نازل ہوئی ہے اور کتاب اللہ میں جو آیت بھی نازل ہوئی ہے میں جانتا ہوں کہ وہ کس کے بارے میں نازل ہوئی ہے اور اگر میں کسی کو جانتا کہ وہ مجھ سے کتاب اللہ کا زیادہ عالم ہے اور اونٹ اس تک مجھے پہنچا سکتے ہیں تو میں سوار ہو کر اس کے پاس جاتا۔ آپ سے بہت سے تابعین نے روایت کی ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل السادس

المفسرون من التابعين

اذا ذكر المفسرون من التابعين فانهم يعتبرون كثرة كثيرة، ويعدون فی العدد أكثر من الصحابة، ذلك لأن الذين اشتهروا بالتفسير من الصحابة لا يزيدون على عشرة. كما ذكر ذلك السيوطى فی كتابه الاتقان. وقد تقدم معنا أسماؤهم، وذكرنا نبذة عن ترجمة مشاهيرهم، أما التابعون فقد كثرفيهم المفسرون، واشتهروا شهرة واسعة، ونبغ فيهم رجال أفذاذ، اعتنوا عناية كبيرة بتفسير كتاب الله تعالى وعنهم نقل المفسرون معظم الآراء، وقد انقسموا إلى طبقات ثلاث:

١- طبقة أهل مكة.

٢- طبقة أهل المدينة.

٣- طبقة أهل العراق.

١- أما الطبقة الأولى:

وهی طبقة اهل مكة، فقد أخذوا علومهم، من شيخ المفسرين، وترجمان القرآن، سيدنا عبدالله بن عباس رضی الله عنه وأرضاه، وقد نقل السيوطی عن ابن تيمية رحمه الله أنه قال: (أعلم الناس بالتفسير أهل مكة، لأنهم أصحاب عبدالله بن عباس) . وقد اشتهر فيهم عدد كبير، وظهر فيهم رجال أفذاذ، على رأسهم (مجاهد، وعطاء،

چھٹی فصل

مفسر تابعین

جب تابعین میں سے مفسرین کا ذکر کیا جائے گا تو وہ بہت سے ہوں گے اور صحابہ سے بھی زیادہ تعداد میں ہوں گے اس لئے کہ صحابہ میں سے جن لوگوں نے تفسیر میں شہرت پائی وہ دس سے زیادہ نہ ہوں گے جیسا کہ سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں بیان کیا ہے اور قبل ازیں ان کے نام بیان ہو چکے ہیں اور ہم نے ان کے مشاہیر کے مختصر سوانح کا ذکر کیا ہے اور تابعین میں بہت مفسر ہوئے ہیں اور انہوں نے بڑی شہرت پائی ہے اور ان میں یگانہ فائق لوگ ہوئے ہیں جنہوں نے کتاب اللہ کی تفسیر کا بڑا اہتمام کیا ہے اور مفسرین نے ان سے آراء کا بڑا حصہ روایت کیا ہے اور وہ تین طبقات میں تقسیم ہوئے ہیں۔

ا۔ اہل مکہ کا طبقہ

۲۔ اہل مدینہ کا طبقہ

۳۔ اہل عراق کا طبقہ

ا۔ پہلا طبقہ:

اہل مکہ کا طبقہ ہے انہوں نے اپنے علوم شیخ المفسرین ترجمان القرآن سیدنا حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے حاصل کئے ہیں اور سیوطی نے ابن تیمیہ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: اہل مکہ سب لوگوں سے زیادہ تفسیر کو جانتے ہیں اس لئے کہ وہ حضرت عبداللہ بن عباسؓ کے اصحاب ہیں اور ان میں سے بڑی تعداد نے شہرت پائی ہے اور ان میں یگانہ لوگ ہوئے ہیں ان کے سرکردہ مجاہد، عطاء، عکرمہ، طاؤس اور سعید

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وعكرمة، وطاووس وسعيد بن جبير) وسنعرض بترجمة موجزة لحياة هؤلاء العلماء الاعلام.

بن جبیر ہیں اور ہم ان بڑے علماء کی زندگی کے مختصر سوانح بیان کریں گے۔

(مجاهد بن جبر):

حضرت مجاہد بن جبرؒ:

أما مجاهد: فقد ولد سنة ٢١ وتوفى سنة ١٠٣ هجرية، وهو مجاهد بن جبر، وكنيته (أبو الحجاج) المكي كان من أشهر العلماء في التفسير، قال عنه الذهبي: ((شيخ القراء والمفسرين بلا مراء، أخذ التفسير عن ابن عباس))[١].

آپ ۲۱ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰۳ھ میں وفات پائی آپ مجاہد بن جبر ہیں اور آپ کی کنیت ابوالحجاج مکی ہے آپ تفسیر کے مشہور علماء میں سے ہیں ذہبی نے آپ کے متعلق بیان کیا ہے کہ آپ بلا نزاع شیخ القراء والمفسرین ہیں اور آپ نے حضرت ابن عباس سے تفسیر سیکھی ہے۔

وكان من أخص تلامذته، ومن أوثق من روى عنه، ولهذا يعتمد البخارى كثيراً على تفسيره كما يعتمد كثير من المفسرين على روايته، تنقل فى الأسفار، واستقر فى الكوفة، وكان لا يسمع بأعجوبة إلا ذهب فنظر إليها.

اور آپ ابن عباسؓ کے خاص تلامذہ میں سے تھے اور جن لوگوں نے ان سے روایت کی ہے ان میں سے زیادہ ثقہ تھے اسی لئے امام بخاری آپ کی تفسیر پر بڑا اعتماد کرتے ہیں ایسے ہی بہت سے مفسرین بھی آپ کی روایت پر اعتماد کرتے ہیں آپ اسفار میں نقل مکانی کرتے رہے اور کوفہ میں ٹک گئے اور آپ جس عجیب چیز کے متعلق سنتے اسے جا کر دیکھتے۔

تلقى مجاهد تفسير كتاب الله عن شيخه الجليل (ابن عباس) وقرأه عليه قراءة تفهم وتدبر، ووقوف عند كل آية من آيات القرآن، يسأله عن معناها، ويستفسره عن أسرارها، روى الفضيل بن ميمون عن مجاهد أنه قال:

((عرضت القرآن على ابن عباس ثلاث عرضت، أقف عند كل آية منه أسأله عنها: فيما أنزلت؟ وكيف أنزلت))؟.

وهذا العرض من (مجاهد) رضى الله عنه على شيخه الجليل انما كان طلباً لتفسير ومعرفة

مجاہد نے کتاب اللہ کی تفسیر اپنے شیخ ابن عباسؓ سے سیکھی اور اسے آپ کو سنایا اور فہم و تدبر کیا اور قرآن کی ہر آیت پر واقفیت حاصل کی آپ حضرت ابن عباسؓ سے آیت کے معنی پوچھتے اور اس کے اسرار کے متعلق آپ سے استفسار کرتے، فضیل بن میمون نے مجاہد سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ: میں نے قرآن کریم کو حضرت ابن عباسؓ پر تین بار پیش کیا میں اس کی ہر آیت پر ٹھہرتا اور اس کے بارے میں آپ سے پوچھتا کہ وہ کس بارے میں نازل ہوئی ہے اور کیسے نازل ہوئی ہے اور مجاہد کی طرف سے اپنے جلیل القدر شیخ پر یہ پیشی آپ کی تفسیر کی طلب اور آپ کے اسرار و دقائق کی

(١) أنظر الأعلام، ج٦، ص١٦١

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أسراره ودقائقه، وتفهم حكمه وأحكامه، ولهذا قال الامام النووی رحمه الله:

((اذا جاء ك التفسير عن مجاهد فحسبك به)) أی يكفی هذا التفسير ويغنی عن غيره من التفاسير اذا كان روايه الإمام مجاهد.

(عطاء بن أبی رباحؒ):

وأما عطاء بن أبی رباح: فقد ولد سنة ٢٧ هجرية وتوفی سنة ١١٤ هجرية نشأ بمكة وكان مفتی أهلها ومحدثهم، وهو تابعی من أجلاء الفقهاء، وكان ثبتاً ثقةً فی الرواية عن ابن عباس.[1] قال عنه الإمام الأعظم أبو حنيفة النعمان: ما لقيت أحداً أفضل من عطاء بن أبی رباح. وقال قتادة: أعلم التابعين أربعة: عطاء بن أبی رباح أعلمهم بالمناسك، وسعيد بن جبير أعلمهم بالتفسير.. الخ. توفی رضی الله عنه بمكة ودفن فيها عن (٨٧) سبع وثمانين سنة.

(عكرمة مولى ابن عباس):

وأما عكرمة: فقد ولد سنة ٢٥ هجرية وتوفی سنة ١٠٥ هجرية قال عنه الامام الشافعی رحمه الله: ما بقی أحد أعلم بكتاب الله من عكرمة. وهو مولى ابن عباس رضی الله عنه، تلقى علمه على ابن عباس، وأخذ عنه القرآن والسنة، وكان رضی الله عنه يقول: لقد فسرت ما بين اللوحين[2] وكل شیء أحدثكم فی القرآن

معرفت اور آپ کے حکم واحکام کے تفہم کیلئے تھی اسی لئے امام نووی نے کہا ہے کہ: جب مجاہد کی طرف سے تیرے پاس تفسیر آئے تو وہ تجھے کافی ہوگی اور تجھے دوسری تفاسیر سے بے نیاز کردے گی جب اس کا راوی مجاہد ہو۔

حضرت عطاء بن ابی رباحؒ:

آپ ۲۷ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۴ھ میں وفات پائی۔ آپ مکہ میں پروان چڑھے آپ اہل مکہ کے مفتی اور محدث تھے آپ تابعی ہیں اور جلیل القدر فقہاء میں سے ہیں اور آپ حضرت ابن عباسؓ سے روایت میں ثبت اور ثقہ ہیں۔ امام اعظم ابوحنیفہؒ نے آپ کے متعلق فرمایا کہ میں عطاء بن ابی رباح سے افضل کسی آدمی کو نہیں ملا اور قتادہ نے بیان کیا ہے کہ اعلم التابعین چار ہیں۔ عطاء بن ابی رباح ان سب سے بڑھ کر مناسک کو جاننے والے ہیں اور سعید بن جبیر ان سب سے بڑھ کر تفسیر کا علم رکھتے ہیں آپ نے مکہ میں وفات پائی اور ۸۷ سال کی عمر میں وہاں دفن ہوئے۔

حضرت عکرمہ مولی ابن عباسؓ:

آپ ۲۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰۵ھ میں وفات پائی امام شافعیؒ نے آپ کے بارے میں فرمایا ہے کہ عکرمہ سے بڑھ کر کتاب اللہ کا علم رکھنے والا باقی نہیں رہا آپ حضرت ابن عباسؓ کے غلام تھے آپ نے حضرت ابن عباسؓ سے اپنا علم پایا اور آپ سے قرآن وسنت کو سیکھا اور آپ فرمایا کرتے تھے جو کچھ دو جلدوں کے درمیان ہے میں نے اس کی تفسیر کر دی ہے اور قرآن کے بارے میں جو کچھ میں تم سے بیان

(١) الأعلام للزركلی، ج٥، ص٢٩.

(٢) يريد باللحوين: ما بين دفتی المصحف.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فهو عن ابن عباس.

جاء في تعريفة في كتاب الأعلام ما يلي:

((عكرمة بن عبدالله البربري المدني' أبو عبدالله' مولى عبدالله بن عباس' تابعي' كان من أعلم الناس بالتفسير والمغازي' طاف البلدان' وروى عنه زهاء ثلاثمائة رجل' منهم أكثر من سبعين تابعياً' وخرج إلى بلاد المغرب' فأخذ عن أهلها ثم عاد الى المدينة المنورة' فطلبه أميرها فتغيّب عنه حتى مات' وكانت وفاته بالمدينة هو والشاعر المشهور (كثيّر عزة) في يوم واحد فقيل: مات أعلم الناس' وأشعر الناس))(١).

کروں وہ حضرت ابن عباسؓ کی طرف سے ہوگا' کتاب الاعلام میں آپ کی تعریف میں درج ذیل بیان آیا ہے۔

عکرمہ بن عبداللہ بربری مدنی ابوعبداللہ مولی عبداللہ بن عباس' تابعی تفسیر ومغازی کو سب لوگوں سے زیادہ جانتے تھے آپ شہروں میں گھومے اور آپ سے تقریبا تین سو آدمیوں نے روایت کی ہے ان میں سے ستر سے زیادہ تابعی ہیں آپ بلاد مغرب کی طرف گئے اور وہاں کے باشندوں سے آپ نے علم حاصل کیا پھر مدینہ منورہ واپس آ گئے مدینہ کے امیر نے آپ کو طلب کیا تو آپ اس سے پوشیدہ ہو گئے حتی کہ فوت ہو گئے آپ کی وفات مدینہ میں ہوئی آپ اور مشہور شاعر کثیر عزۃ ایک ہی دن میں فوت ہوئے لوگوں نے کہا ''اعلم الناس اور اشعر الناس فوت ہو گئے۔

(طاووس بن كيسان اليمانيّ):

وأما طاووس: فقد ولد سنة ٣٣ هجرية وتوفي سنة ١٠٦ هجرية: وهو (طاووس بن كيسان اليماني) اشتهر بتفسير كتاب الله تعالى' وكان آية في الحفظ والنبوغ والذكاء' وآية في الورع والتقشف والصلاح' ادرك من الصحابة نحو (٥٠) خمسين صحابياً' وتلقى العلم عنه خلق كثير' وقد كان عابداً زاهداً' ورد أنه حج بيت الله الحرام أربعين مرة' وكان مستجاب الدعوة' قال فيه ابن عباس: انى لأظن طاووسا من أهل الجنة.

حضرت طاووس بن کیسان یمانیؒ:

آپ ۳۳ھ میں پیدا ہوئے اور ۱۰۶ھ میں وفات پائی آپ نے کتاب اللہ کی تفسیر میں شہرت پائی آپ حفظ وذکاء اور فصاحت میں ایک نشان تھے اور تقوی اور خوف خدا اور صلاح میں بھی ایک علامت تھے آپ نے پچاس کے قریب صحابہ کو پایا اور خلق کثیر نے آپ سے علم حاصل کیا آپ زاہد وعابد تھے آپ نے بیت اللہ کے چالیس حج کئے آپ مستجاب الدعوۃ تھے حضرت ابن عباسؓ نے آپ کے متعلق فرمایا ہے کہ میرا یقین ہے کہ طاووس اہل جنت میں سے ہیں۔

جاء في تعريفه في كتاب الأعلام ما يلي:

((طاووس بن كيسان الخولاني الهمداني'

کتاب الاعلام میں آپ کی تعریف میں درج ذیل عبارت آئی ہے۔ ''طاوس بن کیسان الخولانی ہمدانی' ابو

(١) الأعلام للزركلي ج٥' ص٤٣.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أبو عبدالرحمن، من أكابر التابعين تفقها في الدين، ورواية للحديث، وتقشفاً في العيش، وجرأة على وعظ الخلفاء والملوك، أصله من الفرس، ومولده ومنشأه باليمن توفي حاجاً بالمزدلفة، وكان (هشام بن عبدالملك) حاجاً تلك السنة فصلى عليه وكان يأبى القرب من الملوك والأمراء، قال ابن عينية: متجنبوا السلطان ثلاثة: أبو ذر، وطاووس، والثورى))(١).

عبدالرحمٰن، آپ روایت حدیث تفقہ فی الدین تنگدستی اور خلفاء وملوک کو وعظ کی جرأت کرنے میں اکابر تابعین میں سے تھے۔ اصلاً ایرانی تھے اور آپ کا مولد و مقام تربیت منشاء یمن ہے مزدلفہ میں حج کرتے ہوئے فوت ہوئے، ہشام بن عبدالملک بھی اس سال حج کر رہا تھا اس نے آپ کا جنازہ پڑھایا آپ ملوک و اُمراء کے قرب کو ناپسند کرتے تھے ابن عیینہ نے بیان کیا ہے کہ بادشاہ سے اجتناب کرنے والے تین ہیں۔ ابوذر، طاؤس اور ثوری۔

(سعيد بن جبير):

وأما سعيد بن جبير: فقد ولد سنة ٤٥ هجرية وتوفي سنة ٩٤ هجرية، وهو من أكابر التابعين علماً وورعاً، وقد اشتهر بتفسير كتاب الله عزوجل وكان طوداً شامخاً، وعلماً لامعاً، تناقل علمه الرجال، وسرت بذكره الركبان وقد قال (سفيان الثورى): خذوا التفسير عن أربعة: عن سعيد بن جبير، ومجاهد، وعكرمة، والضحاك، وقال (قتادة): كان سعيد بن جبير أعلمهم بالتفسير(٢).

كان آية في الحفظ، يحفظ ما يسمع، وقد شهد له ابن عباس بالحفظ حتى قال له: ((انظر كيف تحدث عني فإنك قد حفظت عني حديثاً كثيراً)).

وكان ابن عباس بعد أن فقد بصره اذا أتاه أهل الكوفة يسألونه قال: تسألوني وفيكم ابن ام

حضرت سعید بن جبیرؒ:

سعید بن جبیر ۴۵ھ میں پیدا ہوئے اور ۹۴ھ میں وفات پائی، آپ علم و ورع میں اکابر تابعین میں سے تھے اور کتاب اللہ کی تفسیر میں شہرت پائی آپ بلند پہاڑ اور چمکدار جھنڈے تھے آپ کے علم کو بہت سے لوگوں نے روایت کیا اور بہت سے سوار آپ کے ذکر کو لے کر چلے، سفیان ثوری نے بیان کیا ہے کہ چار آدمیوں سے تفسیر سیکھو، سعید بن جبیر، مجاہد، عکرمہ اور ضحاک سے...... اور قتادہ نے بیان کیا ہے کہ سعید بن جبیر، علم تفسیر میں ان سب سے زیادہ عالم تھے آپ حفظ میں ایک نشان تھے جو سنتے تھے حفظ کر لیتے تھے حضرت ابن عباسؓ نے آپ کے حفظ کی شہادت دی ہے حتی کہ آپ نے ان سے فرمایا میں دیکھتا ہوں آپ مجھ سے کیسے روایت کرتے ہیں آپ نے مجھ سے بہت سی احادیث حفظ کی ہیں اور حضرت ابن عباسؓ کے نابینا ہونے کے بعد جب اہل کوفہ آپ سے پوچھنے آتے تو آپ فرماتے تم مجھ سے پوچھتے ہو اور تم میں ابن ام دھماء (یعنی سعید بن جبیر) موجود ہے۔

(١) الأعلام، ج٣، ص٣٢٢.

(٢) أنظر: الاتقان: ص١٨٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دهماء، یعنی (سعید بن جبیر) رضی الله عنه.

وقد کان عابداً زاهداً، یختم القرآن فی کل لیلتین، وقد قرأ ذات مرة القرآن کله فی رکعة واحدة فی الکعبة.

وجاء فی ترجمته فی الأعلام ما یلی:

((سعید بن جبیر الأسدی الکوفی، أبو عبدالله تابعی، کان أعلمهم علی الاطلاق، وهو حبشی الأصل، أخذ العلم عن ابن عباس وابن عمر، ولما خرج عبدالرحمن بن الأشعث علی عبدالملك بن مروان، کان سعید بن جبیر معه، فلما قتل عبدالرحمن ذهب سعید الی مکة، فقبض علیه والیها (خالد القسری) وأرسله الی الحجاج فقتله، وکان الحجاج یخاطبه (بشقی بن کسیر) بدل سعید بن جبیر.

قال أحمد بن حنبل: ((قتل الحجاج سعیداً، وما علی وجه الأرض أحد الا وهو مفتقر الی عمله)).

وروی أن الحجاج لما أراد قتله أمر الجلاد أن ینطلق به فیضرب عنقه، فقال له سعید: دعنی أصلی رکعتین، قال الحجاج ماذا یقول؟ قال: یرید الصلاة، فأبی إلا أن یصلی الی المشرق. قبلة النصاری. ثم امر أن تضرب عنقه ووجهه موجه الی غیر القبلة، فأدا روا وجهه فقال سعید عندئذ: ﴿ فأینما تولوا فثم وجه الله ﴾ ثم ضربت عنقه وهو یردد: لا إله إلا الله محمد رسول الله، وذهبت نفسه البریئة الطاهرة الی

آپ عابد وزاہد تھے اور ہر دو راتوں میں قرآن ختم کرتے تھے ایک دفعہ آپ نے کعبہ میں ایک رات میں قرآن پڑھا۔ آپ کے سوانح میں کتاب الاعلام میں درج ذیل عبارت آئی ہے۔

سعید بن جبیر اسدی کوفی، ابوعبداللہ، تابعی، آپ علی الاطلاق ان کے بڑے عالم تھے اور حبشی الاصل تھے، آپ نے حضرت ابن عباسؓ اور حضرت ابن عمرؓ سے علم حاصل کیا اور جب عبدالرحمٰن بن اشعث نے عبدالملک بن مروان کے خلاف بغاوت کی تو سعید بن جبیر ان کے ساتھ تھے اور جب عبدالرحمٰن قتل ہو گیا تو سعیدؒ مکہ چلے گئے اور اس کے والی خالد القسری نے آپ کو گرفتار کر لیا اور حجاج کے پاس بھیج دیا اس نے آپ کو قتل کر دیا اور حجاج آپ کو سعید بن جبیر کی بجائے شقی بن کسیر کہہ کر مخاطب کیا کرتا تھا۔ احمد بن حنبلؒ نے فرمایا ہے کہ حجاج نے سعید کو قتل کیا تو روئے زمین کا ہر شخص آپ کے عمل کا محتاج تھا روایت ہے کہ جب حجاج نے آپ کے قتل کا ارادہ کیا تو جلاد کو حکم دیا کہ انہیں لے جا کر قتل کر دو۔ سعید نے اسے کہا مجھے دو رکعت نماز پڑھ لینے دو حجاج نے پوچھا وہ کیا کہتے ہیں؟ اس نے کہا: نماز پڑھنا چاہتے ہیں اس نے انکار کیا اور کہا اگر وہ مشرق کی طرف یعنی نصاریٰ کے قبلہ۔ نماز پڑھنا چاہیں تو پڑھ لیں پھر اس نے حکم دیا کہ آپ کی گردن اور چہرے کو غیر قبلہ کی طرف کر کے مارا جائے تو اس آپ کے چہرے کو پھیر دیا اس وقت سعید نے کہا: "فاینما تولوا فثم وجه الله" (البقرہ ۱۱۵) پھر آپ کو قتل کر دیا گیا اور آپ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ دہرا رہے تھے اور آپ کی پاکیزہ جان اپنے رب کے پاس حجاج کے ظلم کی شکایت کرتے ہوئے چلی گئی اور آپ نے اپنے عقیدے اور دین کی خاطر اپنی جان

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ربها تشكو اليه ظلم الحجاج، وجاد بأنفاسه فى سبيل عقيدته ودينه، رحمه الله وأسكنه فسيح جناته)) (١).

٢–طبقة أهل المدينة:

وقد أشتهر منهم عدد، على رأسهم (محمد بن كعب القرظى، وأبو العالية الرياحى، وزيد بن أسلم) رضى الله عنهم جميعاً. ونحن نتحدث عن هؤلاء الثلاثة الذين اشتهروا بالتفسير من أهل المدينة المنورة والذين كان لهم أثر عظيم فى نقل علوم الصحابة، سواءً كان ذلك فى الفقه او الحديث أو التفسير، وان كان هناك غيرهم ممن اشتهروا من التابعين ولكن شهرة هؤلاء كانت أوسع، وأثرهم كان أظهر.

(محمد بن كعب القرظى):

جاء فى تهذيب التهذيب للعسقلانى فى ترجمته ما يلى:

((هو محمد بن كعب القرظى، أبو حمزة المدنى، من حلفاء الأوس، سكن الكوفة ثم المدينة، روى عن جمع غفير من الصحابة وخاصة عن على بن أبى طالب، وعبدالله بن مسعود:

قال ابن سعد: كان ثقة عالماً كثير الحديث، ورعاً صالحاً.

قال عون بن عبدالله: ما رأيت أحداً أعلم بتأويل القرآن منه.

دے دی رحمہ اللہ واسکنہ فسیح جنانہ۔

۲۔اہل مدینہ کا طبقہ:

ان حضرات سے ایک بڑی تعداد نے شہرت پائی جن کے سرکردہ، محمد بن کعب قرظی، ابوالعالیہ ریاحی اور زید بن اسلم رضی اللہ عنہم ہیں ہم ان تین کے متعلق جنہوں نے اہل مدینہ میں سے تفسیر میں شہرت پائی، گفتگو کریں گے اور علوم صحابہ کی نقل میں ان کا بڑا ہاتھ ہے خواہ وہ روایات فقہ یا حدیث یا تفسیر میں ہو، ان کے علاوہ دیگر تابعین نے بھی شہرت پائی ہے لیکن ان کی شہرت، زیادہ وسیع تھی اور ان کا اثر نمایاں تھا۔

حضرت محمد بن کعب قرظیؒ:

عسقلانی کی تہذیب التہذیب میں آپ کے سوانح میں درج ذیل عبارت آئی ہے:

محمد بن کعب القرظی، ابوحمزہ المدنی، اوس کے حلفاء میں سے تھے آپ نے کوفہ میں سکونت اختیار کی پھر مدینہ میں صحابہ کی بڑی جماعت سے آپ نے روایت کی ہے خصوصا حضرت علی بن ابی طالبؓ اور حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے، ابن سعد نے بیان کیا ہے کہ آپ ثقہ، عالم، کثیر الحدیث، متقی اور صالح تھے، عون بن عبداللہ نے بیان کیا ہے کہ میں نے کسی کو آپ سے بڑھ کر تاویل قرآن کا عالم نہیں پایا۔ اور امام بخاری نے آپ کے نام قرظی کے سبب کے بارے میں بیان کیا ہے کہ آپ کے والدان لوگوں میں

(١) انظر الطبقات الكبرى لابن سعد ج٦ ص٢٥٧.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ويذكر البخاري في سبب تسمية ب (القرظي) أن أباه كان ممن لم ينبت يوم قريظة فترك، وذلك أن النبيﷺ قتل الرجال من بني قريظة حينما خانوا العهود وغدروا بالرسول، فأمر بقتل مقاتلتهم وترك الأطفال والصبيان والنساء. وقد كان من أفاضل أهل المدينة علماً وفقهاً، وكان يحدث في المسجد فسقط عليه السقف وعلى أصحابه، فمات تحت الهدم، وكان ذلك سنة ١١٧ هجرية رضي الله عنه وأرضاه (١).

(أبو العالية الرياحي):

اسمه رفيع بن مهران، وكنيته أبو العالية، وهو مولى امرأة من بني رياح وهو تابعي ثقة من أهل البصرة، اشتهر بالفقه والتفسير، رأى أبا بكر وقرأ القرآن على (أبي بن كعب) وغيره، وسمع من عمر، وابن مسعود، وعلي وعائشة، وغيرهم.

روى عنه أنه قال: قرأت القرآن بعد وفاة نبيكم بعشر سنين. وكان منذ حداثة سنه راغباً في العلم، مكبا على طلبه، حتى نبغ فيه وفاق الأقران وخاصة في التفسير، وقد كان ابن عباس رضي الله عنهما يرفعه على سريره وقريش أسفل منه، ويقول: هكذا العلم يزيد الشريف شرفاً، ويجلس المملوك على الأسرة، مات سنة ٩٣ هجرية عن عمر يناهز الثمانين رضي الله عنه وأرضاه.

سے تھے جو یوم قریظہ میں نہ تھے اور اسے چھوڑ دیا تھا اور یہ بات یوں ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ نے بنی قریظہ کے مردوں کو جب انہوں نے عہد شکنی کی اور رسول اللہ ﷺ سے خیانت کی قتل کیا تو آپ نے ان کے جانبازوں کے قتل کا حکم دیا اور بچوں اور عورتوں کو چھوڑ دیا آپ علم وفقہ میں اہل مدینہ کے افاضل میں سے تھے آپ مسجد میں حدیث بیان کیا کرتے تھے' ایک مرتبہ چھت آپ اور آپ کے اصحاب پر گر پڑی اور آپ دیوار کے نیچے آ کر شہید ہو گئے یہ ۱۱۷ھ کا واقعہ ہے۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ

حضرت ابوالعالیہ ریاحیؒ:

آپ کا نام رفیع بن مہران اور کنیت ابوالعالیہ ہے' آپ بنی ریاح کی ایک عورت کے غلام تھے آپ اہل بصرہ کے ثقہ تابعی ہیں آپ نے فقہ وتفسیر میں شہرت پائی ہے آپ نے حضرت ابوبکرؓ کو دیکھا ہے اور حضرت ابی بن کعبؓ وغیرہ کو قرآن سنایا ہے اور آپ نے حضرت عمرؓ، حضرت ابن مسعودؓ، حضرت علیؓ، حضرت عائشہؓ وغیرہ سے سماع کیا ہے۔ آپ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میں نے تمہارے نبی کی وفات کے دس سال بعد قرآن پڑھا ہے اور آپ نوعمری ہی سے علم میں رغبت رکھنے والے اور اس کی طلب میں پورا انہماک رکھنے والے تھے حتی کہ آپ اس میں فائق ہو گئے اور اپنے ساتھیوں سے فوقیت لے گئے خصوصاً تفسیر میں اور حضرت ابن عباسؓ آپ کو اپنے تخت پر بٹھاتے تھے اور قریش آپ سے نیچے ہوتے تھے اور فرماتے تھے: علم اس طرح شریف کو شرف میں زیادہ کرتا ہے اور غلاموں کو تختوں پر بٹھاتا ہے آپ نے ۸۰ سال سے زیادہ عمر پا کر ۹۳ھ میں وفات پائی۔ رضی اللہ عنہ وارضاہ

(١) أنظر: تهذيب التهذيب. ج٥، ص٤٢١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(زيد بن أسلم):

هو زيد بن أسلم العلوي العمري، يكنى (أبا أسامة) وهو فقيه محدث من أهل المدينة، كان مع عمر بن عبدالعزيز أيام خلافته، واستقدمه الوليد بن يزيد في جماعة من فقهاء المدينة الى دمشق مستفتياً في أمر، وكان ثقة كثير الحديث له حلقة في المسجد النبوي، وله كتاب في التفسير رواه عنده ولده (عبدالرحمن) وقد كان رجلاً مهيباً، قال ابن عجلان: ((ما هبت أحداً قط هيبتي لزيد بن أسلم)). وحدث ذات يوم بحديث ولم يسنده، فسأله رجل يا أبا أسامة عمن هذا؟ فقال: يا ابن أخي ما كنا نجالس السفهاء. وكان له حلقة كبيرة في المسجد النبوي الشريف، وكان (علي بن الحسين) يجلس اليه فيستمع له ويترك مجالس قومه، فقيل له في ذلك: تترك مجالس قومك الى عبد عمر بن الخطاب (حيث كان مولى لعمر) فقال علي: انما يجلس الرجل الى من ينفعه في دينه، توفي رضي الله عنه بالمدينة المنورة سنة ١٣٦ هجرية.(١)

حضرت زید بن اسلمؒ:

زید بن اسلم العدوی العمری آپ کی کنیت ابواسامہ ہے آپ اہل مدینہ کے محدث ہیں اور حضرت عمر بن عبدالعزیز کی خلافت میں ان کے ساتھ تھے ولید بن یزید نے فقہائے مدینہ کی ایک جماعت کے ساتھ کسی امر میں فتویٰ حاصل کرنے کیلئے آپ کو دمشق بلایا آپ ثقہ اور کثیر الحدیث تھے مسجد نبوی میں آپ کا ایک حلقہ تھا اور تفسیر کے بارے میں آپ کی ایک کتاب بھی ہے آپ کے بیٹے عبدالرحمٰن نے اسے آپ سے روایت کیا ہے آپ رعب دار آدمی تھے ابن عجلان نے کہا ہے: میں جیسے زید بن اسلم سے ڈرا کبھی کسی سے نہیں ڈرا۔ ایک روز آپ نے حدیث بیان کی اور اس کی سند بیان نہ کی ایک شخص نے آپ سے کہا: اے ابواسامہ! یہ کس شخص کی ہے؟ آپ نے کہا: اے میرے بھتیجے! ہم بے وقوفوں سے ہم نشینی نہیں کیا کرتے۔ مسجد نبوی میں ان کا ایک بڑا حلقہ تھا اور علی بن حسین بھی اس میں شریک ہوا کرتے اور ان کو سنا کرتے تھے اور انھوں نے ان کی خاطر اپنی قوم کی مجلسوں کو چھوڑ دیا اس بارے میں کسی نے علی بن حسین سے کہا: تم نے حضرت عمرؓ کے غلام کے لیے اپنی قوم کی مجلسوں کو کیوں چھوڑ دیا؟ تو انہوں نے جواب دیا: آدمی کو اس کی ہمنشینی اختیار کرنی چاہئے جس سے اس کو دینی فائدہ ہو۔ حضرت زید بن اسلمؒ ۱۳۶ ہجری میں مدینہ منورہ میں فوت ہوئے۔

٣- طبقة أهل العراق:

وقد أشتهر منهم عدد وعلى رأسهم (الحسن البصري، ومسروق بن الأجدع، وقتادة ابن دعامة، وعطاء بن أبي مسلم الخراساني، ومرة الهمذاني).

۳۔ اہل عراق کا طبقہ:

ان میں سے ایک تعداد نے شہرت پائی ہے اور ان کے سرکردہ حسن بصری، مسروق بن اجدع، قتادہ ابن دعامہ عطاء بن ابومسلم خراسانی اور مرۃ ہمذانی ہیں۔ ہم ان شیوخ کے مختصر سوانح ابھی بیان کریں گے اور ہم اللہ سے مدد کے

(١) أنظر: تذكرة الحفاظ للذهبي، ج١ ص٦٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ونحن نتحدث عن ترجمة هؤلاء الأعلام بشيء من الايجاز فنقول ومن الله نستمد العون.

(الحسن البصري):

هو الحسن بن يسار البصري، إمام أهل البصرة، وحبر الأمة في زمانه، يكنى (أبا سعيد) وهو أحد العلماء، والفصحاء، والشجعان، والنساك، ولد بالمدينة المنورة، وشب في كنف (علي بن أبي طالب) واستكتبه الربيع بن زياد والي خراسان في عهد معاوية فسكن البصرة، وعظمت هيبته في القلوب، فكان يدخل على الولاة فيأمرهم وينهاهم، لا يخاف في الحق لومة لائم، رأى مائة وعشرين صحابياً وكان من أفصح أهل البصرة وأعبدهم وأفقهم.

قال الغزالي: كان الحسن البصري أشبه الناس كلاماً بكلام الأنبياء، وأقربهم هدياً من الصحابة، وكان في غاية من الفصاحة، تتصبب الحكمة من فيه(١).

قال أيوف: ما رأت عيناي رجلاً قط كان أفقه من الحسن البصري، كان يعي الحكمة وينطق بها، وكان اذا وعظ أبكى الحاضرين، كأنما كان في الآخرة ثم جاء منها فهو يخبر عما رأى وعاين، ولهذا فقد اشتهر بالوعظ، وكان رقيق القلب، فصيح اللسان. وكان يحدث بالأحاديث النبوية فإذا حدث عن (علي بن أبي طالب) لم يذكره خشية من بطش

خواہاں ہیں۔

حضرت حسن بصریؒ:

حسن بن یسار بصری، امام اہل بصرہ، اپنے زمانے میں امت کے بڑے عالم، کنیت ابوسعید آپ ایک عالم، فصیح، بہادر اور عبادت گذار آدمی تھے، مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے اور حضرت علی بن ابی طالب کے سائے میں جوان ہوئے حضرت معاویہ کے عہد میں خراسان کے والی ربیع بن زیاد نے آپ کو کاتب مقرر کیا اور آپ نے بصرہ میں سکونت اختیار کی اور دلوں میں آپ کی ہیبت بڑھ گئی آپ اہل عہدہ حضرات سے ملاقات کرتے اور انہیں امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتے اور حق کے بارے میں کسی ملامت گر کی ملامت سے خوف نہ کھاتے تھے آپ نے ایک سوبیس صحابہ کو دیکھا اور آپ اہل بصرہ کے بڑے فصیح، بڑے عبادت گذار اور بڑے فقیہ تھے غزالی نے بیان کیا ہے کہ حسن بصری کی گفتگو انبیاء کی گفتگو کے بہت مشابہ تھی اور ہدایت کے لحاظ سے صحابہ سے اقرب تھی آپ غایت درجہ کے فصیح تھے آپ کے منہ سے حکمت ٹپکتی تھی۔

ایوف نے کہا ہے کہ میری دونوں آنکھوں نے حسن بصری سے بڑا فقیہ کبھی نہیں دیکھا آپ حکمت پر غور کرتے تھے اور اس کے ساتھ گفتگو کرتے تھے اور آپ جب وعظ کرتے تو لوگوں کو رلا دیتے تھے گویا آپ آخرت میں تھے پھر آپ اس سے آئے ہیں اور جو کچھ آپ نے دیکھا اس کی خبر دے رہے ہیں اس لئے آپ وعظ میں مشہور ہو گئے آپ رقیق القلب اور فصیح اللسان تھے اور آپ احادیث نبویہ کو بیان کیا کرتے تھے اور جب حضرت علی بن ابی طالبؓ سے روایت بیان کرتے تو

(١) فيه: أي فمه.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الحجاج، قال يونس بن عبيد: سألت الحسن قلت: يا أبا سعيد، إنك تقول قال رسول الله وانك لم تدركه؟ قال يا ابن أخي: لقد سألتني عن شيء ما سألني عنه احد قبلك، ولو لا منزلتك مني ما أخبرتك، اني في زمان كما ترى. وكان في عمل الحجاج. كل شيء سمعتني أقول قال رسول الله فهو عن علي بن أبي طالب، غير أبي في زمان لا أستطيع أن أذكر علياً(١).

ولما ولي عمر بن عبدالعزيز الخلافة كتب اليه: اني قد ابتليت بهذا الأمر، فانظر لي اعواناً يعينوني عليه، فأجابه الحسن: أما أبناء الدنيا فلا تريدهم، وأما أبناء الآخرة فلا يريدونك فاستعن بالله عن أمرك(٢).

توفي بالبصرة سنة ١١٠ هجرية و دفن فيها رحمه الله رحمة واسعة.

حجاج کی گرفت کے خوف کا نام کا ذکر نہ کرتے، یونس بن عبیدؒ نے بیان کیا ہے میں نے حسن سے پوچھا اے ابو سعید! آپ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: حالانکہ آپ نے انہیں نہیں پایا؟ آپ نے کہا: اے میرے بھتیجے تو نے مجھ سے وہ بات پوچھی ہے جو تجھ سے پہلے کسی نے مجھ سے نہیں پوچھی اور اگر میرے ہاں تیرا مقام نہ ہوتا تو میں تجھے نہ بتاتا میں جیسے کہ تو دیکھ رہا ہے ایک زمانے میں ہوں اور آپ حجاج کی عملداری میں تھے ہر بات جو تو نے مجھ سے سنی ہے میں کہتا ہوں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے: وہ حضرت علی بن ابی طالب سے ہے مگر میں ایسے زمانے میں ہوں کہ میں حضرت علیؓ کا نام ذکر نہیں کر سکتا۔ اور جب حضرت عمر بن عبدالعزیز نے خلافت سنبھالی تو آپ کو لکھا میں اس امر میں مبتلا ہو گیا ہوں میرے لئے مددگار تلاش کیجئے جو اس امر میں میری مدد کریں حضرت حسن نے آپ کو جواب دیا دنیا کے فرزندوں کو آپ نہیں چاہتے فرزندانِ آخرت آپ کو نہیں چاہتے اپنے معاملے کے بارے میں اللہ سے مدد طلب کیجئے آپ نے ۱۱۰ھ میں بصرہ میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے۔ رحمہ اللہ رحمۃ واسعۃ

(مسروق بن الأجدع):

مسروق بن الأجدع الهمذاني، كوفي تابعي ثقة، من أصحاب ابن مسعود الذين نقلوا لنا هدى الرسول ﷺ.

وهو عابد فقيه يكنى (أبا عائشة) وقد اشتهر بالتفسير، ورواية الحديث كان أبوه أطرس فارس باليمن، وكان خاله (عمر بن

حضرت مسروق بن الأجدعؒ:

آپ کوفی، تابعی، ثقہ ہیں اور حضرت ابن مسعودؓ کے ان شاگردوں میں سے ہیں جنہوں نے ہمارے لئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ہدایت کو نقل کیا ہے آپ عابد اور فقیہ تھے، کنیت ابو عائشہ تھی، آپ نے تفسیر اور روایت حدیث میں شہرت پائی آپ کے والد ایران کے سب سے بڑے شہسوار تھے، عمر بن معدیکرب آپ کے ماموں تھے جب آپ قاضی

(١) انظر: تهذيب التهذيب، ج٣، ص٣٩٦.
(٢) انظر الاعلام للزركلي ج٢ ص٢٤٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

معديكرب) وقد تولى القضاء، فلم يكن يأخذ على القضاء رزقاً، وكان قانعاً زاهداً راضياً بما قسم الله، مع أنه كان صاحب عيال. جاءته امرأته يوماً فقالت: يا أبا عائشة! إنه ما أصبح اليوم لعيالك رزق، فتبسم ثم قال: والله ليأتينهم الله برزق، فرزقه الله رزقاً واسعاً.

روى عنه أنه لقي (عمر بن الخطاب) فسأله ما اسمك؟ قال: مسروق بن الأجدع، فقال له عمر: الأجدع شيطان، أنت مسروق بن عبدالرحمن فكان بعد ذلك يقول: أنا مسروق بن عبدالرحمن.

قال علي بن المديني شيخ البخاري: ما أقدم على مسروق من أصحاب عبدالله بن مسعود أحداً، صلى خلف أبي بكر، ولقي عمر وعثمان.

شهد القادسية مع أخوته الثلاثة، فقتلوا يومئذ بالقادسية، وجرح مسروق فشلت يده.

وله طريقة لطيفة في النصح والوعظ، خرج يوماً ومعه بعض تلامذته فارتقى بهم على كناسة في الكوفة فقال: ألا أريكم الدنيا؟ هذه هي الدنيا، أكلوها فأفنوها، لبسوها فأبلوها، ركبوها فأنضوها، سفكوا فيها دماءهم، واستحلوا فيها محارمهم، وقطعوا فيها أرحامهم(۱)

سئل يوماً عن بيت شعر فقال: أكره أن أرى

بنے اور قضاء پر آپ روزینہ نہ لیتے تھے قانع، زاہد اور خدا کی تقسیم پر راضی تھے، حالانکہ آپ عیالدار تھے ایک روز آپ کی بیوی آپ کے پاس آئی اور کہنے لگی اے ابو عائشہ! آج آپ کے عیال کیلئے رزق نہیں ہے تو آپ مسکرائے پھر فرمایا: خدا کی قسم اللہ ضرور رزق دے گا تو اللہ تعالیٰ نے آپ کو رزق واسع عطا فرمایا۔

آپ سے روایت ہے کہ آپ حضرت عمر بن الخطابؓ سے ملے تو حضرت عمرؓ نے آپ سے پوچھا: آپ کا نام کیا ہے؟ آپ نے کہا: مسروق بن الاجدع، حضرت عمرؓ نے آپ سے کہا: اجدع شیطان ہے تو مسروق بن عبدالرحمن ہے اس کے بعد آپ کہا کرتے تھے میں مسروق بن عبدالرحمن ہوں۔ شیخ البخاری علی بن المدینی نے کہا ہے: میں عبداللہ بن مسعودؓ کے اصحاب میں سے کسی کو مسروق پر مقدم نہیں کرتا آپ نے حضرت ابوبکرؓ کے پیچھے نماز پڑھی ہے اور حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ سے ملاقات کی ہے۔

آپ اپنے تینوں بھائیوں کے ساتھ قادسیہ میں حاضر ہوئے وہ اس روز قادسیہ میں قتل ہو گئے اور مسروق زخمی ہو گئے آپ کا ہاتھ شل ہو گیا اور وعظ و نصیحت آپ کا لطیف انداز تھا ایک روز آپ اپنے بعض تلامذہ کے ساتھ باہر نکلے اور کوفہ میں ان کے ساتھ کوڑا کرکٹ پر چڑھ گئے اور فرمایا: اے کیا میں تم کو دنیا دکھاؤں؟ یہ دنیا ہے انہوں نے اسے کھایا اور اسے فنا کر دیا، انہوں نے اسے پہنا اور اسے بوسیدہ کر دیا انہوں نے اس پر سواری کی اور اسے لاغر کر دیا، انہوں نے اس میں ان کے خون بہائے اور اس میں اس کے محرمات کو حلال کر لیا اور اس میں ان کے ارحام کو قطع کیا۔

ایک روز آپ سے شعر کے متعلق پوچھا گیا آپ نے فرمایا: میں

(۱) تهذيب التهذيب ج٦ ص٨٢.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

في صحيفتي شعراً.

(قتادة بن دعامة):

وأما قتادة: فهو أبو الخطاب الدوسي البصري، ولد في البصرة، سنة ٦١ وتوفي سنة١١٧ هجرية ومات وعمره ٥٥ سنة. روى عن أنس بن مالك وسعيد بن المسيب، وجمع من الصحابة، وكان قوي الحفظ، شديد الذكاء، يروى عنه أنه قال: ((ما قلت لمحدث قط اعد علي، وما سمعت أذناي شيئاً الا وعاه قلبي)).

ويروى أنه دخل على (سعيد بن المسيب) فجعل يسأله أياماً، وأكثر عليه من السؤال، فقال له سعيد: أكلّ ما سألتني عنه تحفظه؟ قال: نعم فتعجب منه، فقال له قتادة: سألتك عن كذا، فقلت فيه كذا، وسألتك عن كذا، فقلت فيه كذا، حتى أورد عليه جميع ما سمعه منه، فقال له سعيد: ما كنت أظن أن الله خلق مثلك، وقال عنه مرة: ما أتاني عراقي أحسن من قتادة، وقرئت عليه مرة صحيفة جابر فحفظها[1].

وقد كان ضريراً فاقد البصر، حيث ولد وهو أعمى: ولكنه كان آية في الحفظ والنبوغ والذكاء، وكان أحمد بن حنبل يطنب في ذكره والثناء عليه، وينشر من علمه وفقهه، وكان إماماً في التفسير والفقة، ولكنه أخذ عليه أنه كان يأخذ عن كل أحد، حتى قال فيه الشعبي: قتادة حاطب ليل.

اپنے اعمال نامہ میں شعر کو دیکھنا پسند نہیں کرتا۔

حضرت قتادہ بن دعامہؒ:

ابو الخطاب الدوسی البصری ۶۱ھ میں بصرہ میں پیدا ہوئے اور ۱۱۷ھ میں ۵۵ سال کی عمر میں وفات پائی آپ نے انس بن مالکؓ، سعید بن المسیبؒ اور صحابہ کی ایک جماعت سے روایت کی ہے آپ قوی الحفظ اور بڑے ذہین تھے آپ سے روایت کی جاتی ہے کہ آپ نے فرمایا: میں نے کبھی کسی محدث سے یہ نہیں کہا کہ مجھ پر دہراؤ یعنی دہرا کر مجھے بتاؤ اور جو کچھ میرے کانوں نے سنا میرے دل نے اسے یاد کر لیا روایت ہے کہ آپ سعید بن المسیبؒ کی ملاقات کو آئے اور کئی روز آپ سے سوال کرتے رہے اور آپ سے بہت سوالات کئے تو سعید نے آپ سے کہا: کیا وہ سب باتیں جو آپ نے مجھ سے پوچھی ہیں آپ انہیں یاد رکھتے ہیں؟ آپ نے کہا: ہاں تو آپ اس سے متعجب ہوئے اور قتادہؒ نے آپ سے کہا میں نے آپ سے یوں سوال کیا اور آپ نے اس کے بارے میں یوں کہا اور میں نے آپ سے یوں سوال کیا اور آپ نے اس کے بارے میں یوں کہا۔ حتیٰ کہ آپ نے جو کچھ اس سے سنتا تھا سارے کا سارا ان سے بیان کر دیا تو سعید نے آپ سے کہا: میں خیال نہیں کرتا تھا کہ اللہ تعالیٰ نے تیرے جیسا آدمی پیدا کیا ہے اور ایک بار آپ کے متعلق انہوں نے کہا میرے پاس قتادہ سے بہتر عراقی نہیں آیا میں نے اسے ایک بار جابر کا صحیفہ سنایا تو اس نے اسے حفظ کر لیا۔ آپ نابینا تھے یعنی پیدائشی نابینا تھے لیکن حفظ و ذکاء اور فصاحت میں ایک نشان تھے اور امام احمد بن حنبل آپ کے ذکر و ثنا کو طول دیا کرتے تھے اور آپ کے علم و فقہ کی نشر و اشاعت کرتے تھے' آپ فقہ و تفسیر میں امام تھے لیکن آپ پر گرفت کی گئی ہے آپ ہر ایک سے نقل کرتے

(١) تهذيب التهذيب ج٨ ص٣٥١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

توفي رضي الله عنه بالبصرة و دفن بها، وعمره خمس وخمسون سنة، ولما مات بكى عليه أهل البصرة.

تھے حتی کہ شعبی نے آپ کے بارے میں کہا ہے کہ قتادہ حاطب لیل ہیں یعنی رطب یابس کو ملانے والے ہیں۔ آپ نے بصرہ میں وفات پائی اور وہیں دفن ہوئے آپ کی عمر ۵۵ سال تھی جب آپ فوت ہوئے تو اہل بصرہ نے آپ پر خوب گریہ کیا۔

(عطاء الخراساني):

قال الحافظ الأصبهاني: كان مولده سنة ٥٠ ووفاته سنة ١٣٥ هجرية. وهو عطاء ابن أبي مسلم الخراساني، يكنى (أبا عثمان) وكان ثقة صدوقاً، عابداً زاهداً، كثير العبادة والتبتل، كان يحيي الليل تهجداً وصلاة.

روى عبدالرحمن بن يزيد أنه كان يحيى الليل صلاة، فاذا ذهب من الليل ثلثه، أو نصفه نادانا يا فلان ويا فلان، قوموا فتوضأوا وصلوا، فإن قيام الليل وصيام النهار أيسر من شراب الصديد[1].

وكان يحب نشر العلم، فاذا لم يجد احداً من تلامذة يحدثه ذهب الى المساكين فحدثهم، خوفاً من الوعيد لكاتم العلم. وقد اشتهر بالفقة والحديث والتفسير، وكان على غاية من الزهد والورع، رحمه الله تعالى.

حضرت عطاء خراسانیؒ:

حافظ اصبہانی نے بیان کیا ہے: کہ آپ کی پیدائش ۵۰ھ میں اور وفات ۱۳۵ھ میں ہوئی آپ عطاء ابن ابی مسلم خراسانی ہیں آپ کی کنیت ابو عثمان ہے آپ ثقہ، صدوق، عابد، زاہد، کثیر العبادت والتبتل تھے اور نماز اور تہجد سے شب زندہ داری کرتے تھے عبدالرحمٰن بن یزید نے روایت کی ہے کہ آپ نماز سے شب زندہ داری کرتے تھے اور جب رات کا تہائی یا نصف حصہ گزر جاتا تو یہی آواز دیتے اے فلاں! اے فلاں! اٹھو اور وضو کرو اور نماز پڑھو، بلاشبہ قیام اللیل اور صیام النہار پیپ کے پینے سے زیادہ آسان ہیں آپ نشر علم کو پسند کرتے تھے اور جب آپ اپنے کسی طالب علم کو نہ پاتے کہ اس سے حدیث بیان کریں تو آپ مساکین کے پاس چلے جاتے اور ان سے اس وعید کے ڈر سے جو علم چھپانے والے کیلئے آئی ہے حدیث بیان کرتے، آپ نے فقہ، حدیث اور تفسیر میں شہرت پائی اور آپ حد درجہ زاہد اور متقی تھے۔ رحمہ اللہ۔

قدیم مفسرین اس آیت کی تفسیر ان مفاہیم کے مطابق کرتے تھے جو ان کے زمانے کے مطابق تھے وہ کہتے تھے (**كانما يصعد فى السماء**) اس شخص کی طرح جو آسمان کی طرف چڑھنے کی کوشش کرتا ہے اور وہ سکت نہیں رکھتا یا اس شخص کی طرف جو محال کام کی کوشش کرتا ہے لیکن جب یہ زمانہ آیا تو اس نے قرآن کے معجزہ کو نمایاں کیا اور آیت قرآنیہ کا علمی واقعہ کے ساتھ خوبصورت اتفاق ضبط کیا اور یہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نبوت کی سچائی کی تائید ہے قسم بخدا یہ قرآن کس قدر خوبصورت ہے اور کس قدر بلند ہے؟

خامساً: الزوجية منبثة في كل شيء:

پنجم: زوجیت (جوڑا ہونا) ہر چیز میں پھیلی ہوئی ہے:

كان الناس يعتقدون بأن الزوجية (الذكر

لوگوں کا خیال تھا کہ زوجیت فقط (نر اور مادہ) دونوں

(١) سورة الأنعام: ١٢٥. حرجاً: شديد الضيق.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والأنثى) منبثة بين النوعين (الإنسان والحيوان) فقط' فجاء العلم الحديث فأثبت انها الزوجية توجد في النبات كذلك وفي الجماد' وفي كل ذرة من ذرات الكون والوجود' حتى الكهربأ ففيها (الموجب) وفيها (السالب) هذه فيها شحنة كهربائية موجبة' وتلك فيها شحنة كهربائية سالبة' وحتى الذرة فيها (البروتون) و (النيترون) وكل منهما يشبه الذكر والأنثى وهذا الاكتشاف سبق اليه القرآن العظيم في عديد من الآيات الكريمة استمع الى هذه الروائع البينات..

أ- ﴿ ومن كل شيء خلقنا زوجين لعلكم تذكرون﴾.(سورة الذاريات:٤٩)

فالعموم هنا واضح (ومن كل شيء)..

ب-﴿ أو لم يروا الى الارض كم انبتنا فيها من كل زوج كريم﴾.(سورة الشعرا:٧)(الاشارة هناللنبات)

ج- ﴿ سبحان الذى خلق الازواج كلها مما تنبت الارض. ومن انفسهم' ومما لا يعلمون﴾.(سورة يسين:٣٦)

فهذه الآية الكريمة عممت الزوجية في النبات والانسان وفي كل شيء مما نعلمه او لا نعلمه فسبحان الإله القدير العليم' الذى أحاط علمه بكل الأكوان وأحصى كل شيء عدداً..!

سادساً: أغشية الجنين:

ثبت علمياً أن الجنين في بطن أمه محاط بثلاثة أغشية' وهذه الأغشية لا تظهر إلا

(انسان اور حیوان) کے درمیان پھیلی ہوئی ہے' جدید علم آیا تو اس نے ثابت کیا کہ زوجیت' نباتات اور جمادات اور کائنات کے ہر ذرے میں پائی جاتی ہے حتی کہ بجلی میں بھی پائی جاتی ہے اس میں پازیٹو اور نیگیٹو پائے جاتے ہیں اس میں پازیٹو بجلی کا لوڈ ہے اور اس میں نیگیٹو بجلی کا لوڈ ہے حتی کہ ایٹم جس میں پروٹون اور نیوٹران ہوتے ہیں ان میں سے ہر ایک مذکر اور مؤنث کی مانند ہے قرآن کریم نے متعدد آیات میں اس اکتشاف کی طرف سبقت کی ہے ان خوبصورت آیات کو سنئے:

ا۔ "ومن كل شيء خلقنا زوجين لعلكم تذكرون"(سورۃ الذاریات:۴۹) من کل شیء سے عموم واضح ہو رہا ہے۔

ب۔ "أولم يرو انى الارض كم انبتنا فيها من كل زوج كريم"(سورۃ الشعراء:۷) اس میں نباتات کی طرف اشارہ ہے۔

ج۔ "سبحان الذى خلق الأزواج كلها مما تنبت الارض ومن انفسهم ومما لا يعلمون"(سورۃ یس:۳۶)

اس آیت نے نباتات' انسان ہر چیز میں زوجیت کو عام کر دیا ہے جسے ہم جانتے ہوں یا نہ جانتے ہوں پس پاک ہے وہ قدیر و علیم خدا جس کے علم نے تمام کائنات کو گھیر رکھا ہے اور ہر چیز کو عدداً شمار کر رکھا ہے۔

ششم: جنین کے پردے

علمی طور پر ثابت ہے کہ رحم مادر میں موجود بچہ اپنی ماں کے پیٹ میں تین پردوں میں گھرا ہوتا ہے اور یہ پردے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بالتشريع الدقيق، وتظهر بالعين المجردة كأنها غشاء واحد، وهذه الأغشية هي التي تسمى (الغشاء المنباري) و (الخوربون) و (اللفائفي) هذا ما أثبته الطب الحديث، وقد جاء القرآن الكريم مؤيداً هذه الحقيقة العلمية، وذلك في سورة الزمر في قوله جل وعلا:﴿ **يخلقكم في بطون امهاتكم خلقاً من بعد خلق في ظلمات ثلاث، ذلكم الله ربكم له الملك**﴾(سورة الزمر:٦) ففي هذه الآية معجزة علمية للقرآن، فقد أخبر ان الجنين له ثلاثة أغشية أسماها (ظلمات) لأن الغشاء حاجز وحجاب يحجز عنه النور والضياء وهي في العلم الحديث ثلاثة أغشية.

سابعاً: التلقيح بواسطة الرياح:

أثبت العلم الحديث أن الهواء ينقل الأعضاء المذكرة إلى المؤنثة في النخيل والتين وغيرها من الأشجار المثمرة. فيكون التلقيح بواسطة الرياح[1] والهواء، وهذه الناحية العلمية تحدث عنها القرآن الكريمة في قوله جل ثناؤهُ ﴿**وارسلنا الرياح لواقح فانزلنا من السماء ماء فاسقينا كموه وما انتم له بخازنين**﴾(سورة الحجر:٢٢) وهذا سبق للقرآن في الحقائق العلمية الثابتة مما يدل على صدق النبوة.

صرف دقیق تشریحی بحث سے واضح ہوتے ہیں اور جب کہ محض آنکھ سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ ایک ہی پردہ ہے ان پردوں کو لفافگی کا نام دیا گیا ہے اور اسے طب جدید نے ثابت کیا ہے اور قرآن کریم نے اس حقیقت علمی کی تائید کی ہے اور یہ سورۃ زمر میں اللہ کا قول ہے: "**يخلقكم في بطون أمهاتكم خلقا من بعد خلق في ظلمات ثلاث ذلكم الله ربكم له الملك**" (سورۃ زمر:٦) اس آیت میں قرآن کا علمی معجزہ ہے اس نے بتایا ہے کہ جنین کے تین پردے ہوتے ہیں اس نے انہیں "ظلمات" کا نام دیا ہے اس لئے کہ پردہ، روک اور حجاب ہے اور وہ اس سے نور اور روشنی کو روکتا ہے اور یہ جدید علم میں تین پردے ہیں۔

ہفتم: ہواؤں کے واسطہ سے حاملہ کرنا:

جدید علم نے ثابت کیا ہے کہ ہوا، کھجوروں، انجیر اور دوسرے پھلدار درختوں میں مذکر اعضاء کو مؤنث کی طرف لے جاتی ہے اور ہواؤں کے واسطہ سے نر کا شگوفہ مادہ میں ڈال دیا جاتا ہے۔ اور اس علمی جہت کو قرآن کریم نے بیان کیا ہے "**وارسلنا الرياح لواقع فانزلنا من السماء ماء فاسقينا كموه وما انتم له بخازنين**"(سورۃ الحجر:٢٢) قرآن کو حقائق علمیہ ثابتہ میں سبقت حاصل ہے جو اس کے صدق پر دال ہیں۔

---

(١) يقول المستشرق المستر (أجنيري) الأستاذ في مدرسة (أكسفورد) في القرن الماضي: إن أصحاب الإبل قد عرفوا أن الريح تلقح الأشجار والثمار قبل أن يعلمها أهل أوروبا بثلاثة عشر قرناً، يشير بذلك إلى أن هذا مما سبق إليه القرآن والفضل ما شهدت به الأعداء۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثامناً: الحيوان المنوى:

اكتشف الطب الحديث أن هذا السائل من منى الانسان يحوى حيوانات صغيرة تسمى (الحيوانات المنوية) وهى لا ترى بالعين المجردة، انما ترى (بالمكر سكوب) وكل حيوان منها له رأس ورقبة وذيل يشبه دودة العلق فى شكلها ورسمها، وأن هذا الحيوان يختلط بالبويضة الأنثوية فيلقحها، فإذا ما تم اللقاح انطبق عنق الرحم فلم يدخل شيء من بعده الى الرحم، وأما بقية الحيوانات فتموت، وهذه الناحية العلمية وهى أن الحيوان المنوى يشبه العلق فى الشكل والرسم فقد أثبتها القرآن، استمع الى قوله جل وعلا: ﴿ **إقرأ باسم ربك الذى خلق. خلق الانسان من علق** ﴾.(سورة العلق:١-٢) فهذه الآية معجزة بليغة من معجزات القرآن لم يظهر وقت نزولها و لا بعده بمئات السنين إلى أن اكتشف المجهر المكبر (المكرسكوب) وعرف كيف يتكون الإنسان بقدرة الله.

ہشتم: منوی حیوان:

جدید علم نے اکتشاف کیا ہے کہ انسان کی منی کا بہنے والا مادہ چھوٹے چھوٹے حیوانات کو جمع کئے ہوتا ہے جس منوی حیوانات کا نام دیا گیا ہے اور یہ محض آنکھ سے نظر نہیں آتے بلکہ مائیکروسکوپ (خوردبین) سے نظر آتے ہیں اور ان میں سے ہر حیوان کا سر گردن اور دم ہوتی ہے جو اپنی شکل میں جونک کے کیڑے کی مانند ہوتا ہے اور یہ حیوان مادہ انڈے سے مل کر اسے حاملہ کر دیتا ہے اور بقیہ حیوانات مر جاتے ہیں اور ہر علمی پہلو کہ معنوی حیوان شکل میں جونک کی مانند ہوتا ہے اسے قرآن نے ثابت کیا ہے اللہ عزوجل کے قول کو سماعت فرمائیں **اقرأ باسم ربك الذى خلق خلق الانسان من علق**"(سورة العلق: ۱-۲) یہ آیت قرآن کریم کے معجزات میں سے بلیغ معجزہ ہے وہ اس کے نزول کے وقت ظاہر نہیں ہوا اور نہ اس کے سینکڑوں سال بعد یہاں تک کہ بڑی دوربین کا اکتشاف ہوا اور معلوم ہوا کہ اللہ کی قدرت سے انسان کیسے بنتا ہے؟

تاسعاً: اختلاف بصمات الانسان:

فى القرن الماضى سنة ١٨٨٤ م استعملت فى انكلترا رسمياً طريقة للتعرف على الشخص بواسطة بصمات الأصابع، وأصبحت هذه الطريقة متبعة فى جميع البلاد، ذلك لأن بشرة الأصابع مغطاة بخطوط دقيقة وعلى عدة أنواع (أقواس، عراو، دوامات) وهذا الخطوط لا تتغير

نہم: انسان کے خاموش اعضاء کا اختلاف:

گزشتہ صدی ۱۸۸۴ء میں انگلستان میں حکومتی سطح پر آدمی کو انگلیوں کے خاموش نشانات سے پہچاننے کا طریقہ رائج ہوا اور یہ طریقہ تمام ممالک میں چالو ہو گیا اور وہ یوں کہ انگلیوں کا چمڑا باریک لکیروں سے ڈھکا ہوا ہے اور وہ متعدد انواع کی ہیں اور یہ لکیریں زندگی بھر تبدیل نہیں ہوتی اور جسم کے سب اعضاء کبھی متشابہ ہو جاتے ہیں لیکن انگلیوں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مدى الحياة وجميع أعضاء الجسم تتشابه أحياناً ولكن الأصابع لها مميزات خاصة اذ انها لا تتشابه ولا تتقارب وهنا المعجزة الالهية فلماذا اختار الله سبحانه بنان الانسان فى إقامة الدليل على البعث ﴿**ايحسب الانسان الن نجمع عظامه. بلى قادرين على ان نسوى بنانه**﴾.(سورة القيامة:٣-٤)

٧- الوفاء بالوعد:

ومن وجوه الاعجاز فى القرآن الكريم (الوفاء بالوعد) فى كل ما أخبر عنه، وفى كل ما وعد الله سبحانه عباده به، وهذه الوعد ينقسم الى قسمين:

أ- وعد مطلق.

ب- وعد مقيد.

فالوعد المطلق، كوعده بنصر رسوله، وإخراج الذين أخرجوه من وطنه، ونصر المؤمنين على الكافرين، وقد تحقق ذلك كله إن شئت قوله جل وعلا:

﴿ **إنا فتحنا لك فتحاً مبيناً. ليغفرلك الله ما تقدم من ذنبك وما تأخر ويتم نعمته عليك ويهديك صراطاً مستقيماً. وينصرك الله نصراً عزيزاً**﴾ (سورة الفتح:١-٣) وقد تحقق هذا النصر بفتح مكة، وبدخول الناس فى الاسلام أفواجاً أفواجاً، وبذلك تمت النعمة على سيد الأنام محمد ﷺ وأقر الله عينه بنصره على أعدائه ﴿ **اذا جاء نصر الله والفتح. ورأيت**

کی خاص خوبیاں ہیں وہ نہ تشابہ ہوتی ہیں اور نہ ایک دوسرے کے قریب ہوتی ہیں اور یہی الٰہی معجزہ ہے اسی لئے اللہ تعالیٰ نے انسان کی انگلیوں کو بعث پر دلیل قائم کرنے کیلئے چنا ہے:"**ایحسب الانسان الن نجمع عظامہ بلیٰ قادرین علی ان نسوی بنانہ**"(سورۃ القیامۃ۳۔۴)

۷۔وفائے عہد:

قرآن کریم کی وجوہِ اعجاز میں سے ایک ہر چیز جس کی خبر دی گئی ہے اور اللہ نے اپنے بندوں سے جو وعدہ کیا ہے اس کا پورا کرنا بھی ہے اور یہ وعدہ دو قسموں میں منقسم ہے۔

۱۔مطلق وعدہ۔

۲۔مقید وعدہ۔

مطلق وعدہ: جیسے اس نے اپنے رسول کی مدد کا اور ان لوگوں کے اخراج کا جنہوں نے آپ کو اپنے وطن سے نکالا اور مومنین کو کافرین پر فتح دینے کا وعدہ کیا ہے اور یہ سب وعدے پورے ہوئے اگر تو چاہے تو اللہ کا یہ قول پڑھ لے۔ "**انا فتحنا لک فتحا مبینا لیغفرلک اللہ ما تقدم من ذنبک وما تأخر ویتم نعمتہ علیک ویھدیک صراطا مستقیما وینصرک اللہ نصراً عزیزاً**(سورۃ الفتح:۱۔۳) یہ مدد فتح مکہ سے اور لوگوں کے اسلام میں فوج در فوج داخل ہونے سے پوری ہوگی اور یوں سید الامام محمد ﷺ پر نعمت مکمل ہوئی اور اللہ نے آپ کو اپنے دشمنوں پر فتح دے کر آپ کو راحت پہنچائی۔"**اذا جاء نصر اللہ والفتح ورأیت الناس یدخلون فی دین اللہ افواجا فسبح**

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الناس يدخلون فى دين الله افواجاً. فسبح بحمد ربك واستغفره انه كان توابا﴾(سورة النصر:١-٣). وصدق الله وعده بنصرته لأنبيائه وأوليائه ﴿ انا لننصر رسلنا والذين آمنوا فى الحياة الدنيا ويوم يقوم الاشهاد﴾(سورة غافر:٥١).

ومن الوعد المطلق قوله جل ثناؤهُ: ﴿وكان حقاً علينا نصر المؤمنين﴾(سورة الروم:٤٧). وقد تحقق نصر المؤمنين فى مواطن عديدة (فى بدر، وأحد) وغيرهما من المعارك العظيمة التى شهدها تاريخ الاسلام، إقرأ قوله تعالىٰ ﴿ولقد نصركم الله ببدر وأنتم أذلة فاتقوا الله لعلكم تشكرون﴾(سورة آل عمران:١٢٣) وقوله جل وعلا ﴿ ولقد صدقكم الله وعده اذ تحسونهم باذنه﴾(سورة آل عمران:١٥٢). تحسونهم: أى تقتلونهم قتلاً ذريعاً.

ومن الوعد المطلق قوله سبحانه:

﴿ وعد الله الذين آمنوا منكم وعملوا الصالحات ليستخلفنهم فى الارض كما استخلف الذين من قبلهم ..﴾ (سورة النور:٥٥) الآية. وقد تحقق الوعد فانتصر المؤمنون حتى فتحوا مشارق الارض ومغاربها، وسارت جيوشهم حتى بلغت أقاصى المعمورة، وقد كان (أبو بكر) اذا أرسل جيوشه للغزو عرفهم ما وعدهم الله ليتقوا بالصبر ويستيقنوا بالظفر. ومن الوعد المطلق قوله سبحانه ﴿ هو الذى

بحمد ربك واستغفره انه كان توابا" (النصر-٣) اور اللہ تعالیٰ نے اپنے انبیاء واولیاء کی نصرت کر کے اپنے وعدے کو سچا ثابت کر دیا۔"انا لننصر رسلنا والذين آمنوا فى الحياة الدنيا ويوم يقوم الاشهاد"(سورۃ الغافر:۵۱)

اور مطلق وعدہ میں سے اللہ کا یہ قول بھی ہے"وكان حقا علينا نصرالمومنين"(الروم:۴۷) اور متعدد جنگوں (بدر واحد) اور دیگر عظیم معرکوں میں جنہیں تاریخ نے دیکھا مومنین کی مدد ثابت ہوئی اللہ کے قول کو پڑھتے "ولقد نصركم الله ببدر وانتم اذلة فاتقوا الله لعلكم تشكرون "(سورۃ آل عمران:۱۲۳)

اور "ولقد صدقكم الله وعده اذ تحسونهم باذنه"(آل عمران۱۵۲) یعنی جب تم ان کو بری طرح قتل کر رہے تھے۔

اور مطلق وعدے سے اللہ کا یہ قول بھی ہے

"وعد الله الذين امنوا منكم وعملوا الصالحات ليستخلفنهم فى الارض كما استخلف الذين من قبلهم"(سورۃ الروم:۴۷)

یہ وعدہ پورا ہوا اور مومنین نے فتح پائی حتی کہ انہوں نے زمین کے مشارق ومغارب کو فتح کیا اور ان کی افواج معمور عالم کے انتہائی دور دراز علاقوں تک پہنچیں اور حضرت ابوبکرؓ جب اپنی افواج کو جنگ کیلئے بھیجتے تو انہیں وہ وعدہ بتاتے جو اللہ نے ان سے کیا ہے تا کہ وہ صبر سے قوت حاصل کریں اور فتح کا یقین کریں اور مطلق وعدہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ارسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله وكفى بالله شهيدا﴾(سورة الفتح:٢٨). أما الوعد المقيد فهو ما كان فيه شرط، كشرط التقوى، وشرط الصبر، وشرط نصرة دين الله وما شابه ذلك. قال تعالى ﴿ ان تنصروا الله ينصركم ويثبت اقدامكم﴾(سورة محمد:٧) وقال تعالىٰ ﴿ومن يتق الله يجعل له مخرجاً ويرزقه من حيث لا يحتسب﴾(سورة الطلاق:٢) وقال تعالىٰ ﴿ ومن يتق الله يجعل له من امره يسرا﴾(سورة الطلاق:٤) وقد وعد الله المؤمنين بالنصر بشرط الصبر كما قال تعالىٰ ﴿يا ايها النبي حرض المؤمنين على القتال ان يكن منكم عشرون صابرون يغلبوا مائتين، وان يكن منكم مائة يغلبوا ألفا من الذين كفروا بانهم قوم لا يفقهون﴾.(سورة الأنفال:٦٥)

میں سے اللہ کا یہ قول بھی ہے ''هو الذى ارسل رسوله بالهدى ودين الحق ليظهره على الدين كله وكفى بالله شهيداً'' (سورۃ الفتح:۲۸) اور مقید وعدہ وہ ہے جس میں شرط ہو جیسے تقویٰ کی شرط، صبر کی شرط اور دین الٰہی کی نصرت کی شرط اور اس قسم کی شروط اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ان تنصروا الله ينصركم ويثبت اقدامكم۔ (سورة الطلاق:۴) اللہ تعالیٰ نے مومنین سے صبر کی شرط کے ساتھ مدد کا وعدہ کیا ہے فرماتا ہے: يا ايها النبى حرض المومنين على القتال ان يكن منكم عشرون صابرون يغلبوا مائتين وان يكن منكم مائة يغلبوا الفاً من الذين كفروا بانهم قوم لا يفقهون۔ (سورة الانفال:۶۵)

٨- العلوم والمعارف:

ومن وجوه إعجاز القرآن هذه العلوم والمعارف التي زخر بها القرآن الكريم، والتي بلغت من نصاعة البرهان وقوة الحجة مبلغاً يستحيل على محمد. وهو رجل أمي نشأ بين الأميين، ان يأتي بها من عند نفسه، بل يستحيل على أهل الأرض جميعاً من أدباء وعلماء وفلاسفة وحكماء، ومن مشرعين وعباقرة، أن يأتوا بمثل هذه العلوم والمعارف، وفي هذا الوجه من وجوه إعجاز القرآن حجة دامغة، وبرهان ساطع، يقصم ظهر كل أفاك معاند، يزعم أن ما

۸-علوم ومعارف:

قرآن کریم کی وجوہ اعجاز میں سے وہ علوم ومعارف بھی ہیں جن سے قرآن موج زن ہے اور جو برہان کی وضاحت اور حجت کی قوت سے اس مقام تک پہنچ گیا ہے جو محمد ﷺ پر محال تھا آپ امی تھے اور امیوں کے درمیان آپ نے پرورش پائی آپ پر محال تھا کہ اپنے پاس سے یہ علوم ومعارف لاتے بلکہ روئے زمین کے ادباء، علماء، فلاسفہ، حکماء، قانون سازوں اور دانشمندوں پر محال ہے کہ ان علوم معارف کی مثل لائیں وجوہ اعجاز کی اس وجہ میں ایک حجت دامغہ اور برہان ساطع پائی جاتی ہے جو ہر جھوٹے معاند کی کمر توڑ دیتی ہے جو خیال کرتا ہے کہ محمد ﷺ جو تعلیم لائے ہیں وہ سابقہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جاء به محمد إن هو إلا (تعاليم الكتب السابقة) استمدها محمد من بعض أهل الكتاب في عصره ثم نسبها إلى ربه ليستمد من هذه النسبة قد سيتها ﴿**كبرت كلمة تخرج من أفواههم إن يقولون إلا كذباً**﴾(سورة الكهف:٥). ونحن نقول لهؤلاء العمي: كيف يكون القرآن نسخة عن الكتب السابقة، وقد جاء منكراً على أهلها، مخالفاً لأكثرها، بل جاء مبطلاً وهادماً لأصول أفكارها وعقائدها بسبب ما دخل فيها من تحريف وتبديل؟! كيف يمكن أن تتفق عقيدة (التوحيد) عقيدة (التثليث) وبينهما كما بين السماء والأرض؟ ! ألم يسمعوا الحكم القاطع الجازم فيهم بأنهم كفرة فجرة يعبدون احبارهم ورهبانهم من دون الله؟ ﴿**وقالت اليهود عزير ابن الله، وقالت النصارى المسيح ابن الله، ذلك قولهم بافواهم يضاهئون[1] قول الذين كفروا من قبل، قاتلهم الله أني يؤفكون. اتخذوا أحبارهم ورهبانهم أرباباً من دون الله والمسيح ابن مريم، وما أمروا إلا ليعبدوا إلهاً واحداً لا إله الا هو سبحانه عما يشركون**﴾ (سورة التوبة:٣٠-٣١).

کتب کی تعلیمات ہیں جو محمد ﷺ نے اپنے زمانے کے اہل کتاب سے لی ہیں پھر انہیں اپنے رب کی طرف منسوب کر دیا ہے تا کہ اس نسبت سے اس کی پاکیزگی حاصل کریں "**کبرت کلمة تخرج من افواههم ان یقولون الا کذبا**" (سورۃ الکہف:۵) یہ ان کے منہ سے نکلنے والی بڑی بات ہے مگر وہ جھوٹ کہتے ہیں ہم ان اندھوں سے کہتے ہیں: قرآن کس طرح کتب سابقہ کی نقل ہو سکتا ہے وہ ان کے اہل پر عیب لگانے والا اور ان کتب کے اکثر مضامین کا مخالف ہے، یہ کیسے ہو سکتا ہے کہ تعلیمات توحید، عقیدہ تثلیث سے متفق ہو جائیں ان دونوں کے درمیان ایسے ہی فرق ہے جیسے زمین و آسمان کے درمیان ہے؟ کیا انہوں نے اپنے متعلق قطعی فیصلہ نہیں سنا کہ وہ کافر و فاجر ہیں اور وہ اللہ کے سوا اپنے احبار و رھبان کی پوجا کرتے ہیں؟ "**وقالت الیهود عزیر ابن الله وقالت النصاریٰ المسیح ابن الله ذلك قولهم بأفواههم یضاهئون قول الذین کفروا من قبل قاتلهم الله انی یوفکون اتخذوا احبارهم ورهبانهم اربابا من دون الله والمسیح ابن مریم وما امروا الا لیعبدوا الها واحدا لا اله الا هو سبحانه عما یشرکون**" (سورۃ التوبہ:۳۰)

جاء القرآن بالعلوم المتنوعة، والمعارف المتعددة، في العقائد، والعبادات، والتشريع والتنظيم، وفي الأخلاق والمعاملات، وفي حقول شتّى، في التربية، والتعليم، وفي السياسة

قرآن عقائد و عبادات اور تشریع و تنظیم اور اخلاق و معاملات اور تعلیم و تربیت، سیاست و اقتصاد، فلسفہ اجتماع ایسے ہی قصص و اخبار اور اصول مناظرہ و جدل کے مختلف میدانوں کے متعلق متنوع علوم اور متعدد معارف لے کر آیا ہے اور

(١) يضاهئون: أي يشابهون ويماثلون، والمضاهاة: المشابهة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والاقتصاد، وفى الفلسفة والاجتماع، وكذلك في القصص والأخبار، وفى أصول المناظرة والجدل. ولا شك أن هذا الوجه من أظهر وجوه الإعجاز، فكيف يستطيع رجل امي، لم يقرأ ولم يكتب ولا نشأ في بلد علم وتشريع، ولا في مدينة ذات حضارة ومدنية أن يأتي بمثل ما في القرآن من هذه العلوم والمعارف تحقيقاً وكمالاً، مؤيداً بالحجج والبراهين بعد أن قضى معظم حياته لا يعرف شيئاً عنها، ولم ينطق بقاعدة او أصل منها، ولا حكم بفرع من فروعها إلا ان يكون ذلك وحياً من الله تعالى؟! وأحب أن أقتصر هنا على مثل من هذه العلوم المتنوعة العديدة، وهو بحث (العقيدة فى القرآن) وأن أقارن بين تعاليم الإسلام، وتعاليم اليهودية والنصرانية على عهد نزوله، ليتبين الصبح لذى عينين، ونظهر ضياء الحق الساطع، ونوره الباهر وكما قيل: (وبضدها تتميز الأشياء).

بلا شبہ یہ وجہ وجوہ اعجاز میں سے سب سے نمایاں ہے ایک امی شخص جس نے نہ لکھا نہ پڑھا اور نہ اس نے علم وتشریع کے کسی ملک میں نشونما پائی اور نہ کسی حضارت ومدنیت والے شہر میں پروان چڑھا وہ تحقیقاً اور کمالاً کیسے ان علوم ومعارف کی مثل ہو سکتا ہے جو قرآن میں آئے ہیں اور حجج وبراہین سے مؤید ہیں حالانکہ اس نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ ان علوم کے بغیر ہی گزار دیا اور ان کے قاعدہ اور اصل کے متعلق کچھ بیان نہ کیا اور نہ ان کی کسی فرع کے متعلق کوئی فیصلہ دیا مگر یہ اللہ کی جانب سے وحی ہے اور میں چاہتا ہوں کہ ان متعدد اور متنوع علوم کی ایک مثال پر اکتفاء کروں اور وہ (قرآن کے بارے میں عقیدے) کے متعلق تحقیق ہے اور یہ کہ میں اسلامی تعلیمات اور یہودی اور نصرانی تعلیمات کے درمیان اس کے عہد نزول میں موازنہ کروں تاکہ آنکھوں والے کیلئے صبح واضح ہوجائے اور روشنی والے حق کی ضیاء اور اس کا غالب نور نمایاں ہوجائے جیسا کہ کہا گیا کہ چیزیں اپنے اضداد سے واضح ہوتی ہیں۔

العقيدة الإسلامية:

جاء القرآن بعقيدة سمحة صافية، بيضاء نقية، في ذات الله تبارك وتعالى، وفي حق رسله الكرام، فالله رب العالمين واحد أحد، فرد صمد، ليس له والد ولا ولد، له جميع صفات الكمال، ومنزه عن جميع صفات النقص: (لا ذاته تشبهها الذوات: ولا حكت صفاته الصفات) ﴿**ليس كمثله شيء وهو السميع البصير**﴾(سورة الشورى:١١) وهو جل وعلا

اسلامی عقیدہ:

قرآن کریم اللہ تعالیٰ کی ذات اور اسکے رسل کرام کے بارے میں صاف اور پاک عقیدہ لے کر آیا ہے اللہ رب العالمین واحد ہے یکتا ہے بے نیاز ہے نہ اس کا باپ ہے نہ بیٹا اسے صفات کمالیہ حاصل ہیں وہ نقص کی تمام صفات سے پاک ہے (نہ اس کی ذات سے ذوات اور نہ اس کی صفات سے صفات مشابہت رکھتی ہیں "**ليس كمثله شيء وهو السميع البصير**" (سورۃ الشوریٰ:۱۱) وہ بڑا اور بلند ہے قیوم ہے اسے اونگھ اور نیند نہیں آتی اور نہ کوئی کام اسے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قیوم' لا تأخذه سنة ولا نوم' ولا یشغله شأن عن شأن ﴿ **له ما فی السموات وما فی الأرض وما بینهما وما تحت الثری**﴾(سورة طه:٦).. هو الخالق المتفرد بالخلق والایجاد' وبیده ناصیة العباد' یضل من یشاء ویهدی من یشاء' وهو علی کل شیء قدیر' الکل خلقه والجمیع عبیده ﴿ **ان کل من فی السموات والارض الا آتی الرحمن عبداً**﴾(سورة مریم:٩٣) اقرا ان شئت هذه الآیات الرائعة فی صفات الله عزوجل:

١-﴿ **إن الهکم لواحد. رب السموات والأرض وما بینهما ورب المشارقْ**﴾(سورة الصافات:٤-٥).

٢- ﴿ **ان ربکم الله الذی لا اله الا هو وسع کل شیء علماً**﴾(سورةطه:٩٨).

٣- ﴿ **قل ادعو الله أو ادعوا الرحمن أیا ما تدعو فله الأسماء الحسنی' ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها وابتغ بین ذلك سبیلاً. وقل الحمد لله الذی لم یتخذ ولداً ولم یکن له شریك فی الملك ولم یکن له ولی من الذل وکبره تکبیراً**﴾(سورة الاسراء:١١٠-١١١).

٤- ﴿ **یا ایها الناس انتم الفقراء الی الله' والله هو الغنی الحمید. ان یشأ یذهبکم ویات بخلق جدید. وما ذلك علی الله بعزیز**﴾(سورة فاطر:١٥-١٧).

دوسرے کام سے غافل کرتا ہے۔"**له مافی السموات وما فی الارض وما تحت الثریٰ**"(سورۃ طہٰ:٦) وہ خلق وایجاد میں منفرد خالق ہے' لوگوں کی پیشانیاں اس کے ہاتھ میں ہیں جسے چاہتا ہے ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے سب اس کی مخلوق ہیں اور اس کے غلام ہیں"**ان کل من فی السموات والأرض الا آتی الرحمن عبدا**"(سورۃ مریم:٩٣) اگر تو چاہے تو اللہ کی صفات کے بارے میں ان خوبصورت آیات کو پڑھ لے۔

١- **ان الهکم لواحد رب السموات والارض وما بینهماورب المشارق**(سورۃ الصافات:۴-۵)

٢- **ان ربکم الله الذی لا اله الا هو وسع کل شیء علما** (سورۃ طٰہ ۹۸)

٣- **قل ادعوا الله اوادعو الرحمن ایاما تدعو فله الاسماء الحسنی ولا تجهر بصلاتك ولا تخافت بها وابتغ بین ذلك سبیلا وقل الحمدلله الذیٰ لم یتخذ ولدا ولم یکن له شریك فی الملك ولم یکن له ولی من الذل وکبره تکبیزاً**(سورۃ الاسراء ۱۱۰-۱۱۱)

٤- **یا ایها الناس أنتم الفقراء الی الله والله هو الغنی الحمید ان یشاء یذهبکمَ ویات بخلق جدید وما ذلك علی الله بعزیز** (سورۃ فاطر: ۱۵-۱۷)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العقيدة اليهودية:

وضل اليهود بعد موسىٰ فعبدوا بعلاً، وزعموا أن لله ابنا هو العزير وشبهوا الله بالانسان فزعموا انه تعب من خلق السموات والأرض فاستراح يوم السبت واستلقى على قفاه، وركبوا رؤوسهم فقالوا انه. جل وعلا: ظهر في صورة انسان وصارع اسرائيل فلم يستطع أن يغلبه ولم يتخلص منه الرب حتى بارکه وذريته فأطلقه عند ذلك يقعوب، وادعوا انهم الشعب المختار من بين الشعوب، وأنهم ابناء الله وأحباؤه، وأن الدار الآخرة خالصة لهم من دون الناس، وان النار لن تمسهم إلا أياما معدودة، هي مدة عبادتهم العجل أربعين يوماً، كما افتروا على السيد المسيح (عيسٰى) فزعموا أنه ابن زنى، وأن أمه زانية، وأنهم صلبوه ليطهروا بني اسرائيل من هذه الجريمة الشنيعة. كل هذا وأمثاله كثير من اباطيل واضاليل اليهود، جاء القرآن هادماً لها، وجريا عليها، فكيف يزعمون أن القرآن نسخة عن التوراة؟

یہودی عقیدہ:

حضرت موسیٰ علیہ السلام کے بعد یہودی گمراہ ہو گئے اور انہوں نے بچھڑے کی پوجا کی اور انہوں نے خیال کیا کہ اللہ کا ایک بیٹا عزیر ہے اور انہوں نے اللہ کو انسان کی مانند ٹھہرایا اور خیال کیا کہ وہ زمین وآسمان کی پیدائش سے تھک گیا ہے اور اس نے ہفتے کے روز آرام کیا اور اپنی گدی کے بل لیٹ گیا اور انہوں نے اپنے سروں کو ملایا اور کہنے لگے کہ وہ یعنی اللہ تعالیٰ انسان کی صورت میں ظاہر ہوا ہے اور اس نے اسرائیل سے کشتی کی اور اس پر غالب نہ آ سکا اور رب نے اس سے خلاصی نہ پائی حتی کہ جب اسے اور اس کی ذریت کو برکت دی اس وقت یعقوب نے اسے چھوڑا اور انہوں نے دعویٰ کیا ہے کہ وہ قوموں کے درمیان پسندیدہ قوم ہیں اور اللہ کے بیٹے اور اس کے محبوب ہیں اور دوسرے لوگوں کو چھوڑ کر دار آخرت خالصۃً انہی کیلئے ہے اور آگ انہیں صرف چند یوم چھوئے گی یہ ان کے چالیس روز بچھڑا پوجنے کی مدت ہے ایسے ہی انہوں نے حضرت مسیح علیہ السلام پر افتراء کیا ہے اور خیال کیا ہے کہ وہ ولدالزنا ہیں اور آپ کی ماں زانیہ ہے اور انہوں نے آپ کو سولی پر چڑھایا تا کہ بنی اسرائیل کو اس بڑے جرم سے پاک قرار دیں یہ سب اور ایسی جیسی یہود کی اکثر اباطیل اور اضالیل ہیں قرآن ان کو ختم کرنے آیا ہے وہ کیسے خیال کرتے ہیں کہ قرآن تورات کی نقل ہے۔

العقيدة النصرانية:

وضل النصارى فزعموا ان لله ولداً، وذهبوا الى عقيدة معقدة من الايمان بالتثليث (الاب، والابن، وروح القدس) وسموها بالأقانيم، فعيسى هو (الاقنوم) الثاني من الثالوث الالهي الذي هو عين الأول والثالث، وكل منهما عين

نصرانی عقیدہ:

نصاریٰ بھی گمراہ ہو گئے اور انہوں نے خیال کیا کہ اللہ کا بیٹا ہے اور وہ ایمان بالتثلیث کے پیچ دار عقیدے کی طرف چلے گئے (باپ، بیٹا اور روح القدس) اور انہوں نے انہیں اقانیم کا نام دیا ہے اور حضرت عیسیٰ (ثالوث الٰہی سے اقنوم ثانی ہیں جو پہلے اور تیسرے کا عین ہیں اور دونوں میں سے ہر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الآخر' الثلاثة واحد' والواحد ثلاثة' وخلعوا على رجال كهنوتهم ما هو حق لله وحده من التشريع والتحليل والتحريم' وزعموا أن (ابن الاله) صلب ليخلص الانسان من خطيئته ويطهره من أوزاره' والأعجب من هذا أن كثيرين منهم يعتقدون بأن (عيسى بن مريم) هو الله نزل الى الارض بصورة بشر' الى غير ذلك من الأباطيل والمخازى التى نسبوها الى الله تعالىٰ﴿ **تعالىٰ الله عما يقولون علوا كبيراً**﴾.(سورة الاسراء:٤٣)

فانظر مدى البون الشاسع بين الحق الذى جاء به القرآن' وبين الباطل الذى جاء به هؤلاء وهؤلاء على ان القرآن الكريم لم يكتف بسرد هذه الأباطيل والإخبار بها عن تحريف أهل الكتاب' بل رد على أولئك ببراهينه الساطعة' وأدلته القاطعة' استمع إليه وهو يقول عن أهل الكتاب (النصارى) ﴿ **يا اهل الكتاب لا تغلو فى دينكم' ولا تقولوا على الله الاّ الحق' انما المسيح عيسى ابن مريم رسول الله وكلمته القاها الى مريم وروح منه' فآمنوا بالله ورسله' ولا تقولوا ثلاثة' انتهوا خيراً لكم' انما الله إله واحد' سبحانه أن يكون له ولد' له ما فى السموات وما فى الأرض وكفىٰ بالله وكيلاً. لن يستنكف المسيح أن يكون عبداً لله ولا الملائكة المقربون. ومن يستنكف عن عبادته ويستكبر فسيحشرهم إليه**

ایک دوسرے کا عین ہے۔ تین ایک ہے اور ایک تین ہیں اور انہوں نے اپنے کہنوت کے رجال کو وہ خلعت بخشی ہے جو تشریع اور تحلیل و تحریم میں خدائے واحد کا حق ہے اور ان کا خیال ہے کہ ابن اللہ مصلوب ہوا تا کہ انسان کو اس کے گناہوں سے نجات دے اور اسے گناہوں سے پاک کرے اور اس سے عجیب تر بات یہ ہے کہ ان میں سے بہت سے لوگوں کا اعتقاد ہے کہ حضرت عیسیٰ بن مریم ہی اللہ ہیں جو بصورت بشر زمین پر نازل ہوا ہے ان کے علاوہ بھی بہت سی اباطیل اور رسوائیاں ہیں جو انہوں نے اللہ تعالیٰ کی طرف منسوب کی ہیں۔ **تعالیٰ الله عما يقولون علوا كبيرا۔**

دیکھئے! اس حق کے درمیان جو قرآن لایا ہے اور اس باطل کے درمیان جو یہ لوگ لائے ہیں دور دراز کا فرق پایا جاتا ہے' قرآن نے ان اباطیل کے بیان اور اور اہل کتاب کی تحریف کی خبر دینے پر ہی اکتفاء نہیں کیا بلکہ براہین ساطعہ اور دلائل قاطعہ سے ان کا رد کیا ہے سنئے وہ اہل کتاب نصاریٰ کے متعلق کہتا ہے: "يا اهل الكتاب لا تغلوا فى دينكم ولا تقولوا على الله الا الحق انما المسيح عيسىٰ ابن مريم رسول الله وكلمته القاها الى مريم وروح منه فامنوا بالله ورسله ولا تقولوا ثلاثة انتهوا خيرا لكم انما الله اله واحد سبحانه ان يكون له ولد' له ما فى السموات وما فى الارض وكفي بالله وكيلا لن يستنكف المسيح ان يكون عبدالله ولا الملائكة المقربون ومن يستنكف عن عبادته ويستكبر فسيحشرهم اليه جميعا"(سورۃ النساء:۱۷۱۔۱۷۲)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جميعا﴾(سورة النساء:١٧١-١٧٢).

واستمع اليه وهو يتكلم عن أهل الكتاب (اليهود) فيقول:

﴿ فبما نقضهم ميثاقهم، وكفرهم بآيات الله، وقتلهم الأنبياء بغير حق وقولهم قلوبنا غلف، بل طبع الله عليها بكفرهم فلا يؤمنون الا قليلا. وبكفرهم وقولهم على مريم بهتانا عظيما. وقولهم انا قتلنا المسيح عيسى ابن مريم رسول الله، وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم، وان الذين اختلفوا فيه لفى شك منه، ما لهم من علم الا اتباع الظن، وما قتلوه يقيناً. بل رفعه الله اليه وكان الله عزيزاً حكيماً﴾ (سورة النساء:١٥٥-١٥٨). ولقد صرح القرآن بالتحريف الذى وقع عند أهل الكتاب فى (التوراة والانجيل) وبين ان مهمة الرسول انما هى فى تصحيح ما ارتكبه أهل الكتاب من الكذب والبهتان، وفى كشف ما اخفوه من آيات الله فى التوراة والانجيل **﴿ يا اهل الكتاب قد جاء كم رسولنا يبين لكم كثيراً مما كنتم تخفون من الكتاب ويعفو عن كثير. قد جاء كم من الله نور وكتاب مبين. يهدى به الله من اتبع رضوانه سبل السلام، ويخرجهم من الظلمات الى النور باذنه ويهديهم الى صراط مستقيم﴾**(سورة المائدة:١٥-١٦) فهل بعد هذا البرهان من حجة أوضح على صدق سيد المرسلين ويرحم

سنئے! وہ اہل کتاب یہود کے متعلق کہتا ہے:

"فبانقضهم وميثاقهم وكفرهم بآيات الله وقتلهم الانبياء بغير حق وقولهم قلوبنا غلف بل طبع الله عليها بكفرهم فلا يومنون الا قليلا وبكفرهم وقولهم على مريم بهتانا عظيما وقولهم انا قتلنا المسيح عيسىٰ ابن مريم رسول الله وما قتلوه وما صلبوه ولكن شبه لهم وان الذين اختلفوا منه لفى شك منه مالهم به من علم الا اتباع الظن وما قتلوه يقينا بل رفعه الله اليه وكان الله عزيزا حكيما"(سورۃ النساء:۱۵۵۔۱۵۸) قرآن کریم نے اس تحریف کو جو تورات و انجیل میں واقع ہوئی ہے صراحت کے ساتھ بیان کیا ہے اور واضح کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اہم کام اس کذب و بہتان کی تصحیح کرنا ہے جس کے اہل کتاب مرتکب ہوئے ہیں اور تورات و انجیل کی ان آیات کو واضح کرنا ہے جن کو انہوں نے چھپایا ہے یا اهل الكتاب قد جاء كم رسولنا يبين لكم كثيرا مما كنتم تخفون من الكتاب ويعفوا عن كثير قد جاء كم من الله نور وكتاب مبين يهدى به الله من اتبع رضوانه سبل السلام ويخرجهم من الظلمات الى النور باذنه ويهديهم الىٰ صراط مستقيم"(سورۃ المائدہ: ۱۵۔۱۶) کیا اس دلیل کے بعد کوئی واضح تر دلیل سید المرسلین کے صدق پر دال ہوسکتی ہے اللہ بوصیری پر رحم کرے وہ کہتا ہے:

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الله (البوصيرى) حيث يقول:

كفاك بالعلم فى الأمى معجزة
فى الجاهلية والتأديب فى اليتم

''تجھے امی کے علم کے متعلق یہی کافی ہے کہ وہ جاہلیت میں معجزہ تھا اور یتیمی میں تادیب کرتا تھا۔''

٩- وفاؤهُ بحاجات البشر:

وهذا الوجه من وجوه الاعجاز ظاهر جلى، يدركه كل متأمل فى شريعة الاسلام، فقد جاء القرآن الكريم بهدايات تامة كاملة، شاملة واسعة، تفى بحاجات البشر فى كل زمان ومكان ويتجلى ذلك اذا استعرضت المقاصد النبيلة التى رمى إليها القرآن فى هدايته وارشاده وهى بإيجاز: ١- اصلاح الافراد ٢-اصلاح المجتمعات ٣-اصلاح العقائد ٤-اصلاح العبادات ٥- اصلاح الاخلاق ٦-اصلاح الحكم والسياسة ٧-اصلاح الشؤون المالية ٨-اصلاح الشؤون الحربية ٩-اصلاح الثقافة العلمية ١٠- تحرير العقول والأفكار من الخرافات. ولقد احسن من قال:

٩: قرآن کا حاجاتِ بشر کو پورا کرنا:

وجوہِ اعجاز میں سے یہ وجہ بڑی واضح ہے اسے شریعت اسلام میں تامل کرنے والا معلوم کرسکتا ہے قرآن کریم ایسی ہدایات تامہ کاملہ اور شاملہ واسعہ کے ساتھ آیا ہے جو ہر زمان ومکان میں انسانوں کی حاجات کو پورا کرتی ہیں اور جب وہ اچھے مقاصد پیش کئے جائیں جن کا قرآن نے اپنی ہدایت و ارشاد میں قصد کیا ہے اور وہ مختصراً یہ ہیں۔

١۔اصلاح افراد-٢۔اصلاح معاشرہ ٣۔اصلاحِ عقائد ٤۔اصلاح عبادات ٥۔اصلاح اخلاق ٦۔اصلاح سیاست و حکومت ٧۔اصلاح مالی معاملات ٨۔اصلاح جنگی معاملات ٩۔اصلاح علمی ثقافت ١٠۔افکار وعقول کو خرافات سے آزاد کرنا اور کسی نے کیا خوب کہا ہے:

شريعة الله للإنسان تبيان
وكل شىء سوى القرآن خسران[1]

''اللہ کی شریعت انسان کیلئے واضح ہے اور قرآن کے سوا ہر چیز میں گھاٹا ہے۔''

١٠-تأثير القرآن فى القلوب:

ومن وجوه اعجاز القرآن ذلك التأثير البالغ الذى احدثه فى قلوب أتباعه وأعدائه، حتى لقد بلغ من شدة التأثير ان المشركين أنفسهم كانوا يخرجون فى جنح الليل يستمعون الى تلاوة القرآن من المسلمين، وحتى تواصوا فيما بينهم

١٠۔قلوب میں قرآن کی تاثیر:

اعجاز قرآن کی وجوہ میں سے یہ زبردست تاثیر بھی ہے جو اس نے اپنے تابعین اور دشمنوں کے دلوں میں پیدا کی ہے اور یہ شدت تاثیر اس حد تک پہنچ گئی تھی کہ وہ مشرکین رات کی تاریکی میں مسلمانوں سے تلاوت قرآن سننے کیلئے نکلتے تھے حتیٰ کہ انہوں نے باہم عہد کرلیا کہ وہ اس قرآن کو نہ سنیں گے

(١) من قصيدة للاستاذ وليد الاعظمى.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الا يستمعوا الى القرآن' وان يرفعوا أصواتهم بالضجيج حينما يتلوه محمد لئلا يؤمن به الناس ﴿ وقال الذى كفرو لا تسمعوا لهذا القرآن والغوا فيه لعلكم تغلبون﴾ (سورة فصلت:٢٦).

اور جب محمد ﷺ اسے پڑھیں گے تو وہ شور وغل سے اپنی آوازیں بلند کریں گے تا کہ لوگ اس پر ایمان نہ لائیں۔"وقال الذین کفروا لا تسمعوا لھذا القرآن والغوا فیه لعلکم تغلبون"(سورة فصلت:٢٦)

ولقد بلغ من تأثير القرآن فى القلوب ان يفيء الى ظلاله أشد الناس عداوة له' وأعظمهم عناداً فيسلم كثير من هؤلاء الزعماء' وعلى رأسهم (عمر بن الخطاب) و (سعد بن معاذ) و (اسيد بن حضير) وغيرهم من القادة والرؤساء' هذا هو عمر بن الخطاب الذى يبلغ من شدة قسوته على المسلمين أن يقول فيه احدهم (والله لن يسلم حتى يسلم حمار الخطاب) والذى يبلغ من شدة عدائه ان يتقلد سيفه بالظهيرة ثم يخرج ليفتش عن محمد ﷺ ليقتله ثم لا يأتى المساء الا وقد رجع معتنقاً للإسلام بسبب بضع آيات سمعها فى بيت اخته من (سعيد بن زيد) والقصة مشهورة وتأمل كيف أسلم (سعد بن معاذ) سيد قبيلة (الخزرج) هو وابن اخيه (أسيد بن حضير). تروى كتب السيرة ان رسول الله ﷺ حين كان فى مكة جاءه وفد المدينة الذين بايعوه بيعة العقبة فأرسل معهم مبعوثين جليلين يعلمانهم الإسلام والقرآن وهما (مصعب بن عمير) و (عبدالله بن ام مكتوم) فلما وصلا المدينة أخذا يعلمان الناس القرآن' فبلغ ذلك

قرآن کریم کی تاثیر دلوں میں اس حد تک پہنچی کہ آپ کے ساتھ سب لوگوں سے شدید ترین عداوت رکھنے والے اور بڑا عناد رکھنے والے اس کے سائے میں واپس آ گئے ان زعماء میں سے بہت سے ایمان سے آئے اور کے سرکردہ حضرت عمر بن الخطاب' حضرت سعد بن معاذ اور اسید بن حضیر رضی اللہ عنہم اور دیگر قائدین اور رؤساء ہیں۔ حضرت عمر بن الخطابؓ مسلمانوں پر سختی میں اس قدر بڑھ گئے تھے کہ آپ کے بارے میں ایک شخص کہتا ہے:"خدا کی قسم! عمرؓ مسلمان نہیں ہو سکتے ہاں یہ ہو سکتا ہے کہ خطاب کا گدھا مسلمان ہو جائے۔ آپ اپنی دشمنی کی شدت میں یہاں تک پہنچ گئے تھے کہ آپ دوپہرے وقت اپنی تلوار گلے میں لٹکا کر محمد ﷺ کی تلاش میں نکل جارہے تھے کہ آپ ﷺ کو قتل کر دیں گے پھر جب شام ہوئی تو وہ اپنی بہن کے گھر سعید بن زید سے چند آیات سننے کی وجہ سے حلقہ بگوش اسلام ہو گئے اور یہ مشہور واقعہ ہے۔ غور کیجئے! خزرج قبیلہ کے سردار حضرت سعد بن معاذ اور آپ کے بھتیجے اسید بن حضیر کیسے مسلمان ہوئے؟ کتب سیرت بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ مکہ میں تھے تو آپ کے پاس مدینہ کے ان لوگوں کا وفد آیا جنہوں نے آپ سے عقبہ کی بیعت کی تو آپ نے ان کے ساتھ دو جلیل القدر نمائندے حضرت مصعب بن عمیرؓ اور حضرت عبداللہ بن ام مکتومؓ کو انہیں اسلام وقرآن کی تعلیم دینے کیلئے بھیجا جب وہ مدینے پہنچے تو وہ لوگوں کو قرآن کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(سعد بن معاذ) سيد القبيلة فقال لابن اخيه (أسيد بن حضير) ألا تذهب الى هذين الرجلين' اللذين جاء ا يسفهان ضعفاء نا فتنهاهما وتزجرهما عن هذا الصنيع؟ فسار إليهما (أسيد) فلما انتهى إليهما قال لهما: ما جاء بكما جئتما تسفهان ضعفاء نا؟ ثم توعدهما وهددهما فقال: اعتزلا إن كانت لكما في أنفسكما حاجة؟ فقال له (مصعب) رضي الله عنه: أو تجلس فتسمع؟ فإن رضيت أمراً قبلته وإن كرهته كففنا عنك ما تكره' فجلس أسيد وجعل مصعب يقرأ وهو يسمع' فما انتهى من مجلسه حتى أسلم' ثم كر راجعاً إلى سعد فقال له' والله ما رأيت بالرجلين بأساً' وأخفى أمامه إسلامه' فغضب (سعد) وقام بنفسه ثائراً مهتاجاً' فقال لهما: ما جاء بكما اجئتما تسفهان ضعفاءنا؟ اعتزلانا' فقال له مصعب: أو تجلس فتسمع فإن رضيت أمراً قبلته منا وإن كرهته كففنا عنك ما تكره' فقال أنصفتما' فجعل مصعب يتلو القرآن عليه وسعد يستمع' يقول (مصعب): والله لقد كان وجه سعد يشرق بالإيمان وهو يستمع القرآن فما انتهى مصعب من القراء ة حتى أعلن سيد الأوس إيمانه' ثم كر راجعاً فجمع قبيلته وقال لهم: كيف تعدونني فيكم؟ قالوا: سيدنا وابن سيدنا' فقال لهم سعد: كلام رجالكم ونسائكم على حرام حتى تسلموا بمحمد'

تعلیم دینے لگے یہ بات قبیلے کے سردار حضرت سعد بن معاذؓ کو پہنچی تو آپ نے اپنے بھتیجے اسید بن حضیرؓ سے کہا کیا تو ان دو آدمیوں کی طرف نہیں جائے گا جو ہمارے کمزوروں کو بے وقوف بنانے آئے ہیں ان دونوں کو اس ضیاع سے روک اور زجر وتوبیخ کر؟ اسید ان دونوں کی طرف گئے اور جب ان کے پاس پہنچے تو دوان سے کہنے لگے تمہارے پاس کیا چیز ہے تم ہمارے کمزوروں کو بے وقوف بنانے آئے ہو؟ پھر آپ نے ان دونوں کو ڈرایا دھمکایا اور کہا: اگر تم کو اپنی کوئی حاجت ہے تو الگ ہو جاؤ۔ حضرت مصعبؓ نے اسید سے کہا کیا آپ بیٹھ کر سنیں گے؟ اگر آپ کو بات پسند آئے تو اسے قبول کر لینا اور اگر ناپسند آئے تو ہم اس بات سے رک جائیں گے جسے آپ ناپسند کرتے ہیں اسید بیٹھ گئے اور حضرت مصعبؓ پڑھنے لگے اور وہ سننے لگے اور جب آپ کی نشست ختم ہوئی تو آپ مسلمان ہو گئے پھر سعدؓ کی طرف واپس لوٹے اور اسے کہنے لگے خدا کی قسم! میں نے دونوں آدمیوں میں کوئی حرج نہیں دیکھا اور آپ نے سعدؓ سے اپنے اسلام کو چھپایا سعدؓ ناراض ہوئے اور خود جوش و ہیجان سے کھڑے ہو گئے اور ان دونوں سے کہنے لگے تم دونوں کون سی چیز لائے ہو کیا تم ہمارے کمزوروں کو بے وقوف بنانے آئے ہو؟ ہم سے الگ ہو جاؤ۔ حضرت مصعبؓ نے سعد سے کہا کیا آپ بیٹھ کر سنیں گے اگر آپ کو بات پسند آئے تو قبول کر لینا اور اگر ناپسند آئے تو ہم اس بات سے رک جائیں گے جسے آپ ناپسند کرتے ہیں۔ سعدؓ نے کہا: تم نے منصفانہ بات کی ہے۔ اور مصعبؓ انھیں قرآن سنانے گئے اور سعدؓ سننے لگے حضرت مصعبؓ بیان کرتے ہیں کہ سعد کا چہرہ قرآن سنتے ہوئے ایمان سے چمکنے لگا اور حضرت مصعبؓ نے قرأت ختم کی تو اوس کے سردار نے اپنے ایمان کا اعلان کر دیا'

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فدخلوا جميعاً فی الإسلام.. رضی الله عن سعد وأرضاه!!

پھر جب یہ واپس لوٹے اور اپنے قبیلہ کو جمع کیا اور ان سے کہا: تم مجھے کیسا آدمی سمجھتے ہو: لوگوں نے کہا تم ہمارے سردار اور ہمارے سردار کے بیٹے ہو تو سعدؓ نے انہیں کہا تمہارے مردوں اور تمہاری عورتوں سے گفتگو کرنا مجھ پر حرام ہے حتی کہ تم محمد ﷺ سے راضی ہو جاؤ تو وہ سب اسلام میں داخل ہو گئے۔ رضی اللہ عنہم وأرضاہ

هكذا كان تأثير القرآن فی قلوب الأولياء والأعداء، ولا تنس قصة (الوليد بن المغيرة) و (عتبة بن ربيعة) وغيرهما ممن تأثروا بالقرآن، ولو لا حب الزعامة، ولو لا حب الجاه والسلطان لدخلوا جميعاً فی دين الله، ولكن الهداية بيد الله ﴿ **يضل من يشاء ويهدى من يشاء**﴾(سورة النحل:۹۳) ﴿ **وهو اعلم بالمهتدين**﴾(سورة النحل:۱۲۵).

دوستوں، دشمنوں کے دلوں میں قرآن کی تاثیر یوں ہوتی تھی اور عتبہ بن ربیعہ اور قرآن سے متاثر ہونے والے دیگر لوگوں کے واقعات کو فراموش نہ کیجئے اگر لیڈرشپ اور جاہ وسلطنت کی محبت نہ ہوتی تو وہ سب اللہ کے دین میں داخل ہو جاتے لیکن ہدایت اللہ کے ہاتھ میں ہے "یضل من یشاء ویهدی من یشاء" (سورۃ النحل:۹۳) "وھو اعلم بالمھتدین" (سورۃ النحل:۱۲۵)

ذكر صاحب تفسير المنار أن فيلسوفا من فلاسفة فرنسا ألف كتاباً رد فيه ما زعمه دعاة النصرانية من أن محمداً ﷺ لم يأت بمثل آيات (موسى و عيسى) عليهما السلام، ولم يكن له من الآيات الخوارق ما كان لمن قبله فقال ذلك الفيلسوف: إن محمداً كان يقرأ القرآن خاشعاً مولها مدلهاً، صادعاً ومتضرعاً فيفعل فی جذب القلوب إلى الإيمان به فوق ما كانت تفعله جميع آيات الأنبياء السابقين)) انظر تفسير المنار.

صاحب تفسیر المنار نے بیان کیا ہے کہ فرانسیسی فلاسفر نے ایک کتاب تالیف کی اس میں اس نے عیسائیت کے داعیوں کے اس خیال کو رد کیا ہے کہ محمد ﷺ۔ حضرت موسیٰ اور حضرت عیسیٰ علیہما السلام کی مانند معجزات نہیں لائے اور نہ ہی آپ کے پاس کوئی خارق عادت امر آیا تھا جو آپ سے پہلے لوگوں کے پاس تھا اس فلاسفر نے کہا ہے کہ محمد ﷺ قرآن کو عاجزی، شوق، غم اور تضرع سے پڑھتے تھے تو وہ قلوب کو کھینچ کر اپنے پر ایمان لانے کی طرف راغب کرتا یہ بات انبیاء سابقین کے سارے معجزوں سے فائق تھی۔

وذكر الرافعی، كلمة قيمة فی كتابه (إعجاز القرآن) هذه الكلمة نقلها عن الامير شكيب ارسلان: ((أن (لوثير) و (كلفين) المصلحين

رافعی نے اپنی کتاب اعجاز القرآن میں ایک بڑی عمدہ بات کی ہے یہ بات اس نے امیر شکیب ارسلان سے روایت کی ہے کہ مسیحی تاریخ کے مشہور مصلحین لوتھر اور کلفین

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المعروفين في التاريخ المسيحي' ذكرا مرة امام (فولتير) فيلسوف فرنسا فقال: إنهما لا يليقان حذاء ين لنعال محمدﷺ)).

١١- سلامته من التناقض:

وأخيراً فإن من وجوه الاعجاز في القرآن الكريم سلامته من الناقض والتعارض خلافاً لجميع كلامْ البشر وصدق الله حيث يقول ﴿**ولو كان من عند غير الله لوجدوا فيه اختلافاً كثيراً**﴾(سورة النساء:٨٢). هذه بعض وجوه الإعجاز في القرآن وهناك وجوه أخرى ضربنا عنها صفحاً خشية التطويل' ولا يزال الزمن يكشف عن أسرار إعجاز القرآن' فكلما تقدم الزمن تجلت نواح من نواحي إعجازه' وقام البرهان القاطع أنه تنزيل الحكيم الحميد' ومع ذلك فإن هذه الأسرار التي ذكرها العلماء ان هي إلا قطرة من بحر علوم القرآن' ومهما اتسع القول وعظم البيان' فإن كلام الله تعالىٰ لا يحيط به أحد' كما لا يحيط أحد بعظمة ذاته' وجليل صفاته!!

دفع شبهة القول بالصرفة:

وإذ قد انتهينا من وجوه إعجاز القرآن الكريم نرى لزاماً علينا أن ندفع تلك الشبهة التي ذهب إليها بعض المعتزلة وبعض الشيعة وهي (شبهة القول بالصرفة) وخلاصتها: أن الله عزوجل صرف العرب عز معارضته على حين أنه لم يتجاوز في بلاغته المستوى الذي يعجز عنه

نے ایک دفعہ فرانس کے فلاسفر فولیٹر کے سامنے بیان کیا کہ وہ دونوں محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی جوتیوں کے برابر بھی نہیں ہیں۔

۱۱۔ تناقض سے اس کا محفوظ ہونا:

قرآن کریم کی وجوہ اعجاز میں سے آخری وجہ سارے انسانی کلام کے برخلاف اس کا تناقض وتعارض سے محفوظ ہونا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**ولو كان من عند غير الله لوجدوا فيه اختلافاً كثيراً**"(سورۃ النساء:۸۲) یہ اعجاز قرآن کی کچھ وجوہ ہیں اور کچھ دیگر وجوہ بھی ان کے علاوہ ہیں ہم نے طوالت کے خوف سے ان سے پہلوتہی کی ہے اور زمانہ ہمیشہ ہی اعجاز قرآن سے پردے اٹھاتا رہے گا اور جب بھی زمانہ ترقی کرے گا اس کے اعجاز کے پہلو روشن ہوں گے اور اس کے تنزیل حکیم' حمید ہونے پر برہان قاطع قائم ہوگی اس کے ساتھ ساتھ یہ بھی ہے کہ اسرار جن کا ذکر علماء نے کیا ہے یہ تو علوم قرآن کے سمندر کا ایک قطرہ ہیں اور ابھی بھی قول وسیع ہوسکتا ہے اور بیان ہوسکتا ہے بلاشبہ کوئی شخص کلام الٰہی کا احاطہ نہیں کرسکتا جسطرح کوئی اس کی ذات کی عظمت اور اس کی صفات کی بڑائی کا احاطہ نہیں کرسکتا۔

"صرفہ" کے قائلین کے شبہ کا رد:

جب ہم قرآن کریم کے اعجاز کی وجوہ کے آخر تک پہنچ گئے ہیں تو ہم اپنے پر لازم سمجھتے ہیں کہ ہم اس شبہ کو دور کریں جس کی طرف بعض معتزلہ اور بعض شیعہ گئے ہیں اور وہ صرفہ کے قول کا شبہ ہے اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے عربوں کو اس کے معارضہ سے روک دیا جب کہ اس نے اپنی معتدل بلاغت میں جس سے انسان عاجز ہوتا ہے' تجاوز نہیں

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

البشر، ولو لا أن الله صرف هممهم عن معارضته لا ستطاعوا أن يأتوا بمثله.. الخ. فأنت ترى أصحاب هذا القول يذهبون إلى ان القرآن ليس معجزاً وإنما كان إعجازه بسبب أمرين:

الاول: الصارف الالهى الذى زهدهم فى المعارضة، فكسلوا وقعدوا.

الثاني: العارض المفاجئ الذى عطل مواهبهم البيانية وقدرتهم البلاغية.

وهذا القول- بشقيه- باطل، لا يثبت أمام البحث، ولا يتفق مع الواقع وذلك لعدة أسباب:

أولًا: لو كان هذا القول صحيحاً لكان الإعجاز فى (الصرفة) لا فى القرآن نفسه وهذا باطل بالاجماع.

ثانياً: لو صح القول بالصرفة لكان ذلك (تعجيزاً) لا (إعجازاً) لأنه حينئذ يشبه ما لو قطعنا لسان إنسان ثم كلفناه بعد ذلك بالكلام، فهذا ليس من باب العجز وإنما هو من باب التعجيز.

القاه فى اليم مكتوفاً وقال له
إياك إياك أن تبتل بالماء

ثالثاً: لو كان هناك صارف زهدهم فى المعارضة من (كسل أو ملل) لما وقفوا فى وجه نبى الاسلام، ولما آذوه، وأصحابه، ولما عذبوا المسلمين وشردوهم، ولما قاطعوا الرسول وعشيرته وحاصروهم فى الشعب حتى أكلوا ورق الشجر، ولما فاوضوه وساوموه على أن

کیا اور اگر اللہ تعالیٰ ان کی ہمتوں کو اس کے معارضے سے نہ روکتا تو وہ اس کی مثل لانے کی طاقت پاتے آپ دیکھ رہے ہیں کہ اس قول کے قائلین اس طرف جا رہے ہیں کہ قرآن فی نفسہ معجز نہیں ہے بلکہ اس کا اعجاز دو باتوں کی وجہ سے ہے۔

اول: وہ صارف الٰہی جس نے ان کو معارضہ سے بے رغبت کر دیا اور وہ سست ہو گئے اور بیٹھ گئے۔

دوم: وہ اچانک مانع جس نے ان کے مواہب بیانیہ اور ان کی قدرت بلاغیہ کو بیکار کر دیا۔

یہ قول اپنی دونوں شقوں سمیت باطل ہے اور تحقیق کے سامنے ٹھہر نہیں سکتا اور نہ ہی واقعات کے مطابق ہے اور اس کے کئی اسباب ہیں۔

اول: اگر یہ قول درست ہوتا تو اعجاز صرفہ میں ہوتا نہ کہ خود قرآن میں اور یہ بالاجماع باطل ہے۔

دوم: اگر صرفہ کا قول درست ہوتا تو یہ تعجیز ہوتی نہ کہ اعجاز، کیونکہ اس وقت یہ اس بات کی مانند ہوتا کہ اگر ہم کسی انسان کی زبان کاٹ دیں پھر اسے گفتگو کرنے کا مکلّف کریں تو یہ امر باب عجز سے نہ ہوگا بلکہ باب تعجیز سے ہوگا۔

”اس نے اسے سمندر میں مشکیں باندھ کر پھینکا اور اسے کہا کہ پانی سے تر ہونے سے بچنا۔“

سوم: اگر یہاں پر کوئی سستی اور اکتاہٹ کا صارف ہوتا جو انہیں معارضہ سے بے رغبت کرتا تو وہ نبی علیہ السلام کے مقابلے میں کھڑے نہ ہوتے اور نہ آپ کو اور آپ کے اصحاب کو تکلیف دیتے اور نہ مسلمانوں کو عذاب دیتے اور نہ انہیں بھگاتے اور نہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے خاندان کا مقاطعہ کرتے اور نہ شعب ابی طالب میں ان کا محاصرہ کرتے حتی کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يترك الدعوة ثم اضطروه الى الهجرة هو وأصحابه الكرام، الى غيرما هنالك من دوافع وبواعث جعلتهم يسلكون كل سبيل للقضاء على الإسلام.

انہوں نے درختوں کے پتے کھائے اور نہ ہی وہ آپ سے گفتگو کرتے اور نہ آپ سے سودا بازی کرتے کہ وہ دعوت کو ترک کر دیں پھر انہوں نے آپ کو اور آپ کے اصحاب کو ہجرت پر مجبور کر دیا اور ان کے علاوہ بھی محرکات و اسباب ہیں جنہوں نے ان کو اسلام کے خاتمہ کیلئے سب راہوں پر چلنے والا بنا دیا۔

رابعاً: لو كان هناك عارض مفاجئ عطل مواهبهم البيانية لأعلنوا ذلك في الناس، ليلتمسوا العذر لأنفسهم، وبالتالي ليقللوا من شأن القرآن، ولكانوا بعد نزول القرآن أقل فصاحة وبلاغة منهم قبل نزوله، وهذا باطل واضح البطلان.

چہارم: اگر یہاں کوئی اچانک مانع تھا جس نے ان کے مواہب بیانیہ کو بیکار کر دیا تھا تو وہ لوگوں میں اس کا اعلان کرتے تاکہ اپنے لئے عذر تلاش کر لیتے دوسرے یہ کہ وہ قرآن کی شان کو کم کرتے اور وہ نزولِ قرآن سے قبل کی نسبت نزول قرآن کے بعد کم فصاحت و بلاغت والے ہوتے اور یہ واضح البطلان باطل ہے۔

خامساً: لو كان هذا العارض المفاجئ صحيحاً لأمكننا نحن الآن، وأمكن المشتغلين بالأدب العربي في كل عصر أن يعارضوا القرآن، وأن يتبينوا الكذب في دعوى إعجازه. وكل هذه الأشياء باطلة فهل يرضى عاقل لنفسه ان يقول بعد ذلك كله: إن العرب كانوا مصروفين عن معارضة القرآن ونبي القرآن، وأنهم كانوا مخلدين الى العجز والكسل زاهدين في النزول لذلك الميدان؟! وهل يصح لإنسان يحترم نفسه وعقله أن يصدق بمثل هذا الإفتراء القول بتعطيل المواهب والحواس) بعد أن يستمع الى شهادة ألدّ الأعداء من صناديد قريش وهو (الوليد بن المغيرة) حين قال كلمته المشهورة.. (والله لقد سمعت آنفاً كلاماً ليس من كلام بشر ليس بشعر ولا نثر ولا كهانة، والله إن له

پنجم: اگر اچانک مانع، کی بات درست ہوتی تو وہ اب ہمیں طاقت دیتا اور ہر زمانے میں ادب عربی سے اشتغال کرنے والوں کو طاقت دیتا کہ وہ قرآن کا معارضہ کریں اور ان کے دلوں اعجاز میں جھوٹ کو معلوم کریں یہ سب باتیں باطل ہیں کیا کوئی عقلمند اپنے لئے پسند کرتا ہے کہ وہ ان باتوں کے بعد کہے کہ عرب' معارضہ قرآن اور نبی القرآن سے روکے گئے تھے اور وہ ہمیشہ عجز و کسل میں رہے اور اس میدان میں اترنے سے بے رغبت رہے؟ اور کیا کسی انسان کیلئے جو اپنے نفس اور اپنی عقل کا احترام کرتا ہے درست ہے کہ وہ صنادید قریش میں سب سے لیچڑ دشمن ولید بن مغیرہ کی شہادت سننے کے بعد اس قسم کے افتراء (حواس و مواہیب کے بیکار کرنے کا قول) کی تصدیق کرے اس کا مشہور قول یہ ہے کہ: ''خدا کی قسم! میں نے ابھی ایک کلام سنا ہے وہ بشر کے کلام میں سے نہیں ہے نہ شعر ہے نہ نثر ہے اور نہ کہانت ہے خدا کی قسم!! اس کی ایک حلاوت ہے اور اس کی ایک خوبصورتی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لحلاوة، وان عليه لطلاوة، وان أعلاه لمثمر، وإن اسفله لمغدق، وانه ليعلو وما يعلى) والفضل ما شهدت به الأعداء.

وأختم هذه الكلمة بما ذكره العلامة القرطبى فى تفسيره (الجامع لأحكام القرآن) حيث قال: (فهذه عشرة وجوه ذكرها علماؤنا رحهم الله فى إعجاز القرآن) ' وهنالك قول آخر ذكره النظام: أن وجه الإعجاز هو المنع من معارضته' والصرفة عند التحدى بمثله' وان المنع والصرفة هو المعجزة دون ذات القرآن' وذلك أن الله تعالىٰ صرف هممهم عن معارضته مع تحديهم بأن يأتوا بسورة من مثله' وهذا فاسد' لأن اجماع الأمة أن القرآن هو المعجز' فلو قلنا إن المنع والصرفة هو المعجز لخرج القرآن ان يكون معجزاً[1] . انتهى.. والصحيح ان الإتيان بمثل القرآن لم يكن قط فى قدرة أحد من المخلوقين' ويظهر لك قصور البشر فى عجزهم عن الاتيان بمثل سورة من أقصر سور القرآن مع التحدى اللاذع.

هل حاول احد معارضة القرآن؟

أجمع رواة التاريخ والآثار' على ان اساطين البلغاء' وفحول الشعراء من مشركى العرب لم تحدثهم أنفسهم بمعارضة القرآن' ولم ينقل عن

ہے اور اس کا بالائی حصہ پھلدار ہے اور اس کے نیچے کا حصہ سرسبز ہے اور وہ غالب ہے اور مغلوب نہیں ہے' اور خوبی یہی ہے جس کی دشمن شہادت دیں۔ اور میں اس بات کو علامہ قرطبی کے بیان پر ختم کرتا ہوں جو آپ نے اپنی تفسیر الجامع الأحکام القرآن میں بیان کیا ہے وہ کہتے ہیں:

''یہ دس وجوہ ہیں جن کا ذکر ہمارے علماء نے اعجاز قرآن کے بارے میں کیا ہے اور یہاں ایک قول اور بھی ہے جس کا ذکر نظام نے کیا ہے کہ اعجاز کی وجہ اس کے معارضہ سے روکنا ہے اور چیلنج کے وقت صرفہ بھی اس کی مثل ہی ہے یہ کہ قرآن کی ذات کی بجائے منع اور صرفہ معجزہ ہے اور وہ یوں کہ اللہ تعالیٰ سے ان کو چیلنج کرنے کے ساتھ کہ وہ اس کی سورت کی مثل لائیں ان کی ہمتوں کو اس کے معارضہ سے روک دیا' یہ فاسد ہے اس لئے کہ امت کا اجماع ہے کہ قرآن ہی معجز ہے اور اگر ہم کہیں کہ منع اور صرفہ معجز ہیں تو قرآن معجزہ ہونے سے خارج ہو جاتا ہے۔''

صحیح بات یہ ہے کہ قرآن کی نقل لانا کبھی بھی کسی مخلوق کی قدرت میں نہیں ہے اور تجھے معلوم ہو جائے گا کہ کھلے چیلنج کے باوجود انسان اس کی چھوٹی سی سورت کی مثل لانے سے بھی عاجز ہے۔

کیا کسی نے قرآن کے معارضہ کی کوشش کی ہے؟

تاریخ و آثار کے راویوں کا اجماع ہے کہ مشرکین عرب کے اساطین بلغاء اور فحول شعراء کو ان کے نفوس نے معارضہ قرآن کی بات نہیں بتائی اور نہ ہی ان میں سے کسی سے

(١) أنظر تفسير القرطبى: ج ١ ص ٧٥.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

احد منهم أنه حاول ان يأتي بمعارضة للقرآن، مع شدة حرصهم على صد الناس عن الإسلام، والتكذيب برسالة محمد عليه الصلاة والسلام.. ولكن نقل عن بعض السفهاء الحمقى، انهم حاولوا معارضة القرآن، فكان ما أتوا به لا يخرج عن أن يكون محاولات مضحكة، أخجلتهم امام البشر، وجعلتهم اضحوكة لدى العقلاء فباءوا بغضب من الله وسخط من الناس، وكان مصرعهم هذا كِسباً جديداً للحق، وبرهاناً ناصعاً على أن القرآن كلام الله الذى لا يستطيع معارضته إنسان فمن أولئك:

روایت ہے کہ اس نے معارضہ قرآن کیلئے آنے کی کوشش کی ہے لیکن جو کچھ وہ لائے ہیں وہ ہنسانے والی کوششیں ہیں جنہوں سے ان کو انسانوں کے سامنے شرمندہ کر دیا ہے اور عقلاء کے نزدیک ان کو اضحوکہ بنا دیا ہے پس وہ اللہ کا غضب اور لوگوں کی ناراضگی لے کر لوٹے اوران کا یہ اکھاڑا حق کیلئے جدید کمائی اور اس بات پر واضح برہان ہے کہ قرآن اس خدا کا کلام ہے کہ انسان اس کے معارضہ کی طاقت نہیں رکھتا ان معارضہ کرنے والوں میں سے۔

چند ایک یہ ہیں:

أ- (مسيلمة الكذاب) الذى أدعى النبوة، وزعم انه شريك لرسول الله فى شأن النبوة وقد كتب إليه فى السنة العاشرة للهجرة يقول: (اما بعد، فإنى قد شوركت فى الأرض معك، وإنما لنا نصف الأرض، ولقريش نصفها، لكن قريشاً قوم يعتدون..!)

ا- مسیلمہ کذاب: جس نے نبوت کا دعویٰ کیا اور خیال کیا کہ وہ کارِ نبوت میں رسول اللہ ﷺ کا شریک ہے اس نے ہجرت کے دسویں سال آپ کی طرف لکھا مجھے زمین میں آپ کے ساتھ شریک کیا گیا ہے ہمارے لئے نصف زمین ہوگی اور قریش کیلئے اس کا نصف ہوگا لیکن قریش زیادتی کرنے والے لوگ ہیں......

وقد زعم (مسيلمة) أن له قرآناً نزل عليه من السماء ويأتيه به ملك يسمى (رحمن) وها نحن ننقل طائفة من أقواله وهذيانه، ليظهر كذب هذا الأحمق الدجال، ويتضح امره، فكفاه ذلك الوصف أنه كذاب.

مسیلمہ نے خیال کیا کہ اس کا ایک قرآن ہے جو اس پر آسمان سے نازل ہوا ہے اور اسے اس کے پاس رحمٰن فرشتہ لاتا ہے یہاں ہم اس کے ہذیان واقوال کا کچھ حصہ نقل کرتے ہیں تا کہ اس احمق دجال کا کذب نمایاں ہو جائے اور اس کا معاملہ واضح ہو جائے اور یہ وصف ہی اسے کافی ہے کہ وہ کذاب ہے۔

قال أخزاه الله معارضاً سورة العاديات:

سورۂ عادیات کا معارضہ کرتے ہوئے اس نے کہا:

(والطاحنات طحناً، والعاجنات عجناً، والخابزات خبزاً، والثاردات ثرداً، واللاقمات لقماً، إهالة وسمنا.. لقد فضلتم على أهل الوبر،

"والطاحنات طحنا والعاجنات عجنا والخابزات خبزا والثاردات ثردا واللاقمات لقما، اهالة وسمنا لقد فضلتم على اهل الوبر وما

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وما سبقكم أهل المدر.. ريفكم فامنعوه، والمقبر فآووه! والباغي فناوئوه). وقال: (والشاء وألوانها، وأعجبها السود وألبانها، والشاة السوداء، واللبن الأبيض، إنه لعجب محض، وقد حرم المذق فما لكم لا تمجعون).

ومن قرآنه المفترى: (الفيل ما الفيل، وما ادراك ما الفيل، له ذنب وبيل، وخرطوم طويل..) الخ. وقوله (يا ضفدع بنت ضفدعين، نقي ما تنقين، نصفك في الماء ونصفك في الطين، لا الماء تكدرين، ولا الشارب تمنعين).

وقد زعم انه عارض سورة الكوثر فخرج إلى الناس بهذا الهذيان:

(إن أعطيناك الجماهر، فصل لربك وجاهر، إن شانئك هو الكافر).

وكل كلامه على هذا النمط واه سخيف لا ينهض ولا يتماسك، وأنت خبير بأن مثل ذلك الإسفاف ليس من المعارضة في قليل ولا كثير، يقول (الرافعي) رحمه الله: إن مسيلمة لم يرد أن يعرض للقرآن من ناحية (الصناعة البيانية) وإنما اراد أن يأخذ سبيله الى استهواء قومه من ناحية اخرى ظنها اهون عليه وأقرب تأثيرا في نفوسهم، وذلك أنه رأى العرب تعظم الكهان في الجاهلية، وكانت عامة أساليب الكهان من هذا السجع القلق، الذي يزعمون انه من كلام الجن كقولهم: (يا جليح، امر نجيع، رجل فصيح، يقول لا إله الا الله) فجعل يسجع ليوهم أنه يوحى إليه،

سبقکم اهل امدر...... ریفکم فامنعوہ والمقبر فآووہ والباغی فناو ئوہ) اور اس نے کہا: (''والشاء والوانھا واعجبھا السود وألبانھا، والشاة السوداء واللبن الأبیض، انہ لعجب محض، وقد حرم المذق فما لکم لا تمجعون'')

اور اس مفتری کے قرآن کے سے یہ بھی ہے: ''الفیل ما الفیل وما ادراك ماالفیل لہ ذنب وبیل وخرطوم طویل) اور اس کا قول ہے (یا ضفدع بنت ضفد عین نقی ما تنقین نصفك فی الماء ونصفك فی الطین، الماء تکدرین والشارب تمنین'')

اس نے خیال کیا کہ اس نے سورۃ کوثر کا معارضہ کیا ہے اور اس ہذیان کے ساتھ لوگوں کے پاس گیا۔

ان اعطیناك الجماھر، فصل لربك وجاھر، ان شانئك ھو الکافر

اس کا سارا کلام اسی قسم کی واہیات پر مشتمل تخیف کلام ہے نہ سیدھا ہے نہ مضبوط ہے اور آپ کو معلوم ہی ہے کہ اس قسم کی جوڑ بندی تھوڑا بہت بھی معارضہ سے تعلق نہیں رکھتی۔ الرافعی بیان کرتے ہیں کہ مسیلمہ نے صفت بیانیہ کی جہت سے قرآن کے مقابلے میں پیش کرنے کا ارادہ نہیں کیا اور دوسری جہت سے اس نے اپنی قوم کو بہکانے کا راستہ اختیار کیا ہے اس نے اسے اپنے پر آسان تر اور ان کے نفوس میں تاثیر کے لحاظ سے اقرب خیال کیا ہے اور یہ اس وجہ سے کہ اس نے دیکھا کہ عرب قابلیت میں کاہنوں کی تعظیم کرتے تھے اور کاہنوں کے عام اسالیب اسی عمدہ سجع پر ہوتے تھے جن کے متعلق ان کا خیال تھا کہ یہ جنات کے کلام میں سے ہے جیسے ان کا یہ قول: (یا جلیح، أمر نجیع رجل فصیح یقول

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

على أنه لم يفلح في هذه الحيلة إذ كان أشياعه يعرفونه بالكذب والحماقة' ويقولون: إنه لم يكن في تعاطيه الكهانة حاذقاً' ولا في دعوى النبوة صادقاً ، وانما كان أتباعهم إياه على حد قول قائلهم: كذاب ربيعة أحب الينا من صادق مضر..).

لا اله الا الله) وہ بھی اپنے کلام کو مسجع مقفی بتاتا تا کہ وہم ڈالے کہ اس کی طرف وحی ہو رہی ہے مگر وہ اس حیلہ میں کامیاب نہ ہوا جب کہ اس کے ہم عصر اس کے کذب وحماقت کو جانتے تھے وہ کہتے تھے کہ وہ کہانت کرنے میں ماہر نہیں ہے اور نہ دعویٰ نبوت میں سچا ہے اور اس کے تابعین قائل کے اس قول کی حد تک ہی تھے کہ ربیعہ کا کذاب ہمیں مضر کے صادق کے مقابلے میں زیادہ محبوب ہے۔

ب- ومنهم (الاسود العنسي) ادعى النبوة في اليمن' وكان يزعم ان الوحي ينزل عليه فيخفض رأسه الى الأرض ثم يرفعه فيقول: قال لي كذا وكذا. يعني شيطانه. الذى يوحي اليه' وكان جباراً ولكنه كان فصيحاً معروفاً بالكهانة والسجع والخطابة والشعر والنسب' ولم يذكر أنه حاول المعارضة للقرآن وإنما اكتفى بدعوى النبوة وبنزول الوحي عليه ﴿ **وان الشياطين ليوحون الى أوليائهم**﴾(سورة الانعام:١٢١).

ب۔ ان میں سے اسود عنسی بھی تھا جس نے یمن میں نبوت کا دعویٰ کیا اس کا خیال تھا کہ اس پر وحی نازل ہوتی ہے وہ اپنا سر زمین کی طرف جھکا دیتا پھر اسے اٹھاتا اور کہتا کہ اس نے مجھے یوں یوں کہا ہے یعنی اس کے شیطان نے جو اس کی طرف وحی کرتا ہے وہ بڑا ظالم تھا لیکن فصیح اور کہانت' مقفی کلام کرنے خطابت کرنے اور شعراء ونسب میں مشہور تھا اس نے بیان نہیں کیا کہ اس نے قرآن کے معارضہ کی کوشش کی ہے اس نے صرف دعویٰ نبوت پر اور یہ کہ اس پر وحی نازل ہوتی ہے اس پر اکتفاء کیا ہے۔(**وان الشياطين ليوحون الى اوليائهم**)۔(سورۃ الانعام:۱۲۱)

ج- ومنهم (طليحة بن خويلد الأسدي) ادعى النبوة' وكان يزعم ان (ذا النون) يأتيه بالوحي ولكنه لم يدع لنفسه قرآنا لأن قومه كانوا من الفصحاء ولكنهم تابعوه عصبية وطلباً للجاه والشهرة' وقد ذكر صاحب (معجم البلدان) أن له كلاماً كان يزعم أنه نزل عليه بالوحي ولم يظفر من كلامه إلا على هذه المقالة (إن الله لا يصنع بتعفير وجوهكم' وقبح أدباركم شيئاً' فاذكروا الله قياما فان الرغوة فوق

ج۔ ان میں سے طلیحہ بن خویلد اسدی بھی ہے اس نے نبوت کا دعویٰ کیا اس کا خیال تھا کہ ذوالنون اس کے پاس وحی لاتا ہے لیکن اس نے اپنے لئے قرآن کا دعویٰ نہیں کیا اس لئے کہ اس کی قوم کے لوگ فصحاء میں سے تھے لیکن انہوں نے عصبیت کی وجہ سے اور جاہ وشہرت کیلئے اس کی پیروی کی اور صاحب معجم البلدان نے بیان کیا ہے کہ اس کے پاس کلام تھا اس کا خیال تھا کہ وہ اس پر وحی کے لیے اترا ہے اور اس کے کلام میں سے صرف یہی قول باقی بچا (ان الله لا يصنع بتعفير وجوهكم دقبح ادباركم شيئا فاذكروا الله

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الصريح) يريد لا تركعوا ولا تسجدوا واكتفوا بالصلاة قياماً وبذكر الله في حالة القيام' وقد أرسل له أبوبكر جيشاً بقيادة خالد بن الوليد فلما التقى الجمعان' قتل عدد كبير من أتباعه' وتزمل هو بكساء ينتظر الوحي' فقال له (عينية) هل أتاك بعد؟ فقال وهو من تحت الكساء، لا والله ما جاء بعد' فقال له عيينة: لقد تركك أحوج ما كنت إليه' ثم قال: يا بني فزارة هذا كذاب ما بورك لنا وله فيما يطلب' ثم انهزم طليحة ولحق بنواحي الشام' ويقال أنه أسلم بعد ذلك وكان له في القادسية بلاء حسن.

قياما فان الرغوة فوق الصريح) وہ چاہتا ہے کہ رکوع و سجود نہ کرو اور قیام کی حالت میں نماز اور ذکر الٰہی پر اکتفاء کرو اور حضرت ابوبکرؓ نے حضرت خالد بن ولیدؓ کی قیادت میں اس کی طرف فوج بھیجی جب دونوں فوجوں کی مڈبھیڑ ہوئی تو اسکے پیروکاروں کی ایک بڑی تعداد ماری گئی اور وہ چادر اوڑھ کر وحی کا انتظار کرنے لگا تو عینیہ نے اسے کہا کیا وہ ابھی تیرے پاس آیا ہے؟ اس نے کہا اور وہ چادر کے نیچے تھا نہیں قسم بخدا وہ ابھی نہیں آیا عیینہ نے اسے کہا: وہ تجھے چھوڑ گیا ہے حالانکہ تجھے اس کی بہت ضرورت تھی پھر اس نے کہا اے بنی فزارہ! یہ کذاب ہے۔ جو وہ طلب کرتا ہے اس میں نہ ہمارے لئے اور نہ اس کے لئے برکت ہے پھر طلیحہ نے شکست کھائی اور شام کے نواح میں چلا گیا' کہتے ہیں کہ وہ اس کے بعد مسلمان ہو گیا تھا اور قادسیہ میں اس نے بہادری و شجاعت دکھائی۔

د- ومنهم (النضر بن الحارث) وهو من صناديد قريش' ورؤساء الكفر والضلالة' وهو لم يدع النبوة ولا الوحي ولكنه زعم أنه يعارض القرآن' فلفق أخباراً من حوادث الفرس وملوك العجم' وكان يجلس إلى قريش فيحدثهم بهذه الأساطير ثم يقول لهم: هذا خير مما أنزل على محمد.

د۔ ان میں نضر بن حارث بھی ہے یہ صنادید قریش اور رؤسائے کفر و ضلالت میں سے تھا اس نے نبوت اور وحی کا دعویٰ نہیں کیا لیکن اس نے خیال کیا کہ وہ قرآن کا معارضہ کر سکتا ہے سو اس نے ایران اور ملوک عجم کے واقعات گھڑے اور وہ قریش کے پاس بیٹھ کر یہ کہانیاں انہیں بتایا کرتا تھا پھر ان کو کہتا: محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر جو اترا ہے یہ اس سے بہتر ہے۔

ه- ويروى أن (أبا العلاء المعرى) و (المتنبى) و (ابن المقفع) حاولوا معارضة القرآن ولكنهم ما كادوا يبدؤون هذه المحاولة حتى خجلوا واستحيوا فكسروا الأقلام ومزقوا الصحف' وقد ذكرنا فيما مضى محاولة (ابن المقفع) وأنه بعد أن عزم على المعارضة وبدأ بها

ہ۔ روایت ہے کہ ابوالعلاء المعری اور متنبّی اور ابن المقفع نے قرآن کے معارضہ کی کوشش کی جونہی وہ اس کوشش کا آغاز کرتے تو شرمندہ ہوتے سو انہوں نے قلموں کو توڑ دیا اور کاغذات کو پھاڑ دیا اور گذشتہ صفحات میں ہم ابن المقفع کی کوشش کا ذکر کر آئے ہیں کہ اس نے معارضہ کے عزم کیا اور عملاً اس کو شروع بھی کر دیا لیکن اسکے آغاز کے بعد ایک

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فعلاً، سمع صبياً يقرأ قوله تعالىٰ: ﴿وقيل يا أرض ابلعي ماء ك ويا سماء اقلعي، وغيض الماء، وقضى الأمر واستوت على الجودي، وقيل بعداً للقوم الظالمين﴾(سورة هود:٤٤) فمزق ما جمع واستحيا من إظهاره أمام الناس بعد أن قال قولته المشهورة: هذا والله ما يستطيع البشر أن يأتوا بمثله. وهذه القصة عن (ابن المقفع) يذكرها (الرافعي) عليه رحمة الله ثم يعقب عليها بقوله:

((إن ابن المقفع من أبصر الناس باستحالة المعارضة، لا لشيء من الأشياء إلا لأنه من أبلغ الناس وإذا قيل لك: ان فلانا يزعم امكان المعارضة ويحتج لذلك وينازع فيه، فاعلم ان فلانا في الصناعة احد رجلين اثنين: اما جاهل يصدق في نفسه، واما عالم يكذب على الناس، ولن يكون ثالث ثلاثة))[1] فالرافعي ينكر صحة هذه الرواية عن (ابن المقفع) كما ينكرها على (المعري) فكلاهما في نظره باطل وافتراء عليهما).

بچے کو یہ قول الٰہی پڑھتے سنا۔ "وقيل يا ارض ابلعي ماءك ويا سماء اقلعي وغيض الماء وقضى الامر واستوت على الجودى وقيل بعدا للقوم الظالمين" (سورۃ ہود:۴۴) تو اس نے جو کچھ جمع کیا تھا اسے پھاڑ دیا اور اس نے اسے لوگوں کے سامنے ظاہر کرنے سے شرم محسوس کی اور اس کے بعد اس نے اپنا مشہور قول کہا قسم بخدا ابشر اس کے مثل کلام کی طاقت نہیں رکھتا اور یہ واقعہ بحوالہ ابن المقفع الرافعی نے بھی بیان کیا ہے اور اس واقعہ کے بعد یوں کلام کیا ہے:

بلا شبہ ابن المقفع معارضہ کے استحالہ میں سب لوگوں سے بڑھ کر بصیرت رکھتا تھا اشیاء میں سے کسی چیز کیلئے نہیں۔ ہاں اس لئے کہ وہ لوگوں سے زیادہ بلیغ تھا اور جب تجھے کہا جائے کہ فلاں شخص معارضہ کے امکان کا گمان رکھتا ہے اور اس کے لئے حجت بازی کرتا ہے اور اس کے متعلق جھگڑا کرتا ہے تو سمجھ لے کہ فلاں شخص دو آدمیوں میں سے ایک ہے یا وہ جاہل ہے اور اپنے دل میں سچا ہے اور یا عالم ہے جو لوگوں پر جھوٹ باندھتا ہے اور وہ تیسرا نہیں ہے۔ پس الرافعی ابن المقفع سے اس روایت کی صحت کا منکر ہے ایسے ہی وہ المعری پر بھی اس کا عیب لگاتا ہے اور اس کی نظر میں دونوں روایتیں باطل اور ان پر افتراء ہیں۔

و- وتحدثنا الأيام القريبة أن زعماء (البهائية والقاديانية) وضعوا كتباً يزعمون أنهم يعارضون بها القرآن ثم خافوا أو خجلوا أن يظهروها امام الناس، فأخفوها على أمل أن يأتي الوقت المناسب فيخرجوها بعد أن يكثر الجهل

و۔ ہم نے قریب زمانے میں بیان کیا ہے کہ بہائیت اور قادیانیت کے لیڈروں نے کچھ کتابیں بنائی ہیں ان کا خیال ہے کہ وہ ان کے ذریعہ قرآن کا معارضہ کریں گے پھر وہ انہیں لوگوں کے سامنے ظاہر کرنے سے ڈرے اور شرمندہ ہوئے اور انہوں نے اس امید پر انہیں چھپا دیا کہ مناسب

(١) أنظر اعجاز القرآن للرافعي

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ويطيش العقل.

وقت آنے پر جہل کے زیادہ ہو جانے اور عقل کے کمزور ہو جانے کے بعد انہیں نکالیں گے۔

شبهات حول اعجاز القرآن والرد عليها:

الشبهة الأولى: يقول أعداء الاسلام فى معرض الطعن فى القرآن، وفى نبى القرآن: ان محمداً ﷺ قد تلقى هذا القرآن من (بحيرا الراهب) ونسبه إلى الله عزوجل ليوهم البشر قدسيته. والجواب: أن هذه فرية ما فيها مرية، وهؤلاء الخبثاء من الصليبيين واعوانهم من الملاحدة، إنما يروجون مثل هذه الأباطيل ليشوشوا على المثقفين من ابناء المسلمين دينهم ويفسدون عليهم عقائدهم بأمثال هذه الشبهات والافتراء ات، وهذه الشبهة باطلة لعدة أمور:

أولا: ان الرسول لم يثبت عنه أنه سافر الى الشام إلا مرتين: مرة فى صغره مع عمه (أبى طالب) ومرة فى شبابه مع (ميسرة) غلام السيدة خديجة، ولم يحدثنا التاريخ انه سمع من (بحيرا) أو تلقى عنه درساً واحداً، وانما غاية الأمر أن (بحيرا الراهب) رأى سحابة تظلل الرسول، فحدث عمه بأن هذا الغلام سيكون له شأن، ثم طلب منه ان يعيده الى مكة خوفاً عليه من اليهود، ثم هل يعقل والرسول فى سن الصغر أن يتلقى هذه العلوم والمعارف؟ أو يأتى بمثل هذه القرآن المعجز وهو لم يتجاوز بعد سن العاشرة؟ وفى المرة الثانية كان غرضه التجارة ولم يثبت أنه ألتقى بأح من الرهبان فى هذه

اعجاز قرآن کے متعلق شبہات اور ان کا رد: پہلا شبہ:

دشمنانِ اسلام قرآن اور قرآن کے نبی پر اعتراض کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ محمد نے یہ قرآن بحیرا راهب سے سیکھا اور اسے اللہ کی طرف منسوب کر دیا تا کہ انسانوں کو اس کی پاکیزگی کا وہم ڈال دے اس کا جواب یہ ہے کہ یہ ایک جھوٹ ہے جس میں کوئی شک نہیں ہے اور یہ صلیبیوں کے خبیث اور ملحدین میں سے ان کے مددگار اس قسم کی اباطیل کو رواج دیتے ہیں تا کہ مسلمانوں کے تعلیم یافتہ بچوں کو پریشان کریں اور اس قسم کے شبہات اور افتراءات سے ان کے عقائد کو خراب کر دیں، یہ شبہ کئی باتوں کی وجہ سے باطل ہے۔

اول: رسول اللہ ﷺ کے متعلق صرف دو دفعہ شام کی طرف سفر کرنا ثابت ہے ایک دفعہ چھوٹی عمر میں اپنے چچا ابوطالب کے ساتھ اور دوسری مرتبہ جوانی میں میسرہ کے ساتھ جو سیدہ خدیجہ کا غلام تھا اور تاریخ نے ہمیں نہیں بتایا کہ آپ نے بحیرا سے سماع کیا ہو یا اس سے ایک سبق ہی لیا ہو، زیادہ سے زیادہ یہ ہے کہ بحیرا نے ایک بادل کو رسول کریم ﷺ پر سایہ کرتے دیکھا اور اس نے آپ کے چچا کو بتایا کہ عنقریب اس بچے کی ایک شان ہوگی پھر اس نے ابوطالب سے خواہش کی کہ وہ اسے واپس لے جائیں اسے آپ کے بارے میں یہود کا خوف تھا پھر کیا یہ سمجھا جا سکتا ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے صغر سنی میں یہ علوم معارف حاصل کئے ہوں؟ یا وہ اس قسم کا معجز قرآن لائیں حالانکہ اس وقت آپ کی عمر دس سال سے زیادہ نہ تھی؟ اور دوسری دفعہ آپ کا مقصد تجارت کرنا تھا اور یہ ثابت

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السفرة، فمن أين لهم هذه البهتان والافتراء؟!.

نہیں کہ آپ اس سفر میں کسی راہب سے ملے ہوں اس سے یہ بہتان وافتراء انہیں نہ جانے کہاں سے سوجھا ہے۔

ثانياً: من المستحيل عقلاً على أي انسان ان يصبح في هذه المرتبة (استاذ العالم) لمجرد مصادفته لراهب من الرهبان مرتين مع أنه كان في الأولى صغيراً وفي الثانية تاجراً، وأن يأتي بهذا الكتاب المعجز وهو امي لمجرد التقائه بأحد الرهبان مرة أو مرتين.

دوم: عقلاً یہ بات محال ہے کہ آپ دو مرتبہ ایک راہب سے ملنے سے پورے عالم کے استاد بن جائیں جب کہ آپ پہلی مرتبہ چھوٹے تھے اور دوسری مرتبہ تاجر تھے اور یہ کہ آپ یہ معجز کتاب لائیں صرف ایک راہب سے ایک یا دو بار ملنے سے حالانکہ آپ امی تھے۔

ثالثاً: لو كان هذا الراهب المسمى (بحيرا) هو مصدر هذا القرآن، لكان هو الأحرى بالنبوءة والرسالة، أو لكانت عبقريته تفوق عباقرة الدنيا، لأنه أتى بكلام أعجز فيه الأولين والآخرين.

سوم: اگر بحیرا راہب قرآن کا سرچشمہ ہوتا تو وہ نبوت و رسالت کے زیادہ لائق تھا یا اس کی عبقریت و دانش دنیا کے تمام دانشوروں سے بالا ہوتی اس لئے کہ وہ ایسا کلام لایا ہے جس کے بارے میں اولین وآخرین عاجز آ گئے ہیں۔

رابعاً: نقول إن المشركين من كفار قريش كانوا اعقل واسلم تفكيراً من هؤ لاء المجانين لأنهم. مع شدة حرصهم على تكذيب الرسول وتبهيته. لم يقبلوا على انفسهم مثل هذا الكتاب الرخيص، ولم يفكروا أن يقولوا إنه تعلم من (بحيرا الراهب) لمجرد الالتقاء به مرتين لأن العقل لا يستسيغ ذلك.

چہارم: ہم کہتے ہیں کہ کفار قریش میں سے مشرکین ان مجنونوں سے زیادہ دانشمند اور زیادہ صحیح سوچ والے تھے۔ حالانکہ وہ رسول اللہ ﷺ کی تکذیب کرنے اور آپ پر بہتان لگانے کے بڑے شوقین تھے۔ انہوں نے اس سستے جھوٹ کی طرف توجہ نہیں دی اور نہ ہی یہ سوچا ہے کہ آپ نے بحیرا راہب سے صرف دو بار ملنے سے اس سے سیکھ لیا ہے اس لئے کہ عقل اس کو جائز قرار نہیں دیتی۔

الشبهة الثانية: يقولون هذا القرآن من تعليم (جبر الرومي) تعلم منه الرسول في مكة.. الخ. والجواب أن هذه الشبهة قد تولى الله عزوجل الرد عليها بأبلغ حجة وأنصع بيان فقال عز من قائل: ﴿ **ولقد نعلم انهم يقولون إنما يعلمه بشر، لسان يلحدون إليه اعجمي، وهذا لسان عربي مبين**﴾ (سورة النحل:۱۰۳). فهذا الرجل

دوسرا شبہ: وہ کہتے ہیں یہ قرآن جبر رومی کی تعلیم سے ہے رسول اللہ ﷺ نے مکہ میں اس سے علم حاصل کیا ہے اس کا جواب یہ ہے کہ اس اللہ تعالیٰ نے خوبصورت اور موثر رنگ میں اس شبہ کے رد کی ذمہ داری لی ہے۔ فرماتا ہے: "**ولقد نعلم انهم يقولون انما يعلمه بشر لسان الذى يلحدون اليه اعجمى وهذا لسان عربى مبين**" (سورۃ النحل:۱۰۳) یہ شخص جس کی طرف وہ محمد ﷺ کی تعلیم کو

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الذين ينسبون إليه تعليم محمد ﷺ هو رومي أعجمي لا يعرف اللسان العربي فكيف يعلمه القرآن؟ وقد كان (جبر) هذا حداداً يمتهن الحدادة' وقد أسلم' فكان النبي ﷺ كثيراً ما يمر عليه فيجلس عنده' فقال المشركون: واﷲ ما يعلم محمداً هذا القرآن إلا جبر الرومي' وكان سيده يضربه ويقول له: أنت تعلم محمداً' فيقول: لا والله' بل هو يعلمني ويهديني.. ومن الغريب أن هذه التهمة قد لاقت استحساناً عند بعض الأفراد مع أنها في منتهى الغرابة والهزل' اذ كيف يكون الاستاذ عبداً حداداً أعجمياً' لا يفقه شيئاً من اللغة العربية ثم يعلم الرسول لغة الضاد!! وهل من المعقول أن يكون هذا الرومي الأعجمي مصدراً لهذا القرآن الذى هو أبلغ نصوص العربية' بل هو معجزة المعجزات ومفخرة العرب واللغة العربية!! ولهذا كان رد القرآن مفحماً وقاطعاً ﴿ **لسان الذين يلحدون اليه اعجمي' وهذا لسان عربي مبين**﴾.

منسوب کرتے ہیں وہ رومی عجمی ہے وہ عربی زبان کونہیں جانتا پس وہ آپ کو کیسے قرآن سکھا سکتا ہے؟ اور یہ جبر لوہار تھا لوہے کا کام کرتا تھا اس نے اسلام قبول کیا اور حضرت نبی کریم ﷺ بکثرت اس کے پاس سے گزرتے تو اس کے پاس بیٹھ جاتے مشرکین نے کہا: محمد ﷺ کو جبر رومی قرآن سکھاتا ہے اور اس کا آقا اسے مارتا تھا اور اسے کہتا تھا تو محمد ﷺ کو سکھاتا ہے وہ کہتا قسم بخدا نہیں بلکہ وہ مجھے سکھاتے اور ہدایت دیتے ہیں اور یہ عجیب بات ہے کہ بعض افراد کے ہاں اس تہمت کی بڑی پذیرائی ہوئی ہے حالانکہ یہ ہزل اور غرابت کے منتھیٰ میں ہے ایک عجمی لوہار غلام کیسے استاد ہو سکتا ہے جو زبان عربی کو بالکل بھی نہیں سمجھتا پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ضاد کی لغت سکھاتا کیا یہ کوئی معقول بات ہے کہ یہ رومی عجمی اس قرآن کا سرچشمہ ہو جو ابلغ نصوص عربیہ کا حامل ہے بلکہ وہ معجزۃ المعجزات ہے اور عربوں اور لغت عربیہ کیلئے فخر کا باعث ہے اس لئے قرآن نے منہ بند کرنے والا اور قاطع رد کیا ہے "**لسان الذی یلحدون الیہ أعجمی وھذا لسان عربی مبین**"

الشبهة الثالثة: إن محمداً عبقرية فذة' وهذه العبقرية الخارقة' لماذا لا يمكن أن تكون هي منبع هذه الأخبار' وأن يكون هذا القرآن من تأليف محمد وترتيبه لأنه ذو شخصية رائعة؟!.

تیسرا شبہ: بلا شبہ محمد ﷺ یکتا عبقریت رکھتے ہیں اور یہ خارق عادت عبقریت ہے یہ کیوں ممکن نہیں کہ یہی ان اخبار کا منبع ہو اور یہ قرآن محمد ﷺ کی تالیف و ترتیب سے ہو اس لئے کہ آپ خوبصورت شخصیت کے مالک تھے۔

والجواب: إن هذا الكلام إنما يصدر عن جاهل لا يعرف شيئاً عن حياة النبي ﷺ ولا عن تاريخ عشيرته وقومه' فالرسول ﷺ عاش أربعين سنة بين قومه وهو يشار إليه بالبنان' في صدقه

اس کا جواب یہ ہے کہ یہ کلام کوئی جاہل ہی کر سکتا ہے جو نبی ﷺ کی حیات اور آپ کے خاندان اور آپ کی قوم کی تاریخ سے واقف نہ ہو رسول اللہ ﷺ اپنی قوم کے درمیان چالیس سال رہے اور آپ کے صدق و امانت اور شرافت و

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وأمانته ونبله وفضله' حتى كان المشركون يلقبونه ب (الصادق الأمين) فهل يعقل بعد هذه الحياة الشريفه الطاهرة' أن يأتي بأعظم بهتان فيزعم أن هذا القرآن من عند الله' وانه رسول الله؟ ! وبداية الانسان تدل على نهايته فكيف يتفق هذا مع تاريخ الرسول الشريف الطاهر' وحياته الفاضلة العطرة' وحين سأل (هرقل) ملك الروم أبا سفيان عن رسول الله. هل كنتم تتهمونه بالكذب قبل أن يقول ما قال؟ أجابه أبو سفيان بقوله: لا بل هو عندنا الصادق الأمين' فقال له هرقل: لم يكن ليدع الكذب على الناس ويكذب على الله. ومن ناحية ثانية فقد ثبت في التاريخ ثبوتاً قاطعاً أن محمداً ﷺ كان أمياً لا يعرف القراء ة والكتابة' وقد اكد هذا القرآن بقوله عز من قائل ﴿ **وما كنت تتلو من قبله من كتاب ولا تخطه بيمينك اذا لارتاب المبطلون**﴾(سورة العنكبوت:٤٨) فمن اين لرسول الله معرفة أخبار الأولين من الأنبياء والمرسلين؟ ومن أين له معرفة دقائق التاريخ وأحوال الأمم الغابرة وأنباء من سبق من البشر على وجه الدقة والتفصيل' وهو بعد لم يقرأ كتاباً' ولم يدرس علماً' ولم يتلق هذا الأنباء عن أحد من علماء أهل الكتاب؟!.

ثم مهما كانت عبقرية الانسان فذة' ونبوغه عظيماً' وذكاؤه وافراً فمن أين له معرفة أمور الغيب' وأحوال المستقبل' وهل يمكن

نجابت اور فضل کی طرف انگلیوں سے اشارے کیے جاتے تھے حتی کہ مشرکین آپ کو صادق و امین کا لقب دیتے تھے کیا اس شریفانہ اور پاکبازانہ زندگی کے بعد سمجھا جا سکتا ہے کہ آپ بڑا بہتان لگائیں اور خیال کریں کہ یہ قرآن اللہ کی جانب سے ہے اور آپ اللہ کے رسول ہیں؟ اور انسان کا آغاز اس کے انجام پر دلالت کرتا ہے پس یہ بات شریف طاہر رسول کی تاریخ کے ساتھ کیسے میل کھا سکتی ہے اور آپ کی زندگی خوشبودار ہے اور جب شاہ روم ہرقل نے ابوسفیان سے رسول اللہ ﷺ کے متعلق پوچھا کیا تم اس بات کے کہنے سے قبل جو وہ کہتا ہے اس پر جھوٹ کا الزام لگاتے ہو؟ ابوسفیان نے جواب دیا نہیں بلکہ وہ ہمارے ہاں صادق و امین ہے ہرقل نے اسے کہا جو بندوں پر جھوٹ نہیں باندھتا وہ اللہ پر جھوٹ کیسے باندھ سکتا ہے؟ اور دوسری جہت سے تاریخ میں قطعی ثبوت سے ثابت ہو چکا ہے کہ محمد ﷺ امی تھے' قرأت و کتابت کو نہیں جانتے تھے قرآن نے اس قول کو تاکیداً بیان کیا ہے: "وما كنت تتلو من قبله من كتاب ولا تخطه بيمينك اذا لا رتاب المبطلون" (سورۃ العنکبوت: ۴۸) پس رسول اللہ ﷺ کو اولین انبیاء و مرسلین کی خبروں کی معرفت کیسے ہوئی؟ اور دقائق تاریخ اور گزشتہ قوموں کے احوال اور پہلے لوگوں کی خبروں کی دقت و تفصیل کے ساتھ معرفت کہاں سے حاصل ہوئی حالانکہ ابھی تک آپ نے نہ کوئی کتاب پڑھی تھی اور نہ علم پڑھا تھا اور نہ ہی یہ خبریں آپ نے اہل کتاب سے کسی عالم سے حاصل کی تھیں۔

پھر انسان کی عبقریت خواہ کس قدر یگانہ اور اس کی فوقیت عظیم اور اس کی ذہانت وافر ہو اسے غیب کے امور اور مستقبل کے احوال کی معرفت کہاں سے ہو سکتی ہے اور کیا بشر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لبشر مهما سما أن يخبر عن الغيب بحيث لا يشذ عن أخباره واحدة من هذه المغيبات إلا أن يكون رسولاً صادقاً يوحى إليه من عند الله؟ إن العقل ليجزم بأن هذا ليس في طوق البشر' ومهما بلغت العبقرية من النبوغ والذكاء' ومهما كانت الشخصية قوية ومثالية' فلن تستطيع أن تخرق استار الغيب او تخبر بما ليس في مقدورها وصدق الله ﴿ **كذلك نقص عليك من أنباء ما قد سبق وقد آتيناك من لدنا ذكراً..** ﴾(سورة طه:٩٩)

کیلئے ممکن ہے خواہ وہ کس قدر بلند ہو کہ وہ یوں غیب کی خبر دے کہ اس کی ان غیبی خبروں میں سے ایک خبر بھی جدا نہ ہو سوائے اس کے کہ وہ رسول صادق ہو اس کی طرف خدا کی جانب سے وحی ہوتی ہو۔ عقل اس بات کا قطعی فیصلہ دیتی ہے کہ یہ بشر کی طاقت نہیں خواہ عبقریت' فوقیت اور ذہانت کہاں بھی پہنچ جائیں اور شخصیت خواہ کس قدر قوی اور مثالی ہو وہ غیب کے پردوں کو پھاڑنے کی طاقت نہیں رکھتی یا اس چیز کی خبر دے جو اس کے بس میں نہیں ہے اللہ تعالیٰ نے سچ فرمایا ہے: "**كذلك نقص عليك من أنباء ما قد سبق و قد اتيناك من لدنا ذكرا**" (سورۃ طٰہٰ:۹۹)

الشبهة الرابعة: يقولون: ان عجز البشر عن الاتيان بمثل هذا القرآن لا يدل على انه كلام الله وما هذا الا كمثل عجزهم عن الاتيان بمثل (الكلام النبوى) فهل يكون كلام الرسول من عند الله؟ أو يقال إنه كلام الله؟.

چوتھا شبہ: وہ کہتے ہیں اگر بشر اس قرآن کی مثل لانے سے عاجز ہے تو یہ بات اس کے کلام اللہ ہونے پر دلالت نہیں کرتی اور یہ ان کے کلام نبوی کی مثل لانے سے عجز کی طرح ہے تو کیا کلام رسول بھی من عند اللہ ہوگا؟ یا اسے کلام اللہ کہا جائے گا؟

والجواب: أن الحديث النبوى ان عجز عامة الناس عن الاتيان بمثله فلن يعجز احد الخاصة عن الاتيان بمثل بعضه' ولو بمقدار حديث واحد أو سطر واحد من كلامه' وكلام الرسول ﷺ وان كان في الذروة العليا من الفصاحة والبلاغة إلا أنه لا يخرج عن كونه كلام بشر' وقد يشتبه كلام البشر بعضهم مع بعض' حتى لنجد تشابهاً بين كلام النبوة وكلام بعض الخواص من الصحابة ونسمع الحديث فيشتبه علينا أمره أهو مرفوع ينتهي الى النبي ﷺ؟ ام هو موقوف عند الصحابي أي من

اس کا جواب یہ ہے کہ اگر عامۃ الناس اس کی مثل لانے سے عاجز آ گئے ہیں تو خواص میں سے کوئی اس کے بعض کی مثل لانے سے ہرگز عاجز نہ ہوگا خواہ وہ ایک حدیث کی مقدار ہو یا آپ کے کلام سے ایک سطر ہو اور رسول اللہ ﷺ کا کلام اگرچہ فصاحت و بلاغت کی بلند چوٹی پر ہے مگر وہ کلام بشر ہونے سے باہر نہیں ہے اور بشر کا کلام ایک دوسرے سے مل جل جاتا ہے حتی کہ ہم کلام نبوت اور بعض خاص صحابہ کے کلام میں تشابہ پاتے ہیں ہم حدیث کو سنتے ہیں تو ہم پر اس کا معاملہ مشتبہ ہو جاتا ہے کہ کیا وہ مرفوع ہے حضرت نبی کریم ﷺ تک پہنچتی ہے یا وہ صحابی کے کلام تک موقوف ہے یا تابعی تک ختم ہو جاتی ہے؟ اور ہم تمیز کرنے کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كلامه؟ ام مقطوع عند التابعي؟ ولا نستطيع أن نميز حتى يرشدنا السند الى عين قائله. ومن أوتي حاسة بيانية يدرك هذا الشبه كثيراً وقد يلتبس علينا الأمر حين نسمع كلاماً رائعاً بليغاً لأحد الفصحاء فنظنه من كلامه الرسول ﷺ فاذا قد يكون هناك بعض الشبه بين كلام افصح من نطق بالضاد وبين كلام بعض النبغاء واستمع مثلاً الى هذه الجملة الرائعة (المعدة بيت الداء، والحمية رأس كل دواء، وعودوا كل جسم ما اعتاد) فإن الانسان اذا سمع هذه لم يستبعد أن تكون حديثاً لجمالها وصحتها وأسلوبها الأخاذ، وربما جزم بأنها حديث شريف مع أنها ليست بحديث إنما هي من كلام طبيب العرب المشهور (ابن كلدة) وأما القرآن فذاك له شأن آخر لا يلتبس مع غيره من الكلام، ولن تستطيع أن تجد له شبيهاً أو نداً، لأن الذي صنعه على عينه لن تستطيع أن تجد له شبيهاً أو نداً، فكيف يقاس القرآن الكريم بالحديث الشريف في هذا المقام؟.

ثانياً: ومن ناحية ثانية لو كان هذا القرآن من تأليف محمد ﷺ لكان ينبغي أن يكون الأسلوب في (القرآن والسنة) واحداً ضرورة أنهما صادران عن شخص واحد، استعداده واحد، ومزاجه واحد، مع اننا نجد الفرق بينهما واضحاً، والبون شاسعاً، فأسلوب القرآن ضرب وحده تظهر عليه سمات الألوهية والربوبية التي

طاقت نہیں رکھتے حتی کہ سند اس کے قائل تک ہماری راہنمائی کرے اور جسے حاسہ بیانیہ دیا گیا ہے وہ اس بشارت کو کافی پائے گا اور جب ہم کسی فصیح کا خوبصورت بلیغ کلام سنتے ہیں تو ہم پر معاملہ مشتبہ ہو جاتا ہے ہم اسے رسول اللہ ﷺ کا کلام خیال کرتے ہیں پس اس سورت میں ضاء بولنے والوں کے افصح کلام اور بعض نبغاء کے کلام کے درمیان بھی کچھ مماثلت ہو جاتی ہے اس خوبصورت جملہ کی طرف کان لگایئے۔

(المعدة بيت الداء والحمية راس كل دواء وعودوا كل جسم ما اعتاد) (معدہ بیماری کا گھر ہے اور پرہیز ہر دوا کی چوٹی ہے اور ہر جسم کو جس بات کا وہ عادی ہے عطا کرو۔) انسان جب ان جملوں کو سنتا ہے تو مستبعد نہیں کہ یہ اپنے جمال، صحت اور گرفت کرنے والے اسلوب کے باعث، حدیث ہو اور بسا اوقات قطعیت سے کہا جاتا ہے کہ یہ جملے حدیث ہیں حالانکہ یہ حدیث نہیں ہیں یہ عرب کے مشہور طبیب ابن کلدہ کا کلام ہے اور قرآن کی ایک اور شان ہے وہ دوسرے کے کلام سے ملتبس نہیں ہوتا اور تو ہرگز اس کا شبہ اور مد مقابل نہ پائے گا اس لئے کہ جس نے اسے عین کلام بنایا ہے اپنے عین پر بنایا ہے تو ہرگز اس کا شبہ اور ہمسر نہ پائے گا سو اس مقام پر قرآن کریم کو حدیث شریف کے ساتھ کیسے قیاس کیا جائے گا۔

دوم: دوسری جہت سے اگر یہ قرآن محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تالیف ہوتا تو چاہئے تھا کہ ضرورۃ قرآن وسنت کا اسلوب ایک ہوتا کہ وہ دونوں ایک شخص سے صادر ہوئے ہیں اس کی استعداد بھی ایک ہے اور اس کا مزاج بھی ایک ہے اس کے باوجود ہم دونوں کے درمیان بڑا واضح فرق پاتے ہیں پس قرآن کا اسلوب ایک قسم کا ہے جس پر الوہیت اور ربوبیت کی علامات نمایاں ہیں جو مماثلت و

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تجل عن المشابهة والمماثلة، واسلوب الحديث الشريف ضرب آخر، لا يحل عن المشابهة والمماثلة، بل هو محلق فی جو البيان بقدر الأساليب البشرية الرفيعة، ولا يستطيع بحال أن يصعد الی سماء اعجاز القرآن، وهذا يدركه كل انسان اذا ما قارن بين الأسلوبين بأبسط نظرة وصدق الله حيث يقول: ﴿ **ولو ان ما فی الأرض من شجرة اقلام والبحر يمده من بعده سبعة ابحر ما نفدت كلمات الله ان الله عزيز حكيم**﴾(سورة لقمان:٢٧). وصدق الله ﴿ **قل لئن اجتمعت الانس والجن علی ان ياتوا بمثل هذا القرآن لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم لبعض ظهيرا**﴾(سورة الاسراء:٨٨).

مشابہت سے بہت بری ہیں اور حدیث شریف کا اسلوب دوسری قسم کا ہے وہ مشابہت ومماثلت سے بری نہیں بلکہ وہ بیان کی فضاء میں بشریت کے اسالیب رفیعہ کے ساتھ چکر لگا رہا ہے اور کسی حال میں اس بات کی طاقت نہیں رکھتا کہ وہ اعجاز قرآن کے آسمان تک چڑھ جائے اور جب ہر انسان وسیع نظر کے ساتھ دونوں اسلوبوں کا موازنہ کرے گا تو وہ اسے معلوم ہو جائے گا۔ اللہ فرماتا ہے: "**ولو انا ما فی الارض من شجرة اقلام والبحر يمده من بعده سبعة ابحر ما نفدت كلمات الله ان الله عزيز حكيم**"(سورۃ لقمان:۲۷)

پھر فرماتا ہے: "**قل لئن اجتمعت الانس والجن علی ان ياتوا بمثل هذ القرآن لا ياتون بمثله ولو كان بعضهم بعض ظهيرا**"(سورۃ الاسراء:۸۸)

❀ ❀ ❀

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القسم الثاني

التفسير بالدراية (الرأي)

بعد أن تحدثنا عن التفسير بالرواية' ننتقل الآن الى الحديث عن التفسير بالدراية' وهذا النوع يسمى عند علماء التفسير (التفسير بالرأى) أو التفسير بالمعقول' لأن المفسر لكتاب الله تعالىٰ يعتمد فيه على اجتهاده' لا على المأثور المنقول عن الصحابة أو التابعين' بل يكون فيه الاعتماد على اللغة العربية' وفهم أسلوبها على طريقة العرب' ومعرفة طريقة التخاطب عندهم' وإدراك العلوم الضرورية' التي ينبغي أن يكون ملماً بها كل من أراد تفسير القرآن' كالنحو والصرف وعلوم البلاغة' وأصول الفقه' ومعرفة أسباب النزول' إلى غير ما هنالك من العلوم التي يحتاج إليها المفسر' كما سنبينه فيما بعد إن شاء الله تعالىٰ.

معنى التفسير بالرأى:

المراد بالرأى هنا (الاجتهاد) المبنى على أصول صحيحة' وقواعد سليمة متبعة' يجب أن يأخذ بها من أراد الخوض فى تفسير الكتاب' أو التصدى لبيان معانيه' وليس المراد به مجرد (الرأي) أو مجرد (الهوى) أو تفسير القرآن بحسب ما يخطر للانسان من خواطر' أو بحسب ما يشاء. فقد قال القرطبى: من قال فى القرآن بما سنح فى وهمه' أو خطر على باله'

دوسری قسم

تفسیر بالرائے

تفسیر بالروایت کے متعلق گفتگو کرنے کے بعد ہم اب تفسیر بالرائے کی طرف منتقل ہوتے ہیں علماء تفسیر کے ہاں اس نوع کا نام تفسیر بالرائے یا تفسیر بالمعقول ہے اس لئے کہ اسمیں کتاب اللہ کا مفسر اپنے اجتہاد پر اعتماد کرتا ہے۔ صحابہ تابعین سے منقول ماثور پر اعتماد نہیں کرتا بلکہ اس میں اس کا اعتماد پر لغت اور عربوں کے طریق پر ان کے اسلوب کے فہم اور ان کے طریق تخاطب کی معرفت پر اور ان علوم ضروریہ کے ادراک پر ہوتا ہے جن کا تفسیر قرآن کرنے والے کو جاننا ضروری ہے جیسے نحو' صرف' علوم بلاغت' اصول فقہ' اسباب نزول کی معرفت وغیرہ علوم جن کا مفسر محتاج ہوتا ہے جیسا کہ ہم ابھی بیان کرینگے۔ انشاء اللہ

تفسیر بالرائے کا مفہوم:

یہاں رائے سے مراد وہ اجتہاد ہے جو صحیح اصول اور مسلمہ قواعد سلیمہ پر مبنی ہو' تفسیر کتاب میں مشغولیت کرنے والے اور اس کے معانی کے بیان کے درپے ہونے والے کیلئے واجب ہے کہ وہ ان کو لازم پکڑے اس سے مراد مجرد رائے یا مجرد خواہش نہیں اور نہ ہی وہ تفسیر قرآن مراد ہے جو انسان کے خیالات کے مطابق ہو یا جو وہ پسند کرے اور اس کے نفس اس کے مطابق ہو قرطبی نے بیان کیا ہے کہ جس نے اصول سے استدلال کئے بغیر قرآن کے بارے میں وہ بات

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

من غير استدلال عليه بالأصول، فهو مخطىء مذموم، وعليه يحمل الحديث الشريف ((من كذب على متعمداً فليتبوأ مقعده من النار، ومن قال في القرآن برأيه فليتبوأ مقعده من النار))(۱).

وقد قال ﷺ: ((من قال في القرآن برأيه فأصاب فقد أخطأ))(۲).

قال القرطبي رحمه الله في مقدمة تفسيره (الجامع لأحكام القرآن) مانصه:

فسر حديث ابن عباس ((ومن قال في القرآن برأيه فليتبوأ مقعده من النار)) تفسيرين:

أحدهما: من قال في مشكل القرآن بما لا يعرف من مذهب الصحابة والتابعين فهو متعرض لسخط الله.

ثانيهما: من قال في القرآن قولاً يعلم أن الحق غيره فليتبوأ مقعده من النار.

وقد رجح القرطبي القول الثاني فقال: وهو أثبت القولين، وأصحهما معنى. ثم قال: وأما حديث (جندب) فقد حمل بعض أهل العلم هذا الحديث على أن الرأى معنى به (الهوى) والمراد من قال في القرآن قولاً

کہی جو اس کے وہم میں آئی ہے یا اس کے دل میں گزری ہے تو وہ خطا کار اور مذموم ہے اور اسی پر یہ حدیث محمول کی جائے گی کہ جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ بولا اس نے دوزخ میں اپنا ٹھکانہ بنایا ہے اور جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے سے بیان کیا اس نے دوزخ میں اپنا ٹھکانہ بنایا۔

اور رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے بیان کی اور اس نے ٹھیک کہا اس نے بھی غلطی کی ہے۔

قرطبی نے اپنی تفسیر کے مقدمہ میں بیان کیا ہے جس کی عبارت یہ ہے کہ:

ابن عباس کی حدیث کہ: جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے بیان کی اس نے اپنا ٹھکانا دوزخ میں بنایا ہے کی دو تفسیریں کی گئی ہیں۔

ایک یہ ہے کہ جس نے قرآن کے مشکل مقامات کے بارے میں صحابہ اور تابعین کا مذہب معلوم کیے بغیر کچھ کہا وہ اللہ کی ناراضگی کو مول لے گا۔

دوسری یہ کہ جس نے قرآن کے بارے میں کوئی بات کہی یہ جانتے ہوئے کہ اس کے قول کا غیر حق ہے تو اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا۔

قرطبی نے دوسرے قول کو ترجیح دی ہے اور کہا ہے کہ یہ دونوں میں سے اثبت قول ہے اور معناً دونوں سے زیادہ صحیح ہے پھر بیان کیا ہے کہ اب رہی جندبؓ کی حدیث تو بعض اہل علم کے اس حدیث کو اس بات پر محمول کیا ہے کہ رائے سے مراد ''خواہش'' ہے اور اس سے مراد یہ ہے کہ جس نے اپنی خواہش

(۱) الحديث رواه الترمذي عن ابن عباس، ومعنى يتبوأ: أي ينزل ويحل.

(۲) الحديث من رواية أبي داود عن جندب.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يوافق هواه، لم يأخذه عن أئمة السلف فأصاب فقد أخطأ، لحكمه على القرآن بما لا يعرف أصله، ولا يقف على مذاهب أهل الأثر والنقل فيه.

کے موافق قرآن کے بارے میں کوئی بات کی اور اسے ائمہ سلف سے نہ سیکھا اور اس نے صحیح بات کی تب بھی اس نے غلطی کی ہے اس لئے کہ اس نے قرآن کے متعلق ایسا حکم لگایا جس کی اصل کو نہ جانتا تھا اور اہل اثر کے مذاہب اور ان سے منقول روایات سے واقف بھی نہ تھا۔

وقال ابن عطية: ومعنى هذا أن يسأل الرجل على معنى فى كتاب الله عزوجل، فيتسور عليه (أى يهجم عليه) برأيه دون نظر فيما قال العلماء واقتضته قوانين العلم كالنحو والأصول، وليس يدخل فى هذا الحديث، أن يفسر اللغويون لغته، والنحويون نحوه، والفقهاء معانيه وأحكامه، ويقول كل واحد باجتهاده المبنى على قوانين علم ونظر، فان القائل على هذه الصفة ليس قائلاً بمجرد رأيه(١).

ابن عطیہ نے بیان کیا ہے کہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ ایک آدمی سے کتاب اللہ کا معنیٰ پوچھا جائے اور وہ اس کو دیکھے بغیر جو کچھ علماء نے اس کے بارے میں کہا ہے اور قوانینِ علم جیسے نحو اور اصول اس سے جو تقاضا کرتے ہیں ان کو دیکھے بغیر اپنی رائے سے اس پر حملہ کر دے مگر اس حدیث میں یہ امر داخل نہ ہوگا کہ لغوی اپنی لغت کی تفسیر کریں اور نحوی، اپنی نحو کی اور فقہاء اس کے معانی و احکام کی، اور ہر ایک اپنے اجتہاد سے بات کرے جو قوانین علم ونظر پر مبنی ہو بلاشبہ اس طرح کا قائل مجرد اپنی رائے سے کہنے والا نہ ہوگا۔

انواع التفسير بالرأى:

وعلى هذا يمكن تقسيم التفسير بالرأى إلى قسمين:

١ – تفسير محمود.

٢ – تفسير مذموم.

فالتفسير المحمود: ما كان موافقاً لغرض الشارع، بعيداً عن الجهالة والضلالة، متمشياً مع قواعد اللغة العربية، معتمداً على أساليبها فى فهم النصوص القرآنية الكريمة، فمن فسر القرآن برأيه (أى باجتهاده) ملتزماً الوقوف عند هذه الشروط، معتمداً عليها فيما يرى من معانى الكتاب العزيز،

تفسیر بالرائے کی انواع:

اس طریق پر تفسیر بالرائے کی تقسیم دو قسموں میں ممکن ہوگی۔

۱۔تفسیر محمود

۲۔تفسیر مذموم۔

تفسیر محمود: وہ ہوگی جو شارع کی غرض کے موافق ہو، جہالت و ضلالت سے دور ہو، لغت عربیہ کے قواعد کے ساتھ چلتی ہو اور قرآنی نصوص کے فہم میں اس کے اسالیب پر اعتماد کرتی ہو پس جس نے قرآن کی تفسیر اپنی رائے سے (یعنی اپنے اجتہاد سے) ان شروط کی پابندی کرتے ہوئے کی اور کتاب عزیز کے معانی میں ان پر اعتماد کیا اس کی تفسیر جائز

(١) تفسير القرطبى: ج١ ص٣٢

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كان تفسيره جائزاً سائغاً جديراً بأن يسمى (التفسير المحمود) أو التفسير المشروع.

وأما التفسير المذموم: فهو أن يفسر القرآن بدون علم، أو يفسره حسب الهوى، مع الجهالة بقوانين اللغة أو الشريعة، أو يحمل كلام الله على مذهبه الفاسد، وبدعته الضالة، أو يخوض فيما استأثر الله بعلمه، ويجزم بأن المراد من كلام الله هو كذا و كذا، فهذا النوع من التفسير هو (التفسير المذموم) أو التفسير الباطل. وباختصار: فإن التفسير المحمود، ما كان صاحبه عارفاً بقوانين اللغة، خبيراً بأساليبها، بصيراً بقانون الشريعة.

والتفسير الباطل المذموم: ما كان منبعثاً عن الهوى، قائماً على الجهالة والضلالة. مثاله: ما ورد عن بعض الجهلة من ادعياء العلم فى قوله تعالى ﴿ **يوم ندعو كل أناس بامامهم** ﴾(سورة الاسراء:٧١) أن المراد بها أن الله تعالىٰ ينادى الناس يوم القيامة بأسماء أمهاتهم ستراً عليهم، فقد فسر هذا الجاهل (الامام) بالأمهات وظن أن الامام جمع ام، مع أن اللغة العربية تأبى هذا، لأن جمع الأم أمهات قال تعالى ﴿ **وأمهاتكم اللاتى أرضعنكم** ﴾(سورة النساء:٢٣) ولا يكون جمعُ الأم اماماً فإن ذلك فاسد لغة وشرعاً، والمراد بالامام هنا (النبى) الذى اتبعته أمته، أو كتاب الأعمال بدليل تتمة الآية: ﴿ **فمن أوتى كتابه بيمينه فأولئك يقرون كتابهم ولا يظلمون فتيلا** ﴾(سورة الاسراء:٧١).

ہوگی اور اس بات کے لائق ہوگی کہ اسے تفسیر محمود یا تفسیر مشروع کا نام دیا جائے۔

تفسیر مذموم: یہ کہ علم کے بغیر قرآن کی تفسیر کی جائے یا قوانین لغت اور شریعت سے جہالت کے ساتھ خواہش کے مطابق اس کی تفسیر کی جائے اور یقین سے کہے کہ کلام اللہ سے مراد فلاں فلاں بات ہے، تفسیر کی یہ نوع تفسیر مذموم ہے یا تفسیر باطل ہے مختصراً یہ کہ تفسیر محمود وہ ہے جس کا مفسر قوانین لغت کا عارف، اس کے اسالیب کا واقف اور قانون شریعت کا جاننے والا ہو۔

اور تفسیر مذموم و باطل وہ ہے جو خواہش سے ظاہر ہوا اور جہالت وضلالت پر قائم ہو اس کی مثال وہ ہے جو بعض جاہل مدعیان علم سے اللہ تعالیٰ کے قول میں آئی ہے: "یوم ندعو کل اناس بامامھم" (سورۃ الاسراء:۷۱) اس سے مراد یہ لینا کہ اللہ تعالیٰ قیامت کے روز لوگوں کو ان کی ماؤں کے نام سے ان پر پردہ ڈالنے کیلئے آواز دے گا اس جاہل نے امام کی تفسیر امہات سے کی ہے اور خیال کیا ہے کہ امام ام کی جمع ہے جبکہ لغت عربیہ اس کا انکار کرتی ہے اس لئے کہ ام کی جمع امہات ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "وامھاتکم اللاتی او ضعفکم" (سورۃ النساء:۲۳) ام کی جمع امام نہیں ہوسکتی یہ بات لغۃً اور شرعاً فاسد ہے یہاں امام سے مراد وہ نبی ہے جس کی امت نے اس کی اتباع کی ہے یا کتاب الاعمال مراد ہے اس کی دلیل آیت کا تتمہ ہے "فمن اوتی کتابہ بیمینہ فاولئک یقروؤن کتابھم ولا یظلمون فتیلا" (سورۃ الاسراء:۷۱)

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فاذا لم يفهم الانسان قواعد اللغة' ولا أصول العربية' خبط خبط عشواء وكان عليل الرأی' سقيم الفهم' وكذلك من لم يفهم غرض الشرع' وقع فی الجهالة والضلالة' كمن يأخذ بظاهر الآية الكريمة وهی قوله تعالیٰ: ﴿ **ومن كان فی هذه أعمیٰ' فهو فی الآخرة أعمی وأضل سبيلاً**﴾(سورة الاسراء:٧٢) فيحكم علی كل أعمی بالشقاوة والخسران ودخول جهنم' مع أن المراد بالعمی ليس عمی البصر' وانما هو (عمی القلب) بدليل قوله تعالیٰ: ﴿**فانها لا تعمی الأبصار' ولكن تعمی القلوب التی فی الصدور**﴾(سورة الحج:٤٦) وربما كان عمی البصر سبباً لسعادة الانسان كما جاء فی الحديث القدسی: (من ابتليته بحبيبته (يعنی عينيه) فصبر عوضته الجنة).وسنذكر بعض النماذج عن التفسير الباطل المذموم عند الكلام علی غرائب التفسير فارجع إليه هناك.

پس جب انسان نے نہ قواعد لغت اور نہ اصول عربیت کو سمیٹا ہو تو وہ ٹامک ٹوئیاں مارے گا اور وہ علیل الرائے اور سقیم الفہم شمار ہوگا ایسے ہی وہ شخص جو شرع کی غرض نہ سمجھتا ہو جہالت وضلالت میں پڑ جائے گا اس شخص کی طرح جو آیت کے ظاہر کو پکڑتا ہے اور وہ اللہ کا یہ قول ہے:"ومن كان فی هذه اعمیٰ فهو فی الآخرة اعمی واضل سبيلا"(سورۃ الاسراء:٧٢) پس وہ سب اندھوں پر شقاوت' خسران اور دخول جہنم کا حکم لگاتا ہے جب کہ اندھے پن سے مراد آنکھ کا اندھا پن نہیں ہے بلکہ دل کا اندھا ہونا ہے اس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا قول ہے:"فانها لا تعمی الابصار ولكن تعمی القلوب التی فی الصدور" (سورۃ الحج:٤٦) اور بسا اوقات آنکھوں کا اندھا پن انسان کی سعادت کا سبب بن جاتا ہے جیسا کہ حدیث قدسی میں آیا ہے جسے میں اس کی دو محبوب چیزوں یعنی اس کی دونوں آنکھوں سے آزماؤں اور وہ صبر کرے تو میں اس کے بدلے میں اسے جنت دوں گا۔ ہم عنقریب تفسیر غریب پر کلام کرتے ہوئے تفسیر مذموم کے بعض نمونے بیان کرینگے۔

أمهات التفسير:

والأمور التی يتبغی استناد الرأی إليها فی التفسير' أمهاتها أربعة كما ذكرها (الزركشی) فی كتابه البرهان' ونقلها السيوطی عنه فی كتابه الاتقان ونحن نلخصها بايجاز:

امہات التفسیر:

تفسیر میں رائے کو جن امور پر بھروسہ کرنا چاہئے ان کی اصل چار امور ہیں جیسے کہ زرکشی نے اپنی کتاب برہان میں ان کا ذکر کیا ہے اور سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں انہیں ان سے روایت کیا ہے ہم اختصار کے ساتھ ان کا خلاصہ پیش کرتے ہیں۔

الأول: النقل عن الرسول ﷺ مع التحرز عن الضعيف والموضوع.

اول: رسول اللہ ﷺ سے ضعیف اور موضوع سے بچتے ہوئے مروی ہو۔

الثانی: الأخذ بقول الصحابی فی التفسير'

دوم: تفسیر میں صحابی کے قول سے ماخوذ ہو بلاشبہ وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فانه فی حکم المرفوع.

الثالث: الأخذ بمطلق اللغة، فان القرآن نزل بلسان عربی مبین، مع ترك ما لا تحتمله لغة العرب.

الرابع: الأخذ بما یوافق الکلام العربی، ویدل علیه قانون الشرع، وهذا هو الذی دعا به النبی علیه السلام لابن عباس فی قوله: ((اللهم فقهه فی الدین وعلمه التأویل))[1].

العلوم التی یحتاجها المفسر:

یحتاج المفسر لکتاب الله تعالیٰ، إلی انواع من العلوم والمعارف، یجب أن تتوفر فیه، حتی یکون أهلاً للتفسیر، وإلا کان داخلاً فی الوعید السابق ((من قال فی القرآن برأیه فلیتبوأ مقعده من النار)). وقد ذکر العلماء أنواع العلوم التی یجب توفرها فی المفسر، وأوصلها السیوطی فی کتابه (الاتقان) إلی خمسة عشر علماً،[2] ونحن نوجزها فیما یلی:

١ - معرفة اللغة العربیة وقواعدها (علم النحو، والصرف، وعلم الاشتقاق).

٢- معرفة علوم البلاغة (علم المعانی، والبیان، والبدیع).

مرفوع سے حکم میں ہے۔

سوم: مطلق لغت سے ماخوذ ہو بلاشبہ قرآن مبین عربی زبان میں نازل ہوا ہے اس کے ساتھ ساتھ اس نے وہ باتیں چھوڑ دی ہیں جسے لغت عرب برداشت نہیں کرتی۔

چہارم: اس چیز سے ماخوذ ہو جو کلام عربی کے موافق ہے اور قانون شرع اس پر دلالت کرتا ہے اور یہی وہ بات ہے جس کی دعا حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت ابن عباسؓ کو دی تھی کہ اے اللہ! اسے دین کی سمجھ دے اور اسے تاویل کا علم سکھا۔

وہ علوم جن کا مفسر محتاج ہوتا ہے:

کتاب اللہ کا مفسر علوم و معارف کی کئی انواع کا محتاج ہوتا ہے اس پر لازم ہے کہ وہ ان کا ماہر کامل ہو، تا کہ وہ تفسیر کا اہل ہو ورنہ وہ وعید سابق میں داخل ہوگا کہ جس نے قرآن کے بارے میں اپنی رائے سے کچھ کہا اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا۔ علماء نے ان علوم کی انواع کو بیان کیا ہے جن کا مفسرین کو ماہر ہونا ضروری ہے اور سیوطی نے اپنی کتاب اتقان میں انہیں پندرہ علوم تک پہنچایا ہے، ہم ذیل میں انہیں اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

ا۔ لغت عربیہ اور اس کے قواعد کی معرفت (نحو، صرف اور علم الاشتقاق)

۲۔ علوم بلاغت کی معرفت (علم المعانی، بیان اور بدیع)

---

(١) أنظر: الإتقان، ج٢ ص١٧٩.

(٢) عد السیوطی العلوم خمسة عشر وسردها علی النحو التالی: أحدها: اللغة، الثانی: النحو، الثالث: التصریف، الرابع: الاشتقاق، الخامس: البیان، السادس: المعانی، السابع: البدیع، الثامن: علم القراء ات، التاسع: أصول الدین، العاشر: أصول الفقه، الحادی عشر: أسباب النزول، الثانی عشر: علم الناسخ والمنسوخ، الثالث عشر: علم الفقه، الرابع عشر: الأحادیث المبنیة للمجمل والمبهم، الخامس عشر: علم الموهبة (الاتقان بایجاز).

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

٣- معرفة أصول الفقه (من خاص، وعام، ومجمل، ومفصل.. الخ)

٤- معرفة أسباب النزول.

٥- معرفة الناسخ والمنسوخ.

٦- معرفة علم القراء ات.

٧- علم الموهبة.

أما الأول: وهو اللغة وما يتعلق بها من نحو وصرف واشتقاق، فإنه ضروری للمفسر، إذ كيف يمكن فهم الآية بدون معرفة المفردات والتراكيب وهل باستطاعة أحد أن يفسر قوله تعالى: ﴿**للذين يؤلون من نسائهم تربص أربعة أشهر، فإن فاء وا فإن الله غفور رحيم**﴾(سورة البقرة:٢٢٦) بدون أن يعرف المنى اللغوى للايلاء، والتربص.

قال الامام مالك: (لا أوتى برجل غير عالم بلغة العرب، يفسر كتاب الله، إلا جعلته نكالاً).

وقال مجاهد: ((لا يحل لأحد يؤمن بالله واليوم الآخر أن يتكلم فی كتاب الله، اذا لم يكن عالماً بلغات العرب)).

فاذا لم يتفق اللفظ مع المعنى اللغوی كان باطلاً كتفسير بعض الروافض قوله تعالىٰ: ﴿**مرج البحرين يلتقيان**﴾(سورة الرحمن:١٩) أنهما على وفاطمة، وقوله ﴿ **يخرج منهما اللؤلؤ والمرجان**﴾(سورة الرحمن:٢٢) يعنی الحسن والحسين.

٣۔اصول فقہ کی معرفت(خاص، عام، مجمل، مفصل......الخ

٤۔ اسبابِ نزول کی معرفت

٥۔ ناسخ اور منسوخ کی معرفت

٦۔ علم القراءات کی معرفت

٧۔ علم الموهبۃ

اول:علم لغت اور اس سے متعلقہ علوم صرف، نحو اور اشتقاق ہیں یہ مفسر کیلئے ضروری ہیں، اس لیے کہ آیت کا مفہوم مفردات و تراکیب کے بغیر کیسے ممکن ہے کیا کسی کی استطاعت میں ہے کہ وہ قول الٰہی "للذین یؤلون من نسائهم تربص اربعة اشهر فان فاءوا فان الله غفور رحیم" (سورۃ البقرہ:٢٢٦) کی تفسیر ایلاء اور تربص کے لغوی معنے معلوم کئے بغیر کرے۔

امام مالکؒ نے فرمایا ہے: کہ عربوں کی لغت کو نہ جاننے والے مفسر کتاب اللہ کو صرف عبرت ناک سزا ملنی چاہیے۔

اور مجاہدؒ نے بیان کیا ہے کہ کسی بھی اللہ اور یوم آخر پر ایمان لانے والے کیلئے جائز نہیں کہ وہ کتاب اللہ کے بارے میں گفتگو کرے جب کہ وہ لغاتِ عرب کا عالم نہیں ہے۔

پس جب کوئی لفظ لغوی معنوں کے ساتھ اتفاق نہ کرے،تو وہ معنے باطل ہوں گے جیسے کہ بعض روافض نے قول الٰہی "مرج البحرین یلتقیان" (سورۃ الرحمٰن:١٩) کی تفسیر کی ہے کہ وہ دو سمندر علیؓ اور فاطمہؓ ہیں اور قول الٰہی "یخرج منهما اللؤ لؤ والمرجان"(سورۃ الرحمٰن:٢٢) سے مراد حسنؓ اور حسینؓ ہیں یا جیسے قول الٰہی "اذهب

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وكتفسير (فرعون) بالقلب في قوله تعالى: ﴿اذهب إلى فرعون انه طغى﴾(سورة طه:٢٤) ويريد به قلب الانسان القاسي، قال القرطبي: وهذا الجنس قد يستعمله بعض الوعاظ في المقاصد الصحيحة، تحسيناً للكلام، وترغيباً للمستمع، وهو ممنوع لأنه قياس في اللغة وذلك غير جائز، وهو أحد وجهي المنع من التفسير بالرأي(١).

الٰی فرعون انه طغٰی"(سورۃ طٰہٰ:۲۴)
فرعون کی تفسیر قلب سے کی گئی ہے اس سے وہ انسان کا سخت دل مراد لیتا ہے قرطبی نے بیان کیا ہے کہ اس جنس کو بعض واعظین مقاصد صحیحہ میں تحسین کلام کیلئے اور سننے والے کو ترغیب دینے کیلئے استعمال کرتے ہیں اور یہ ممنوع ہے اس لئے کہ یہ لغت میں قیاس ہے اور یہ جائز نہیں ہے اور یہ تفسیر بالرائے سے منع کرنے کی ایک وجہ ہے۔

وعلم النحو ضروري للمفسر، لأن المعنى يتغير بتغير الحركات تغيراً كبيراً، فقوله تعالى: ﴿إنما يخشى الله من عباده العلماء﴾ بنصب هاء الجلالة، ورفع همزة العلماء، والمعنى صحيح، لأن معنى الآية: الذين يخشون الله من عباده العلماء دون غيرهم، فمن ازداد علماً بالله، ازداد منه خوفاً، ولو عكس فضم هاء الجلالة، ونصب همزة العلماء لفسد المعنى.

اور علم نحو مفسر کیلئے ضروری ہے اس لئے کہ حرکات کے تغیر سے معنوں میں بڑا تغیر آجاتا ہے اللہ کا قول ہے:"انما يخشى الله من عباده العلماء"(سورۃ فاطر:۲۸) ھاء جلالت کے نصب اور لفظ علماء کے ہمزہ کے رفع کے ساتھ اور یہ معنے صحیح ہیں اس لئے کہ آیت کے معنے میں کہ جو لوگ بندوں میں سے اللہ سے ڈرتے ہیں وہ علماء ہیں دوسرے نہیں پس جو اللہ کو زیادہ جاننے والا ہوگا اس سے زیادہ خوفزدہ ہوگا اور اگر اس کے برعکس ھاء جلالت کو ضمہ دیا جائے اور علماء کے ہمزہ کو نصب دی جائے تو معنے فاسد ہوجائیں گے۔

قصة لطيفة:

ذكر القرطبي في تفسيره هذه القصة في عدم اللحن في القرآن، قال: ((قدم أعرابي في زمان عمر بن الخطاب رضي الله عنه إلى المدينة المنورة فقال: من يقرئني مما انزل على محمدﷺ؟ قال: فأقرأه رجل سورة (براءة) فقرأ عليه الآية الكريمة ﴿ان الله برئ من

لطیف واقعہ:

قرطبی نے اپنی تفسیر میں یہ واقعہ قرآن میں عدم لحن کے بارے میں بیان کیا ہے کہ حضرت عمر بن الخطابؓ کے زمانے میں ایک اعرابی مدینہ منورہ آیا اور کہنے لگا جو محمد ﷺ پر نازل کیا گیا ہے وہ مجھے کون پڑھائے گا؟ ایک آدمی نے اسے سورۃ براءت پڑھائی اس نے اسے آیت کریمہ"ان الله برئ من المشركين ورسوله" سنائی (سورۃ التوبۃ:۳) یعنی رسولہ

(١) تفسير القرطبي، ج١ ص٣٣.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

المشركين ورسوله﴾(سورة التوبة:٣) بالجر أي بجر اللام في (رسوله) بدل الضم فقال الأعرابي: أوقد برىء الله من رسوله؟ فان يكن الله برئ من رسوله، فأنا أيضاً أبرأ من رسوله، فاستعظم الناس الأمر، وبلغ عمر مقالة الأعرابي، فدعاهُ فقال يا أعرابي؟ أتبرأ من رسول الله ﷺ؟

فقال يا أمير المؤمنين: إني قدمت المدنية، ولا علم لي بالقرآن، فسألت من يقرئني؟ فأقرأني هذا الرجل سورة (براء ة) فقال: ﴿أن الله برىء من المشركين ورسوله﴾ فقلت: أوقد برىء الله من رسوله، ان يكن الله برئ من رسوله فأنا أبرأمنه، فقال عمر: ما هكذا الآية يا أعرابي؟ قال: فكيف هي يا أمير المؤمنين؟ قال: ﴿ان الله بري من المشركين ورسوله﴾ فقال الأعرابي: وأنا والله أبرأ مما برى الله ورسوله منه، أبرأ من المشركين.. فأمر عمر بن الخطاب رضي الله عنه الا يقرئ الناس إلا عالم بالغة، وأمر أبا الأسود فوضع النحو(١).

ومعرفة علم الصرف والاشتقاق ضرورية أيضاً للمفسر، حتى لا يخبط الانسان خبط عشواء، قال الزمخشري: من بدع التفاسير قول من قال إن (الامام) في قوله تعالىٰ: ﴿يوم ندعو كل أناس بامامهم﴾(سورة الاسراء:٧١) جمع ام، وان الناس يدعون يوم القيامة بأمهاتهم دون آبائهم، قال: وهذا غلط فاحش أوجبه جهل

میں لام کو پیش کی بجائے زیر کے ساتھ پڑھا تو اعرابی نے کہا کیا اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے؟ اور اگر اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے تو میں بھی اس کے رسول سے بیزار ہو گیا ہوں لوگوں نے اس بات کو بڑا خیال کیا اور حضرت عمرؓ کو اعرابی کی بات پہنچی تو آپ نے اسے بلایا اور پوچھا اے اعرابی! کیا تو رسول اللہ ﷺ سے بیزاری کا اظہار کرتا ہے؟

اس نے کہا: یا امیر المومنین میں مدینے آیا مجھے قرآن کا کوئی علم نہیں تھا میں نے پوچھا مجھے کون پڑھائے گا؟ تو اس آدمی نے مجھے سورۃ برأت پڑھائی اور کہا: ”ان اللہ بریئ من المشرکین ورسولِہ“ تو میں نے کہا: کیا اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے اور اگر اللہ اپنے رسول سے بیزار ہو گیا ہے تو میں بھی اس سے بیزار ہوں، حضرت عمرؓ نے کہا: اے اعرابی! آیت اس طرح نہیں ہے؟ اس نے پوچھا یا امیر المومنین! کیسے ہے؟ آپ نے کہا: ”ان اللہ بریئ من المشرکین ورسولُہ“ تو اعرابی نے کہا: خدا کی قسم جس سے اللہ اور اس کا رسول بیزار ہیں میں بھی اس سے بیزار ہوں سو حضرت عمرؓ نے حکم دیا کہ لوگوں کو لغت کے عالم کے سوا کوئی نہ پڑھائے اور آپ نے ابوالاسودؒ کو حکم دیا۔ اور انھوں نے علم نحو وضع کیا۔

اور مفسر کیلئے علم صرف اور اشتقاق بھی ضروری ہیں تاکہ انسان ٹامک ٹوئیاں نہ مارے۔ زمخشری نے بیان کیا ہے کہ نئی تفاسیر میں سے وہ قول بھی ہے جو کسی نے کہا ہے کہ قول الٰہی ”یوم ندعو کل اناس بامامھم“ میں امام ام کی جمع ہے اور یہ کہ لوگ قیامت کے روز اپنے آباء کی بجائے اپنی امہات کے نام سے بلائے جائیں گے زمخشری نے بیان کیا ہے کہ یہ بہت غلط قول ہے جس سے قائل کی تصریف سے جہالت ثابت ہوتی

(١) تفسیر القرطبی، ج١ ص٢٤

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القائل بالتصریف فإن (أما) لا تجمع على إمام[1].

٢- وأما علوم (المعاني والبيان والبديع) فضرورية لمن أراد تفسير الكتاب العزيز، لأنه لا بد له من مراعاة ما يقتضيه الاعجاز، وذلك لا يدرك الا بهذه العلوم، فمثلاً قوله تعالىٰ ﴿وأشربوا في قلوبهم العجل﴾ (سورة البقرة:٩٣) أي أشربوا حب العجل فهو على حذف مضاف. ومثله ﴿ واسأل القرية﴾ (سورة يوسف :٨٢) المراد أهل القرية وقوله تعالى ﴿هن لباس لكم وانتم لباس لهن﴾(سورة البقرة:١٨٧) ليس على الحقيقة وانما هو استعارة فكما يستر اللباس العورة، ويزين الانسان ويجمله، كذلك الرجل والمرأة كل منهما كاللباس لصاحبه يزينه ويكمله ويجمله، وهو من روائع النظم، وبدائع الكلام، واذا حمل الانسان المعنى على ظاهره، فسد المعنى، كما يذكر أن (الفرنسيين) أرادوا ترجمة القرآن إلى لغتهم، فلما وصلوا إلى هذه الآية الكريمة ﴿ هن لباس لكم وانتم لباس لهن﴾ ترجموها بالظاهر ولم يدركوا السر الدقيق فيها، فكانت الرتجمة كالتالي (هن بنطلونات لكم، وأنتم بنطلونات لهن) لأن اللباس عندهم يسمى (البنطلون) وهكذا ساء فهمهم ولم يدركوا روعة تعبير القرآن. وقريب من هذا ما وقع لبعض الأعراب حين سمع قوله تعالىٰ ﴿وكلوا واشربوا حتى

ہے بلاشبہ ام کی جمع امام نہیں آتی۔

دوم: اور علوم معانی بیان اور بدیع کتاب عزیز کی تفسیر کا ارادہ کرنے والے کیلئے ضروری ہیں کیونکہ اعجاز اس سے جو تقاضا کرتا ہے اس کی رعایت اس کیلئے ضروری ہے اور یہ بات انہی علوم سے معلوم ہوتی ہے مثلاً اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "وأشربوا في قلوبهم العجل" (سورۃ البقرہ:٩٣) یعنی بچھڑے کی محبت انہیں پلائی گئی اور یہ حذفِ مضاف پر ہے اور اس کی "مثل واسأل القرية" (یوسف:٨٢) ہے اس سے مراد اہل قریہ ہیں۔ اور قول الٰہی "هن لباس لكم وانتم لباس لهن" (سورۃ البقرہ:١٨٧) یہ حقیقت پر محمول نہیں بلکہ یہ استعارہ ہے جیسے لباس، ان اعضاء کو جو شرم کی وجہ سے چھپائے جاتے ہیں چھپاتا ہے اور انسان کو زینت و جمال دیتا ہے ایسے ہی مرد اور عورت ہیں دونوں میں سے ہر ایک اپنے ساتھی کیلئے لباس کی مانند ہے اسے زینت دیتا ہے مکمل کرتا ہے اور خوبصورت بناتا ہے اور یہ حیران کن نظم اور بدائع الکلام میں سے ہے اور جب انسان معنیٰ کو ظاہر پر محمول کرے گا تو معنی بگڑ جائے گا جیسے بیان کیا جاتا ہے کہ فرانسیسیوں نے اپنی زبان میں قرآن کا ترجمہ کرنے کا ارادہ کیا اور جب وہ آیت "هن لباس لكم وانتم لباس لهن" پر پہنچے تو انہوں نے اس کا ظاہری ترجمہ کر دیا اور اس میں جو دقیق راز ہے اس کو نہ پایا تو انہوں نے اس کا ترجمہ یوں کیا کہ وہ عورتیں تمہارے لئے پتلونیں ہیں اور تم ان کیلئے پتلونیں ہو اس لئے کہ ان کے ہاں لباس کو پتلون کہا جاتا ہے اس طرح ان کا فہم خراب ہو گیا اور وہ تعبیر قرآن کی خوبصورتی کو نہ پا سکے اور اس کے قریب قریب ایک اعرابی کا واقعہ ہے

(١) أنظر: الاتقان، ج٢ ص١٨١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يبين لكم الخيط الأبيض من الخيط الأسود﴾(سورة البقرة:١٨٧) أخذ عقالين أبيض وأسود وجعل يأكل وينظر إليهما حتى كادت الشمس. أن تطلع، فجاء إلى النبي ﷺ فأخبره بذلك فقال له: إنك لعريض القفا[1] إنما ذلك بياض النهار، وسواد الليل. وفي القرآن الكريم أمثلة كثيرة على الاستعارة والكناية والمجاز، ولا بدّ في فهمها من معرفة علم البيان والبديع مثل قوله تعالىٰ عن سفينة نوح ﴿تجري بأعيننا﴾ (سورة القمر:١٤) أي بحفظنا ورعايتنا، وقوله ﴿قدم صدق﴾ (سورة يونس: ٢) و ﴿لسان صدق﴾ (سورة مريم: ٥٠) و ﴿جناح الذل﴾ (سورة الاسراء:٢٤) كل ذلك وأشباهه يحتاج إلى فهم علوم البلاغة وأسرار البيان.

وهكذا بقية العلوم من: (أصول الفقه، وأسباب النزول، ومعرفة الناسخ والمنسوخ، وعلم القراء ات) كل ذلك مما يحتاج إليه المفسر لكتاب الله تعالىٰ، حتى لا يخطيء في الفهم، ولا تزل قدمه بسبب الجهل بهذه الأمور الضرورية.

وأما علم الموهبة: فيقصد منه العلم اللدني الرباني ﴿وآتيناه[1] من لدنا علماً﴾(سورة الكهف:٦٥) الذي يورثه الله تعالىٰ لمن عمل بما علم، ويفتح قلبه لفهم أسراره قال تعالىٰ ﴿واتقوا الله ويعلمكم الله﴾ (سورة

جب اس نے قول الٰہی ''وكلوا واشربوا حتى يتبين لكم الخيط الابيض من الخيط الاسود''(سورۃ البقرہ:١٨٢) سنا تو اس نے سیاہ اور سفید دو رسیاں لیں اور کھانے لگا اور ان دونوں کی طرف دیکھنے لگا حتی کہ سورج طلوع ہونے کے قریب آ گیا اس نے آ کر حضرت نبی کریم ﷺ کو یہ بات بتائی تو آپ نے اسے کہا تو بڑی چوڑی گدی والا ہے (بدفہم اور ضعیف العقل سے کنایہ ہے) اس سے مراد دن کی سفیدی اور رات کی تاریکی ہے اور قرآن کریم میں استعارہ، کنایہ اور مجاز کی بہت سی مثالیں ہیں اور ان کے سمجھنے میں علم بیان اور بدیع کی معرفت ضروری ہے جیسے سفینہ نوح کے متعلق قول الٰہی ہے ''تجرى باعيننا'' (سورۃ القمر:١۴) یعنی وہ ہماری حفاظت اور نگرانی میں چلتی تھی اور قول الٰہی ''قدم صدق اور لسان صدق اور جناح الذل'' ہے یہ سب اور ان جیسے اقوال علوم بلاغت اور اسرار بیان کے فہم کے محتاج ہیں۔

اور اسی طرح بقیہ علوم یعنی اصول فقہ اسباب نزول، ناسخ ومنسوخ کی معرفت اور علم قراءات کا حال ہے ان سب کی کتاب اللہ کے مفسر کو ضرورت ہے تاکہ وہ سمجھنے میں غلطی نہ کرے اور ان امور ضروریہ سے عدم واقفیت کے باعث اس کا قدم نہ پھسلے۔

اب رہا علم الموھبۃ تو اس سے مراد علم لدنی ربانی ہے: ''وعلمناه من لدنا علما'' (سورۃ الکھف:٦٥) جسے اللہ تعالیٰ اس شخص کو دیتا ہے جو علم کے مطابق عمل کرتا ہے اور اس کے دل کو اپنے اسرار کے فہم کیلئے کھول دیتا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: ''واتقوا الله ويعلمكم الله'' (سورۃ البقرہ:٢٨٢)

(١) عريض القفا: كناية عن البلاهة وسوء الفهم.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

البقرة:٢٨٢) فهو ثمرة التقوى والاخلاص، ولا ينال هذا العلم من كان في قلبه بدعة، أو كبر، أو حب للدنيا، أو ميل إلى المعاصي قال الله تعالى: ﴿ساصرف عن آياتي الذين يتكبرون في الأرض بغير الحق..﴾(سورة الأعراف:١٤٦) الآية، وما اجمل قول الشافعي رحمه الله:

شكوت إلى وكيع سوء حفظي
فأرشدني الى ترك المعاصي
واخبرني بأن العلم نور
ونور الله لا يهدى لعاصي

قال السيوطي: ((ولعلك تستشكل علم الموهبة وتقول: هذا شيء وليس في قدرة الموجبة له من العمل والزهد. ثم قال: علوم القرآن وما يستنبط منه بحر لا ساحل له، فهذه العلوم التي ذكرناها هي كالآلة للمفسر، ولا يكون مفسراً إلا بتحصيلها، فمن فسر بدونها كان مفسراً بالرأي المنهي عنه))(٢).

وهذا الشروط التي ذكرها العلماء انما هي لتحصيل أعلى مراتب التفسير وهناك معان عامة يفهمها الانسان عند سماع اللفظ الكريم، فقد سهل الله القرآن ويسره، وأمر بالتدبر والتذكر لكتابه المجيد ﴿أفلا يتدبرون القرآن﴾؟ (سورة محمد:٢٤ وسورة النساء:٨٢) وذلك

اور یہ تقویٰ اور اخلاص کا ثمرہ ہے اور وہ شخص یہ علم حاصل نہیں کرسکتا جس کے دل میں بدعت' کبر' دنیا کی محبت' گناہ کی طرف میلان پایا جاتا ہو"ساصرف عن آیاتی الذین یتکبرون فی الارض بغیر الحق" (سورة الاعراف:۱۴۶)۔

حضرت امام شافعی کا کیا ہی خوبصورت قول ہے:

(ترجمہ:) "میں نے وکیع کے پاس اپنے حافظہ کی کمزوری کی شکایت کی تو انھوں نے مجھے گناہوں کے ترک کرنے کا حکم دیا اور مجھے بتایا کہ علم ایک نور ہے اور اللہ کا نور نافرمان کو نہیں دیا جاتا۔"

سیوطی نے بیان کیا ہے شاید تو علم الموھبۃ پر اشکال کرے اور کہے یہ بات تو انسان کی قدرت میں نہیں ہے اس کی تحصیل کا طریق اس کے اسباب موجبہ یعنی زہد وعمل کو اختیار کرنا ہے پھر اس نے بیان کیا ہے کہ علوم قرآن اور جو کچھ اس سے مستنبط ہوتا ہے وہ بحرِ بے ساحل ہے ہم نے جن علوم کا ذکر کیا ہے وہ مفسر کیلئے بطور آلہ کے ہیں اور وہ ان کی تحصیل سے ہی مفسر بن سکتا ہے اور جو شخص ان کے بغیر تفسیر کرے گا وہ اس رائے سے تفسیر کرنے والا ہوگا جس سے منع کیا گیا ہے۔

یہ وہ شروط ہیں جن کا ذکر علماء نے کیا ہے یہ تفسیر کے اعلیٰ مراتب کی تحصیل کیلئے ہیں' یہاں کچھ عام معانی بھی ہیں جنہیں انسان لفظ کے سننے سے سمجھ جاتا ہے اللہ تعالیٰ نے قرآن کو سہل اور آسان بنایا ہے اور اپنی کتاب مجید کیلئے تدبر و تذکر کا حکم دیا ہے:"افلا یتدبرون القرآن" اور یہ تفسیر کا ادنیٰ مرتبہ ہے۔

(١) في القرآن: (وعلمناه) بدل (وآتيناه).
(٢) أنظر الاتقان، ج٢ ص١٨١.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أدنی مراتب التفسیر واللہ الموفق.

مراتب التفسیر:

وقد قسم المرحوم الشیخ محمد عبدہ التفسیر إلی مرتبتین:

١ - مرتبة علیا.

٢ - ومرتبة دنیا.

أما المرتبة الأولی (العلیا) فھی لا تتم إلا بأمور:

احدھا: فھم حقائق الألفاظ المفردة، التی أودعت فی القرآن عن طریق استعمالات أھل اللغة.

ثانیھا: معرفة الأسالیب الرفیعة. وذلك یحصل بممارسة الکلام البلیغ ومزاولته، مع التفطن لنکته ومحاسنه.

ثالثھا: علم أحوال البشر، ومعرفة السنن الالھیة الکونیة فی تطور الأمم واختلاف أحوالھم، من قوة وضعف، وعز وذل، وایمان وکفر.

رابعھا: العلم بوجه ھدایة القرآن للبشریة، وما کان علیه العرب فی الجاھلیة من شقاء وضلال، فقد روی عن عمر أنه قال: ((لا یعرف فضل الاسلام من لم یقرأ حیاة الجاھلیة)).

خامسھا: العلم بسیرة النبی ﷺ وأصحابه، وما کانوا علیه من علم وعمل، فی الشؤون الدینیة والدنیویة.

المرتبة الدنیا:

وأما أدنی مراتب التفسیر: فھو أن یتبین

مراتب التفسیر:

شیخ محمد عبدہ مرحوم نے تفسیر کو دو مرتبوں میں تقسیم کیا ہے:

۱-اعلیٰ مرتبہ۔

۲-ادنیٰ مرتبہ۔

پہلا مرتبہ کچھ امور سے مکمل ہوتا ہے۔

اول: ان مفرد الفاظ کے حقائق کا فہم جو قرآن میں اہل لغت کے استعمالات کے طریق پر رکھے گئے ہیں۔

دوم: اسالیب رفیعہ کی معرفت، یہ کلام بلیغ کی ممارست ومزاولت سے نکات ومحاسن کے سمجھنے کے ساتھ حاصل ہوتی ہے۔

سوم: احوالِ بشر کا علم اور قوموں کی ترقی اور ان کے احوال کے اختلاف یعنی قوت وضعف عزت وذلت اور ایمان وکفر میں سنن الٰہیہ کونیہ کی معرفت۔

چہارم: جو بشریت کے لیے قرآن کی ہدایت اور جاہلیت میں عرب جس بدبختی، گمراہی پر تھے اس کو جاننا۔ حضرت عمرؓ سے روایت ہے وہ شخص اسلام کی فضیلت کو معلوم نہیں کرسکتا جس نے جاہلیت کی زندگی کو نہیں پڑھا۔

پنجم: حضرت نبی کریم ﷺ اور آپ کے اصحاب کی سیرت کا علم اور دینی اور دنیوی امور میں جس علم وفضل پر وہ قائم تھے اس کا علم۔

ادنیٰ مرتبہ:

تفسیر کا ادنیٰ مرتبہ یہ ہے کہ اجمالاً وہ بات واضح ہو جس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بالاجمال ما يشرب قلبه عظمة الله وتنزيهه ويصرف النفس عن الشر، ويجذبها إلى الخير وهذه ميسرة لكل أحد كما قال تعالى: ﴿ولقد يسرنا القرآن للذكر، فهل من مدكر؟﴾[1].

أوجه التفسير:

روى السيوطى نقلاً عن ابن جرير من طرق متعددة، عن ابن عباس رضى الله عنهما أنه قال:

التفسير أربعة أوجه:

١ – وجه تعرفه العرب من كلامها.

٢ – وتفسير لا يعذر احد بجهالته.

٣ – وتفسير يعرفه العلماء.

٤ – وتفسير لا يعلمه إلا الله تعالى.

اقوال العلماء في جواز التفسير بالرأى:

بعد أن عرفنا معنى (التفسير بالرأى) وشروطه، نذكر الآن أقوال العلماء فيه، وأدلة كل من المجيزين والمانعين له، حتى يظهر الحق أبلج ساطعاً، مثل الشمس فى رابعة النهار، فنقول ومن الله نستمد العون: المراد بالرأى هنا الاجتهاد، وعليه فالتفسير بالرأى معناه تفسير القرآن بالاجتهاد، بعد معرفة المفسر لكلام العرب وأسلوبهم فى الخطاب، ومعرفته للألفاظ العربية ووجوه دلالتها، وقد اختلف العلماء فى

سے اس کا دل عظمت الٰہی اور اس کی تنزیہ سے سیراب ہوتا ہے اور وہ نفس کو شر سے روکتا ہے اور اسے خیر کی طرف کھینچتا ہے اور یہ بات ہر ایک کو میسر ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:"ولقد یسرنا القرآن للذکر فھل من مدکر" (سورۃ القمر:١٧)

تفسیر کی وجوہ:

سیوطیؒ نے بحوالہ ابن جریر متعدد طرق سے حضرت ابن عباسؓ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ:

تفسیر کی چار وجوہ ہیں:

١۔ایک وہ ہے جسے عرب اپنے کلام سے معلوم کر لیتے ہیں۔

٢۔دوسری وہ تفسیر ہے کہ کسی کو اس کی جہالت کی وجہ سے معذور نہیں خیال کیا جا سکتا۔

٣۔ وہ تفسیر جسے علماء جانتے ہیں۔

٤۔ وہ تفسیر جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

تفسیر بالرائے کے جواز میں علماء کے اقوال:

تفسیر بالرائے اور اس کے مفہوم اور اس کی شروط کو معلوم کر لینے کے بعد اب ہم اس کے بارے میں علماء کے اقوال اور اسے جائز قرار دینے والوں اور اس سے منع کرنے والوں کے دلائل بیان کریں گے تا کہ حق اس آفتاب کی طرح روشن ہو جائے جو دن کی روشنی میں ہوتا ہے ہم اللہ کی مدد سے بیان کرتے ہیں کہ یہاں رائے سے مراد مفسر کا عربوں کے کلام اور ان کے اسلوب خطاب اور عربی الفاظ اور ان کی وجوہ دلالت کے کہنے کے بعد اجتہاد کرنا ہے اور جن علماء نے تفسیر بالرائے کے جواز میں اختلاف کیا ہے ان کے دو

(١) سورة القمر:١٧۔ انتهى. من تفسير المنار بتصرف واختصار.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جواز التفسير بالرأی علی مذهبين:

المذهب الأول: عدم جواز التفسير بالرأی، لأن التفسير موقوف علی السماع، وهو قول طائفة من العلماء.

المذهب الثاني: جواز التفسير بالرأی بالشروط المتقدمة، وهو مذهب جمهور العلماء.

أدلة المانعين:

استدل المانعون للتفسير بالرأی بعدة أدلة نوجزها فيما يلی:

أولاً: إن التفسير بالرأی قول علی الله بغير علم، وهو منهی عنه بقوله تعالى:﴿ **وأن تقولوا علی الله ما لا تعلمون**﴾(سورة البقرة:١٦٩).

ثانياً: ما ورد فی الحديث الشريف من الوعيد الشديد لمن فسر القرآن الكريم برأيه، وهو قوله ﷺ: اتقوا الحديث علی إلا ما علمتم، فمن كذب علی متعمداً فليتبوأ مقعده من النار، ومن قال فی القرآن برأيه فليتبوأ معقده من النار)) رواه الترمذی.

ثالثاً: قوله تعالىٰ ﴿ **وانزلنا إليك الذكر لتبين للناس ما نزل إليهم، ولعلهم يتفكرون**﴾(سورة النحل:٤٤) فقد أضاف البيان إلی الرسول ﷺ فعلم أنه ليس لغيره شیء من البيان لمعانی القرآن.

رابعاً: تحرج الصحابة من القول فی القرآن

مذہب ہیں۔

پہلا مذہب: تفسیر بالرائے کے عدم جواز کا ہے اس لئے کہ تفسیر سماع پر موقوف ہے اور یہ علماء کی ایک جماعت کا قول ہے۔

دوسرا مذہب: شروط متقدمہ کے ساتھ تفسیر بالرائے کے جواز کا ہے اور یہ جمہور علماء کا مذہب ہے۔

تفسیر بالرائے کے عدم جواز کے قائلین کے دلائل:

تفسیر بالرائے کے مانعین نے متعدد دلائل سے استدلال کیا ہے ہم انہیں اختصار سے ذیل میں بیان کرتے ہیں۔

اول: تفسیر بالرائے، علم کے بغیر اللہ پر افترا کرنا ہے اور اس سے منع کیا گیا ہے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**وان تقولوا علی اللہ مالا تعلمون**" (سورۃ البقرہ:١٢٩)

دوم: حدیث شریف میں اپنی رائے سے تفسیر کرنے والے کے بارے میں شدید وعید آئی ہے اور وہ آپ ﷺ کا قول ہے مجھ پر حدیث کا افترا کرنے سے بچو۔ ہاں جو حدیث تمہیں معلوم ہو وہ بیان کرو جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا اور جس نے قرآن کے بارے اپنی رائے کے مطابق بیان کیا اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا اسے ترمذی نے روایت کیا ہے۔

سوم: اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**وانزلنا الیك الذکر لتبین للناس ما نزل الیھم ولعلھم یتفکرون**" (سورۃ النحل:٣٣) اس میں بیان کو رسول اللہ ﷺ کی طرف مضاف کیا گیا ہے جس سے معلوم ہوا کہ کسی دوسرے کیلئے قرآن کے کچھ معانی کا بیان کرنا بھی صحیح نہیں ہے۔

چہارم: صحابہؓ نے قرآن کے بارے میں اپنی آراء کے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بآرائهم' حتى روى عن الصديق أنه قال: ((أي سماء تظلني؟ وأي أرض تقلني؟ اذا قلت في القرآن برأي' أوقلت فيه بما لا اعلم))؟.

بیان سے اجتناب کیا ہے حتیٰ کہ ابوبکر صدیقؓ سے روایت کی گئی ہے کہ آپ نے فرمایا: جب میں قرآن کے بارے میں اپنی رائے سے کہوں یا اس کے بارے میں وہ بات کروں جو میں نہیں جانتا تو کون سا آسمان مجھ پر سایہ کرے گا اور کون سی زمین مجھے اٹھائے گی۔

أدلة المجيزين للتفسير بالرأي:

وقد استدل المجيزون للتفسير بالرأي وهم (الجمهور) بعدة أدلة نوجزها فيما يلي:

أولاً: لقد حثنا الله على التدبر' وتعبدنا في القرآن فقال عز من قائل: ﴿ **كتاب إنزلناه إليك مبارك ليدبروا آياته' وليتذكر أولو الألباب**﴾.(سورة ص:٢٩)

وقال تعالى: ﴿**أفلا يتدبرون القرآن أم على قلوب أقفالها**﴾.(سورة محمد:٢٤)؟

والتدبر والتذكر لا يكون إلا بالغوص عن أسرار القرآن' والاجتهاد في فهم معانيه' فهل يعقل أن يكون تأويل مالم يستأثر الله بعلمه محظوراً على العلماء' مع أنه طريق العلم' وسبيل المعرفة؟.

ثانياً: إن الله تعالىٰ قسم الناس قسمين: عامة' وعلماء ' وأمر بالرجوع إلى أهل العلم الذين يستنبطون الأحكام فقال تعالى: ﴿ **ولو ردوه إلى الرسول والى أولي الأمر منهم لعلمه الذين يستنبطونه منهم** ﴾(سورة النساء:٨٣) الآية' والاستنباط هو استخراج المعاني الدقيقة

تفسیر بالرائے کے جواز کے قائلین کے دلائل:

تفسیر بالرائے کو جائز قرار دینے والوں نے اور وہ جمہور ہیں' متعدد دلائل سے استدلال کیا ہے ہم ذیل میں انہیں اختصار سے بیان کرتے ہیں۔

اول: اللہ تعالیٰ نے ہمیں تدبر کرنے کی ترغیب دی ہے اور قرآن میں ہمیں فرمانبرداری کرنے کیلئے بلایا ہے اور فرمایا ہے:"**كتاب انزلناه اليك مبارك ليدبروا آياته وليتذكر اولوا الالباب**"(سورۃ ص ۲۹)

نیز فرمایا ہے: "**افلا يتدبرون القرآن ام على قلوب اقفالها**"(سورۃ محمد:۲۴)

اور تدبر و تذکر قرآن کے اسرار کے بارے میں غوطہ زنی کرنے اور اس کے معانی کے فہم میں اجتہاد کے بغیر نہیں ہوسکتا۔ کیا سمجھا جا سکتا ہے کہ وہ تاویل جسے اللہ نے اپنے علم سے مخصوص نہیں کیا علماء پر ممنوع ہو حالانکہ وہ علم و معرفت کا طریق ہے۔

دوم: اللہ نے لوگوں کو دو قسموں میں تقسیم کیا ہے' عام اور علماء اور اس نے ان اہل علم کی طرف رجوع کرنے کا حکم دیا ہے جو احکام کا استنباط کرتے ہیں فرماتا ہے: "**ولو ردوه الى الرسول والى اولى الامر منهم لعلمه الذين يستنبطونه منهم**"(سورۃ النساء:۸۳)

استنباط' کامل ذہن کے ساتھ معانی کے استخراج کو کہتے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بثاقب الذهن، وهو انما يكون بالاجتهاد والغوص فی أسرار القرآن، كما يغوص السباح فی أعماق البحر، لا ستخراج الجواهر واللآلیء.

ثالثاً: قالوا، لو كان التفسير بالاجتهاد غير جائز، لما كان الاجتهاد جائزاً، ولتعطل كثير من الأحكام، وهذا باطل فإن المجتهد فی حكم الشرع مأجور سواء أصاب أو أخطأ، ما دام انه قد استفرغ جهده، وبذل ما فی وسعه، بغية الوصول الى الحق والصواب.

رابعاً، ان الصحابة قرؤوا القرآن، واختلفوا فی تفسيره علی وجوه، ومعلوم أنهم لم يسمعوا كل ما قالوه فی تفسير القرآن من النبی صلی الله عليه وسلم اذ أنه لم يبين لهم كل شیء، بل بين لهم الضروری منه، وترك البعض الآخر الذی توصلوا إلی معرفته بعقولهم واجتهادهم، ولو بين لهم كل معانيه لما وقع بينهم اختلاف فی التفسير.

خامساً: أن النبی ﷺ دعا لابن عباس فقال: ((اللهم فقهه فی الدين، وعلمه التأويل)) فلو كان ((التأويل)) مقصوراً علی السماع والنقل كالتنزيل لما كان هناك فائدة فی تخصيص ابن عباس بهذا الدعاء فدل علی أن التأويل هو التفسير بالرأی والاجتهاد.

الرد علی أدلة المانعين:

وقد ردوا علی أدلة المانعين بحجج دامغة، وبراهين قاطعة، تثبت خطأهم فقالوا فی الرد علی

ہیں اور یہ اجتہاد اور اسرار قرآن میں غوطہ زنی سے ہوتا ہے جیسے تیراک، جواہر اور موتیوں کے استخراج کیلئے سمندر کی گہرائیوں میں غوطہ زنی کرتا ہے۔

سوم: وہ کہتے ہیں اگر اجتہاد سے تفسیر جائز نہ ہوتی تو اجتہاد بھی جائز نہ ہوتا اور بہت سے احکام معلل ہو جاتے اور یہ باطل ہے بلا شبہ شرع میں مجتہد ماجور ہے خواہ صحیح اجتہاد کرے یا غلط، جب تک وہ حق وصواب تک پہنچنے کیلئے اپنی طاقت کے مطابق کوشش کرتا رہے گا ماجور ہوگا۔

چہارم: صحابہ نے قرآن پڑھا اور چند وجوہ پر اس کی تفسیر میں اختلاف کیا اور یہ بات معلوم ہی ہے کہ جو کچھ انہوں نے تفسیر قرآن کے بارے میں بیان کیا ہے وہ سب انہوں نے حضرت نبی کریم ﷺ سے نہیں سنا پھر یہ کہ آپ ﷺ نے ان کیلئے ہر چیز بیان نہیں کی بلکہ اس میں سے جو ضروری تھا وہ ان کیلئے بیان کیا اور بعض دوسرے کو چھوڑ دیا جس کی معرفت تک وہ اپنی عقول اور اجتہاد سے پہنچے اور اگر آپ ان کیلئے سب کچھ بیان کر دیتے تو تفسیر کے درمیان اختلاف نہ ہوتا۔

پنجم: حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت ابن عباسؓ کیلئے دعا کی اے اللہ! اسے دین کی سمجھ دے اور اسے تاویل کا علم سکھا، اگر تاویل تنزیل کی طرح سماع ونقل پر اقتصار کرتی اور اس سے تجاوز نہ کرتی تو اس دعا میں حضرت ابن عباسؓ کی تخصیص کا کوئی فائدہ نہ ہوتا تو اس دعا نے اس بات پر دلالت کی کہ تاویل ہی تفسیر بالرائے اور اجتہاد ہے۔

مانعین جواز کے دلائل کا رد:

علماء نے حجج دامغہ اور براہین قاطعہ سے مانعین کے دلائل کا رد کیا ہے جو ان کی غلطی کو ثابت کرتے ہیں انہوں نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الدلیل الأول: إن التفسیر بالاجتهاد لیس قولاً علی الله بغیر علم، بل هو قول بعلم مأذون به من الشارع، فقد بین علیه السلام أن المجتهد اذا اجتهد فأصاب فله أجران واذا اجتهد فأخطأ فله أجر واحد، فکیف یکون مأجوراً اذا لم یکن مسموحاً له بالاجتهاد؟.

ثانیاً: أما الدلیل الثانی وهو حدیث ((من قال فی القرآن بغیر علم فلیتبوأ مقعده من النار)) فقد رد السیوطی بخمسة أدلة علیه فقال جملة ما تحصل فی معنی التفسیر بالرأی خمسة أقوال:

أحدها: التفسیر من غیر حصول علی العلوم التی یجوز معها التفسیر.

الثانی: تفسیر المتشابه الذی لا یعلمه إلا الله تعالیٰ.

الثالث: التفسیر المقرر للمذهب الفاسد، فیجعل المذهب أصلاً، والتفسیر تابعاً.

الرابع: الحکم بأن مراد الله کذا علی وجه القطع من غیر دلیل.

الخامس: التفسیر بالاستحسان والهوی[1].

ثالثاً: فی الرد علی الدلیل الثالث قالوا: نعم ان النبی ﷺ مأمور بالبیان ولکنه انتقل الی جوار الله ولم یبین لهم کل شیء، فما ورد بیانه عنه ﷺ ففیه الکفایة، وما لم یرد عنه بیانه فلا بد فیه من الاجتهاد وإعمال الفکر، وختام الآیة یشهد ذلک ﴿ ولعلهم یتفکرون﴾(سورة النحل:٤٤)

پہلی دلیل کے رد میں کہا ہے کہ اجتہاد سے تفسیر کرنا، اللہ پر علم کے بغیر افتراء کرنا نہیں ہے بلکہ وہ ایسے علم کا قول ہے جس کی شرع میں اجازت دی گئی ہے حضور علیہ السلام نے واضح کہا ہے کہ مجتہد جب صحیح اجتہاد کرتا ہے تو اس کے لئے دو اجر ہیں اور جب اجتہاد میں غلطی کرتا ہے تو اسے ایک اجر ملتا ہے پس اگر اسے اجتہاد کی اجازت ہی نہ ہو تو وہ ماجور کیسے ہو سکتا ہے؟

دوم: دوسری دلیل حدیث ہے کہ جس نے قرآن کے بارے میں علم کے بغیر بات کی اس کا ٹھکانہ دوزخ میں ہے۔ سیوطی نے پانچ دلیلوں سے اس کا رد کیا ہے اور مختصراً جو ہے تفسیر بالرائے کہ معنوں کے بارے کیا ہے وہ پانچ اقوال ہیں۔

اول: جن علوم کے ساتھ تفسیر جائز ہے ان کے حاصل کئے بغیر تفسیر کرنا۔

دوم: اس متشابہ کی تفسیر جسے اللہ کے سوا کوئی نہیں جانتا۔

سوم: فاسد مذہب کیلئے مقرر تفسیر کرنا اور مذہب کو اصل اور تفسیر کو تابع بنا دینا۔

چہارم: دلیل کے بغیر قطعی طور پر حکم لگانا کہ اللہ تعالیٰ کی مراد فلاں بات ہے۔

پنجم: استحسان اور خواہش سے تفسیر کرنا۔

سوم: تیسری دلیل کے رد میں انہوں نے کہا ہے ہاں حضرت نبی کریم ﷺ بیان پر مامور تھے لیکن وہ اللہ کے جوار میں منتقل ہو گئے اور ان کیلئے سب چیزیں بیان نہ کیں اور جو کچھ آپ سے بیان ہوا اس میں کفایت ہے اور جو آپ سے بیان نہیں ہوا اس میں اجتہاد کرنا اور فکر کرنا ضروری ہے اور آیت کا اختتام اس کی شہادت دیتا ہے "ولعلکم

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فلا بد اذا من الفكر والجتهاد.

رابعاً: وفى الرد على الدليل الرابع قالوا: إن إحجام الصحابة إنما كان منهم (ورعاً واحتياطاً) خشية ألا يصيبوا عين اليقين، وكانوا يرون أن التفسير شهادة على الله بأنه أراد باللفظ كذا فأمسكوا عنه خشية ألا يكون الصواب جانبهم، وأما اذا ترجح لهم وجه الصواب فانهم لا يمتنعون، وهذا أبو بكر الصديق يفتى فى الكلالة برأيه فى قوله تعالى ﴿يستفتونك قل الله يفتيكم فى الكلالة﴾ (سورة النساء: ١٧٦) فيقول رضى الله عنه: أقول فيها برأى، فان كان صواباً فمن الله، وان كان غير ذلك فمنى ومن الشيطان الكلالة: ما خلا الوالد والولد.

من هذه النظرة العابرة يتبين لنا خطا وجهة الذين منعوا تفسير القرآن بالاجتهاد، وقصروه على المنقول والمأثور، وقد علمت أدلة الجمهور القوية، وتفنيدهم لأدلة المانعين، ونزيد هنا كلمة للامام الغزالى، وأخرى للراغب الأصفهانى، وثالثة للقرطبى حول جواز تفسير القرآن بالاجتهاد.

كلمة الامام الغزالي:

قال الغزالى فى الحياء: ((ان فى فهم معانى القرآن مجالاً رحباً، ومتسعاً بالغاً، وان المنقول من

یتفکرون" پس اس صورت میں فکر و اجتھاد ضروری ہوگا۔

چہارم: چوتھی دلیل کے رد میں انہوں نے کہا ہے کہ صحابہ کا رکنا، ورع و احتیاط سے اس خوف کے باعث تھا کہ وہ عین الیقین تک نہیں پہنچیں گے اور وہ سمجھتے تھے کہ تفسیر، اللہ پر شہادت ہے کہ اس نے لفظ سے فلاں چیز مراد لی ہے وہ اس خوف سے اس سے رک گئے کہ صواب ان کی جانب نہیں ہوگا اور اگر ان کیلئے وجہ صواب مرجح ہوجاتی تو وہ نہ رکتے اور یہ حضرت ابوبکر ہیں جو آیت "**یستفتونک قل اللہ یفتیکم فی الکلالۃ**" (سورۃ النساء:۱۷۶) میں اپنی رائے سے فتویٰ دیتے ہیں آپؓ فرماتے ہیں: میں اس کے بارے میں اپنی رائے سے کہتا ہوں اگر وہ صواب ہے تو اللہ کی جانب سے ہے اور اگر کچھ اور ہے تو وہ میری جانب سے ہے اور شیطان کی طرف سے ہے، اب میں کہتا ہوں کہ کلالہ سے مراد وہ ہیں جو والد اور اولاد کے علاوہ ہوں۔

اس سرسری نظر سے ہم پر ان لوگوں کے نقطہ نگاہ کی غلطی واضح ہوجاتی ہے جنہوں نے اجتہاد کے ساتھ تفسیر قرآن سے منع کیا ہے اور اسے منقول و ماثور سے مخصوص کردیا ہے آپ نے جمہور کے قوی دلائل کو اور ان کے دلائل کو غلط قرار دینے کو معلوم کرلیا ہے یہاں ہم اجتہاد کے ساتھ تفسیر قرآن کی تفسیر کے جواز کے بارے میں امام غزالی کے ایک قول کا ذکر کریں گے پھر دوسری بات امام راغبؒ کی بیان کریں گے اور تیسری بات قرطبیؒ کی بیان کریں گے۔

حضرت امام غزالیؒ کا قول:

غزالیؒ نے احیاء میں بیان کیا ہے کہ قرآن کے معانی کے فہم میں بڑا وسیع میدان ہے اور ظاہر تفسیر سے جو کچھ منقول

(۱) أنظر: الاتقان ج۲ ص۱۸۳.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظاهر التفسير، ليس منتهى الادراك فيه، فبطل أن يشترط السماع في التأويل، وجاز لكل واحد أن يستنبط من القرآن بقدر فهمه، وحد عقله..))(١).

كلمة الراغب الأصفهاني:

وقال الراغب الأصفاني في مقدمة التفسير. بعد أن ذكر المذهبين وأدلتهما. قال: ((وذكر بعض المحققين أن المذهبين هما (الغلو والتقصير) فمن اقتصر على المنقول فقد ترك كثيراً مما يحتاج إليه، ومن أجاز لكل أحد الخوض فيه فقد غرضه للتخليط، ولم يعتبر حقيقة قوله تعالى: ﴿**ليدبروا آياته وليتذكر أولو الالباب**﴾(٢).

كلمة الامام القرطبي:

وقال العلامة القرطبي في تفسيره الجامع لأحكام القرآن ما نصه:

((وقال بعض العلماء: ان التفسير موقوف على السماع لقوله تعالىٰ ﴿ **فان تنازعتم في شيء فردوه الى الله والرسول..**﴾(سورة النساء:٥٩) الآية، وهذا فاسد، لأن النهي عن تفسير القرآن لا يخلو اما أن يكون المراد به الاقتصار على النقل والمسموع وترك الاستنباط، أو المراد به أمر آخر، وباطل أن يكون المراد به ألا يتكلم أحد في القرآن، إلا بما سمعه، فإن الصحابة رضي الله عنهم قد قرؤوا القرآن

ہے وہ ادراک کا منتہیٰ نہیں ہے پس تاویل میں سماع کی شرط باطل ہوگئی اور ہر ایک کے لئے جائز ہوگیا کہ وہ اپنے فہم کے مطابق اور اپنی عقل کی حد تک قرآن سے استنباط کرے۔

حضرت راغب اصفہانیؒ کا قول:

امام راغبؒ نے تفسیر کے مقدمہ میں دونوں مذہبوں اور دونوں کے دلائل کے ذکر کے بعد بیان کیا ہے کہ بعض محققین نے بیان کیا ہے کہ دونوں مذہبوں (غلو اور تقصیر) میں سے جس نے منقول پر اقتصار کیا ہے اس نے وہ بہت کچھ چھوڑ دیا ہے جس کی ضرورت ہے اور جس نے ہر ایک کو اس میں غور و خوض کی اجازت دیدی ہے اس نے اسے تخلیط کا نشانہ بنا دیا ہے اور اس نے اللہ تعالیٰ کے قول کی حقیقت سے نصیحت حاصل نہیں کی۔"**ليدبروا آياته وليتذكر اولوا الباب**"۔

امام قرطبیؒ کا قول:

علامہ قرطبیؒ نے اپنی تفسیر الجامع لأحکام القرآن میں بیان کیا ہے جس کی عبارت یہ ہے:

"بعض علماء نے کہا ہے کہ تفسیر اللہ کے قول "**فان تنازعتم في شيء فردوه الى الله والرسول**" (سورۃ النساء:۵۹) کے مطابق سماع پر موقوف ہے یہ فاسد قول ہے اس لیے کہ تفسیر قرآن سے منع کرنا دو باتوں سے خالی نہیں یا تو اس سے نقل و مسموع پر اقتصار کرنا اور استنباط کا ترک کرنا مراد ہے یا اس سے کوئی دوسری بات مراد ہے لیکن یہ امر باطل ہے کہ اس سے یہ مراد ہے کہ قرآن کے بارے میں کوئی شخص سوائے سنی ہوئی بات کے اور کوئی بات نہ کرے بلاشبہ صحابہ نے قرآن پڑھا اور کئی وجوہ پر اس کی تفسیر میں

(١) أنظر: الاحياء، ج٣، ص٣٦،٣٧.

(٢) سورة ص:٢٩ ـ مقدمة التفسير للراغب، ص٤٢٣.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

واختلفوا في تفسيره على وجوه، وليس كل ما قالوه سمعوه من النبي صلى الله عليه وآله وسلم فان النبي ﷺ دعا لابن عباس فقال ((اللهم فقهه في الدين وعلمه التأويل)) فان كان التأويل مسموعاً كالتنزيل فما فائدة تخصيصه بذلك؟[1] ثم قال: والنهي محمول على أحد وجهين:

أحدهما: أن يكون له في الشيء رأي، واليه ميل من الطبع والهوى، فيتأول القرآن على وفق رأيه وهواه.

الثاني: أن يتسارع إلى تفسير القرآن بظاهر العربية، من استظهار بالسماع والنقل، فيما يتعلق بغرائب القرآن، وما فيه من الحذف والاضمار، والتقديم والتأخير، تأمل قوله تعالى ﴿ وآتينا **ثمود الناقة مبصرة فظلموا بها**﴾(سورة الإسراء:٥٩)

فإن معناه: آتينا ثمود الناقة معجزة واضحة، وآية ظاهرة، فظلموا أنفسهم بقتلها. والناظر إلى ظاهر العربية يظن أن الناقة كانت مبصرة، ولا يدري بماذا ظلموا، وأنهم ظلموا غيرهم أو أنفسهم، فهذا من الحذف والاضمار، وأمثال هذا في القرآن كثير، وما عدا هذين الوجهين فلا يشمله النهي.[2]

اختلاف کیا اور جو کچھ انہوں نے کہا وہ سب انہوں نے حضرت نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نہیں سنا بلاشبہ حضرت نبی کریم ﷺ نے حضرت ابن عباسؓ کیلئے دعا کی: اے اللہ! اسے دین کی سمجھ دے اور اسے تاویل سکھا' اگر تاویل تنزیل کی طرح مسموع ہوتی تو اس تخصیص کا کیا فائدہ ہو؟ پھر آپ نے بیان کیا ہے کہ نہی دو وجھوں میں سے ایک پر محمول ہے۔

ایک یہ کہ کسی چیز کے بارے میں اس کی ایک رائے ہو اور اسی طرف خواہش اور طبیعت کا میلان ہو تو وہ اپنی رائے اور خواہش کے مطابق قرآن کی تاویل کرے گا۔

دوسری وجہ یہ ہے کہ وہ سماع ونقل کو واز بر کئے بغیر جو غرائب قرآن سے متعلق ہے اور اس میں حذف واضمار اور تقدیم وتاخیر بھی ہے عربیت کے ظاہر کے ساتھ تفسیر قرآن کی طرف جلد بازی کرے اللہ کے قول پر غور کیجئے:"**وآتينا ثمود الناقة مبصرة فظلموا بها**"(سورۃ الاسراء:۵۹)

اس کے معنے یہ ہیں کہ ہم نے قوم ثمود کو اونٹنی کا واضح معجزہ اور ظاہری نشان دیا تو انہوں نے اس کے قتل سے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور ظاہر عربی کو دیکھنے والا خیال کرے گا کہ ناقہ تو مبصرہ یعنی بینائی بخشنے والی تھی اور اسے معلوم نہ ہوگا کہ انہوں نے کیسے ظلم کیا اور یہ کہ انہوں نے ظلم دوسروں پر کیا یا خود اپنی جانوں پر کیا یہ حذف واضمار میں سے ہے اور قرآن میں اس کی مثالیں بہت ہیں اور ان دو وجھوں کے سوا جو کچھ ہے نہی اس کو شامل نہیں ہے۔

---

(١) الجامع لاحكام القرآن، ج١ ص٣٣.

(٢) الجامع لأحكام القرآن، ج١ ص٣٤.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القسم الثالث

التفسير الاشارى وغرائب التفسير

النوع الثالث من التفسير هو (التفسير الاشارى) وسنتعرض فى هذا البحث إلى معنى التفسير الاشارى، وإلى شروطه، وإلى آراء العلماء فيه، ثم نعقب ذلك ببيان نماذج عن التفسير الاشارى، وأهم الكتب التى نحت هذا المنحى، وما فيها من حسنات وسيئات.

معنى التفسير الاشارى:

التفسير الاشارى هو: تأويل القرآن على خلاف ظاهره، لاشارات خفية تظهر لبعض أولى العلم، أو تظهر للعارفين بالله من أرباب السلوك والمجاهدة للنفس، ممن نور الله بصائرهم فأدركوا أسرار القرآن العظيم، أو انقدحت فى أذهانهم بعض المعانى الدقيقة، بواسطة الالهام الالهى، أو الفتح الربانى، مع إمكان الجمع بينها وبين الظاهر المراد من الآيات الكريمة.

فالتفسير الاشارى هو أن يرى المفسر معنى آخر، غير معنى الظاهر تحتمله الآية الكريمة، ولكنه لا يظهر لكل إنسان وانما يظهر لمن فتح الله قلبه، وأنار بصيرته، وسلكه فى ضمن عبادة الصالحين، الذين منحهم الله الفهم والادراك، كما قال تعالىٰ فى قصة الخضر مع موسى عليه

تیسری قسم

تفسیر اشاری اور غرائب تفسیر

تفسیر کی تیسری قسم تفسیر اشاری ہے اور ہم ابھی اس بحث میں تفسیر اشاری کے مفہوم اور اس کی شروط اور اس کے بارے میں علماء کی آراء کے درپے ہوں گے پھر اس کے بعد تفسیر اشاری کے نمونوں اور ان اہم کتب کا جو اس پیچ دار مقام کے تحت آئی ہیں اور ان میں جو اچھائیاں اور برائیاں ہیں ان کا بیان کریں گے۔

تفسیر اشاری کا مفہوم:

تفسیر اشاری، بعض اہل علم کیلئے یا ارباب سلوک میں سے عارف باللہ اور مجاہدہ نفس کرنے والے لوگوں پر جو خفیہ راز و اشارات ظاہر ہوتے ہیں ان کی وجہ سے قرآن کے ظاہر کے خلاف اس کی تاویل کرنا ہے وہ ان لوگوں میں سے ہیں جن کی عقلوں کو اللہ تعالیٰ نے منور کیا ہے اور انہوں نے قرآن کریم کے اسرار کو پالیا ہے یا الہام الٰہی یا فتح ربانی کے واسطے سے بعض دقیق معانی ان کے اذہان پر اثر انداز ہوئے ہیں اور آیت کریمہ کے ظاہر سے جو مراد ہے اور ان کے درمیان اتفاق کا امکان ہو۔

تفسیر اشاری یہ ہے کہ مفسر ظاہری معنوں کے خلاف اور معنوں کو دیکھے جن کی آیت کریمہ متحمل ہو لیکن وہ ہر انسان پر ظاہر نہیں ہوتے وہ صرف اس شخص پر ظاہر ہوتے ہیں جس کے دل کو اللہ تعالیٰ نے کھولا ہو اور اس کی بصیرت کو روشن کیا ہو اور اسے اپنے ان صالح بندوں میں داخل کیا ہو جن کو اللہ تعالیٰ نے فہم و ادراک عطا کیا ہے جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے خضر

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السلام ﴿**فوجدا عبداً من عبادنا آتیناه رحمةً من عندنا، وعلمناه من لدنا علماً**﴾(سورة الکهف:٦٥).

وهذا النوع من العلم لیس من العلم (الکسبی) الذی ینال بالبحث والمذاکرة وانما هو من العلم (اللدنی) أی الوهبی الذی هو أثر التقی والاستقامة والصلاح کما قال تعالی ﴿**واتقوا الله ویعلمکم الله، والله بکل شیء علیم**﴾.(سورة البقرة:٢٨٢)

آراء العلماء فی التفسیر الاشاری:

اختلف العلماء فی التفسیر الاشاری، وتباینت فیه آراؤهم، فمنهم من أجازه، ومنهم من منعه، ومنهم من عده من کمال الایمان، ومحض العرفان ومنهم من اعتبره زیغاً وضلالاً، وانحرافاً عن دین الله تبارك وتعالیٰ.

والواقع أن الموضوع دقیق، یحتاج إلی بصیرة ورؤیة، وغوص إلی أعماق الحقیقة، لیظهر ما اذا کان الغرض من هذا النوع من التفسیر هو اتباع الهوی، والتلاعب فی آیات الله کما فعل (الباطنیة) فیکونُ ذلك زندقة وإلحاداً أو الغرض منه الإشارة إلی أن کلام الله تعالیٰ، لا یحیط به بشر، لأنه کلام خالق القوی والقدر، وأن لکلامه تعالی مفاهیم وأسراراً، ونکتاً ودقائق، وعجائب لا تنقضی، فیکون ذلك من محض العرفان وکمال الایمان، کما قال ابن

علیہ السلام کے اس واقعہ میں جو موسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ہوا بیان کیا ہے: "**فوجدا عبداً من عبادنا آتیناه رحمة من عندنا وعلمناه من لدنا علما**" (سورۃ الکہف:۶۵)

علم کی یہ نوع علم کسبی سے تعلق نہیں رکھتی جو بحث و مذاکرہ سے حاصل ہو بلکہ یہ علم لدونی کی نوع ہے جو استقامت، تقویٰ اور اصلاح کا اثر ہے جیسا کہ ارشاد ربانی ہے۔﴿**واتقوا الله ویعلمکم الله، والله بکل شیء علیم**﴾. (سورۃ البقرہ:۲۸۲)

تفسیر اشاری کے متعلق علماء کی آراء:

علماء نے تفسیر اشاری کے بارے میں اختلاف کیا ہے اور اس کے متعلق ان کی آراء میں اختلاف پایا جاتا ہے ان میں سے کچھ لوگوں نے اسے جائز قرار دیا ہے اور بعض نے اس سے منع کیا ہے ان میں سے بعض نے اسے کمالِ ایمان اور خالص عرفان میں شمار کیا ہے اور بعض نے اسے زیغ و ضلالت اور اللہ کے دین سے انحراف خیال کیا ہے۔

واقعہ یہ ہے کہ یہ دقیق موضوع ہے جو رؤیت و بصیرت اور حقیقت کی گہرائیوں میں غوطہ زنی کا محتاج ہے تا کہ واضح ہو کہ تفسیر کی اس نوع سے مقصود خواہش کی پیروی اور اللہ تعالیٰ کی آیات سے تلاعب ہے جیسا کہ باطنیہ نے کہا ہے تو یہ زندقہ اور الحاد ہوگا یا اس سے غرض اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ کلام الٰہی کا احاطہ بشر نہیں کرسکتا اس لئے کہ وہ خالق القوی والقدر کا کلام ہے اور اس کے کلام کے مفاہیم واسرار نکات و دقائق اور نہ ختم ہونے والے عجائب ہیں نورِ خالص عرفان اور کمال ایمان کی بات ہوگی جیسا کہ حضرت ابن عباسؓ نے فرمایا ہے کہ: قرآن، شجون، وفنون، ظہور وبطون

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عباس رضي الله عنهما: (إن القرآن ذو شجون وفنون، وظهور وبطون، لا تنقضي عجائبه، ولا تبلغ غايته، فمن أوغل فيه برفق نجا ومن اوغل فيه بعنف هوى، أخبار وأمثال، وحلال و حرام، وناسخ ومنسوخ ومحكم ومتشابه، وظهر وبطن، فظهره التلاوة، وبطنه التأويل، فجالسوا به العلماء، وجانبوا به السفهاء)(١).

والا ہے اس کے عجائب ختم نہیں ہوتے اور نہ اس کی غایت کو پہنچا جاتا ہے پس جو نرمی سے اس میں داخل ہو گیا وہ نجات پا گیا اور جو اس میں سختی سے داخل ہوا وہ گر گیا اس میں اخبار و امثال، حلال و حرام ناسخ و منسوخ، محکم و متشابہ اور ظہر و بطن پایا جاتا ہے اس کا ظہر، تلاوت ہے اور اس کا بطن تاویل ہے علماء نے اس کی ہمنشینی کی اور بیوقوف اس سے دور رہے۔

أدلة المجيزين:

وقد استدل القائلون بجواز التفسير الاشارى بما رواه البخارى فى صحيحه فى باب التفسير، عند تفسير سورة (النصر) ونص الحديث.

تفسیر اشاری کے جواز کے دلائل:

تفسیر اشاری کے جواز کے قائلین نے اس روایت سے استدلال کیا ہے جسے بخاری نے اپنی صحیح میں باب التفسیر میں سورہ نصر کی تفسیر میں بیان کیا ہے۔

عن ابن عباس رضي الله عنه أنه قال:

كان عمر يدخلني مع أشياخ بدر، فكان بعضهم وجد في نفسه، فقال: لم تدخل هذا معنا ولنا أبناء مثله؟ فقال: إنه من علمتم؟ فدعاني ذات يوم فأدخلني معهم، قال: فما رأيت أنه دعاني إلا ليريهم، فقال عمر: ما تقولون في قول الله تعالىٰ ﴿ **اذا جاء نصر الله والفتح** ﴾(سورة النصر:١)؟ فقال بعضهم: أمرنا بأن نحمد الله ونستغفره، اذا نصرنا وفتح علينا، وسكت بعضهم فلم يقل شيئاً، فقال لي: أكذا تقول يا ابن عباس؟ قلت: لا، قال: فما تقول؟ قلت: هو أجل رسول الله ﷺ أعلمه، فقال:﴿ **اذا جاء نصر الله والفتح** ﴾ فذلك

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا: کہ حضرت عمرؓ مجھے اشیاخ بدر کے ساتھ بٹھایا کرتے تھے ان میں سے ایک کے دل کو دکھ پہنچا تو اس نے کہا اسے ہمارے ساتھ نہ بٹھائیں ہمارے بیٹے اس جیسے ہیں؟ آپ نے فرمایا: یہ ان لوگوں میں سے ہے جنہیں تم جانتے ہو؟ ایک روز آپ نے مجھے بلایا اور ان کے ساتھ بٹھایا گیا میں نے خیال کیا کہ آپ نے مجھے صرف ان کو دکھانے کیلئے بلایا ہے حضرت عمرؓ نے کہا تم اللہ تعالیٰ کے قول: "**اذا جاء نصر الله والفتح**" کے بارے میں کیا کہتے ہو؟ ان میں سے بعض نے کہا ہمیں حکم دیا گیا ہے کہ ہم اللہ کی حمد کریں اور اس سے بخشش طلب کریں جب وہ ہماری مدد و نصرت کرے اور بعض خاموش رہے اور کوئی بات نہ کی آپ نے مجھے فرمایا اے ابن عباسؓ! تو بھی یہی کہتا ہے؟ میں نے کہا نہیں آپ نے فرمایا تو کیا کہتا ہے؟

(١) أخرجه ابن أبي حاتم من طريق الضحاك. أنظر: الإتقان، ج٢ ص١٨٥.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علامة أجلك ﴿ **فسبح بحمد ربك واستغفره انه كان توابا** ﴾(سورة النصر:٣) فقال عمر: ما أعلم منها إلا ما تقول[(١)].

میں نے کہا اس سے رسول اللہ ﷺ کی اجل مراد ہے اسے آپ ﷺ نے بتایا ہے اور فرمایا ہے: "**اذا جاء نصر الله والفتح**" کہ جب اللہ کی مدد آئے گی تو یہ تیری اجل کی علامت ہو گی "**فسبح بحمد ربك واستغفره انه كان توابا**" پس تو اپنے رب کی حمد کر اور اس سے بخشش طلب کر بلاشبہ وہ توبہ قبول کرنے والا ہے۔ حضرت عمرؓ نے فرمایا: میں اس بارے وہی بات جانتا ہوں جو تو نے کہی ہے۔

فهذا الفهم من ابن عباس لم يفهمه بقية الصحابة، وانما فهمه عمر وفهمه ابن عباس، وهو من (التفسير الاشارى) الذى يلهمه الله من شاء من خلقه، ويطلع عليه بعض عباده، فالسورة الكريمة فيها (نعى) للنبى عليه الصلاة والسلام واشارة إلى دنو أجله. ومثل هذا ما ورد فى الحديث الشريف أن النبى ﷺ خطب الناس يوماً، فقال فى جملة خطبته: ((ان الله خير عبداً بين الدنيا، وبين ما عنده فاختار ما عنده))، فبكى أبو بكر. وفى رواية فقال فديناك يا رسول الله بآبائنا وأمهاتنا. فعجبنا له يبكى، فلما قبض رسول الله ﷺ علمنا أنه كان هو المخير، وكان أبو بكر أعلمنا[(٢)].

ابن عباسؓ کے اس فہم کو بقیہ صحابہ نہیں سمجھے اسے صرف حضرت عمرؓ نے سمجھا اور ابن عباسؓ نے سمجھا اور یہ بات اس تفسیر اشاری میں سے ہے جسے اللہ اپنی مخلوق میں سے چاہے اسے اس کا الہام کرتا ہے اور اپنے بعض بندوں کو اس پر مطلع کرتا ہے پس سورہ کریمہ میں حضرت نبی کریم ﷺ کی موت کی خبر ہے اور آپ کی اجل کے قریب آنے کی طرف اشارہ ہے اور اس کی مثال حدیث شریف میں آئی ہے کہ ایک دن حضور علیہ السلام نے لوگوں کو خطبہ کے جملہ میں کہا کہ اللہ تعالیٰ نے ایک بندے کو دنیا کے درمیان اور جو کچھ اس کے پاس ہے کے درمیان اختیار دیا تو اس نے اسے پسند کیا جو اس کے پاس ہے تو حضرت ابوبکر رو پڑے۔ اور روایت میں ہے کہ ایک نے کہا یا رسول اللہ ہم اپنے آباء و امہات سمیت، آپ پر قربان ہوں ہم ان کے رونے پر حیران ہوئے پس جب رسول اللہ ﷺ کی وفات ہو گئی تو ہمیں معلوم ہو گیا کہ آپ ہی وہ بندے تھے جنہیں اختیار دیا گیا تھا اور حضرت ابوبکرؓ ہم سے زیادہ جاننے والے تھے سو

فأبو بكر الصديق فهم (بطريق الاشارة) مالم يفهمه عامة الصحابة، وكان الأمر كما قال.

حضرت ابوبکرؓ اشارہ کے طریق سے وہ بات سمجھ گئے جسے عالم صحابہ نہ سمجھے اور جیسے آپ نے کہا ویسے ہی ہوا۔

(١) نقلاً عن جمع الفوائد وأعذب الموارد، ج٢ ص٢٨٥.

(٢) الحديث رواه البخارى والترمذى.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

طائفة من أقوال العلماء:

وأنا أنقل هنا طائفة من أقوال العلماء في التفسير الاشاري بإيجاز، سائلاً المولى أن يلهمنا السداد والرشاد، وان يجنبنا الخطأ والضلال، ثم اعقبها بكلمة لحجة الاسلام الامام (الغزالي) رحمه الله فهي مسك الختام، فأقول ومن الله أستمد العون:

علماء کے کچھ اقوال:

میں اللہ سے دعا کرتے ہوئے کہ وہ ہمیں ہدایت و ارشاد کا الہام کرے اور خطاو ضلال سے بچائے یہاں تفسیر اشاری کے متعلق اختصار کے ساتھ کچھ اقوال نقل کرتا ہوں پھر اس کے بعد حجۃ الاسلام امام غزالیؒ مرحوم کے قول کو نقل کروں گا وہ مسک الختام ہوگی میں اللہ سے مدد طلب کرتے ہوئے کہتا ہوں۔

كلمة الزركشي في البرهان:

قال الزركشي في البرهان: ((كلام الصوفية في تفسير القرآن، قيل إنه ليس بتفسير، وانما هو معان ومواجيد يجدونها عند التلاوة كقول بعضهم في قوله تعالىٰ: ﴿ **قاتلوا الذين يلونكم من الكفار** ﴾(سورة التوبة:١٢٣) إن المراد ((النفس)) يريدون أن علة الأمر بقتال من يلينا هي القرب، واقرب شيء الى الانسان نفسه)).

برہان میں امام زرکشیؒ کا قول:

زرکشی نے برہان میں بیان کیا ہے کہ کہا جاتا ہے کہ صوفیاء کا کلام تفسیر نہیں ہے وہ معانی و مواجید ہیں جنہیں وہ تلاوت کے وقت پاتے ہیں جیسے کہ قول الٰہی "قاتلوا الذين يلونكم من الكفار" (سورۃ توبہ:۱۲۳) کے بارے میں ان سے ایک صوفی کا قول ہے کہ اس سے مراد نفس ہے ان کا مقصد یہ ہے کہ حکم کی علت اس چیز سے قتال کرنا ہے جو ہمارے قریب ہے اور انسان کے سب سے زیادہ قریب اس کا نفس ہے۔

كلمة النسفي و التفتازاني:

وقال النسفي في العقائد: ((النصوص على ظواهرها، والعدول عنها إلى معان يدعيها أهل الباطل إلحاد...)) ٥١.

وقال التفتازاني في شرحه على العقائد: ((سميت الملاحدة باطنية لادعائهم أن النصوص ليست على ظاهرها، بل لها معان لا يعرفها إلا المعلم، وقصدهم بذلك نفي الشريعة بالكلية، قال: واما ما يذهب اليه بعض المحققين من أن النصوص على ظواهرها، ومع ذلك فيها إشارات خفية إلى دقائق تنكشف لأرباب

امام نسفیؒ اور تفتازانیؒ کا قول:

نسفی نے العقائد میں بیان کیا ہے کہ نصوص اپنے ظواہر پر ہیں اور ان سے ان معانی کی طرف عدول کرنا جن کا دعویٰ اہل باطل کرتے ہیں، الحاد ہے۔

اور تفتازانیؒ نے عقائد نسفیہ کی شرح میں بیان کیا ہے کہ ملحدین کو ان سے اس میں دعویٰ کے باعث کہ نصوص اپنے ظواہر پر نہیں ہیں بلکہ ان کے معانی ہیں جنہیں صرف معلم ہی جانتا ہے باطنیہ کا نام دیا گیا ہے اور اس سے ان کا مقصد کلیتہً شریعت کی نفی کرنا ہے اور بعض محققین جو اس طرف گئے ہیں کہ نصوص اپنے ظواہر پر ہیں اس کے باوجود ان میں ارباب سلوک پر منکشف ہونے والے دقائق کی طرف خفیہ اشارات

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

السلوك، يمكن التوفيق بينها وبين الظواهر المرادة، فهو من كمال الايمان، ومحض العرفان))[1]. فأنت ترى أن النسفي أشار إلى (الباطنية) وبين أن طريقهم الحاد في دين الله، والتفتاز اني فصل البحث، ووضح الموضوع، فرد على (الباطنية) ضلالهم، واقر لبعض أرباب السلوك طريقهم في استنباط الدقائق، والاشارات الخفية، وجعلها من كمال المعرفة والايمان.

ومن هنا يظهر لنا الفرق جلياً بين (التفسير الاشارى) الذى هو تفسير بعض العارفين بالله، وبين (التفسير الباطنى) الذى هو تفسير الباطنية الملاحدة الذين يحرفون معانى الكتاب العزيز.

فالأولون: لا يمنعون إرادة الظاهر، بل يقولون إنه هو الأصل والأساس ويحضون عليه ويقولون: لا بد من معرفة الظاهر أولاً، اذ من ادعى فهم اسرار القرآن ولم يحكم الظاهر، يكون كمن ادعى بلوغ سطح البيت قبل أن يلج الباب.

وأما الباطنية: فانهم يقولون: إن الظاهر غير مراد اصلاً، وانما المراد الباطن وقصدهم من وراء هذا الكلام، نفى الشريعة وابطال الأحكام، وهذا بلا شك الحاد فى الدين، وقد قال الله تبارك وتعالى:

﴿ ان الذين يلحدون فى آياتنا لا يخفون

پائے جاتے ہیں ان کے درمیان اور ظواہر مراد کے درمیان موافقت پیدا کرنا ممکن ہے اور یہ کمال ایمان اور خالص عرفان کی بات ہے آپ دیکھ رہے ہیں کہ نسفی نے باطنیہ کی طرف اشارہ کیا ہے اور واضح کیا ہے کہ ان کا طریقہ دین میں الحاد پیدا کرنا ہے اور تفتازانی نے بحث کی تفصیل کی ہے اور موضوع کو واضح کیا ہے اور باطنیہ کی گمراہی انہیں لوٹا دی ہے اور بعض ارباب سلوک کیلئے اقرار کیا ہے کہ استنباط دقائق کیلئے ان کا طریق اور خفیہ اشارات ہیں اور اس نے انہیں ایمان و معرفت کا کمال میں سے بنادیا ہے۔

یہاں ہم پر تفسیر اشاری جو بعض عارف باللہ لوگوں کی تفسیر ہے کہ درمیان اور باطنی تفسیر کے درمیان جو ان ملحدین باطنیہ کی تفسیر ہے جو کتاب عزیز کے معانی کی تحریف کرتے ہیں کے درمیان واضح فرق معلوم ہوتا ہے۔

پس پہلے لوگ ظاہر کا ارادہ نہیں کرتے بلکہ کہتے ہیں کہ یہ اصل اور اساس ہے اور اس کی ترغیب دیتے ہیں اور کہتے ہیں پہلے ظاہر کی معرفت ضروری ہے جس شخص نے اسرار قرآن کے فہم کا دعویٰ کیا اور ظاہر کو مضبوط نہ کیا وہ اس شخص کی مانند ہے جس نے دروازے میں داخل ہونے سے پہلے گھر کی چھت پر پہنچنے کا دعویٰ کیا۔

اور باطنیہ کہتے ہیں کہ ظاہر اصلا مراد ہی نہیں مراد صرف باطنی ہے اور اس گفتگو سے پس پردہ ان کا مقصد شریعت کی نفی کرنا اور احکام کو باطل قرار دینا ہے اور بلاشبہ یہ دین میں الحاد ہے اور اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے:

"ان الذين يلحدون فى آياتنا لا يخفون علينا افمن يلقى فى النار خير ام من ياتى امنا يوم

(۱) شرح العقائد النسفية للتفتازاني.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علینا' افمن یلقی فی النار خیر ام من یاتی آمنا یوم القیامة' اعملوا ما شئتم انه بما تعملون بصیر﴾.(سورة فصلت:٤٠)

کلام السیوطي في الاتقان:

والعلامة السیوطی ذکر فی کتابه (الاتقان) عن ابن عطاء النص الآتی: ((اعلم ان التفسیر من هذه الطائفة (یعنی التفسیر الاشاری) لکلام الله وکلام رسوله بالمعانی العربیة' لیس احالة للظاهر عن ظاهره' ولکن ظاهر الآیة مفهوم منه ما جاء ت الآیة له ' ودلت علیه فی عرف اللسان' ولهم أفهام باطنة تفهم عند الآیة والحدیث' لمن فتح الله قلبه.

فلاں یصدنك عن تلقی هذه المعانی منهم' أن یقول لك ذو جدل ومعارضة هذا احالة لکلام الله وکلام رسوله ﷺ فلیس ذلك باحالة' وانما یکون حالة لو قالوا: لا معنی للآیة إلا هذا' وهم لم یقولوا ذلك' بل یقررون الظواهر علی ظواهرها' مراداً بها موضوعاتها' ویفهمون عن الله ما الهمهم(1).

أقول: هذا کلام الانصاف' فقد وضع الشیخ الحق فی نصابه' وجمع بین النصوص الظاهرة' والمعانی الخفیة الواردة' التی تشرق علی قلب المومن العارف بالله' کما کان الحال مع الصدیق وعمر' ولا عجب فالله تعالیٰ یعطی الحکمة من یشاء ویضع الفهم فیمن اراد' وهذا هو القرآن

القیامة اعملوا ما شئتم انه بما تعملون بصیر"(سورۃ فصلت:۴۰)

اتقان میں علامہ سیوطیؒ کا قول:

علامہ سیوطیؒ نے اپنی کتاب اتقان میں ابن عطاءؒ کے حوالہ سے ذیل کی عبارت بیان کی ہے:

جان لیجئے! کہ اس قسم کی تفسیر (یعنی تفسیر اشاری) کی کلام اللہ اور اس کے رسول ﷺ کے کلام کی تفسیر عربیت کے معانی کے ساتھ ہے ظاہر کو اس کے ظہور سے پھیرنا نہیں ہے لیکن آیت جس معنی کے لئے آئی ہے آیت کا ظاہر اس سے مفہوم ہوتا ہو اور زبان کے عرف میں اس پر دلالت پائی جاتی ہو اور ان کے افہام باطنہ آیت اور حدیث کے موقع پر ان لوگوں کو سمجھ آتے ہیں جن کا دل اللہ نے کھول دیا ہے پس ان معانی کا حاصل کرنا تجھے ان سے نہ روکے کہ تجھے جدل و معارضہ کرنے والا کہے کہ یہ کلام اللہ اور کلام رسول کا پھیرنا نہیں ہے پھیرنا تب ہوتا اگر وہ کہتے کہ آیت کے صرف یہی معنی ہیں جب کہ وہ یہ نہیں کہتے بلکہ وہ ظواہر کو ان کے ظواہر پر قائم رکھتے ہیں ان سے مراد ان کے موضوعات ہیں اور وہ اللہ تعالیٰ سے وہ سمجھتے ہیں جو وہ انہیں الہام کرتا ہے۔ میں کہتا ہوں یہ کلام انصاف ہے شیخ نے حق کو اس کے نصاب میں رکھ دیا ہے اور نصوص ظاہرہ اور ان پر وارد ہونے والے معانی خفیہ کے درمیان موافقت کر دی ہے جو عارف باللہ مومن کے دل پر چمکتے ہیں جیسے کہ صدیقؓ اور عمرؓ کا حال تھا اور یہ کوئی عجیب بات نہیں اللہ جسے چاہتا ہے حکمت عطا کرتا ہے اور جس میں چاہتا ہے فہم رکھتا ہے اور یہ قرآن کریم ہمیں حضرت داؤد اور حضرت

---

(1) أنظر: الإتقان' ج۲ ص۱۸۵.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الكريم يخبرنا عن (داود وسليمان) في امر عرض عليهما فحكم كل واحد منهما بحكم يخالف الآخر فيقول: ﴿ففهمناها سليمان وكلا آتينا حكماً وعلماً﴾(سورة الانبياء:٨٩).

معنى الحديث الوارد في التفسير الاشاري:

ويجدربنا هنا أن نبين معنى الحديث الوارد في التفسير الاشاري' في بيان معنى ظهر الآية وبطنها' وحد الحرف' ومطلع الحد.. الخ. لئلا يتخذه الملاحدة الباطنية حجة لهم في دعواهم الباطلة' في تفسير كلام الله تعالىٰ على طريقتهم الباطنية' وتلاعبهم في النصوص الكريمة حسب الأهواء.

روى الفريابي بسنده عن الحسن عن النبي ﷺ أنه قال: ((لكل آية ظهر وبطن' ولكل حرف حد' ولكل حد مطلع)).

وروى الطبراني عن ابن مسعود موقوفاً: ((ان هذا القرآن ليس منه حرف إلا له حد' ولكل حد مطلع)).

وقد ذكر العلامة السيوطي بعض الوجوه في تأويل الحديث الشريف في معنى (الظهر والبطن) ونحن نذكر أقرب هذه الأوجه إلى الصواب:

الوجه الأول: أن المراد بالظاهر لفظها' وبالباطن تأويلها.

الوجه الثاني: أن المراد بالظاهر' ما ظهر من معانيها لأهل العلم بالظاهر' وبطنها ما

سلیمان علیہما السلام کے متعلق ایک معاملے کے بارے میں جو ان دونوں کو پیش آیا خبر دیتا ہے پس دونوں میں سے ہر ایک نے فیصلہ دیا جو دوسرے کے مخالف تھا فرماتا ہے "ففهمناها سليمان وكلا آتينا حكما وعلما" (الانبیاء:۸۹)

تفسیر اشاری کے بارے میں آنے والی حدیث کا مفہوم:

مناسب ہے کہ ہم تفسیر اشاری کے بارے میں آنے والی حدیث کے مفہوم کو آیت کے ظہر وبطن کے معنی کے بیان میں واضح کریں اور حد الحرف اور مطلع الحد کو بیان کریں تاکہ ملحدین باطنیہ اسے کلام اللہ کی اپنے باطنی طریق پر تفسیر کرنے میں اور حسب خواہش نصوص کریمہ سے تلاعب کرنے میں اپنے باطل میں اپنی حجت نہ بنا لیں۔

الفریابی نے اپنی سند سے حسنؒ سے حضرت نبی کریم ﷺ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: ہر آیت کا ظہر و بطن ہے اور ہر حرف کی حد اور ہر حد کا مطلع ہے۔

طبرانیؒ نے حضرت ابن مسعودؓ سے موقوف روایت کی ہے کہ اس قرآن سے ہر حرف کی حد ہے اور ہر حد کا مطلع ہے۔

علامہ سیوطیؒ نے حدیث شریف جو ظہر وبطن کے مفہوم میں آئی ہے کی تاویل میں بعض وجوہ بیان کی ہیں ہم ان وجوہ میں سے اقرب الی الصواب کا ذکر کرتے ہیں۔

پہلی وجہ: ظاہر سے مراد اس کے لفظ ہیں اور باطن سے مراد اس کی تاویل ہے۔

دوسری وجہ: ظاہر سے مراد اس کے وہ معانی ہیں جو اہل علم کو ظاہر سے معلوم ہوتے ہیں اور بطن سے مراد وہ اسرار

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تضمنته من الأسرار، التی أطلع الله علیها أرباب الحقائق.

الوجه الثالث: أن القصص التی قصها الله تعالیٰ عن الامم الماضیة، وما عاقبهم به، ظاهرها الاخبار بهلاك الأولین، وباطنها وعظ الآخرین، وتحذیرهم أن یفعلوا کفعلهم، فیحل بهم مثل ما حل بهم، قال السیوطی: وهذا الوجه اشبهها بالصواب[1].

وأما المراد (بالحد) فهو أحکام الحلال والحرام، والمراد (بالمطلع) الوعد والوعید ویؤیده حدیث ابن عباس السابق (إن القرآن ذو شجون وفنون) الحدیث وقد مرمعك ذکره.

شروط قبول التفسیر الاشاری:

والتفسیر الاشاری لا یکون مقبولاً إلا إذا توفرت فیه الشروط الآتیة:

أولاً: عدم التنافی مع المعنی الظاهر فی النظم الکریم.

ثانیاً: عدم ادعاء أنه المراد وحده دون الظاهر.

ثالثاً: ألا یکون التأویل بعیداً سخیفاً لا یحتمله اللفظ، کتفسیر الباطنیة قوله تعالیٰ: ﴿وورث سلیمان داود﴾ (سورة النمل:١٦) أی أن الامام علیاً ورث النبی فی علمه.

رابعاً: ألا یکون له معارض شرعی أو عقلی.

خامساً: ألا یکون فی تشویش علی أفهام

ہیں جو وہ اپنے اندر لئے ہوتی ہے جن پر اللہ تعالیٰ ارباب حقائق کو مطلع کرتا ہے۔

تیسری وجہ: اللہ تعالیٰ نے امم ماضیہ کے جو واقعات بیان کئے ہیں اور اس نے انہیں جو سزا دی ہے ان کا ظاہر، اولین کے ہلاک ہونے کی خبر دیتا ہے اور ان کا باطن دوسروں کو نصیحت کرنا اور انہیں ڈرانا ہے کہ وہ ان جیسے فعل نہ کریں ورنہ ان پر بھی ان جیسا عذاب نازل ہوگا سیوطیؒ نے بیان کیا ہے کہ یہ وجہ صواب کے بہت مشابہ ہے۔

اور حد سے مراد حلال وحرام کی پختگی ہے اور مطلع سے مراد وعد و وعید ہیں اور ابن عباسؓ سے روایت کردہ مذکورہ حدیث بھی اسی کی تائید کرتی ہے جس میں فرمایا: قرآن شجون وفنون اور ظہر وبطن والا ہے (الی اخر الحدیث)

تفسیر اشاری کے قبول کی شروط:

تفسیر اشاری اس وقت قبول ہوگی جب اس میں مندرجہ ذیل شروط پوری ہوں گی۔

اول: نظم کریم میں ظاہری معنوں کے ساتھ عدم تنافی۔

دوم: اس بات کا عدم ادعا، کہ ظاہر کو چھوڑ کر اس کی ایک ہی مراد ہے۔

سوم: یہ کہ تاویل بعید اور سخیف نہ ہو جسے لفظ برداشت نہ کرتا ہو جیسا کہ قول الٰہی ''وورث سلیمان داؤد'' (سورۃ النمل:١٦) کی باطنیہ نے تفسیر کی ہے کہ امام علیؓ حضرت نبی کریم ﷺ کے علم میں وارث ہوئے ہیں۔

چہارم: اس کا کوئی عقلی اور شرعی معارض نہ ہو۔

پنجم: لوگوں کے افہام میں اس بارے میں تشویش نہ

(١) عن الاتقان ج٢ ص١٨٤ بتصرف.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الناس.

وبدون هذه الشروط لا يقبل التفسير الاشاري، ويكون عند ذلك من قبيل التفسير بالهوى والرأى المنهى عنه والله الموفق والهادى إلى سواء السبيل.

كلمة قيمة للشيخ الزرقاني:

ونسوق هنا كلمة قيمة للشيخ محمد عبدالعظيم الزرقانى حول التفسير الاشارى، فيها حكمة بالغة. ونصيحة صادقة، لمن كان له قلب أو ألقى السمع وهو شهيد. قال رحمه الله:

((و لعلك تلاحظ معى أن بعض الناس قد فتنوا بالاقبال على دراسة تلك الاشارات والخواطر، فدخل فى روعهم أن الكتاب والسنة، بل والاسلام كله ما هى إلا سوائح وواردات، على هذا النحو من التأويلات والتوجيهات وزعموا أن الأمر ما هو إلا تخييلات، وان المطلوب منهم هو الشطح مع الخيال أينما شطح، فلم يتقيدوا بتكاليف الشريعة، ولم يحترموا قوانين اللغة العربية، فى فهم أبلغ النصوص العربية، كتاب الله وسنة رسوله.

والأدهى من ذلك أنهم يتخيلون للناس، أنهم هم أهل الحقيقة الذين أدركوا الغاية، واتصلوا بالله اتصالاً أسقط عنهم التكليف، وسما بهم عن حضيض الأخذ بالأسباب، ما داموا فى زعمهم مع رب الأرباب، وهذا. لعمر الله. هو المصاب العظيم، الذى عمل له الباطنية

پائی جاتی ہو۔

ان شروط کے بغیر تفسیر اشاری قبول نہ ہوگی اور اس وقت وہ تفسیر بالھوی والرائ المنھی عنہ کی قبیل کی تفسیر ہوگی اور اللہ ہی توفیق دینے والا اور سیدھے راستے ہی کی طرف راہنمائی کرنے والا ہے۔

شیخ زرقانیؒ کا مضبوط قول:

ہم یہاں تفسیر اشاری کے متعلق شیخ محمد عبدالعظیم زرقانی کا مضبوط قول بیان کرتے ہیں اس میں اس شخص کیلئے جو صاحب دل ہے یا کان دھرتا ہے اور وہ گواہ ہے حکمت بالغہ اور سچی خیرخواہی پائی جاتی ہے وہ کہتے ہیں:

شاید تو نے میرے ساتھ بعض لوگوں کو دیکھا ہوگا جو ان اشارات وخواطر کی تعلیم پر توجہ دے کر فتنے میں پڑ گئے اور ان کے دل میں یہ بات داخل ہوگئی کہ کتاب وسنت بلکہ سارا اسلام ہی خیالات و ارادات ہیں اور اس طریق کی تاویلات وتوجیہات ہیں اور انہوں نے خیال کرلیا کہ یہ امر صرف تخیلات ہی ہیں اور ان سے مطلب خیال کے ساتھ شطح ہے جہاں بھی شطح ہے پس وہ تکالیف شریعت کے پابند نہ ہوئے۔ اور نہ انہوں نے کتاب اللہ اور سنت رسول کی ابلغ نصوص عربیہ کے فہم میں لغت عربیہ کے قوانین کا احترام نہ کیا۔

اور اس سے بھی زیادہ مصیبت کی بات یہ ہے کہ وہ لوگوں کو وہم میں ڈالتے ہیں کہ وہ اہل حقیقت ہے جنہوں نے مقصد کو پالیا ہے اور اللہ سے اتصال کرلیا ہے اس نے ان سے تکلیف کو ساقط کردیا ہے اور جب تک وہ اپنے خیال میں رب الارباب کے ساتھ ہیں وہ انہیں اسباب کی پابندی کی پستی سے اوپر لے گیا ہے خدا کی قسم! یہ بڑی مصیبت ہے جس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كيما يهدموا التشريع من أصوله، ويأتوا بنيانه من قواعده..

فواجب النصح لاخواننا المسلمين يقتضينا أن نحذرهم الوقوع في هذه الشباك، ونشير عليهم أن ينفضوا أيديهم من أمثال تلك التفاسير الاشارية الملتوية، لأنها كلها أذواق ومواجيد خارجة عن حدود الضبط والتقييد، وكثيراً ما يختلط فيها الخيال بالحقيقة، والحق بالباطل، فالأحرى بالفطن العاقل أن ينأى بنفسه عن هذه المزالق، وأن يفر بدينه من هذه الشبهات، وأمامه في الكتاب والسنة، وشروحهما على قوانين الشريعة واللغة، رياض وجنات ﴿**أتستبدلون الذي هو أدنى بالذي هو خير**﴾[1]؟

کیلئے باطنیہ نے کام کیا ہے تاکہ وہ قانون سازی کو اس کی جڑوں سے اور اس کی عمارت کو اس کی بنیادوں سے اکھیڑ دیں۔

پس ہم پر اپنے مسلمان بھائیوں کی خیر خواہی واجب ہے وہ ہم سے تقاضا کرتی ہے کہ ہم انہیں اس جال میں پھنسنے سے انتباہ کریں اور انہیں مشورہ دیں کہ وہ اس قسم کی پیچیدہ اشاریہ تفاسیر سے اپنے ہاتھ چھڑا لیں کیونکہ یہ سب حدود ضبط وتقیید سے خارج اذواق و مواجید ہیں ان میں بہت سی باتوں میں خیالات' حقیقت سے مختلط ہو گئے ہیں اور حق باطل کے ساتھ مل گیا ہے عقلمند کیلئے یہی زیادہ مناسب ہے کہ وہ ان مزالق (پھسلنے کے مقامات) سے اپنے آپ کو دور رکھے اور اپنے دین کے ساتھ ان شبہات سے بھاگ جائے اور اس کے آگے کتاب وسنت میں اور قوانین شریعت ولغت کے مطابق ان دونوں کی شروح میں باغات ہیں ''اتستبدلون الذی ھو ادنی بالذی ھو خیر'' (سورۃ البقرہ:۶۱)

كلمة حجة الاسلام الغزالي:

ويقول حجة الاسلام الغزالي رحمه الله في كتابه (إحياء علوم الدين) في فصل الذكر والتذكير ما نصه:

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ کا قول:

حجۃ الاسلام امام غزالیؒ اپنی کتاب احیاء علوم الدین کی فصل الذکر والتذکیر میں بیان کرتے ہیں۔

((و أما الشطح فنعني به صنفين من الكلام أحدثهما بعض الصوفية:

أحدهما: الدعاوى الطويلة العريضة في العشق مع الله تعالى، والوصال المغني عن الأعمال الظاهرة، حتى ينتهي قوم الى دعوى الاتحاد، وارتفاع الحجاب، والمشاهدة بالرؤية، والمشافهة بالخطاب، فيقولون. قيل لنا كذا

شطح سے ہماری مراد کلام کی دو قسمیں ہیں جنہیں بعض صوفیاء نے ایجاد کیا ہے۔

ایک یہ ہے کہ اللہ کے ساتھ عشق کے طویل وعریض ہونے کا دعویٰ اور اعمال ظاہری سے بے نیاز کر دینے والا وصال حتی کہ کچھ لوگ دعوی اتحاد اور ارتفاع حجاب اور مشاہدہ بالرؤیۃ اور بالمشافہ خطاب تک جا پہنچتے ہیں وہ کہتے ہیں ہمیں یوں کہا گیا اور ہم نے یوں کہا اور اس میں حسین حلاج سے

(١) سورة البقرة: ٦١. أنظر مناهل العرفان، ج١ ص٥٥٨.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

۴- ان میں سے کچھ لوگ سوالی ہیں وہ بازاروں اور مساجد میں کھڑے ہو جاتے ہیں اور وہ مجمع اسانید کے ساتھ جو انہوں نے حفظ کی ہوتی ہیں رسول اللہ ﷺ کے متعلق احادیث وضع کرتے ہیں اور موضوعات کو ان اسانید کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

(۱) حسبة: أى لوجه الله وترغيباً فى الدين.

(۲) السؤال: جمع سائل الذى يسأل الناس المعونة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال جعفر بن الطيالسي:

((صلى أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين، في مسجد الرصافة، فقام بين أيديها قاص (محدث) فقال: حدثنا أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين قالا أنبأنا عبدالرزاق، قال أنبأنا معمر، عن قتادة، عن أنس قال قال رسول الله ﷺ: ((من قال لا اله الا الله، يخلق من كل كلمة منها طائر، منقاره من ذهب، وريشه مرجان))، وأخذ في قصة نحواً من عشرين ورقة، فجعل أحمد ينظر إلى يحيى، ويحيى ينظر إلى أحمد، فقال: أنت حدثته بهذا؟ فقال: والله ما سمعت به الا هذه الساعة، فسكتا حتى فرغ من قصصه فقال له يحيى: من حدثك بهذا الحديث فقال: أحمد بن حنبل، ويحيى بن معين، فقال: أنا ابن معين، وهذا احمد بن حنبل ما سمعنا بهذا قط في حديث رسول الله، فان كان ولا بد من الكذب فعلى غيرنا فقال له: أنت يحيى بن معين؟ قال: نعم قال: لم أزل أسمع أن يحيى بن معين أحمق، وما علمته إلا هذه الساعة، فقال له يحيى: وكيف علمت أني أحمق؟ قال: كأنه ليس في الدنيا يحيى بن معين، وأحمد بن حنبل غيركما. كتبت عن سبعة عشر أحمد بن حنبل غير هذا، قال: فوضع احمد كمه على وجهه وقال: دعه يقوم، فقام كالمستهزئ بها.

جعفر بن طیالسی نے بیان کیا ہے کہ:

''احمد بن حنبل اور یحییٰ ابن معین نے الرصافہ کی مسجد میں نماز پڑھی تو ان دونوں کے سامنے ایک داستان سرا (محدث) کھڑا ہو گیا اور اس نے کہا: احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین نے ہم سے بیان کیا ان دونوں نے کہا کہ عبدالرزاق نے ہمیں خبر دی عبدالرزاق نے کہا: ہمیں معمر نے قتادہ سے بحوالہ حضرت انس خبر دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جس نے لا الہ الا اللہ کہا اس کے ہر لفظ سے ایک پرندہ پیدا ہو گا اس کی چونچ سونے کی ہوگی اور اس کے پر مرجان کے ہوں گے۔'' اور اس نے بیس ورق کا قصہ شروع کر دیا اور احمد، یحییٰ کی طرف اور یحییٰ احمد کی طرف دیکھنے لگے احمد نے یحییٰ سے پوچھا تو نے یہ حدیث اس سے بیان کی ہے؟ یحییٰ نے کہا میں نے تو اسے ابھی اسی وقت سنا ہے وہ دونوں خاموش رہے حتیٰ کہ وہ اپنے بیان سے فارغ ہو گیا تو یحییٰ نے اس سے پوچھا تم سے یہ حدیث کس نے بیان کی ہے اس نے کہا: احمد بن حنبل اور یحییٰ بن معین سے تو ابن معین بولے: میں ابن معین ہوں اور یہ احمد بن حنبل ہیں ہم نے اسے کبھی رسول اللہ ﷺ کی احادیث میں نہیں سنا اگر یہ جھوٹ ہے اور ضرور جھوٹ ہے تو وہ ہمارے غیر پر ہے اس نے آپ سے پوچھا آپ یحییٰ بن معین ہیں؟ آپ نے کہا: ہاں اس نے کہا: میں ہمیشہ سنتا تھا کہ یحییٰ بن معین احمق ہے اور مجھے ابھی اور اسی وقت اس کا علم ہوا ہے۔ یحییٰ نے اسے کہا: تجھے کیسے معلوم ہوا ہے کہ میں احمق ہوں؟ اس نے کہا: گویا دنیا میں تم دونوں کے سوا کوئی یحییٰ بن معین اور احمد بن حنبل موجود ہی نہیں میں نے اس حدیث سے علاوہ احمد بن حنبل سے سترہ احادیث سنی ہیں راوی کہتا ہے حضرت احمد بن حنبل نے اپنی آستین اس کے چہرے پر رکھی اور فرمایا اسے کھڑا ہونے دو تو وہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال القرطبي: فهؤلاء الطوائف كذبة على رسول الله ﷺ ومن يجرى مجراهم.. ثم قال: فلو اقتصر الناس على ما ثبت في الصحاح والمسانيد وغيرهما من المصنفات التي تداولها العلماء، ورواها الأئمة الفقهاء، لكان لهم في ذلك غنية، وخرجوا عن تحذيره ﷺ حيث قال: ((من كذب على متعمداً فليتبوأ مقعده من النار)).

فحذار مما وضعه أعداء الدين، وزنادقة المسلمين، في باب الترغيب والترهيب وغير ذلك، وأعظمهم ضرراً أقوام من المنسوبين إلى الزهد، وضعوا الحديث حسبة فيما زعموا. فتقبل الناس موضوعاتهم، ثقة منهم بهم، وركوناً إليهم، فضلوا وأضلوا))(١).

هل في القرآن ألفاظ غير عربية؟

من المقطوع به أن القرآن نزل بلسان العرب، وانه كتاب عربي. نزل على امة عربية بلسان عربي مبين، ليكون منهاجاً لحياتهم، ودستوراً لمجتمعهم وليعتبروا به ويذكروا بما فيه ﴿ليدبروا آياته، وليتذكر أولو الألباب﴾ (سورة ص:٢٩) وقد تضافرت النصوص القرآنية الكثيرة. على أن القرآن ((عربى)) في نظمه وفي لفظه. وفي أسلوبه وفي تركيبه وأنه

دونوں سے استہزاء کرتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا۔

قرطبی نے بیان کیا ہے یہ جماعتیں رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ باندھنے والی ہیں اور وہ بھی جوان کے راستے پر چلیں گے پھر ایک نے فرمایا ہے کہ اگر لوگ اسی پر اقتصار کرتے جو صحاح اور مسانید اور دیگر مصنفات جو علماء میں متداول ہیں اور انہیں فقہاء ائمہ نے روایت کیا ہے تو انہیں اس میں کفایت ہوتی اور وہ اس تحذیر سے خارج ہو جاتے جہاں رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جس نے جان بوجھ کر مجھ پر جھوٹ باندھا اس نے اپنا ٹھکانہ دوزخ میں بنایا۔

پس اس سے بچو جو دشمنانِ دین اور زنادقۃ المسلمین نے ترغیب وترہیب وغیرہ کے باب میں وضع کیا ہے اور ان میں سب سے زیادہ ضرر رساں وہ لوگ ہیں جو زھد کی طرف منسوب ہیں انہوں نے اپنے خیال میں ثواب کیلئے احادیث وضع کی ہیں اور لوگوں نے ان پر اعتماد اور ان کی طرف اپنے میلان کی وجہ سے ان کی موضوعات کو قبول کر لیا ہے پس وہ خود بھی گمراہ ہوتے ہیں اور دوسروں کو بھی گمراہ کیا ہے۔

کیا قرآن میں غیر عربی الفاظ موجود ہیں؟

یہ قطعی بات ہے کہ قرآن، عربی زبان میں نازل ہوا ہے اور عربی قوم پر مبین عربی زبان میں نازل ہوا ہے تا کہ وہ ان کی زندگی کا منہاج اور ان کے معاشرے کا دستور ہو اور یہ کہ وہ اس سے عبرت حاصل کریں اور جو کچھ اس میں ہے اسے یاد کریں: ''ليدبروا آياته وليتذكر اولوا الألباب'' بہت سے قرآنی آیات اس بارے میں ایک دوسرے کی مدد کرتی ہیں کہ قرآن اپنے نظم میں اپنے لفظ میں اپنے اسلوب میں اپنی ترکیب میں عربی ہے اور اس میں کوئی

(١) أنظر: تفسير القرطبي ج١ ص٧٨.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ليس في ما يخالف طريقة العرب في المفردات والجمل والأسلوب والخطاب. من هذه النصوص الكريمة ما يلي:

١-قوله تعالىٰ ﴿لتكون من المنذرين. بلسان عربي مبين﴾ (سورة الشعراء: ١٩٤-١٩٥)

٢-وقوله تعالى:﴿كتاب فصلت آياته قرآناً عربياً لقوم يعلمون﴾(سورة فصلت:٣)

٣-وقوله جل ثناؤه ﴿إنا انزلناه قرانا عربياً لعلكم تعقلون﴾.(سورة يوسف:٢)

٤-وقوله جل علا﴿قرآناً عربياً غير ذي عوج لعلهم يتقون﴾(سورة الزمر:٢٨)

وقد أجمع العلماء على أن القرآن عربي، ولكن اختلفوا هل فيه ألفاظ مفردة من غير كلام العرب؟ على مذهبين:

آ- المذهب الأول:

مذهب الجمهور وعلى رأسهم القاضي (ابو بكر ابن الطيب) وشيخ المفسرين (ابن جرير الطبرى) و (الباقلاني) وغيرهم من العلماء الأعلام قالوا: إن القرآن عربي كله، وليس فيه ألفاظ أو مفردات من غير كلام العرب، وما وجد فيه من الألفاظ التي تنسب إلى سائر اللغات، فإنما اتفق فيها أن تواردت اللغات عليها، فتكلمت بها العرب، والفرس، والحبشة وغيرهم.

ب- المذهب الثاني: مذهب طائفة من

ایسی بات نہیں جو مفردات جمل، اسلوب اور خطاب میں عربوں کے طریق کے مخالف ہو ان نصوص کریمہ میں سے درج ذیل آیات بھی ہیں:

ا۔ لتكون من المنذرين بلسان عربى مبين (سورۃ الشعراء:۱۹۴۔۱۹۵)

۲۔ كتاب فصلت آياته قرآنا عربيا لقوم يعلمون (سورۃ فصلت:۳)

۳۔ انا انزلنا قرآنا عربيا لعلكم تعقلون (سورۃ یوسف:۲)

۴۔ قرآنا عربيا غير ذى عوج لعلهم يتقون (سورۃ زمر:۲۸)

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ قرآن عربی ہے لیکن اس بات میں انہوں نے اختلاف کیا ہے کہ کیا اس میں ایسے مفرد الفاظ موجود ہیں جو غیر کلام عرب سے ہوں اس بارے میں علماء کے دو مذہب ہیں۔

الف۔ پہلا مذہب:

جمہور کا مذہب ہے اور ان کے لیڈر قاضی ابو بکر ابن الطیب، شیخ المفسرین ابن جریر طبری اور باقلانی وغیرہ بڑے بڑے علماء ہیں ان کا کہنا ہے کہ سارا قرآن عربی ہے اس میں اور غیر کلام عرب کے مفردات یا الفاظ نہیں ہیں اور نہ ہی اس میں ایسے الفاظ پائے گئے ہیں جو دیگر زبانوں کی طرف منسوب کئے جاتے ہوں ان کے بارے میں اتفاق ہے کہ ان کے مختلف لغات کا توارد ہوسکتا ہے کہ عرب اور ایرانی اور حبشی وغیرہ انہیں بولتے ہوں۔

ب۔ دوسرا مذہب: علماء کی ایک جماعت کا ہے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

العلماء قالوا: إن في القرآن بعض ألفاظ ليس عربية، وأن تلك الألفاظ لقلتها لا تخرج القرآن عن كونه عربياً مبيناً فمثلاً لفظ (المشكاة) بمعني الكوة، ولفظ (الكفل) بمعنى الضعف، ولفظ (قسورة) بمعنى الأسد كل هذه الألفاظ هي بلسان الحبشة وهي ألفاظ غير عربية.

وكذلك لفظ (القسطاس) بمعنى الميزان بلسان الروم.

ولفظ (السجيل) بمعنى الحجارة والطين بلسان الفرس.

ولفظ (الغساق) بمعنى البارد المنتن بلسان الترك.

ولفظ (اليم) بمعنى البحر، و (الطور) بمعنى الجبل بلسان السريانية.

قال ابن عطية:

((فحقيقة العبارة أن هذه الألفاظ في الأصل (اعجمية) لكن العرب استعملتها وعربتها فهي عربية بهذا الوجه، وقد كان للعرب مخالطة لجيرانهم من سائر الألسنة فعلقت العرب بألفاظ أعجمية، استعملتها في أشعارها ومحاوراتها، حتى جرت مجرى العربي الصحيح، وعلى هذا الحد نزل بها القرآن))[1].

أدلة الجمهور:

وقد استدل الجمهور ببعض الأدلة التي تثبت أن القرآن عربي وليس فيه ألفاظ غير عربية

انہوں نے کہا ہے کہ قرآن میں بعض الفاظ عربی نہیں ہیں اور یہ الفاظ اپنی قلت کے باعث قرآن کو عربی مبین ہونے سے باہر نہیں کرتے مثلاً ''مشکاۃ'' کا لفظ روشندان کے معنوں میں ہے اور ''الکفل'' کا لفظ بمعنی کمزوری ہے اور قسورۃ کا لفظ بمعنی شیر ہے اور یہ سب الفاظ حبشہ کی زبان کے ہیں اور غیر عربی ہیں۔

ایسے ہی ''قسطاس'' رومیوں کی زبان میں بمعنی ترازو ہے۔

اور ''السجیل'' کا لفظ ایرانیوں کی زبان میں پتھر اور ٹھیکری کے معنی میں ہے۔

اور الغساق کا لفظ ترکوں کی زبان میں ٹھنڈا بدبودار کے معنی میں ہے۔

اور سریانی زبان میں الیم بمعنی سمندر اور ''الطور'' بمعنی پہاڑ ہیں۔

ابن عطیہ کا بیان:

عبارت کی حقیقت یہ ہے کہ اصل میں یہ الفاظ عجمی ہیں لیکن عربوں نے انہیں استعمال کیا اور انہیں عربی بنا لیا پس اس وجہ سے یہ عربی ہیں اور عربوں کا اپنے ہمسایوں سے میل جول تھا جو بقیہ زبانوں سے متعلق تھے سو عربوں نے عجمی الفاظ سے محبت کی اور انہیں اپنے اشعار ومحاورات میں استعمال کیا حتی کہ وہ صحیح عربی کے راستے پر چل پڑے اور اس حد پر قرآن میں انہیں نازل کیا گیا۔

جمہور کے دلائل:

جمہور نے بعض ان دلائل سے استدلال کیا ہے جو ثابت کرتے ہیں کہ قرآن عربی ہے اور اس میں غیر عربی

(۱) انظر: تفسير القرطبي، ج۱ ص۶۸.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفیه أسماء أعلام لمن لسانه غیر لسان العرب، مثل (اسرائیل) و (جبرئیل) و (عمران) و (نوح) و (لوط). وقد استدل الجمهور بما یلی:

أولاً: الآیات القرآنیة السابقة التی أثبتت أن هذا القرآن عربی کله فی لفظه، وأسلوبه، ونظمه، وترکیبه، فقد أخبر الله عزوجل عن القرآن بأنه عربی فقال تعالیٰ ﴿قرآنا عربیاً﴾ وتکرر هذا اللفظ فی آیات عدیدة ومعلوم أن لفظ القرآن عام یشمل جمیع السور والآیات، ویشمل کل الألفاظ والمفردات.

ثانیاً: إن القرآن نزل بلغة العرب لیفهموه ویعقلوه ویتدبروا معانیه، ویستحیل ان یخاطب الله تعالیٰ قوماً بما لا یعلمون، کیف والآیات صریحة فی انزاله بلغة العرب للاعتبار والعمل ﴿إنا انزلناه قرآنا عربیاً لعلکم تعقلون﴾(سورة یوسف :۲) و ﴿قرآنا عربیاً لقوم یعلمون﴾(سورة فصلت:۳) وهذا ینفی أن یکون فیه ألفاظ غیر عربیة.

ثالثاً: إن الله تعالیٰ قد رد علی المشرکین حین زعموا أنّ محمداً ﷺ تلقی هذا القرآن عن بعض أهل الکتاب (جبر الرومی) وأقام الحجة علیهم باختلاف اللسانین قال تعالی ﴿ولقد نعلم انهم یقولون إنما یعلمه بشر، لسان الذی یلحدون إلیه أعجمی، وهذا لسان عربی مبین﴾(سورة النحل:۱۰۳) فالقرآن عربی وذلک أعجمی وشتان بینهما.

الفاظ نہیں ہیں جب کہ اس میں بڑے لوگوں کے نام ہیں جن کی زبان، عربی نہیں تھی جیسے "اسرائیل، جبرئیل، عمران، نوح اور لوط پس جمہور نے درج ذیل استدلال کیا ہے۔

اول: وہ سابق آیات قرآنیہ جنہوں نے ثابت کیا ہے کہ یہ سارا قرآن اپنے الفاظ اسلوب، نظم اور ترکیب میں عربی ہے اور اللہ تعالیٰ نے قرآن کے متعلق بتایا ہے کہ وہ عربی ہے فرماتا ہے:"قرآنا عربیا" اور یہ لفظ متعدد آیات میں بار بار آیا ہے اور یہ معلوم ہی ہے کہ قرآن کا لفظ عام ہے اور تمام آیات وسور پر حاوی ہے اور تمام الفاظ ومفردات کو محیط بھی ہے۔

دوم: بلاشبہ قرآن عربوں کی زبان میں نازل ہوا ہے تا کہ وہ اسے سمجھیں اور اس کے معانی پر تدبر کریں اور یہ محال ہے کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کو اس زبان میں مخاطب کرے جسے وہ نہ جانتے ہوں یہ کیسے ہوسکتا ہے جب کہ آیات اسے عمل و اعتبار کیلئے عربوں کی زبان میں نازل کرنے پر صریح ہیں "انا انزلناه قرآن عربیا لعلکم تعقلون۔ قرآنا عربیا لقوم یعلمون" یہ اس بات کی نفی کرتی ہیں کہ اس میں غیر عربی الفاظ ہوں۔

سوم: بلا شبہ اللہ تعالیٰ نے مشرکین کا رد کیا جب انہوں نے خیال کیا کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے قرآن بعض اہل کتاب (جبر رومی) سے سیکھا ہے اور دونوں زبانوں کے اختلاف سے ان کے خلاف حجت قائم کی اور فرمایا "ولقد نعلم انهم یقولون انما یعلمه بشر لسان الذی یلحدون الیه اعجمی وهذا لسان عربی مبین" پس قرآن عربی ہے اور وہ عجمی ہے اور ان دونوں کے درمیان کس قدر بعد ہے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رابعاً: لو كان في هذا القرآن شيء ليس من لغة العرب، أو لا يفهمه العرب، أو الفاظ (أعجمية) غير عربية، لأعلن المشركون اعتراضهم على القرآن، واحتجوا بذلك على عدم صدق الرسول كما قال تعالى ﴿ **ولو جعلناه قرآنا أعجمياً لقالوا لو لا فصلت آياته اعربى وعجمي...** ﴾[1] الآية.

چہارم: اگر اس قرآن میں کوئی ایسی چیز ہوتی جو عربوں کی زبان سے نہ ہوتی یا عرب اسے نہ سمجھتے یا غیر عربی الفاظ ہوتے تو مشرکین تو ان پر اپنا اعلانیہ اعتراض کرتے اور اس سے عدم صدق رسول پر حجت پکڑتے جیسے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: "**ولو جعلناه قرآنا أعجميا لقالوا لولا فصلت آياته أعربي و عجمي**" (سورۃ فصلت:۴۴)

خامساً: إن ما وجد في القرآن من الفاظ تنسب إلى سائر اللغات، فإنما هو من باب (توارد اللغات واتفاقها بمعنى أن هذه اللفظة تكلم بها العرب، وتكلم بها الفرس، والعجم، وتكلم بها غيرهم، فهي مما اتفقت عليه اللغات لا يعني أن هذه الألفاظ غير عربية، فاذا تكلم بها العرب فهي عربية، واذا تكلم بها غيرهم أو استبعملها الأعاجم فلا يخرجها عن كونها عربية.

پنجم: اگر قرآن میں ایسے الفاظ پائے گئے ہیں جو بقیہ زبانوں کی طرف منسوب ہوئے ہیں تو یہ بات لغات کے توارد واتفاق کے باب سے ہے اس مفہوم میں کہ انہیں عرب بھی بولتے ہیں اور ایرانی بھی بولتے ہیں اور عجم وغیرہ بھی بولتے ہیں اس بات پر ثقات کا اتفاق ہے یہ مراد نہیں کہ یہ الفاظ غیر عربی ہیں پس جب عرب انہیں بولتے ہیں تو یہ عربی ہیں اور جب ان کے غیر انہیں بولتے ہیں یا اعاجم انہیں استعمال کرتے ہیں تو یہ بات انہیں عربی ہونے سے خارج نہیں کرتی۔

الترجيح:

والصحيح ما ذهب إليه (الطبرى) وجمهور العلماء من أن القرآن كله عربي، وهو ما تشهد له النصوص الكثيرة، والحجج الدامغة القوية التى احتج بها العلماء.

وقد انتصر العلامة القرطبي لرأى الجمهور، ورد الرأى الثاني، وقال. بعد أن ذكر المذهبين.

ترجیح:

صحیح بات وہ ہے جو طبری اور جمہور علماء نے اختیار کی ہے وہ یہ کہ سارا قرآن عربی ہے اور اس کی شہادت دہ بہت سی نصوص اور حجج دامغہ قویہ دیتی ہیں۔ جن سے علماء نے حجت پکڑی ہے۔

اور علامہ قرطبی نے جمہور کی رائے کو غالب قرار دیا ہے اور دوسری کو رد کر دیا ہے اور دونوں مذھبوں کا ذکر کرنے کے

(۱) سورة فصلت:٤٤. ومعنى الآية: لو أنزلنا القرآن بغير لغتهم، وجعلناه باللغة الأعجمية لقالوا: هلا بينت آياته ونزلت كلماته بلغتنا العربية لنتفهمه ونتدبره؟ (أعربى وعجمى)؟ أى رسول عربى وقرآن أعجمي؟ كيف يكون ذلك؟ وكيف ينزل القرآن الأعجمى على الرسول العربى؟

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

إن الأول أصح، فان العرب لا يخلو أن تكون تخاطب بها اوْلا ، فإن كان الأول فهي من كلامهم، ولا يبعد أن يكون غيرهم قد وافقهم على بعض كلماتهم.

بعد کہا ہے بلاشبہ پہلا مذہب اصح ہے اور بلاشبہ یہ بات دو حال سے خالی نہیں کہ عرب اس کے ذریعہ کلام کرتے ہیں یا نہیں، اگر پہلی بات ہے تو وہ ان کے کلام میں سے ہیں اور بعید نہیں کہ ان کے غیروں نے ان کے بعض الفاظ پر ان سے موافقت کی ہو۔

وإن لم تكن العرب تخاطبت بها، ولا عرفتها استحال أن يخاطبهم الله بما لا يعرفون، وحينئذ لا يكون القرآن عربياً، ولا يكون الرسول مخاطباً لقومه بلسانهم)).اه[1].

اور اگر عرب ان سے کلام نہیں کرتے اور وہ انہیں نہیں جانتے تھے تو یہ محال ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو ان الفاظ سے مخاطب کرے جن کو وہ جانتے ہی نہیں ہیں اس صورت میں قرآن عربی نہ ہوگا اور نہ رسول اللہ ﷺ ہی اپنی قوم سے ان کی زبان میں مخاطب ہوں گے۔

بحث ترجمة القرآن

ترجمۃ القرآن کی بحث

معنى الترجمة:

ترجمة القرآن معناها نقل القرآن إلى لغات أجنبية أخرى غير اللغة العربية وطبع هذه الترجمة في نسخ ليطلع عليها من لا يعرف اللغة العربية (لغةَ القرآن) ويفهم مراد الله عزوجل من كتابه العزيز بواسطة هذه الترجمة.

ترجمہ کا مفہوم:

ترجمہ قرآن کا مطلب قرآن کو دوسری اجنبی زبانوں میں جو عربی لغت کی غیر ہیں نقل کرنا ہے اور اس ترجمہ کو نسخوں میں طبع کرنا ہے تاکہ جو لوگ عربی زبان (یعنی قرآن کی زبان) کو نہیں جانتے وہ اس پر مطلع ہو جائیں اور اس ترجمے کے واسطے سے اس کی کتاب عزیز سے اللہ تعالیٰ کی مراد کو سمجھ جائیں۔

أنواع الترجمة:

وتنقسم هذه الترجمة إلى قسمين:

الأول: الترجمة الحرفية.

الثاني: الترجمة التفسيرية.

والمراد بالقسم الأول (الحرفية) أن يترجم القرآن بالفاظه ومفرداته وجمله وتركيبه ترجمة طبق الأصل إلى اللغة الانجليزية، أو الألمانية، أو

ترجمے کی انواع:

یہ ترجمہ دو قسموں میں منقسم ہو جاتا ہے۔

اول: حرفی ترجمہ

دوم: تفسیری ترجمہ

پہلی قسم: (حرفی) سے مراد یہ ہے کہ قرآن کا ترجمہ اس کے الفاظ اور اس کے مفردات اور اس کے جملوں اور اس کی ترکیب کے ساتھ اصل کے مطابق انگریزی یا جرمنی یا فرانسیسی

(۱) انظر: تفسير القرطبي، ج١ ص٦٩.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفرنسية.

مثلاً فيقال: (القرآن باللغة الانجليزية) أو (القرآن باللغة الألمانية) وهكذا فهي تشبه وضع المرادف مكان مرادفه، وبعض الناس يسمى هذه الترجمة (ترجمة لفظية)

وأما القسم الثاني (التفسيرية) فهو يترجم معنى الآيات الكريمة، بحيث لا يتقيد الانسان باللفظ، وإنما يكون همه المعنى، فيترجم القرآن بألفاظ لا يتقيد بها بالمفردات والتراكيب، وإنما يعمد إلى الأصل فيفهمه. ثم يصبه في قالب يؤديه من اللغة الأخرى ويكون هذا المعنى موافقاً لمراد صاحب الأصل من غير أن يكلف نفسه عناء البحث والوقوف عند كل مفرد من المفردات، أو لفظة من الألفاظ. وهذا النوع يسمى (الترجمة الحرفية) أو الترجمة المعنوية.

شروط الترجمة:

ويشترط للترجمة سواء كانت حرفية، أو تفسيرية، شروط عدة نوجزها فيما يلي:

١- أن يعرف (المترجم) بكسر الجيم اللغتين معاً، لغة الأصل، ولغة الترجمة.

٢- أن يكون ملماً بأساليف وخصائص اللغات التي يود ترجمتها.

٣- أن تكون (صيغة الترجمة) صحيحة بحيث يمكن أن تحل محل الأصل.

٤- أن تفي الترجمة بجميع معاني الأصل ومقاصده وفاء كاملاً.

زبان میں کیا جائے۔

مثلاً کہا جاتا ہے انگریزی زبان میں قرآن یا جرمنی زبان میں قرآن یہ مرادف کے اس کے مرادف کی جگہ رکھنے کی مانند ہے اور بعض لوگ اس ترجمہ کو "لفظی ترجمہ" کہتے ہیں۔

اور دوسری قسم (تفسیری) یہ ہے کہ آیات کریمہ کے یوں معنی کئے جاتے ہیں کہ انسان لفظ کا پابند نہیں ہوتا اس کا مقصد مفہوم ہوتا ہے وہ قرآن کا الفاظ کے ساتھ ترجمہ کرتا ہے لیکن مفردات اور تراکیب کا پابند نہیں رہتا وہ صرف اصل کا قصد کرتا ہے اور اسے سمجھتا ہے پھر وہ اسے اس قالب میں ڈالتا جو اسے دوسری زبان سے دیا جاتا ہے اور یہ معنی بغیر اس کے کہ وہ اپنے نفس کو بحث کی مشقت کا مکلّف کرے اور مفردات میں سے ہر مفرد اور الفاظ میں سے ہر لفظ کے پاس ٹھہرے صاحب الاصل کی مراد کے موافق ہوتے ہیں اس نوع کو "ترجمہ حرفیہ" یا "ترجمہ معنویہ" کہتے ہیں۔

ترجمہ کی شروط:

ترجمہ خواہ حرفی ہو یا تفسیری اس کے لئے متعدد شروط لگائی جاتی ہے ہم ذیل میں انہیں اختصار کے ساتھ بیان کریں گے۔

۱۔ مترجم معاً دونوں زبانوں کو جانتا ہو اصل کی زبان اور ترجمہ کی زبان کو۔

۲۔ وہ ان زبانوں کے اسالیب و خصائص کو جانتا ہو جن کا وہ ترجمہ کرنا چاہتا ہے۔

۳۔ ترجمہ کا صیغہ صحیح ہو یوں کہ اصل کی جگہ اترنا ممکن ہو۔

۴۔ ترجمہ اصل کے تمام معانی اور اس کے مقاصد کو کامل طور پر پورے کرنے والا ہو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كما يشترط للترجمة (الحرفية) زيادة على هذه الشروط شرطان آخران:

الأول: وجود مفردات كاملة فى لغة الترجمة، مساوية للمفردات التى هى لغة الأصل.

الثاني: تشابه اللغتين فى الضمائر المستترة، والروابط التى تربط الجمل لتأليف التركيب.

هل تجوز الترجمة الحرفية للقرآن؟

وعلى ضوء ما سبق من تقسيم الترجمة إلى حرفية، وتفسيرية، ومعرفة معنى كل منهما والشروط التى ينبغي أن تتوفر فى الترجمة، يتضح لنا أن (الترجمة الحرفية) غير جائزة، وغير صحيحة وذلك للأسباب الآتية:

أولاً: أنه لا يجوز كتابة القرآن بغير أحرف اللغة العربية لئلا يقع التحريف والتبديل.

ثانياً: إن اللغات (غير العربية) ليس فيها من الألفاظ والمفردات والضمائر ما يقوم مقام الألفاظ العربية.

ثالثاً: إن الاقتصار على الألفاظ قد يفسد المعنى، ويسبب الخلل فى التعبير والنظم. ولنضرب بعض الأمثلة على ذلك ليتوضح الأمر فنقول:

لو أردنا ترجمة الآية الكريمة وهي قوله تعالى ﴿ولا تجعل يدك مغلولة إلى عنقك، ولا تبسطها كل البسط فتقعد ملوماً محسوراً﴾ (سورة الإسراء:٢٩) فإذا أردنا

ایسے ہی حرفی ترجمہ کیلئے ان شروط سے دو شرطیں لگائی جاتی ہیں۔

پہلی شرط یہ ہے کہ ترجمہ کی زبان میں کامل مفردات پائے جاتے ہوں جو ان مفردات کے مساوی ہوں جو اصل کی زبان کے ہیں۔

دوسری شرط یہ ہے کہ ضمائر مستترہ میں دونوں زبانوں میں تشابہ پایا جاتا ہو اور ان روابط میں بھی جو تالیف ترکیب کیلئے جملوں کا ربط کرتے ہیں۔

کیا قرآن کا حرفی ترجمہ کرنا ممکن ہے؟

جو ترجمہ کی حرفی اور تفسیری تقسیم ہوئی ہے اور دونوں میں سے ہر ایک کے معنوں کی معرفت ہوئی ہے اور ترجمہ میں جن شروط کا پورا ہونا چاہئے ان کی روشنی میں ہم پر واضح ہوتا ہے کہ حرفی ترجمہ جائز نہیں ہے اور وہ نہ ہی درست ہے اور وہ ذیل کے اسباب کی وجہ سے ہے۔

اول: لغت عربیہ کے حروف کے بغیر قرآن کی کتابت جائز نہیں ہے تاکہ تحریف وتبدیل کا وقوع نہ ہو۔

دوم: بلاشبہ غیر عربی لغات میں وہ الفاظ مفردات اور ضمائر نہیں ہیں جو عربی الفاظ کے قائمقام ہوں۔

سوم: الفاظ پر اقتصار کرنا معنوں کو خراب کر دیتا ہے اور تعبیر اور نظم میں خلل کا سبب بنتا ہے ہم اس کی بعض مثالیں پیش کرتے ہیں تاکہ بات واضح ہو جائے۔

اگر ہم آیت کریمہ "ولا تجعل يدك مغلولة الى عنقك ولا تبسطها كل البسط فتقعد ملوما محسورا" (سورۃ الاسراء:۲۹) کا ترجمہ کریں تو جب ہم اس کا حرفی ترجمہ کرنا چاہیں گے تو اس کا یہ ترجمہ ہوگا۔ تو اپنے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ترجمتها ترجمة حرفية، فان الترجمة تكون كالآتي: (لا تجعل يدك مربوطة إلى عنقك، ولا تمدها كل المد) إلى آخره وهو معنى فاسد لم يقصده القرآن الكريم بل قد يستنكر المترجم له هذا الوضع، فيقول: لماذا ينهانا الله عن ربط اليد بالعنق، أو مدها غاية المد؟.

ہاتھ کو اپنی گردن سے بندھا ہوا نہ رکھ اور نہ اسے پوری طرح پھیلا دے۔ یہ فاسد معنے ہیں جو قرآن کا مقصود نہیں بلکہ اس کا مترجم اس وضع سے ہی ناواقف ہوگا وہ کہے گا اللہ نے ہمیں گردن سے ہاتھ باندھنے سے یا اس کے پوری طرح پھیلانے سے کیوں منع کیا ہے؟

فالتعبير الذي جاء في القرآن إنما هو من (باب التمثيل) لبيان عاقبة الاسراف أو الشح، وهو معنى من أروع المعاني لا يدركه إلا من فهم أساليب العرب في التخاطب بالأسلوب البليغ. وكذلك قوله تعالىٰ ﴿ **واخفض لهما جناح الذل من الرحمة**﴾(سورة الاسراء:٢٤) فان هذا اللفظ لا يمكن ترجمته ترجمة حرفية لوجود نوع خاص من التعبير البليغ يسمى ب (الاستعارة المكنية) وهذا لا يوجد في غير اللغة العربية، ومثله قوله تعالى ﴿ **قدم صدق عند ربهم**﴾(سورة يونس:٢) وقوله ﴿ **تجري باعيننا**﴾(سورة القمر:١٤) ومثله كذلك قوله تعالى ﴿ **هن لباس لكم وانتم لباس لهن**﴾(سورة البقرة:١٨٧) فاذا ترجمناها ترجمة حرفية يفسد المعنى تماماً ويصبح ضرباً من الهذيان في الكلام وأمثال هذا كثير وفساده واضح.

وہ تعبیر جو قرآن میں آئی ہے وہ اسراف یا بخل کے انجام کے بیان کیلئے تخیل کے باب سے ہے اور یہ خوبصورت ترین معنی ہیں اس کا ادراک وہی کرسکتا ہے جو اسلوب بلیغ کے ساتھ عربوں کے تخاطب کے اسالیب کو سمجھتا ہو ایسے ہی آیت "**واخفض لهما جناح الذل من الرحمة**" (سورۃ الاسراء:۲۴) اس لفظ کا حرفی ترجمہ تعبیر بلیغ کی ایک خاص نوع کے پایا جانے کی وجہ سے ممکن نہیں ہے اسے استعارہ مکنیہ کہتے ہیں اور یہ عربی زبان کے سوا دوسری زبانوں میں نہیں پایا جاتا اور "**قدم صدق عند ربهم**" (سورۃ یونس:۲) اور "**تجري باعيننا**" (سورۃ القمر:۱۴) اور "**هن لباس لكم وانتم لباس لهن**" (سورۃ البقرہ:۱۸۷) اس کی مثالیں ہیں۔ پس جب ہم ان کا لفظی ترجمہ کریں گے تو مکمل طور پر معنوں کو بگاڑ دے گا اور کلام میں ہذیان کی ایک قسم بن جائے گا اور اس کی مثالیں بہت ہیں اور اس کی خرابی واضح ہے۔

ترجمة القرآن بالمعنى:

أما ترجمة القرآن بالمعنى فهي جائزة بالشروط المتقدمة، وهي لا تسمى (قرآنا) وإنما تسمى تفسيراً للقرآن. ذلك لأن الله تعبدنا

قرآن کا مفہومی ترجمہ:

اور قرآن کا مفہومی ترجمہ شروط مقدمہ کے ساتھ جائز ہے اسے قرآن نہیں کہتے اسے قرآن کی تفسیر کہتے ہیں اس لئے کہ اللہ نے ہمیں قرآن کے الفاظ کا پابند بنایا ہے کہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بألفاظ القرآن، ولم يتعبدنا بغيره من الكلام. فكلام الرسول ﷺ تجوز روايته بالمعنى بأن نقول قال رسول الله : ما معناه، ولكن القرآن لا يجوز روايته بالمعنى، فلا يصح ان نقول: قال الله تعالىٰ ما معناه، بل لا بد من تلاوة النص بحروفه والفاظه لأنه موحى به من عند الله، ولأنه معجز بلفظه ومعناه.

فالترجمة في الحقيقة ههنا ليست ترجمة للقرآن، وإنما هي ترجمة لمعاني القرآن، او ترجمة لتفسير القرآن، وقد أنزل الله كتابه الى الخلق اجمعين، ليكون مصدر هداية، وإرشاد وإسعاد لهم، فلا مانع لنا ان ننقل معاني القرآن إلى الامم الأخرى ممن لا يعرفون اللغة العربية، ليستنيروا بهذا القرآن ويقبسوا من هديه وإرشاده. وهذا بلا شك غرض من أغراض القرآن﴿إن هذا القرآن يهدى للتى هى أقوم﴾(سورۃ الاسراء:۹)

فترجمة القرآن بهذا المعنى يجيزها العلماء بل هي واجبة على المسلمين ليبلغوا الناس دعوة الله، ويحملوا اليهم هداية القرآن، وبغير هذه الترجمة لا يمكن أن يدرك الناس عظمة هذه الشريعة، وروعة هذا الدين، وجمال هذا القرآن والله يقول الحق وهو يهدى السبيل.

دوسرے کلام کا ہمیں پابند نہیں بنایا پس رسول اللہ ﷺ کے کلام کی روایت معنوی جائز ہے یعنی ہم کہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے جس کا مفہوم یہ ہے کہ...... لیکن قرآن کی روایت بالمعنی جائز نہیں پس یہ درست نہیں کہ ہم کہیں اللہ تعالیٰ نے فرمایا جس کا مفہوم یہ ہے بلکہ نص کی تلاوت اس کے حروف والفاظ سمیت ضروری ہے اس لئے کہ وہ اللہ کی طرف سے وحی کیا گیا ہے اور اس لئے بھی کہ وہ اپنے لفظ و معنی کے ساتھ معجز ہے۔

پس حقیقت میں یہاں پر ترجمہ قرآن کا ترجمہ نہیں ہے وہ صرف معانی قرآن کا ترجمہ یا تفسیر قرآن کا ترجمہ ہے اور اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب ساری مخلوق کی طرف اتاری ہے تاکہ وہ ہدایت کا سرچشمہ اور ان کیلئے اسعاد و ارشاد ہو پس ہمیں کوئی مانع نہیں کہ ہم قرآن کے معانی کو عربی زبان نہ جاننے والے دوسرے لوگوں کی طرف نقل کریں تاکہ وہ اس قرآن سے نور حاصل کریں اور اس کی ہدایت اور اس کی راہنمائی سے فائدہ حاصل کریں بلاشبہ یہ اغراضِ قرآن میں سے ایک غرض ہے "ان هذا القرآن يهدى للتى هى اقوم" (سورۃ الاسراء:۹)

اس معنی میں قرآن کے ترجمہ کو علماء نے جائز قرار دیا ہے بلکہ یہ مسلمانوں پر واجب ہے تاکہ وہ لوگوں کو اللہ کی دعوت کو پہنچائیں اور قرآن کی ہدایت کو ان کی طرف سے پائیں اور اس ترجمہ کے بغیر ممکن نہیں کہ لوگ اس شریعت کی عظمت اور اس دین کی خوبصورتی اور اس قرآن کے جمال کا ادراک کرسکیں "والله يقول الحق وهو يهدى السبيل"

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الفصل التاسع

نزول القرآن على سبعة أحرف والقراءات لمشهورة

تمهيد:

لما خلق الله الخلق، جعل لكل منهم شرعة ومنهاجاً، وكان للعرب لهجات متعددة، اكتسبوها من فطرتهم، واقتبسوا بعضها من جيرانهم، وكانت لغة (قريش) لها الصدارة والذيوع لأسباب عدة منها: اشتغالهم بالتجارة ووجودهم عند بيت الله الحرام وقيامهم على السدانة والرفادة، وكان القرشيون يقتبسون بعض اللهجات والكلمات التي تعجبهم من غيرهم، وكان من الطبيعي، أن ينزل الله احكم الحاكمين القرآن، باللغة التي يفهمها العرب أجمع لتيسير فهمها وللاعجاز والتحدي لأرباب الفصاحة بالاتيان بسورة او بآية وتيسير قراءته وفهمه وحفظه لهم، لأنه نزل بلغتهم كما قال جل ثناؤه: ﴿ **إنا أنزلناه قرآنا عربياً لعلكم تعقلون**﴾(سورة يوسف:٢)

أدلة نزول القرآن على سبعة أحرف:

أولًا: روى البخاري ومسلم في صحيحهما عن ابن عباس رضي الله عنهما أنه

نویں فصل

سات حروف پر قرآن کا نزول اور مشہور قراءات

تمہید:

جب اللہ تعالیٰ نے مخلوق کو پیدا کیا اور ان میں سے ہر ایک کیلئے چھوٹے بڑے راستے بنائے..... عربوں کے متعدد لہجے تھے جنہیں انہوں نے اپنی فطرت سے حاصل کیا تھا اور بعض انہوں نے اپنے پڑوسیوں سے حاصل کئے تھے ان میں سے قریش کی زبان کو کئی اسباب کی وجہ سے صدارت اور شہرت حاصل تھی ان میں ان کا تجارت میں مشغول ہونا اور بیت اللہ الحرام کے پاس ان کی موجودگی اور ان کا کعبے کی خدمت کرنا اور رفادہ کی نگہبانی کرنا بھی تھا اور قریشی لوگ غیروں کے ان لہجات اور کلمات کو حاصل کرتے تھے جو انہیں اچھے لگتے تھے اور یہ قدرتی بات ہے کہ اللہ احکم الحاکمین قرآن کو اس زبان میں نازل کرتا جسے سب عرب اس کے فہم کی آسانی، اس کے اعجاز اور اس کے ارباب فصاحت کو ایک سورت یا ایک آیت کے لانے کا چیلنج کرنے اور اس کی قرأت اس کے فہم اور اس کے حفظ میں انہیں آسانی ہوتی اس لئے وہ ان کی زبان میں نازل ہوا ہے جیسے کہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے: "انا انزلناہ قرآنا عربیا لعلکم تعقلون" (سورۃ یوسف:٢)

سات حروف پر قرآن کے نازل ہونے کے دلائل:

اول: بخاری اور مسلم نے اپنی صحیح میں حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال: قال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم: ((اقرأني جبريل على حرف فراجعته فلم أزل استزيده ويزيدني حتى انتهى الى سبعة أحرف))[1] زاد مسلم: (قال ابن شهاب: بلغني ان تلك السبعة في الأمر الذي يكون واحداً لا يختلف في حلال ولا حرام).

فرمایا: ''جبریل نے مجھے ایک حرف پر پڑھایا تو میں نے اس کی مراجعت کی اور میں مسلسل اس سے زائد کا تقاضا کرتا رہا اور وہ مجھے زیادہ پڑھاتا رہا حتیٰ کہ وہ سات حروف تک پہنچ گیا۔ (بخاری جلد۳ نمبر۲۲۷) اور مسلم نے یہ اضافہ کیا ہے کہ ابن شہاب نے بیان کیا ہے کہ مجھے اطلاع ملی ہے کہ یہ سات حروف اس امر کے بارے میں ہیں جو ایک ہوگا اور وہ حلال وحرام میں اختلاف نہ کرے گا۔ (مسلم جلد۱ ص ۵۶۱)

ثانیاً: روى البخاري و مسلم. واللفظ للبخاري. ان عمر بن الخطاب رضي الله عنه قال (سمعت هشام بن حكيم يقرأ سورة الفرقان في حياة رسول الله ﷺ. فاستمعت لقراءته فإذا هو يقرؤها على حروف كثيرة لم يقرئنيها رسول الله ﷺ فكدت أساوره في الصلاة فانتظرته حتى سلم ثم لببته بردائه فقلت: من أقرأك هذه السورة؟ قال: اقرأنيها رسول الله ﷺ قلت له: كذبت فوالله إن رسول الله ﷺ أقرأني هذه السورة التي سمعتك تقرؤها' فانطلقت اقوده الى رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم فقلت: يا رسول الله اني سمعت هذا يقرأ بسورة الفرقان على حروف لم تقرئنيها وأنت أقرأتني سورة الفرقان فقال رسول الله صلى الله عليه وآله وسلم' ارسله يا عمر' اقرأيا هشام' فقرأ هذه القراءة التي سمعته يقرؤها قال رسول الله ﷺ: هكذا أنزلت' ثم قال: ((إن هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف فاقرأوا ما تيسر منه)).

دوم: بخاری اور مسلم نے روایت کی ہے اور الفاظ بخاری کے ہیں کہ حضرت عمرؓ نے بیان کیا کہ ''میں نے رسول اللہ ﷺ کی زندگی میں ہشام بن حکیم کو سورۃ الفرقان پڑھتے سنا میں نے اس کی قراءت پر کان لگایا تو وہ اسے بہت سے حروف پر پڑھ رہے تھے جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے نہیں پڑھائے تھے قریب تھا کہ میں نماز میں ہی اس پر حملہ کر دیتا میں نے اس کا انتظار کیا حتیٰ کہ انھوں نے سلام پھیرا پھر میں نے انھیں ان کی چادر سمیت گریبان سے پکڑ کر کھینچا اور پوچھا تجھے یہ سورت کس نے پڑھائی ہے؟ انھوں نے کہا: مجھے یہ رسول اللہ ﷺ نے پڑھائی ہے میں نے کہا تو نے جھوٹ کہا ہے خدا کی قسم! یہ سورت رسول اللہ ﷺ نے مجھے بھی پڑھائی ہے جسے میں نے تجھے پڑھتے سنا ہے پس میں انھیں کھینچتے ہوئے رسول اللہ ﷺ کے پاس لے گیا اور میں نے کہا: یا رسول اللہ! میں نے اس کو سورہ الفرقان ان حروف پر پڑھتے سنا ہے جو آپ نے مجھے نہیں پڑھائے حالانکہ آپ نے مجھے سورہ الفرقان پڑھائی ہے رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اے عمر! اسے چھوڑ دو! اے ہشام! پڑھو تو انھوں نے وہ قراءت پڑھی جسے میں نے اسے پڑھتے سنا تھا رسول اللہ ﷺ نے فرمایا یہ ایسے ہی نازل ہوئی ہے۔ پھر فرمایا بلاشبہ یہ قرآن

(۱) صحيح البخاري' ج۳' ص ۲۲۷ وصحيح مسلم' ج۱' ص ۵۶۱ بسندهما عن عبيد الله بن عبدالله ابن عتبة.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وفی بعض الروایات ان رسول الله استمع إلی قراء ة عمر أیضاً وقال: هکذا انزلت:

ثالثاً: روی مسلم بسنده عن أبی بن کعب قال: (کنت فی المسجد، فدخل رجل یصلی فقرأ قراء ة أنکرتها علیه، ثم دخل آخر، فقرأ قراء ة سوی قراء ة صاحبه، فلما قضینا الصلاة دخلنا جمعیاً علی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فقلت: إن هذا قرأ قراء ة انکرتها علیه، ودخل آخر فقرأ سوی قراء ة صاحبه فأمرهما رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم فقرآ، فحسن النبی صلی الله علیه وآله وسلم شأنهما، فسقط فی نفسی من التکذیب ولا إذ کنت فی الجاهلیة، فلما رأی رسول الله صلی الله علیه وآله وسلم ما قد غشینی ضرب فی صدری، ففضت عرقا، وکأنما انظر الی الله عزوجل فرقاً فقال لی: یا أبی، أرسل إلی ان اقرأ القرآن علی حرف فرددت إلیه: أن هون علی أمتی، فرد الی الثانیة اقرأه علی حرفین، فرددت إلیه: أن هون علی أمتی، فرد إلی الثالثة: اقرأه علی سبعة أحرف، ولك بکل ردة رددتها مسألة تسألنیها فقلت ((اللهم اغفر لا متی وأخرت الثالثة لیوم یرغب إلی الخلق، کلهم حتی ابراهیم صلی الله علیه وآله وسلم)) اھ۔

سات حروف پر نازل ہوا ہے اس سے جو آسان ہو اسے پڑھو۔

اور ایک روایت میں ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے حضرت عمرؓ کی قراءت بھی سنی اور فرمایا یہ ایسے ہی نازل ہوئی ہے۔

سوم: مسلم نے اپنی سند سے حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کی ہے کہ ''میں مسجد میں تھا تو ایک شخص نماز پڑھنے کیلئے آیا اور اس نے ایسی قرأت پڑھی جس پر میں نے اعتراض کیا پھر ایک اور آدمی آیا تو اس نے ایسی قراءات پڑھی جو اس کے ساتھی سے الگ تھی پس جب ہم نے نماز ادا کر لی تو ہم سب رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے میں نے کہا اس شخص نے ایسی قراءت پڑھی جس پر میں نے اعتراض کیا ہے اور ایک اور شخص آیا تو اس نے اپنے ساتھی سے الگ قراءت پڑھی ہے رسول اللہ ﷺ نے دونوں کو حکم دیا اور دونوں نے پڑھا تو رسول اللہ ﷺ نے ان دونوں کی قراءت کی تحسین کی تو میرے دل میں تکذیب کا خیال آیا اور ابھی میں جاہلیت ہی میں تھا جب رسول اللہ ﷺ نے مجھ پر وارد ہونے والی کیفیت کو دیکھا تو میرے سینے پر ہاتھ مارا تو میں پسینے سے شرابور ہو گیا گویا میں ڈر کے باعث اللہ تعالیٰ کی طرف دیکھ رہا ہوں آپ نے مجھے فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری طرف پیغام بھیجا کہ میں قرآن کو ایک حرف پر پڑھوں میں نے عرض کی کہ وہ میری امت پر آسانی کرے تو اس نے دوسری بار جواب دیا کہ میں اسے دو حرفوں پر پڑھوں میں نے جواب دیا کہ وہ میری امت پر آسانی کرے تو اس نے تیسری بار مجھے جواب دیا کہ میں اسے سات حروف پر پڑھوں اور تیرے لئے میری ہر واپسی میں ایک مسئلہ ہے جسے تو مجھ سے پوچھے گا میں نے کہا: اے اللہ میری امت کو بخش دے اور تیسری کو میں نے اس دن کیلئے پیچھے رکھا ہے کہ مخلوق حتی کہ حضرت ابراہیم علیہ السلام بھی التجا کریں گے۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قال القرطبي ((فكان هذا الخاطر (يشير إلى ما سقط في نفس أبي) من قبيل ما قال فيه النبي ﷺ حين سألوه: إنا نجد في أنفسنا ما يتعاظم أحدنا أن يتكلم به. قال: أو قد وجدتموه؟ قالوا: نعم. قال ذلك صريح الإيمان)) رواه مسلم.

قرطبی نے بیان کیا ہے کہ یہ خیال (جو ابی بن کعب کے دل میں آیا) اس قسم سے ہے جس کے بارے میں حضرت نبی کریم ﷺ نے فرمایا جب انہوں نے آپ سے سوال کیا ہم اپنے دلوں میں وہ بات پاتے ہیں جسے ہم میں سے کسی کا اسے بیان کرنا بڑا معلوم ہوتا ہے آپ نے پوچھا کیا تم نے اسے پایا ہے؟ انہوں نے کہا: ہاں فرمایا یہ صریح ایمان ہے اسے مسلم نے روایت کیا ہے۔

رابعاً: روى الحافظ أبو يعلى في مسنده الكبير أن عثمان رضي الله عنه قال يوماً وهو على المنبر: ((أذكر الله رجلاً سمع النبي صلى الله عليه وآله وسلم قال: إن القرآن أنزل على سبعة أحرف كلها شاف كاف)) لما قام. فقاموا حتى لم يحصوا، فشهدوا أن الرسول صلى الله عليه وآله وسلم قال (أنزل القرآن على سبعة حروف كلها شاف كاف). فقال عثمان رضي الله عنه: (وأنا أشهد معهم).

چہارم: حافظ ابو یعلیٰ نے اپنی سند کبیر میں بیان کیا ہے کہ ایک روز حضرت عثمانؓ نے منبر پر فرمایا: میں اس شخص کو اللہ کی قسم دیتا ہوں جس نے حضرت نبی کریم ﷺ کو بیان کرتے سنا ہے کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے اور وہ سب شافی کافی ہیں آپ جب کھڑے ہوئے تو بیشمار لوگ کھڑے ہو گئے اور انہوں نے گواہی دی کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے اور وہ سب شافی کافی ہیں تو حضرت عثمانؓ نے فرمایا میں بھی ان کے ساتھ گواہی دیتا ہوں۔

خامساً: روى مسلم بسنده عن أبي بن كعب أن النبي ﷺ كان عند أضاة[1] بني غفار قال: (فأتاه جبريل عليه السلام فقال: إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك القرآن على حرف. فقال: أسأل الله معافاته ومغفرته، وإن أمتي لا تطيق ذلك. ثم أتاه الثانية فقال: ان الله يأمرك ان تقرا أمتك القرآن على حرفين. فقال: أسأل الله معافاته ومغفرته، وإن أمتي لا تطيق ذلك. ثم جاءه الثالثة فقال: إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك

پنجم: مسلم نے اپنی سند سے حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کی ہے کہ حضرت نبی کریم ﷺ بنی غفار کے تالاب کے پاس تھے کہ جبریل علیہ السلام آپ کے پاس آئے اور کہا: کہ اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک حرف پر قرآن پڑھائیں آپ نے کہا میں اللہ تعالیٰ سے اس کے عفو مغفرت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی پھر جبریل دوبارہ آپ کے پاس آئے اور کہا اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو دو حرفوں پر قرآن پڑھائیں آپ نے کہا: میں اللہ سے اس کے عفو و مغفرت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی

(١) أضاءة بني غفار: مستنقع الماء كالغدير. وهو موضع بالمدينة نسب إلى بني غفار لأنهم نزلوا عنده.

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

القرآن علی ثلاثة أحرف. فقال: أسأل الله معافاته ومغفرته وإن أمتی لا تطیق ذلك. ثم جاءه الرابعة فقال إن الله یأمرك أن تقرأ أمتك القرآن علی سبعة أحرف. فأیما حرف قرؤوا علیه فقد أصابوا)أھ.

طاقت نہیں رکھتی پھر جبریل سہ بارہ آپ کے پاس آئے اور کہا اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو تین حرفوں پر قرآن پڑھائیں آپ نے کہا میں اللہ سے اس کے عفو ومغفرت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی پھر وہ چوتھی دفعہ آپ کے پاس آئے اور کہا: اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو سات حرفوں پر قرآن پڑھائیں اور وہ جس حرف پر پڑھیں گے ٹھیک پڑھیں گے۔

سادساً: روی الترمذی عن أبی بن کعب أیضاً قال: لقی رسول الله ﷺ جبریل عند أحجار المروة. قال: فقال رسول الله ﷺ لجبریل: انی بعثت إلی أمة أمیین، فیھم الشیخ الفانی، والعجوز الکبیر، والغلام، قال: ((فمرھم فلیقرووا القرآن علی سبعة احرف)) قال الترمذی: حسن صحیح.

ششم: ایسے ہی ترمذی نے حضرت ابی بن کعبؓ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ ﷺ مروہ کے پتھروں کے پاس جبریل سے ملے تو آپ نے جبریل سے کہا: میں ایسی قوم کی طرف مبعوث ہوا ہوں جن میں شیخ فانی بڑی بوڑھی عورتیں اور جوان بھی ہیں جبریل نے کہا انہیں حکم دیجئے وہ قرآن کو سات حرفوں پر پڑھیں ترمذی نے اسے حسن صحیح کہا ہے۔

وفی لفظ: (فمن قرأبحرف منھا فھو کما قرأ).

اور ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں کہ جس نے ان میں سے ایک حرف پڑھا تو وہ ایسے ہی جیسے اس نے پڑھا۔

وفی لفظ حذیفة: ((فقلت یا جبریل إنی ارسلت الی امة امیة فیھم الرجل والمراة والغلام والجاریة والشیخ الفانی الذی لم یقرا کتاباً قط قال: ((ان القرآن انزل علی سبعة احرف)).

اور حذیفہ کے الفاظ یہ ہیں میں نے کہا: اے جبریل! مجھے امی قوم کی طرف بھیجا گیا ہے ان میں مرد، عورتیں، جوان، بچیاں، اور شیخ فانی بھی ہے جنھوں نے کبھی کوئی کتاب نہیں پڑھی، اس نے کہا: قرآن، سات حروف پر نازل ہوا ہے۔

سابعاً: اخرج الامام احمد بسندہ عن أبی قیس مولی عمرو بن العاص عن عمرو أن رجلاً قرأ آیة من القرآن. فقال له عمرو: إنما ھی کذا وکذا، فذکر ذلك للنبی ﷺ فقال: (إن ھذا القرآن أنزل علی سبعة أحرف، فأی ذلك قرأتم أصبتم فلا تماروا).

ہفتم: امام احمد نے اپنی سند سے عمرو بن العاصؓ کے غلام ابو قیس سے بحوالہ عمرو روایت کی ہے کہ ایک شخص نے قرآن کی ایک آیت پڑھی تو عمروؓ نے اسے کہا یہ تو ایسے ایسے ہے اس نے حضرت نبی کریم ﷺ سے اس کا ذکر کیا تو آپ نے فرمایا: یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے تم جس پر بھی پڑھو گے تم صحیح پڑھنے والے ہو گے پس جھگڑا نہ کرو۔

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ثامناً: روى الطبرى والطبرانى عن زيد بن أرقم قال: جاء رجل إلى رسول الله ﷺ فقال: أقرأني ابن مسعود سورة أقرأنيها زيد بن ثابت، وأقرأنيها أبی بن كعب فاختلفت قراء تهم فبقراءة أيهم آخذ؟ فسكت رسول الله ﷺ وعلىٌّ إلى جنبه فقال علی: ليقرأ كل انسان منكم كما علم، فإنه حسن جميل.

ہشتم: طبری اور طبرانی نے حضرت زید بن ارقمؓ سے روایت کی ہے کہ ایک شخص رسول اللہ ﷺ کے پاس آیا اور کہنے لگا کہ ابن مسعودؓ نے ایک سورت مجھے پڑھائی اور زید بن ثابتؓ نے بھی وہ سورت مجھے پڑھائی اور ابی بن کعبؓ نے بھی وہ سورت مجھے پڑھائی تو ان کی قراءات مختلف ہو گئیں میں ان میں سے کس کی قراءات کو اختیار کروں؟ حضرت نبی کریم ﷺ نے سکوت اختیار کیا اور حضرت علیؓ بھی آپ کے پہلو میں موجود تھے حضرت علیؓ نے کہا تم میں سے ہر انسان ویسے ہی پڑھے جیسے اسے تعلیم دی گئی ہے بلاشبہ یہ حدیث حسن جمیل ہے۔

تاسعاً: أخرج ابن جرير الطبرى عن أبى هريرةؓ أنه قال: قال رسول الله ﷺ: ((إن هذا القرآن أنزل على سبعة أحرف فاقرؤوا ولا حرج، ولكن لا تختموا ذكر رحمة بعذاب ولا ذكر عذاب برحمة)) اهـ.

نہم: ابن جریر طبری نے حضرت ابو ہریرہؓ سے بیان کیا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا بلاشبہ یہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے پس تم پڑھو کوئی حرج نہیں لیکن رحمت کے ذکر کو عذاب پر اور عذاب کے ذکر کو رحمت پر ختم نہ کرو۔

الحكمة من نزول القرآن على سبعة أحرف:

١ – التيسير على الأمة الإسلامية وخاصة الأمة العربية التى نزل عليها القرآن وكان لها لهجات متعددة على الرغم أنها تجمعها كلمة العروبة، نأخذ هذا من قوله ﷺ: ((أن هون على أمتى)) ((وان امتى لا تطيق ذلك)) وغيرها.

سات حروف پر قرآن کے نزول کی حکمت:

۱- امت اسلامیہ کیلئے آسانی کرنا اور خصوصاً امت عربیہ پر جس پر قرآن نازل ہوا ہے اس کے متعدد لہجے تھے باوجود یہ کہ اسے عروبہ کا لفظ اکٹھا کیے ہوتے تھا یہ بات ہم آپ کے قول سے اخذ کرتے ہیں کہ وہ میری امت پر آسانی کرے میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی وغیرہ۔

قال المحقق ابن الجزرى:

((وأما سبب وروده على سبعة أحرف فللتخفيف على هذه الأمة، وإرادة اليسر بها، والتهوين عليها شرفاً لها، وتوسعة ورحمة وخصوصية لفضلها وإجابة لقصد نبيها أفضل الخلق وحبيب الحق، حيث أتاه جبريل فقال

محقق ابن الجزریؒ نے فرمایا ہے:

کہ سات حروف پر اسکے آنے کا سبب اس امت پر تخفیف کرنا اور اس سے آسانی کا ارادہ کرنا ہے اور اس پر آسانی کرنا اس کے شرف فراخیٔ رحمت اور اس کی فضیلت کی خصوصیت کیلئے ہے اور اس کے نبی افضل الخلق اور حبیب الخلق کی اجابت حق قصد کیلئے ہے جب جبریل آپ کے پاس

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

((إن الله يأمرك أن تقرأ أمتك القرآن على حرف، فقال صلى الله عليه وآله وسلم: أسأل الله معافاته ومعونته، فإن أمتي لا تطيق ذلك ولم يزل يردد المسألة حتى بلغ سبعة أحرف))

ثم قال: وكما ثبت أن القرآن نزل من سبعة ابواب على سبعة أحرف، وأن الكتاب قبله كان ينزل من باب واحد على حرف واحد، وذلك أن الأنبياء عليهم الصلوة والسلام كانوا يبعثون إلى قومهم الخاصين والنبي صلى الله عليه وآله وسلم بعث إلى جميع الخلق، أحمرهم وأسودهم، عربيهم وعجميهم، وكان العرب الذين نزل القرآن بلغتهم، لغاتهم مختلفة، وألسنتهم شتى، ويعسر على أحدهم الانتقال من لغة إلى غيرها، أو من حرف إلى آخر، بل قد يكون بعضهم لا يقدر على ذلك ولو بالتعليم والعلاج لا سيما الشيخ والمرأة، ومن لم يقرأ كتاباً كما أشار إليه صلى الله عليه وآله وسلم، فلو كلفوا العدول عن لغتهم، والانتقال عن ألسنتهم، لكان من التكليف بما لا يستطاع، وما عسى أن يتكلف المتكلف وتأبى الطباع)) اهـ.

آئے اور انھوں نے کہا کہ اللہ آپ کو حکم دیتا ہے کہ آپ اپنی امت کو ایک حرف پر قرآن پڑھائیں تو رسول اللہ ﷺ نے کہا میں اللہ سے اس کے عفو معرفت کی دعا کرتا ہوں میری امت اس کی طاقت نہیں رکھتی اور وہ مسلسل سوال کو دہراتے رہے حتی کہ سات حروف تک پہنچا پھر انھوں نے کہا جیسا کہ ثابت ہے کہ قرآن سات دروازوں سے سات حروف پر نازل ہوا ہے اور یہ کہ اس سے پہلی کتاب ایک دروازے سے ایک حرف پر نازل ہوئی تھی اس لئے کہ انبیاء علیہم السلام ایک مخصوص قوم کی طرف بھیجے جاتے تھے اور حضرت نبی کریم ﷺ سب مخلوق کی طرف مبعوث ہوئے ہیں ان کے احمر اسود اور عرب وعجم کی طرف اور عرب وہ لوگ ہیں جن کی زبان میں قرآن نازل ہوا ہے ان کی لغات مختلف اور زبانیں متفرق ہیں اور ان کے کسی آدمی پر ایک زبان سے دوسری کی طرف انتقال مشکل ہے یا ایک حرف سے دوسرے حرف کی طرف بلکہ بعض تو اس پر طاقت ہی نہیں رکھتے تھے خواہ تعلیم دی جائے اور مشق کرائی جائے خصوصا بوڑھے اور عورتیں اور جس نے کوئی کتاب نہیں پڑھی جیسا کہ حضور علیہ السلام نے اس کی طرف اشارہ کیا ہے پس اگر انہیں اپنی زبان سے عدول کرنے اور اپنی زبانوں سے انتقال کرنے کا مکلف کیا جاتا تو یہ تکلیف مالا یطاق ہوتی اور امید نہیں کہ متکلف تکلف کرے اور فطری مزاج بھی اسے نہیں مانتا۔

٣- جمع الأمة الاسلامية على لسان واحد يوحد بينها هو لسان قريش الذين انتظم كثيراً من مختارات ألسنة القبائل العربية التي كانت تختلف إلى مكة في موسم الحج وغيره. ولذلك نزل القرآن على سبعة أحرف نصطفي ما

٣- امت اسلامیہ کا ایک زبان پہ جمع ہونا کیونکہ وہ ان کے درمیان وحدت پیدا کرتی ہے اور وہ قریش کی زبان ہے جس نے ان عربی قبائل کی زبانوں سے بہت سے پسندیدہ الفاظ اکٹھے کر لئے ہیں جو حج کے موسم میں مکہ آتے تھے اسی لئے قرآن سات حروف میں نازل ہوا ہے ہم ان عربی قبائل کی

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شاء من لغات القبائل العربية التى تمثلت فى لسان القرشيين وهذه حكمة إلهية سامية فان وحدة اللسان العام من أهم العوامل فى وحدة الأمة خصوصاً أول عهدها بالتوثب والنهوض.

معني نزول القرآن علي سبعة أحرف:

الأحرف: جمع حرف والحرف له معان كثيرة قال صاحب القاموس: (الحرف من كل شئ طرفه ، وشفيره وحده، ومن الجبل اعلاه المحدد، وواحد حروف التهجى ((ومن الناس من يعبد الله على حرف)) أى وجه واحد، وهو ان يعبده على السراء لا على الضراء، او على شك، او على غير طمأنينة من أمره ، أى لا يدخل فى الدين متمكناً. ((ونزل القرآن على سبعة أحرف)) أى سبع لغات من لغات العرب. وليس معناه أن يكون فى الحرف الواحد سبعة أوجه إن جاء على سبعة أو عشرة أو أكثر. ولكن معناه أن هذه اللغات السبع متفرقة فى القرآن)) اه. بتصرف.

مما تقدم نرى أن الحرف من قبيل المشترك اللفظى، والمشترك اللفظى يراد به احمد معانيه التى تعينها القرائن وتناسب المقام.

فالمراد من لفظ الحرف أنه الوجه بدليل ما يأتي:

قوله ﷺ ((أنزل القرآن على سبعة أحرف)).

لغات سے جو قریشیں کی زبان میں منتقل ہوگئی ہیں جو چاہتے ہیں انتخاب کر لیتے ہیں اور یہ بڑی الٰہی حکمت ہے بلاشبہ عام زبان کی وحدت، وحدت امت کے اہم عوامل میں سے ہے خصوصاً اس کی ترقی کے دور اول میں۔

قرآن کے سات حروف پر نازل ہونے کا مفہوم:

احرف، حرف کی جمع ہے اور حرف کے بہت سے معانی ہیں جیسا کہ صاحب قاموس نے بیان کیا ہے حرف ہر چیز کے کنارے اور واحد کنارے کو بھی کہتے ہیں اور پہاڑ کے محدود بالائی حصے کو بھی کہتے ہیں اور حروف تہجی کے ایک حرف کو بھی کہتے ہیں ''ومن الناس من يعبد الله على حرف'' یعنی ایک وجہ پر اور وہ یہ کہ وہ اس کی عبادت خوشی میں کرتا ہے سختی میں نہیں کرتا یا شک میں یا اس کے حکم طمانینت کے بغیر کرتا ہے یعنی وہ مضبوطی سے دین میں داخل نہیں ہوتا اور قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے یعنی عربوں کی لغات میں سے سات لغات پر اس کا یہ مفہوم نہیں کہ ایک حرف میں سات وجوہ پائی جاتی ہیں خواہ وہ سات وجہ پر آئے یا اس پر یا زیادہ پر بلکہ اس کا مفہوم یہ ہے کہ یہ سات لغات قرآن میں سے متفرق ہیں۔

جو کچھ پہلے بیان ہو چکا ہے اس سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ حرف مشترک لفظی کی قسم سے ہے اور مشترک لفظی سے مراد اس کا ایک معنی ہوتا ہے جسے قرائن اور مقام کی مناسبت معین کرتی ہے۔

پس حرف بولنے سے مراد ''وجہ'' ہے اس دلیل کی وجہ سے جو آگے آ رہی ہے۔

آپ کا فرمان کہ قرآن سات حروف پر نازل ہوا ہے ''علی'' کا لفظ اس بات کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ یہ

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

كلمة (على) تشير إلى أن هذا الشرط للتوسعة والتيسير. بمعنى أنزل القرآن موسعاً فيه على القارى أن يقرأه على سبعة أوجه، يقرأ بأى حرف أراد منها على البدل من صاحبه كأنه قال أنزل على هذا الشرط وعلى هذه التوسعة.

شرط وسعت اور آسانی کیلئے ہے اس مفہوم میں کہ قرآن کے نزول میں قاری کو وسعت دی گئی ہے کہ وہ اسے سات وجوہ پر پڑھے جس حرف کو چاہے ان میں سے اس کے مثل کے بدل کے طور پر پڑھے گویا آپ نے فرمایا کہ وہ اس شرط فراخی و وسعت کے ساتھ نازل ہوا ہے۔

اختلاف العلماء في تفسير الأحرف الواردة في الحديث:

حدیث میں وارد ہونے والے حروف کی تفسیر میں علماء کا اختلاف:

هنا يحتدم الجدال والنزاع، ويكثر القيل والقال. وسنذكر بعضاً من الآراء ونرجح ما نراه أقرب للصواب.

یہاں جدال ونزاع تیز ہوجاتا ہے اور قیل وقال زیادہ ہوجاتی ہے ہم ابھی بعض آراء کا ذکر کرتے ہیں اور اقرب للصواب کو ترجیح دیتے ہیں۔

١ – ذهب بعض العلماء إلى أن المراد بها سبع لغات من لغات العرب في المعنى الواحد. على معنى أنه حيث تختلف لغات العرب في التعبير في معنى من المعاني يأتي القرآن بألفاظ على قدر هذه اللغات وإذا لم يكن اختلاف فإنه يأتي بلفظ واحد وقيل: إن السبعة هي لغة (قريش) و (هذيل) و(ثقيف) و (هوازن) و (كنانة) و (تميم) و (اليمن).

ا- بعض علماء کا خیال ہے کہ عربوں کی لغات میں سے وہ سات لغات مراد ہیں جو مفہوم میں ایک ہیں ان معنوں میں کہ ایک معنی کی تعبیر میں عربوں کی لغات میں اختلاف پایا جاتا ہے تو قرآن ان لغات کے مطابق الفاظ لاتا ہے اور جب اختلاف نہ ہو تو ایک ہی لفظ لاتا ہے کہتے ہیں کہ سات لغات یہ ہیں قریش، ہذیل، ثقیف، ہوازن، کنانہ، تمیم اور یمن کی زبان۔

٢ – وقيل إن المراد بالأحرف السبعة سبع لغات من لغات العرب نزل عليها القرآن على معنى أنه في جملته لا يخرج في كلماته عن سبع لغات هي أفصح لغاتهم، فأكثره بلغة قريش، ومنه ما هو بلغة هذيل، أو ثقيف، أو هوازن، أو كنانة، أو تميم، أو اليمن.

۲- یہ بھی کہا گیا ہے کہ سات حروف سے مراد عربوں کی لغات میں سے سات لغات ہیں جن پر قرآن نازل ہوا ہے اس مفہوم میں کہ وہ اپنے جملہ الفاظ میں سات لغات سے باہر نہیں جاتا اور یہ ان کی افصح لغات ہیں اس کا اکثر حصہ قریش کی زبان میں ہے اور اس میں سے کچھ ہذیل، ثقیف، ہوازن کنانہ، تمیم اور یمن کی زبان میں سے ہے۔

قال بعضهم: هذا أصح الأقوال وأولاها بالصواب، وهو الذي صححه البيهقي، واختاره

بعض نے کہا ہے کہ یہ سب سے صحیح اور صواب کے زیادہ قریب ہے اور اسے بیہقی نے صحیح قرار دیا ہے اور ابہری نے

محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الأبهري واقتصر عليه صاحب القاموس.

٣- إن المراد بالأحرف السبعة التي نزل عليها القرآن' سبعة أصناف في القرآن.

((ولكن أصحاب هذه الأقوال يختلفون في تعيين هذه الأصناف وفي أسلوب التعبير عنها اختلافاً كبيراً' فمنهم من يقول: (إنها أمر' ونهي' وحلال' وحرام' ومحكم' ومتشابه' وأمثال).

ومنهم من يقول إنها (وعد' ووعيد' وحلال' وحرام' ومواعظ' وأمثال' واحتجاج).

ومنهم من يقول إنها: (محكم' ومشتابه' وناسخ' ومنسوخ' وخصوص' وعموم' وقصص)[(١)].

٤- أن المراد بالأحرف السبعة أوجه من الألفاظ المختلفة في كلمة واحدة ومعنى واحد' نحو: هلمّ ، وأقبل' وتعال' وعجل' واسرع' وقصدي' ونحوي. فهذه الألفاظ السبعة معناها واحد هو طلب الاقبال.

وهذا القول منسوب لجمهور أهل الفقه والحديث منهم ابن جرير الطبري والطحاوي وغيرهما.

٥- ان المراد بالأحرف السبعة الاختلاف في أمور سبعة:

أ- اختلاف الأسماء إفراداً وتذكيراً وفروعهما.

مثاله قوله تعالى ﴿والذين هم لأماناتهم

اسے اختیار کیا ہے اور صاحب قاموس نے اس پر اکتفاء کیا ہے۔

۳۔ ان سات حروف سے مراد جن پر قرآن نازل ہوا ہے قرآن کی سات اصناف ہیں۔

لیکن ان اقوال کے اصحاب ان اصناف کی تعیین اور ان کے اسلوب تعبیر میں بڑا اختلاف کرتے ہیں ان میں سے بعض کہتے ہیں کہ وہ امر' نہی' حلال' حرام' محکم' متشابہ اور امثال ہیں۔

بعض کہتے ہیں کہ وہ وعدہ' وعید' حلال' حرام' مواعظ' امثال اور احتجاج ہیں۔

اور بعض کہتے ہیں کہ وہ محکم' متشابہ' ناسخ' منسوخ' خصوص' عموم اور قصص ہیں۔

